نرارتھک ہے اور آتم پد ابھیاس سے ملتا ہے جیسے جل دھرتی کے کھودنے سے نکلتا ہے ایسے
آتم پد ابھیاس سے ملتا ہے اور جو اُس پد سے بیمکھ ہو کر آشا کی پھانسی میں پھنسکر سنسار میں بھٹکتے رہتے
ہیں منش نہیں پشو ہیں ہے میشر جیسے سنسار روپی سمدر کی ترنگ اُپتت ہو کر نشٹ جاتی ہے ایسے ہی
لکشمی کو بھی جانو اسکو پاکر جو گرب کرتے ہیں مورکھ ہیں جیسے انجلی میں جل نہیں ٹھیرتا ایسے ہی لکشمی نہیں ٹھیرتی
جیسے بلی چوہے کے پکڑنے کو گھات میں رہتی ہے ایسی ہی لکشمی نرک میں ڈالنے کے کارن گھر میں رہتی
ہے ایسی چھن بھنگ لکشمی کو پاکر بھوگ کی اچھیا کرتا ہے وہ مورکھ کال کے موکھ میں پڑا ہوا جینے کی آسا
کرتا ہے جیسے سرپ کے مکھ میں مینڈک پھنسکر مچھر کھانے کی اچھیا کرتا ہے ایسے کال کے مکھ میں پڑا
بھوگ کی بانچھا کرتا ہے اور جوبن اوستھا جل کے پرواہ کی نیائیں چلی جاتی ہے بردھ اوستھا میں
شریر دُربل ہو جاتا ہے مہا دکھ پاتا ہے پرنام کال نہیں چھوڑتا جیسے مہا کامی پرش کو سندر استری
ملتی ہے اور وہ نہیں چھوڑتا ہے میشر مورکھ پرش کا جیون دکھ کی نمت ہے جیسے بڑھاپا دکھ کا کارن
ہے ایسے منش کا بہت جینے سے مرنا سریشٹ ہے جس پرش نے منش شریر پاکر آتم پد کا اوپاو نہیں کیا
اُس نے اپنا آپ گھات کیا اور آتم گھاتی ہے ہے میشر بھمایا آد میں سُندر دکھلائی دیتی ہے انت کو
ناسوان ہے جیسے برکش کو گھن لگ جاتا ہے اور باہر سے سُندر دکھلائی دیتا ہے ایسے ہی منش کو ترشنا
گھن ہے اور جو پدارتھ کو ست اور سکھ روپ جانکر آسا کرتا ہے وہ سکھی نہیں ہوتا جیسے سرپ کو پکڑ کر
پار اُترنا چاہے تو نہیں اُتر سکتا ایسے ہی سنسار سمدر میں ڈوب جاتا ہے اور ہے میشر اس سنسار کو اندر
دھنش کی سمتل سمجھو کہ اکاس میں نانا پرکار کے برن دیکھتے ہیں اور کسی ارتھ میں نہیں آسکتے ایسی ہی یہ سنسار
بھرم ماتر ہے اس میں سکھ کی اچھیا نرارتھک ہے سو ہے میشر میں نے اس جگت کو اس پرکار ست مانکر
نرباسنا ہونے کی اچھیا کی ہے ۔

دسواں سرگ آہنکار کی اوگنتائی کا برنن ۔

سری رامچندر جی بولے کہ ہے میشر یہ آہنکار کہ جو مہا دُشٹ اور پرم ستر داور مہتا اور سب اوگنوں کی

کہاں ہے اگیان سے اوتپن ہوا ہے جب تک آہنکار ہے پیڑا اور دُکھ کا کداچت ناس نہیں ہوتا اور دان تپ بھجن آہنکار کے نِروِرت ہونے بنا نِرارتھک ہے پرارتھ کی سِدھی کچھ نہیں سب دُکھوں کا مول آہنکار ہے جب اُسکا ناس ہو تب کلیان پراپت ہو سو ہے منیشر اِس کی نِروِرتی کا اوپاؤ بتلاؤ جو بستوونت ہے اس کے تیاگ میں دُکھ ہے اور جو بستوانت ہے اُسکے تیاگ میں آنند ہے شانتی روپی چندرماں کے گرہن کرنے کو آہنکار راہو روپ ہے جب آہنکار روپی میگھ برستا ہے تب ترشنا روپی کانٹوں کے برکش کی اوتپتی ہوتی ہے جب تک میگھ ہے تب تک بجلی ہے جب بِبیک روپی پاون سے آہنکار روپی میگھ ہٹ جاتا ہے تب بجلی بھی ہٹ جاتی ہے اتھوا جیسے دیپک میں جب تک تیل اور بتی ہے اوجالا ہے جب وہ دونوں نہیں ہوتے تو ہے ایسے ہی اہنکار کے ناس ہونے سے ترشنا کا بھی ناس ہے ہے منیشر جو میں نہیں تو اچھیا بھی کچھ نہیں کیونکہ جب میں نہیں تو اچھیا کس کو ہو اور اچھیا ہو تو بھی ہو کر اچھیا کے نِروِرت کرنے والے پد کی پراپتی ہو جیسے جت اندری کو اہنکار نہیں اٹھتا ایسے ہی میں ہو جاؤں میری اچھیا ہے ہے منیشر جیسے ہم کنول کا ناس کرتا ہے اہنکار گیان کا ناس کرتا ہے جیسے اگنٹی پنچھی کو جال میں پھنساتا ہے اور پنچھی پرادھین ہو جاتا ہے ایسے ہی اہنکار ترشنا کا جال ڈالکر جیو کو پھنساتا ہے اس میں بہت دین ہو گیا ہوں جیسے پنچھی ان کے چگنے کو آتا ہے اور پھند میں پھنس جاتا ہے اور اس بندھن سے دین ہو جاتا ہے ایسے ہی یہ پرش بھوگ کی اچھیا سے ترشنا کے پھند میں پھنسکر مہادین ہو جاتا ہے اہنکار ن ہے منیشر مجھے وہ اوپاؤ بتلاؤ جس سے اہنکار کا ناس ہو جب آہنکار کا ناس ہوگا تب پرم سکھی ہوں گا جیسے مندراچل پربت کے آسرے کی بدھ ست کی چنگھار ناد ہو ایسے ہی [illegible] آہنکار کے مندراچل کے آسرے نانا پرکار کی سنکلپ بکلپ کی چنگھار ہوتا ہے سو مجھے ایسا اوپاؤ بتلاؤ جس سے اہنکار کا ناس ہو جیسے سورج [illegible] کا ناس [illegible] ایسے ہی اہنکار بیراگ کا ناس کرتا ہے سو وہ آدک سب کے رہنے کا گھر آہنکار ہے اور وہ کامی پُرش کی نیائیں ہے جیسے کامی پرش بھوگ کرکے اور پُشپوں کی مالا کنٹھ میں ڈالکر پرسن ہوتا ہے ایسے ترشنا کو وہ گاڑتا اور منش کو پھول اور آہنکار کو کامی پرش سمجھو ہے منیشر آتما کے سورج کی ڈھکنی کو میگھ بستر ہے جب گیان کی سردرُت آتی ہے تب آہنکار روپی میگھ کا ناس ہو جاتا ہے اور ترشنا کا ناس ہو جاتا ہے ہے منیشر مینے سنچے کیا ہے کہ جہاں آہنکار ہے وہاں سب آپدا آجاتی ہیں جیسے سمندر میں سب ندی آکر ملجاتی ہیں سو مجھکو آہنکار کے ناس کرنے والا اوپاؤ کہو ۞

گیارہواں سرگ بسوامتر جی سے رامچندر جی کا اوپاے چت کے مارنے کا پوچھنا برنن

سری رامچندر جی بولے کہ ہے منیشر میرا چت کام۔ کرودھ۔ موہ۔ لوبھ۔ ترشنا آدک دکھوں سے دوکہت اور تھک گیا ہے بیراگ۔ بچار۔ دہیرج۔ سنتوش جو مہاپرش کے گن ہیں اُن کی اور نہیں جاتا بشے کی اور دوڑتا ہے جیسے مور کا پنکھ پون سے نہیں ٹھہرتا ایسے ہی چت بھٹکتا پھرتا ہے اور اُس کو کچھ نہیں ملتا ہے جیسے سوان دوارہ دوارہ پھرتا ہے ایسے ہی یہ چت پدارتھوں کے لابھ کے کارن بھٹکتا ہے اور کچھ لابھ نہیں ہوتا اور جو کچھ ملتا بھی ہے تو ترپت نہیں ہوتا انتش کرن میں ترشنا ہی بنی رہتی ہے جیسے بانس کے پٹارہ میں جل نہیں ٹھہرتا ایسے ہی چت بھی بھوگ بلاس پدارتھوں سے ترپت نہیں ہوتا سدیو ترشنا بنی رہتی ہے ہے منیشر یہ چت مہاموہ کا سمدر ہے اُس میں ترشنا کی ترنگ اُٹھتی رہتی ہے کدا چت نہیں ٹھہرتی جیسے سمدر کی بھاری ترنگ سے تٹ کے برکش بہہ جاتے ہیں ایسے ہی چت کے سمدر میں بشے بہہ جاتا ہے باسنا کی ترنگ کی بل سے میرا اچل سو بھاؤ چلایمان ہو گیا اس لئے میں اس چت سے مہادین ہو گیا ہوں جیسے جل میں پڑا پنچھی دین ہو جاتا ہے ایسے ہی چت کی باسنا کی پھندیا پھندا ہوا میں دین ہو گیا ہوں جیسے مرگوں کی ڈار سے مرگنی الگ ہو کر دکھ پاتی ہے ایسے ہی میں آتم پد سے بھولا ہوا چت میں دکھی رہتا ہوں ہے منیشر یہ چت سدا ایسے دکھی رہتا ہے جیسے چھیر سمدر مندراچل پربت سے سدیو یہ چت سنکلپ بکلپ سے دکھ پاتا ہے جیسے پنجرے میں سنگھ بھٹکا او دھر اُودھر پھرتا ہے ایسے ہی چت باسنا میں بھٹکا استھر نہیں رہتا ہے منیشر جیسے ہوا کی بیگ کرکے سوکھا ترن اُڑ کر دور چلا جاتا ہے ایسے ہی چت کی ہوا نے مجکو آتما کے آنند سے دور پھینکا ہوا ہے جیسے سوکھے ترن کو اگنی سے دھواں نکلتا ہے ایسے میرے چت کی اگنی سے ترشنا کا دھواں نکلتا ہے اس سے میں مہادکہت ہوں یہ چت ہنس کی گتی نہیں پاتا جیسے راج ہنس دودھ جل کو نیارا نیارا کر دیتا ہے ایسے میں اگیان کر کے اناتما کو آتما سے نیارا نہیں کر سکتا جب آتم پد پانے کا جتن کرتا ہوں تب اگیان نہیں کرنے دیتا جیسے ندی کی پرواہ کو سمدر کی اور جانے سے پربت روکتا ہے اور سیدھا نہیں چلنے دیتا ایسے ہی آتما کی اور چت مجکو جانے سے روکتا ہے سو یہ پرم شترو ہے ہے منیشر وہ اوپاے بتلاؤ جس سے چت روپی شترو کا ناس ہو جیسے

پشو پنچھی آدک مرتک شریر کا بھکشن کرتے ہیں ایسے ہی یہ ترشنا میرا بھکشن کرتی رہتی ہے بنا گیان آتما کے میں مرتک کے تُل ہوں جیسے بالک اپنی پرچھائیں بیتال جانکر بھیمان ہوتا ہے جب بچار کرکے سمرتھ ہوتا ہے تو پرچھانواں جانکر بیتال کا دھیان دور کر نربھے ہو جاتا ہے ایسے ہی چت کے بیتال سے میں بھیمان ہو رہا ہوں ہے منیشر اگیان کا بیتال جو میرے چت میں جما ہوا ہے اُس کے دور کرنے کی مجھے سامرتھ نہیں ہے اگنی میں پڑ جانا پربت پر چڑھ جانا بھاری بجر کا توڑنا میں سوگم جانتا ہوں پرنتو چت کا جیتنا مہا کٹھن ہے اِس چت کا سوبھاو سدیو چلایمان ہے جیسے تھنب سے بندھا ہوا باندر کدا چت ایک استھان پر نہیں ٹھہرا ایسی چت باسنا سے کدا چت نہیں ٹھہرتا ہے منیشر بڑے سمدر کا پان کر جانا اگنی کا بھکشن کرنا اور سمیرو کا اولانگھنا جانا سوگم ہے پرنتو چت کا چیتنا دُرلبھ ہے جو سدا چلایمان ہے جیسے سمدر اپنا سوبھاو نہیں تیاگتا جل روپ رہتا ہے اور ترنگ اُٹھتی رہتی ہیں ایسے ہی چت بھی اپنی چنچل سوبھاو کو نہیں تیاگتا نانا پرکار کی باسنا اُتپت ہوتی رہتی ہیں سدا بسشے کی اور دوڑتا ہے کہیں پدارتھ ملتا ہے کہیں نہیں ملتا پرنتو سدا چنچل رہتا ہے جیسے سورج کے اودے سے دن ہے اور است سے دن نہیں رہتا ایسے چت کی اُوتپتی سے ترلوکی کی اُپتی ہے اور چت کے لئے ہوئے سے ترلوکی کی اچھیا بھی مسٹ جاتی ہے ہے منیشر چت سمدر ہے اور باسنا جل ہے اور اسمیں چپل کپٹ سرپ ہے جب جیو اس کے نکٹ جاتا ہے تب بھوگ روپی سرپ کاٹتا ہے ترشنا کا بس چڑھتا ہے اُس سے مر جاتا ہے ہے منیشر چت بھوگ کو سکھ روپ جانکر دوڑتا ہے پر وہ بھوگ دکھ روپ ہے جیسے ہرے ترن سے ڈھکی ہوئی کھائی کو مرگ دیکھکر چرنے کو دوڑتا ہے اور کھائی میں گر کر دکھ پاتا ہے ایسے چت کا مرگ بھوگ کو سکھ جانکر بھوگنے لگتا ہے اور جنمان جنم دُکھ بھوگتا ہے ہے منیشر کدا چت یہ چت گمبھیر ہوکر بیٹھتا بھی ہے تو جیسے چیل آدک پکشی اکاش میں اوڑتے اوڑتے جب پرتھوی پر مانس رودھر دیکھتے ہیں تو نیچے اوتر کر اوسپر گرتے ہیں ایسے یہ چت کوئی پدارتھ دیکھتا ہے تو بیہل ہوکر بسشے میں گر جاتا ہے اور یہ چت باسنا کی سجا پر سوتا رہتا ہے آتم پد کی اور نہیں جاگتا میں اس چت کے جال میں پکڑا گیا ہوں اس جال میں باسنا کا سوت ہے اور سنسار کی ستیا کی گانٹھ لگی ہوئی ہے اور بھوگ کا آٹا ہے اس کو دیکھکر میں پھنسا ہوں کبھی پاتال کبھی اکاش۔ باسنا کی رسی سے رہٹ کی گھڑیوں کے سمان بندھا ہوا ہوں ہے منیشر وہ اوپاؤ بتلاؤ جس سے چت کے شترو کو جیتوں اب مجھے کسی بھوگ کے سواد کی اچھیا نہیں ہے اور جگت

کی لکسشمی مجکو بے سواد دکھلائی پڑتی ہے جیسے چندرماں بادل کی اچھیا نہیں کرتا اور برکھا رُت میں اکسمات بادل سے ڈھک جاتا ہے ایسے ہی بھوگ کی اچھیا نہیں کرتا میرا یہ چت پرم شترو ہے مہا پُرش جب اس چت کے جیتنے کا جتن کر لیتے ہیں تب پرم پد پاتے ہیں جیسے پربت پر برکشوں کا بن پربت کے سہارے ہوتا ہے ایسے سب دکھ اُس کے آسرے رہتے ہیں۔

بارھواں سرگ ترشنا آدک وگون کا برنن سری رامچندرجی نے بسوامتر سے کیا ہے

سری رامچندرجی مہاراج بولے کہ ہے برہمن ہِردے روپی اکاش میں ترشنا روپی رات آئی ہے اسمیں کام کرودھ ۔لوبھ۔ موہ۔ آدک۔ الگم کریڑا کرتے ہیں جب گیان کا سورج نکلتا ہے جب ترشنا کی راتری کا ناس ہو جاتا ہے موہ آدک الگمیوں کا بھی ناس ہو جاتا ہے جیسے سورج کے تیج سے ہِم پِگھل جاتا ہے ایسی ترشنا اور شنتا سنتوش کو پگھلاتی ہے اور آتم پد سے تھوتھا چت بھیانک بن کے سمان ہے اسمیں ترشنا کی پشاچنی موہ آدک کُٹمب کو ساتھ لیکر پرسن ہو ہو کر پھرتی ہے ہے منشر چت کے پربت کے آسرے ہی ترشنا کی ندی کا پرواہ چلتا ہے اور نانا پرکار کے سنکلپ کی ترنگ اٹھتی ہیں جیسے میگھ کو دیکھکر مور پرسن ہوتا ہے ایسی ترشنا کا مور بھوگ کے میگھ کو دیکھکر پرسن ہوتا ہے اس پرم دکھ کا مول ترشنا ہی جب میں کسی سنتوش آدک کا آسرا کرتا ہوں تب ترشنا ہٹا دیتی ہے ہے منشر میں سب سے اُتم بھوگ آدک کا جتن کرتا ہوں پر ترشنا پراپت ہونے نہیں دیتی جیسے جال میں پھنسا ہوا پکشی اوڑنے کا جتن کرتا ہے پرنتو نکل نہیں سکتا ایسے اناتم پد سے اُتم پد کو پراپت نہیں ہو سکتا شُت وار کُٹمب آدک سے جال بچھایا ہے اس میں پھنسا ہوا نکل نہیں سکتا آسا کی پھانسی میں پھنسا ہوا کبھی اوپر کبھی نیچے بھٹکتا ہوں ہے منشر ترشنا کے میگھ سے دکھ کا پانی برستا ہے اور ترشنا کالی ناگن ہے جب اس کو ہاتھ لگا دیں تو کومل دکھائی دیتی ہے پرنتو بس سے بھری ہوئی ہے اوسکے ڈسنے سے کال کی پراپتی ہوتی ہے اور گیان کے کنول کو مرجھانے والی ترشنا کالی رات ہے جس سے بڑے دھیرج وان بھی بھے مانتے ہیں اور ویراگ اور ابھیاس کے نیتروں کو اندھا کر دیتی ہے ست است کو نہیں بچارنے دیتی ہے منشر ترشنا ڈاکنی ہے وہ سنتوش آدک نیتروں کو مار ڈالتی ہے ترشنا گپھا ہے اسمیں موہ کے مست ہاتھی چنگھاڑتے ہیں ترشنا سمدر ہے اُس میں آپدا کی ندی ملتی ہیں اس کارن جو ود اوپاء

بتلاؤ جس سے ترشنا کے دکھ سے چھوٹوں ہے منیشر اگنی اور کھڑگ اور اندر کے بجر سے ایسے پیڑا نہیں
ہوتی جیسے ترشنا سے دکھ ہوتا ہے ترشنا کے دیپک سے سنتوش کے پتنگ جلے جاتے ہیں جیسے
جل میں مین رہتی ہے اور کنکر ریت کو ماس سمجھکر مکھ میں لیتی ہے اُس کا کچھ پر یوجن پورن نہیں ہوتا
ایسے ہی ترشنا ہے کہ جو کچھ پدارتھ دیکھتی ہے اُس کے اور جاوے ہے اور ترپت نہیں ہوتی ترشنا
باندی ہے کبھی ہرکش پر کبھی کسی ڈالی پر جاتی ہے کبھی استھر نہیں رہتی ہے منیشر ترشنا بڑی بھاری ندی
ہے وہ منش کو کہیں کا کہیں بہالے جاتی ہے ترشنا کی ندی میں انیک باسنا کی ترنگ اوٹھتی ہیں ترشنا
نٹنی ہے اور جگت کا اکھاڑہ لگایا ہے مورکھ پرش اُس کا کرتب دیکھ کر پرسن ہوتے ہیں ترشنا
ایک بڑی استری ہے جو پرش اُس کو چھوڑتا ہے تو وہ اُس کے پیچھے لگی پھرتی ہے ترشنا کی ہولنے
مجھے دور لیجا کر ڈال دیا آتم پد سے نیارا ہو رہا ہوں ہے منیشر جیسے بھونرا کنول کے کبھی اوپر کبھی نیچے کبھی پاس پھر
پھرتا ہے ایسے ہی ترشنا کا بھونرا سنسار کے کنول کے نیچے اوپر پھرتا ہے ٹھیرتا نہیں ترشنا کے ڈبے میں انیک
دکھوں کے رتن رکھے ہیں ایسا اوپاے بتلاؤ جس سے ترشنا نورت ہووے منیشر یہ ترشنا بیراگ سے جاتی
ہے اور کسی اوپاے سے نہیں جاتی جیسے تم کا ناس پرکاش سے ہوتا ہے ایسے بیراگ سے ترشنا کا ہے منیشر
ندی برکھا رت میں بڑھتی ہے پھر گھٹ جاتی ہے ایسی ہی ترشنا جب اچھا بھوگ ملتا ہے بڑھتی ہے
جب نہیں ملتا گھٹتی ہے اس ترشنا نے مجکو دین کر دیا جیسے سوکھے ترن کو پون اُڑا دیتی ہے ایسے مجکو
اوڑاتی ہے سو ایسا اوپاے کہو جو آتم کی پراپتی ہو۔

تیرہواں سرگ سری رامچندر جی کا سمباد بسوامتر جی سے شریر کی اچھیا نہ رکھنے میں

سری رامچندر جی بولے ہے منیشر یہہ شریر منگل روپ جو جگت میں اُتپت ہوا ہے سدیو بکار ت ماس
استھی سے پورن اپوتر ہے اس سے کوئی ارتھ نہیں ملتا اس کارن میں اسکی اچھیا نہیں کرتا یہ شریر جڑ ہے
نہ چیتن جیسے اگنی کے سنجوگ سے لوہا اگنی وت ہوتا ہے وہ جلتا بھی ہے پرنتو آپ نہیں جلتا جڑ تو
اس کارن نہیں کہا ہے کہ اس سے پر یوجن بھی سدھ ہوتا ہے اور چیتن اس کارن نہیں ہے کہ اس کو آپسے
کچھ گیان نہیں ہوتا اس کارن مدھم بھاؤ میں ہے کیونکہ اہیں چیتن آتما برتوان ہے اور آپ تو وہ اپوتر استھی
ماس ہے وہ ہر ہو مورکھ ہٹا کا بھرا ہوا بکار دان ہے اور پیارے بستو کے ملنے سے پرسن اور بپریت اُسکے

دُکھی اسلئے تجکو ایسے شریر کی اچھیا نہیں کیونکہ یہاں سے اُتپت ہوا ہے نشرایسے شریر ہیں جو اہنکار بھرا ہوا ہے دُکھ کا کارن ہے شریر کی نوکا بھوگ کی ریت میں پڑی ہے اسکا پار ہونا کٹھن ہے جب بیراگ کے جل کا پرواہ بڑہے اور ابھیاس کے پتواری کا بل ہو تب سنسار کے پار روپی کنارہ پر پہنچے اور شریر کا بیڑا سنسار کے سمندر اور ترشنا کے جل میں پڑا ہے اس جل کے پرواہ میں بھوگ روپی مچھ ہیں شریر کے بیڑے کو پار نہیں لگنے دیتے جب اس بیڑے کو بیراگ کی پون لگے اور ابھیاس کے پتواری کا بل لگے تب وہ بیڑا پار ہوتا ہے نشر جس پُرش نے ایسے بیڑے کو پاکر آپ کو سنسار سمندر سے پار کیا ہے وہ ہی سکھی ہے اور اور ابپریت اُس کے دُکھ کو پراپت ہے اور وہ اس بیڑے کو اوٹا ڈبویگا شریر کے بیڑے کا ترشنا چھید ہے جس سے سنسار سمندر میں نشش ڈوب جاتا ہے اور بھوگ کے مگر اُس کو نگل جاتے ہیں یہ اشچرج ہے کہ بیڑا اپنے سمیپ نہیں دیکھتا اور منش مورکہتا ہی سے آپکو بڑا مانتا ہے اور ترشنا کے چھید سے دُکھ پاتا ہے شریر کو برکش سمجھو جس کی بھوجا ڈالی ہے انگلی پتے ہیں جانگ استھنب مالش گووا بھوگ کی باسنا اُس کی جڑ ہے اور سنکلپ اُس کے پھول ہیں اور ترشنا گُن ہے وہ اس شریر کو کھاتا رہتا ہے جب اُسمیں سوئمت پھل لگے تو کال کا سے آتا ہے اس شریر کے برکش میں ترشنا کی ناگن رہتی ہے جو پُرش کامنا کے لیئے اس برکش کا سہارا لیتا ہے اُس کو وہ ناگن ڈس لیتی ہے اور اُس کی بس سے وہ مرجاتا ہے نشر ایسے اوچھے پرار بدھ کے شریر کے برکش کی مجھے اچھیا نہیں یہ پرم دکھ کا کارن ہے جب پُرش اپنے کُٹنب پر وار اور تہات اِندری - پران من بدھی - اہنکار کا تیاگ کرے تب مُکتی ہو اور پرکار سے مُکتی نہیں ہوتی ہے نشر جو اچھے پُرش ہیں وے پوتر استھان میں ہی رہتے ہیں اپوتر میں نہیں رہتے اور وہ اپوتر استھان یہ دیہ سمجھو اسمیں رہنے والا جی اپوتر ہے یہ گھر ستھی کی اینٹ اور رودھر موتر بشٹا کے گارے اور مالش کی کہگل سے بنا ہے اہنکار چانڈال اسکا سوامی ہے اور ترشنا اس کی استری ہے اور کام - کرودہ - لوبھ - موہ - اُس کے پُتر ہیں ایسے اپوتر استھان کو میں نہیں چاہتا یہ شریر چاہو رہو اتھوا نرہو مجکو اس کے ساتھ شنبہ نہیں ہے نشیر شریر بڑا گھر ہے اس میں اندریوں کے پشو پنچھی جب کوئی جاتا ہے تب بڑی آپت میں پہنستا ہے تات پرج یہ ہے کہ اس میں اہنکار کرتا ہے تو اندریوں کے پشو پنچھی بشئے کے سینگ سے مارتے ہیں اور ترشنا کی دھول اُس کو میلا کرتی ہے۔ اِس شریر کے گھر میں ترشنا استری رہتی ہے وہ اندریوں کے دوارہ سے تکتی رہتی ہے اور سدیو کلپنا کرتی رہتی ہے اُس سے سم - دم - آدک - سمپد کا پرویش نہیں ہوتا اسیں ایک سو پتی ریج ہے جب اُس پر

سوتا ہے تب کچھ سکھ پاتا ہے پرنتو ترشنا کا کٹنب کا م [illegible]
نیشر ایسے میلے گھر شریر کی میں نے اچھیا تیاگ دی ہے یہ پرم دکھدائی ہے ہے منیشر شریر ایک برکش ہے
اُس پر ترشنا کی کاگنی بیٹھی ہے جیسے کاگنی پنچ پدارتھ کی اور دوڑتی ہے ایسے ترشنا بھوگ آدک میلے
پدارتھوں کی اور دوڑتی ہے وہ ترشنا بندری کی نیائیں اس برکش کو ہلاتی ہے ٹھہرنے نہیں دیتی جیسے
مست ہاتھی کیچ میں پھنسکر نکل نہیں سکتا اور دکھ پاتا ہے ایسے اگیان کی مد سے مست ہو کر جیو شریر کے کیچ
میں پھنستا ہے نکل نہیں سکتا اور دکھی ہے ایسے دکھ پانے والے شریر کی میں اچھیا نہیں کرتا جیسے ہاتھی کے
کان سدا ہلتے رہتے ہیں ایسے اس کو کال ہلاتا رہتا ہے مرت اس کو نکل جائیگی یہ شریر کرتگنی بھوگ
بھوگتا ہے بڑے ایشورج کو پہنچتا ہے اس سے شنہ نہیں ہے جیو اس کو اکیلا چھوڑ کر پرلوگ کو جاتا ہے
اور جیو اسکے سکھ کے لئے انیک جتن کرتا ہے پرنتو اس کے ساتھ سدا نہیں رہتا ایسے متر گھاتی کو
میں نے تیاگ دیا ہے ہے منیشر ایک یہ اشچرج ہے کہ اُس کا بھوگ کرتا ہے پر اُس کے ساتھ نہیں چلتا جیسے
مارگ ڈھول کے اوڑ نیسے نہیں دیکھتا ایسے یہ جیو جب چلنے لگتا ہے تب شریر سے دکھی ہو کر باسنا کی ڈھول
سمیت چلتا ہے پرنتو یہ دیکھتا نہیں کہ کہاں گیا جب پرلوک جاتا ہے تب بڑا دکھ ہوتا ہے کیونکہ شریر کے
ساتھ رہا ہے ہے منیشر جیسے جل کی بوند پتر کے اوپر ایک چھن ماتر رہتی ہے تیسے شریر بھی چھن بھنگ ہے
ایسے شریر سے پریت کرنا مورکھتائی ہے ایسے شریر کے اوپر ادبکار کرنا بھی دکھ کی نمت ہے سکھ کچھ نہیں
دھن وان اس شریر سے بڑے بھوگ بھوگتے ہیں اور نردھن تھوڑے پرنتو بڑہاپا اور مرت دونوں کو ہوتی
ہے کچھ ادھکتائی نربلتائی نہیں ہے اور شریر کا اوپکار کرنا اور بھوگ بھگتا ترشنا سے الٹا دکھ کا کارن
ہے جیسے کوئی ناگن کو گھر میں رکھکر چھیر پان کراوے پر نام اسکو ہی ڈسے گی ایسی ہے جیو نے ترشنا کی
ناگن سے پریت کی ہے اُس کو ڈسے گی کیونکہ ناسوان ہے اس شریر کے لئے بھوگ بھوگنے کا جتن کرنا
مورکھتائی ہے جیسے پون کا بیگ ایسے یہ شریر آتا جاتا ہے اس سے پریت کرنا دکھ کا کارن ہے جیسے
کوئی کوئی مرگ مرستھل کے جل کی آس تیاگتا ہے اور سب مرگ بھرمتے ہیں ایسے سب جیو اُس کی آس
میں باندھے ہوئے ہیں اس کا تیاگ کسی نے کیا ہوگا ہے منیشر بجلی اور دیپک کا پرکاش بھی آتا جاتا
دیکھتا ہے پرنتو اس شریر کا آدانت نہیں دیکھتا کہ کہاں سے آیا ہے کہاں جاتا ہے جیسے سمندر میں بلبلے
اُتپت ہوتے ہیں اور مٹ جاتے ہیں اُس کی آسا کرنے سے کچھ لابھ نہیں ایسے ہی یہ شریر ہے اسکی

[illegible] منیا یتن استھر نہیں ہوتا اِس لیے میں اِس کی آسا
نہیں کرتا اِس کا ابھمان مینے تیاگ دیا ہے مُنیشر ایسے شریر کو پُشٹ کرنا دُکھ کا نمت ہے کسی ارتھ نہیں آتا
جلانے کے جوگ ہے جس پُرس کا شریر کاٹ روپی گیان کی اگنی سے جلا ہے اُس کا بھاری پریوجن پراپت
ہوا ہے اور جس نے نہیں جلایا اُس نے پرم دُکھ پایا ہے نہ میں شریر ہوں نہ میرا شریر ہے نہ اُس کا میں
ہوں نہ یہ میرا ہے مجکو کوئی کامنا نہیں نراسی پُرش ہوں اور مجکو شریر سے کچھ پریوجن نہیں ہے ہے
مُنیشر وہ او پاؤ بتلاؤ جس سے میں پرم پد پاؤں ہے مُنیشر جس نے شریر کا ابھمان تیاگا ہے وہ پرمانند سروپ
ہے جس کو دیہ کا ابھمان ہے وہ پرم دکھی ہے سب دُکھ شریر کے سنجوگ سے ہوتے ہیں بال۔ ایوان۔ بڑھاپا
مرت۔ کپٹ۔ بھرانتی موہ۔ سوچ آدک سب دیہ کے بکار کے سنجوگ سے ہوتے ہیں جنکو دیہ کا ابھمان
ہے اُن کو دھرکار ہے جن کو دیہ کا ابھمان نہیں وہ اُتم پُرش ہیں اور اُستتی کرنی جوگ ہیں اُن کو میرا
نمسکار ہے جیسے مال سرووَر میں سب ہنس آجاتے ہیں ایسے جہاں دیہ کا ابھمان ہے وہاں سب اپمدا اگر
پاس کرتے ہیں ہے مُنیشر اگیان سے مجکو اہنکار کے پشاچ نے شریر میں بل سے پکڑ رکھا ہے ایسا او پاؤ
بتلاؤ جس سے آہنکار روپی پشاچ کا ناس ہو جیسے بیج سے پہلے انگور ہوتا ہے پھر اس سے برکش ہوتا ہے
ایسے آہنکار سے شریر کی استھا ہوتی ہے ہے مُنیشر جیسے پرکاش سے تمر دور ہوتا ہے ایسے بچار سے آہنکار
نِورت ہوتا ہے جیسے بجلی کی چمک استھر نہیں اور گندھرب نگر کی استھا نرار تھک ہے ایسے شریر کی استھا
کمہ لی نشپھل ہے ہے مُنیشر جو شریر کی استھا کر کے آہنکار کرتے اور جگت کے پدارتھوں کے نمت جتن کرتے
ہیں وہ مہا مُورکھ ہیں جیسے سُپنا متھیا ہے ایسے ہی جگت جھوٹھا ہے جو اس کو ست جانتا ہے وہ اپنے
بندھن کا جتن کرتا ہے جیسے پتنگ اپنے ناس کے لئے دیپک کی اچھیا کرتا ہے ایسے ہی اگیانی اپنی دیہ
کے ابھمان اور بھوگ کی اچھیا اپنے ناس کے لئے کرتا ہے ہے مُنیشر میں تو اِس شریر کو انگیکار نہیں کرتا
اِس شریر کا ابھمان پرم دُکھ دائی ہے جس دیہ کو ابھمان نہیں رہا اُس کو بھوگ کی بھی اچھیا نہیں رہیگی اِس
لئے پرم پد کی اچھیا ہے جسکے پانے سے پھر سنسار سمندر میں نہیں ڈوبوں *

چودھواں سرگ سنسار میں جنم پاکر دُکھی ہونا جیو کا برنن۔

سری رامچندر مہاراج بولے کہ ہے مُنیشر اِس جیو کو سنسار میں جنم پاکر پرم دُکھ ہے بال اوستھا پرم دُکھ کا

مُول ہے دنپتائی - اٹکتا - موہ کہتا - اچھیا چپلتا - دُکھ - سنتاپ آوگ - روگ پراپت ہوتے ہیں ایک
بستو لیتا ہے دوسرے کو من للچاتا ہے اور جو کسی پر کرودہ کرتا ہے تو ہردے میں جلتا ہے بڑی بڑی
اچھیا کرتا ہے پر اچھیا انسار ملتا نہیں ترشنا ہی رہتی ہے چھن میں ہی بان ہو جاتا ہے شانتی نہیں
ہوتی جیسے ہستی کجلی میں سنگل سے بندھا ہوا دین ہوتا ہے ایسے ہی بال اوستھا میں یہ پرش دین رہتا ہے
جو اچھیا کرتا ہے بنا بچار کے ہوتی ہے اُس سے دُکھ پاتا ہے موں رہتا ہے بول نہیں سکتا جو کسی پدارتھ
کی پراپتی ہو جاتی ہے چھن ماتر پرشن ہو جاتا ہے پھر ہبں ہو جاتا ہے جیسے تتی پرتھوی جل ڈلنے سے
ایک چھن ٹھنڈی ہو جاتی ہے پھر تپنے لگتی ہے [illegible] راتری کی انت میں سورج اودے ہونے سے اُلو آدک
پکشی دُکھت ہوتے ہیں ایسے ہی یہ جیو بالک اوستھا میں دُکھی ہوتا ہے ہے مُنیشر جو بالکوں کی سنگت
کرتا ہے وہ بھی مورکھ ہے کہ یہ اوستھا بیبیک رہت اور اپوتر ہے اس لئے اپنے بوڑھ اور دین اوستھا
کی مجکو اچھیا نہیں جیسے سوان گھر گھر پھرتا ہے اور ابدکا نرادر اپمان ہوتا ہے ایسے ہی بالک چھن چھن میں
پدارتھ کی اچھیا کرتا ہے اور اس کا اپمان ہوتا ہے اور بالک کو ماتا پتا بھائی اور اپنے بڑے کا سدا بھے
بھے رہتا ہے جیسے استری کے نیتر اور [illegible] چنچل رہتا ہے ایسے ہی بالک [illegible] چنچل
ہے ہے مُنیشر جیسے بیسوا کا چت ایک پرش میں نہیں ٹھیرتا ایسے بالک کا چت ایک پدارتھ پر استھر نہیں
ہوتا اور بالک کو اپنے ہان لابھ کا بچار نہیں جیسے جیٹھ اساڑھ میں [illegible] ایسے
ہی بالک تپتا رہتا ہے شانتی کداچت نہیں ہوتی اور جب بدیا پڑھنے لگتا ہے تب بدیا گورو سے ڈرتا ہے
جیسے جم دوت سے پاپی اتھوا گڑ سے سرپ جب شریر میں کوئی روگ ہو جاتا ہے تو دور نہیں کر سکتا
دُکھ پاتا ہے اور دُکھ کے سہنے کے بھی سامرتھ نہیں ہوتی اور من ہی من میں کڑھتا ہے مکھ سے کچھ بول
نہیں کر سکتا جڑ بھوت رہتا ہے جیسے برکش ہے ہے مُنیشر ایسی بالک اوستھا کی استتی کرنیوالا بھی پرتن مورکھ
ہے یہ تو پرم دُکھ روپ اوستھا ہے اُس میں بیبیک بچار کچھ نہیں بھوجن کھاتا ہے اور روتا ہی ایسے
اوگن روپ اوستھا مجکو پریہ نہیں ہے مُنیشر یہ اوستھا مورکھ ہے کبھی تو اگیانتا سے کہتا ہے کہ ہے
پتا مجکو ہم کا ٹکڑا ہوں دے کبھی کہتا ہے چندرماں اوتار دے ایسے نیچ اوستھا کو میں نرگن اور
نزار تہک جانتا ہوں ؛

پندرہواں سرگ بالک جوابردہ اوستھاؤں کا دکھ برنن۔

سری رامچندر جی بولے کہ ہے منیشر بالک اوستھا کے پیچھے جوبن اوستھا آتی ہے وہ اتی دکھ دایک ہے جوبن اوستھا میں کام روپی پشاچ آکر چمٹ جاتا ہے اور چت کو بھرماتا ہے اور باسنا کی بڑوہی کرتا ہے جیسے اگنی کنڈ میں پڑکر دکھ پاتا ہے۔ ایسے کام سے بے بس ہوکر دکھ پاتا ہے سب بکار جوبن اوستھا میں پراپت ہوتے ہیں جیسے دھن وان کو دیکھکر نردھن آساد ہن کی کرتے ہیں ایسے جوبن اوستھا میں سب اوگن اکٹھے ہو جاتے ہیں اور جو بھوگ سکھ کی اچھا کرکے کرتا ہے وہ پرم دکھ دائی بھوگ ہیں جیسے مدہرا کا گھٹ دیکھتا ہے تو پرسن ہوتا ہے جب پان کرکے بے بس ہوکر دین ہو جاتا ہے تو نرادر ہوتا ہے ایسے ہی یہ بھوگ پدارتھ دیکھنے میں اچھا دکھائی دیتا ہے جب اس کو برتتا ہے تو ترشنا میں مست ہوکر پراد ہین ہو جاتا ہے منیشر یہ کام کرودھ لوبھ اہنکار سب چور اور لٹیرے ہیں جو بن روپی راتری میں آتم گیان روپی دھن کو لوٹتے ہیں اور یہ منش آتم آنند کے بیوگ سے دین ہو جاتا ہے ایسے دکھ دائی جوا اوستھا کی میں اچھا نہیں کرتا کیونکہ اس اوستھا میں چت مشٹے بھوگ کی اور دوڑتا ہے اور پھر ترشنا سے جنم جنم دکھ پاتا ہے ہے منیشر جیسے پرلے کال میں سب دکھ اکٹھے ہو جاتے ہیں ایسے کام - کرودھ - لوبھ - موہ اہنکار چیلتا آدک جوا اوستھا میں آکر اکٹھے ہو جاتے ہیں جیسے سمدر میں ترنگ اٹھتی ہے اور مٹ جاتی ہے جیسے شمشان میں کوئی استری بکار کرکے چھلجاتی ہے ایسی ہی اگیانی کو جوبن کپٹ چھل کر جاتا ہے ہے منیشر یہ جوبن اوستھا بیوگی ہے جو شترو وہی جو پرش اس شترو کے شستر سے بچے وہ دھن ہے اسکے شستر کام کرودھ ہیں جو اس سے چھوٹیگا وہ بجر سے بھی نہ چھیدا جائیگا اور جو اس شستر سے مبندھا گیا وہ پشو ہے ہے منیشر جوا اوستھا دیکھنے میں اتی سندر ہے پرنتو ترشنا سے جرجری بھوت ہے جو بھوگ کیلئے یہ اوستھا اوپائے کرتی ہے وہ اچھی نہیں ہے کیونکہ جب تک اندریوں اور بھوگ کا ملاپ ہے تب تک بنا بچار کے اچھا لگتا ہے جب انکا بیوگ ہوتا ہے دکھ ہوتا ہے اس لئے مورکھ بھوگ سے پرسن ہوتے ہیں ان کو شانتی نہیں ہوتی ترشنا بنی رہتی ہے اور استریوں میں چت لگا رہتا ہے جب پیاری استری کا بیوگ ہوتا ہے تو بن کے سوکھے برکش کی نیائیں جلتا ہے جیسے متوالا ہستی سنگل سے بندھا ہوا استھر نہیں رہتا ہے ایسے ہی کام کی ہستی کو ترن اوستھا کی بیڑی باندھ لیتی ہے جوبن اوستھا ندی ہے اچھا ترنگ اسمیں اٹھتی ہیں کدا چت شانتی نہیں ہوتی ہے منیشر یہ جوبن اوستھا

سُول سہے دنپتائی ۔ اُنکتا ۔ موہ کہتا ۔ اچھیا پچھلتا ۔ دُکھ ۔ سنتاپ آوگ ۔ روگ پراپت ہوتے ہیں ایک
بستو لیتا ہے دوسرے کو من للچاتا ہے اور جو کسی پر کرودھ کرتا ہے تو ہردے میں جلتا ہے بڑی بڑی
اچھیا کرتا ہے پر اچھیا انُسار ملتا ہنیں ترشنا ہی رہتی ہے چھن میں بھی ہان ہو جاتا ہے شانتی ہنیں
ہوتی جیسے ہستی لجلی میں سنگل سے بندھا ہوا دین ہوتا ہے ایسے ہی بال اوستھا میں بھی پرش دین رہتا ہے
جو اچھیا کرتا ہے بنا بچار کے ہولی ہے اُس سے دُکھ پاتا ہے موں رہتا ہے بول ہنیں سکتا جو کسی پدارتھ
کی پراپتی ہو جاتی ہے چھن ماتر پرشن ہو جاتا ہے پھر ہین ہو جاتا ہے جیسے تتی پرتھوی جل ڈلنے سے
ایک چھن ٹھنڈی ہو جاتی ہے پھر تپنے لگتی ہے جیسے راتری کی انت میں سورج اودے ہونے سے اُلو دکی
پکھشی دُکھت ہوتے ہیں ایسے ہی پُھ جیو بالک اوستھا میں دُکھی ہوتا ہے ہے منیشر جو بالکوں کی سنگت
کرتا ہے وہ بھی مورکھ ہے کہ یہ اوستھا بیبیک رہت اور اپوتر ہے اس لئے اپنے بوڑھ اور دین اوستھا
کی مجکو اچھیا ہنیں جیسے سوان گھر گھر پھرتا ہے اور اہدکا نرادر اور اپمان ہوتا ہے ایسے ہی بالک چھن چھن میں
پدارتھ کی اچھیا کرتا ہے اور اس کا اپمان ہوتا ہے اور بالک کو ماتا پتا بھائی اور اپنے سے بڑے کا سبھی کو
بھے رہتا ہے جیسے استری کے نیتر اور ندی کا پروا چنچل ہوتا ہے ایسے ہی بالک سبھ سے چنچل
ہے ہے منیشر جیسے ہوا کا چت ایک ٹھور میں ہنیں ٹھیرتا ایسے بالک کا چت ایک پدارتھ پر استھر ہنیں
ہوتا اور بالک کو اپنے ہان لابھ کا بچار ہنیں جیسے جیٹھ اساڑھ میں پرتھوی پتا یمان رہتی ہے ایسے
ہی بالک پتپتا رہتا ہے شانتی کداچت ہنیں ہوتی اور جب بدیا پڑھنے لگتا ہے بدیا گورو سے ڈرتا ہے
جیسے جم دوت سے پاپی اتھوا گرڑ سے سرپ جب شریر میں کوئی روگ ہو جاتا ہے تو دور ہنیں کر سکتا
دُکھ پاتا ہے اور دُکھ کے سہنے کے بھی سامرتھ ہنیں ہوتی اور من ہی من میں کُڑھتا ہے مُکھ سے کچھ بول
ہنیں کر سکتا جڑ بھوت رہتا ہے جیسے برکش ہے منیشر ایسی بالک اوستھا کی اُستتی کرنیوالا بھی پرش مورکھ
ہے یہ تو پرم دُکھ روپ اوستھا ہے اُس میں بیبیک بچار کچھ ہنیں بھوجن کھاتا ہے اور روتا ہے ایسے
اوگن روپ اوستھا مجکو پریہ ہنیں ہے منیشر یہ اوستھا مورکھ ہے کبھی تو اگیانتا سے کہتا ہے کہ ہے
پتا مجکو ہم کا ٹکڑا ہون دے کبھی کہتا ہے چندرماں اوتار دے ایسے نیچ اوستھا کو میں نرگن اور
نزار تہک جانتا ہون ؛

پندرہواں سرگ بالک جوابردہ اوستھاؤں کا دکھ برنن۔

سری رامچندر جی بولے کہ ہے منیشر بالک اوستھا کے پیچھے جو اوستھا آتی ہے وہ اتی دکھ دایک ہے
جوبن اوستھا میں کام روپی پشاچ آکر چمٹ جاتا ہے اور چت کو بھرماتا ہے اور باسنا کی بردھی کرتا ہے
جیسے اگنی کنڈ میں پڑکر دکھ پاتا ہے۔ ایسے کام سے بے بس ہوکر دکھ پاتا ہے سب بکار جوبن اوستھا
میں پراپت ہوتے ہیں جیسے دہن وان کو دیکھکر نردہن آسا دہن کی کرتے ہیں ایسے جوبن اوستھا میں
سب اوگن اکٹھے ہوجاتے ہیں اور جو بھوگ سکھ کی اچھا کرکے کرتا ہے وہ پرم دکھ دائی بھوگ ہیں جیسے
مدہرا کا گھٹ دیکھتا ہے تو پرسن ہوتا ہے جب پان کرکے بے بس ہوکر دین ہوجاتا ہے تو نرادر ہوتا ہے
ایسے ہی یہ بھوگ پدارتھ دیکھنے میں اچھا دکھائی دیتا ہے جب اُس کو برتتا ہے تو ترشنا میں مست ہوکر
پرادہین ہوجاتا ہے منیشر یہ کام کرودھ لوبھ اہنکار سب چور اور لوٹیرے ہیں جوبن روپی راتری میں آتم گیان
روپی دہن کو لوٹتے ہیں اور یہ منش آتم آنند کے بیوگ سے دین ہوجاتا ہے ایسے دکھ دائی جوا اوستھا کو میں
اچھا نہیں کرتا کیونکہ اس اوستھا میں چت بشے بھوگ کی اور دوڑتا ہے اور پھر ترشنا وچھان جنم دکھ پاتا ہے
ہے منیشر جیسے پرلے کال میں سب دکھ اکٹھے ہوجاتے ہیں ایسے کام۔ کرودھ۔ لوبھ۔ موہ۔ اہنکار چپلتا
آدک جوا اوستھا میں آکر اکٹھے ہوجاتے ہیں جیسے سمندر میں ترنگ اٹھتی ہے اور مٹ جاتی ہے جیسے سنی میں کوئی استری بکار
کرکے چلی جاتی ہے ایسے ہی اگیان سے جوبن کپٹ چھل کر جاتا ہے ہے منیشر یہ جوبن اوستھا بیوگ کی ہیم شترو ہے جو پرش اس شترو کے شستر سے بچے
وہ دہن ہے اسکے شستر کام کرودھ ہیں جو اس سے چھوٹیگا وہ بجر سے بھی نہ چھیدا جائیگا اور جو اس شستر
سے بندھا گیا وہ پشو ہے ہے منیشر جوا اوستھا دیکھنے میں اتی سندر ہے پرنتو ترشنا سے جرجری ہوتی
ہے جو بھوگ کیلئے یہ اوستھا اوپائے کرلی ہے وہ اچھی نہیں ہے کیونکہ جب تک اندریوں اور بھوگ کا
ملاپ ہے تب تک بنا بچار کے اچھا لگتا ہے جب انکا بیوگ ہوتا ہے دکھ ہوتا ہے اس لئے مورکھ
بھوگ سے پرسن ہوتے ہیں ان کو شانتی نہیں ہوتی ترشنا بنی رہتی ہے اور استریوں میں چت لگا رہتا ہے
جب پیاری استری کا بیوگ ہوتا ہے تو بن کے سوکھے برکش کی نیائیں جلتا ہے جیسے متوالا ہاتھی
سنگل سے بندھا ہوا استھر نہیں رہتا ہے ایسے ہی کام کی ہستی کو ترن اوستھا کی بیڑی باندھ لیتی ہے
جوبن اوستھا ندی ہے اچھا ترنگ اسمیں اُٹھتی ہیں کداچت شانتی نہیں ہوتی ہے منیشر یہ جوبن اوستھا

بدھیوانوں کو ملین کر ڈالتی ہے جیسے نرمل جل کی ندی برکھا رُت میں ملین ہو جاتی ہے یہ شریر برکش ہے اور جوبن اوستھا کی بیل اُس پر چڑھی ہوئی ہے اور چت کا بھونرا بیٹھا ہے اور ترشنا کی سُگندھ سے متوالا ہو کر سب بچار بھول جاتا ہے جیسے سوکھے پتروں کو پوَن اُڑا لیجاتی ہے ایسے یہ آیو بیراگ اور سنتوش بھلے سوبھاؤں کا ناس کرتی ہے دُکھ کے کنول کو یہ اوستھا سورج ہے اور دُکھ کی جڑ یہ جوبن اوستھا ہے جیسے سورج کے اودے ہونے سے سورج مکھی کا پھول کھلجاتا ہے ایسے چت کے کنول کو ترشنا کا بھونرا بیٹھ کر بشئے کی سوگندھ لیتا ہے مُنیشر سنسار راتری ہے جوبن تارا گن ہیں کہ چمکتے ہیں جیسے تم میں کوئی بستو پہچانی نہیں جاتی ایسی جوبن اوستھا میں بھلے بُرے کی پہچان نہیں رہتی پھر جسکو پہچان نہیں رہی اس کو شانتی کہاں سدا دُکھ کی تاپ میں جلتا رہتا ہے جیسے بنا جل میں ایسے ہی بنا بچار پُرش جب جوبن اوستھا کی راتری آتی ہے کام کا پشاچ آ کر گرجتا ہے تو یہ سنکلپ اُٹھتے ہیں کہ کوئی کامی پُرش آوے تو اُس سے ایسی ایسی چرچا کروں کہ وہ استری کیسی سُندر ہے اُس کے نیتر کیسے چپل ہیں وہ استری مجکو کیسے ملے ہے مُنیشر اس اچھا میں وہ سدیو جلتا رہتا ہے جیسے مرستھل کے جل کو دیکھکر مرگ دوڑتا ہے اور جل کے بدلے سوکھا ریت دیکھنے سے جلتا ہے ایسے کامی بشئے کی باسنا سے جلتا ہے اور شانتی نہیں پاتا ہے مُنیشر منش جنم اُتم ہے پرنتو اوچھی پرارپدھ والے آتم پد نہیں پاتے جیسے چنتامن رتن کسی کو ملے اور وہ اُس کی سار نجانکر آدر نہ کرے اور ڈال دے ویسے ہی جنہنے منش دیہہ پاکر آتم پد پانے کا اُپاؤ نہیں کیا وہ بڑا مورکھ ہے اُس نے اپنے جنم کو اکارتھ کھو دیا اور پرم دُکھ کا کھیت اپنے لئے بو یا اور موہ مدہ آوک سے اپنے پُرشارتھ کا ناس کیا ہے مُنیشر ایسے جوبن اوستھا میں بڑے لکار ہیں جیسے باز کسی پکشی پر اُوڑتا ہے اور سنگھ اپنے بل سے بشو کے مارنے کا بچار کرتا ہے ایسے جب جوبن اوستھا میں بکشیپ کی اُور دوڑتا ہے مُنیشر سمدر کا تر جانا سگم ہے جوبن اوستھا کا تر نا دُرلبھ ہے ایسے دُکھ دینے والی اوستھا میں جو پُرش استھر رہتے ہیں اُن کو دھن ہے اور نمسکار کرنے کے جوگ ہیں جیسے پوَن کے بل سے ترن آوک باوری میں پڑ جاتے ہیں اور جل گدلا ہو جاتا ہے ایسے جوبن اوستھا کی پوَن وشئے کی دُھول چت کی باوری میں ڈالکر ملین کر دیتی ہے ہے جوبن اوستھا میرے اوپر تو کرپا ہی کرو جو مجھے تمہارے درشن نہ ہوں کیونکہ میں تمہارے آنے سے دُکھ مانتا ہوں جیسے پُتر کی مرت کا دُکھ پتا سے سہارا نہیں جاتا ایسے ہی مجھ سے تمہارا دُکھ نہیں سہارا جاتا میرے اوپر دیا کر کے درشن ہی مت دو جو پُن وان پُرش کو نمل نہیں ہوتے شاستر

کے گن اور بیراگ اور بچار اور سنتوکش اور شانتی سے پورن نہیں ہوتے جیسے اکاش میں بن کا ہونا اشچرج ہے اس کارن ہے منیشروہ او پاے کہو جس سے جوبن اوستھا کا دکھہ دور ہو کر آتم پد پراپت ہو ۰

سولھواں سرگ جسمیں استری کے سنجوگ کی اوگنتائی ہے

سری رامچندر جی مہاراج بولے کہ ہے منیشر جس ہانش بلاس اور کریڑا کے نمت استری کی اچھا کرتا ہے وہ استری استھی۔ مانس۔ رودہر۔ موتر۔ بھشٹا سے پورن ہے جیسے جنتر کی بنی ہوئی پتلی دورے انیک چیشٹا کرتی ہے ایسے ہی اس ہاڑ مانس کی پتلی میں کچھ اور نہیں ہے جو بچار سے نہیں دیکھتے ان کو وہ بستر ابہوشن سے سجی ہوئی پرم پریہ دکھلائی دیتی ہے اور جو بچار کر انگ انگ کا الگ الگ دھیان کرو تو کچھ بستو نہیں ہے جیسے ناگن کا دیکھا اوپر سے بہت کومل دیکھتا ہے اور اوس کو ہاتھ لگاؤ تو ڈس لیتی ہے ایسے جو کوئی استری سے سنگ کرتے اور انگ سے انگ ملاتے ہیں ان کا وہ ناس کر ڈالتی ہے جیسے ہاتھی کو سنگل سے باندہو تو کہیں نہیں جا سکتا ایسے ہی چت روپی ہاتھی کام کی بیڑی سے بندہا ہوا استری روپی استھان میں اسپر رہتا ہے اور جب مہاوت ہاتھی کے انکش مارتا ہے تو وہ بیڑی کو توڑ کر بندہن سے نکلجاتا ہے ایسے ہی یہ چت مور کھہ ہاتھی ہے اور گورو مہاوت ہے اور گورو کا اوپدیش انکش ہے جب وہ انکش بار بار لگتا ہے تب وہ اگیان کی سنگل کو توڑ کر نکلجاتا ہے جیسے کجلی بن میں متوالا ہاتھی کاغذ کی ہتنی کو دیکھ کر دہوکے سے بندگڑہے میں پڑتا ہے اور دکھہ پاتا ہے ایسے ہی پرم دکھہ کا مول استری کا سنگ ہے ہے منیشر جیسے بن میں اگنی لگی ہوئی سب بن کو جلا دیتی ہے ایسے استری روپی اگنی اس سے بھی ادہک ہے کیونکہ بن کی اگنی تو اسپرش ہونے سے جلاتی ہے اور استری روپی اگنی دھیان ماتر ہی سے شریر روپی بن کو جلا دیتی ہے اور اس میں مورکھہ سے سکھ دکھلائی دیتا ہے جب بیوگ ہوتا ہے تو مرت سے بڑی گتی ہو جاتی ہے ہے منیشر یہ شریر پنجرا اور رودہر مانس کا پنجرا ہے اگنی میں بھسم ہو جائیگا اتھوا پشو پنچھی بھکشن کر جاوینگے اور پران اکاش میں لین ہو جاوینگے اسکارن استری کی اچھا کرنا مورکھتا ہے ہے منیشر یہ استری ناگن ہے جب اس کی پھنکار نکلتی ہے بیراگ کے کنول جلجاتے ہیں۔ جب وہ ڈستی ہے تب بس چڑہتا ہے ہے منیشر جیسے نشاوہ مین کو جال میں پھانسا لگا کر پھنساتا ہے ایسے کامی پرش استری کے جال میں پھنستا ہے اور استری پریت کی ڈوری سے کامی پرش

بند ہا ہے اور استری کے مُکھہ کے چندرماں کو دیکھکر اُس کی گنولنی کھِلجاتی ہے جیسے چندرمکھی کنول چندرماں کو دیکھ کر پرشن ہوتا ہے اور سورج مکھی پرشن نہیں ہوتی جیسے کامی پُرش بھوگ سے پرشن ہوتا ہیں اور گیان وان پرش نہیں ہوتے جو منش استری روپی کھڑگ سے جوبن اوستھا کے سنگرام میں بچا ہے وہ اوتم ہے اور اُس کو میرا نمسکار ہے۔ استری کا سنجوگ پرم دُکھ دائینی ہے اس لئے مجکو اُس کی اچھا نہیں ہے۔ ہے منیشر روگ کے انسار اوشدہی کیجاتی ہے تو روگ نرورت ہو جاتا ہے سو میرے روگ کے انسار مجھے اوشدہی دو میرا روگ بوڑہاپا ہے اور مرتیو ہے اُس کے نرورت ہونے کی اوشدہی دیجئے اور استری آدک بھوگ رس آدک کے بڑہانے والے ہیں۔ جیسے اگنی میں گھرت ڈالنے سے جوالا بڑہجاتی ہے ایسے بھوگ سے جرا مرتیو آدک روگ بڑہتے ہیں اسکارن اس روگ کے نرورت ہونیکی اوشدی کیجئے نہیں تو میں سب کو چھوڑ کر بن کو چلا جاؤں گا۔ ہے منیشر جس کی استری ہوتی ہے اُس کو بھوگ کی اچھا ہوتی ہے جس کی استری نہیں بھوگ کی اچھا نہیں ہوتی جس نے استری کا تیاگ کیا ہے اُس نے سنسار کا تیاگ کیا ہے اور وہی سُکھی ہے سنسار کا بیج استری ہے ۞

سترہواں سرگ جسمیں بردہ اوستھا کی اوگنتائی برنن ہوئی ہے۔

سری رامچندر جی بولے کہ ہے منیشر بردہ اوستھا میں شریر دُربل ہو جاتا ہے اور بدہی بگڑ جاتی ہے اور مرتیو کو پراپت ہوتا ہے ہے منیشر ایسے اگیانی کا جیون برتھا ہے اس سے کچھ پریوجن نہیں نکلتا۔ جیسے ندی کے تٹ کے برکش پورانے پڑجاتے ہیں ایسے بڑہاپے میں شریر کی دُرگتی ہو جاتی ہے جتنے روگ ہیں سب بردہ اوستھا میں آکر اکٹھے ہو جاتے ہیں اور شریر دُربل ہو جاتا ہے اور استری پتر آدک سب تیاگ کر دیتے ہیں جیسے پکے پھل کو برکش جیسے کنول کا پُشپ ہیم پڑنے سے ٹھٹھراجاتا ہے ایسے ہی بردہ اوستھا میں منش کا شریر کبڑا ہو جاتا ہے بال سوئیت ہو جاتے ہیں بل گھٹ جاتا ہے جیسے پُرانے برکش کو گھُن لگ جاتا ہے ہے منیشر یہ بردہ اوستھا مہا دُکھ کا مول ہے بردہ کے کام۔ بل۔ اندری آدک چھین ہو جاتی ہے جیسے پتا کے نردہن ہونے سے پتر دہن ہو جاتا ہے ایسے شریر دُربل ہو کر اندری نربل ہو جاتی ہیں ترشنا کی بردہی ہو جاتی ہے۔ جوبن اوستھا میں جو استری پُتر متر آدک سیوا کرتی تھی وے سب چھوڑ کر ہنستے اور اپمان کرتے ہیں۔ بالک اوستھا کو جوبن اوستھا اور جوبن اوستھا کو بردہ اوستھا

اور ہر وہ کو مرت نگل جاتی ہے۔ ہے مُنیشر جیسے بلی چوہے کے پکڑنے کو تکتی رہتی ہے ایسی مرت
بڑھاپے کی آس دیکھا کرتی ہے۔ ہے مُنیشر یہ اوستھا بڑی دُشٹ ہے بڑے بڑے سور بیروں کو اس
نے دین کر دیا ہے اور بڑھاپے نے جیت لیا ہے اور جو بلوان پربت کو چورن کر ڈالتے تھے اون کو بھی
جرا روپی پشاچنی نے مہا دین کر دیا ہے سو یہ مرت سب کو جیتنے والی ہے ترشنا گھٹتی نہیں بڑھتی جاتی
ہے - ہے مُنیشر جیسے گنگا جی کے تٹ کے برکش جل کے بیگ سے کھوکھلے پڑ جاتے ہیں ایسے آیو کی پرواہ
سے شریر نربل ہو جاتا ہے ہے مُنیشر یہ شریر مرت کا گراس بنا ہوا ہے کہا جائیگا۔

اٹھارہواں سرگ جس میں سنسار جال کے گڈھے میں پڑنے سے مرت اور کال گراس ہونے کا برنن ہے۔

سری رامچندر جی بولے کہ ہے مُنیشر سنسار کے گڈھے میں اگیانی سنکلپ بکلپ کر کے پڑے ہیں
ہو گیان وان ہیں وہ سنسار کو متھیا جانتے ہیں سنسار کے جال میں پھنسا نہیں چاہتے اور گیانی
ست جانکر بھوگ کی اچھا کرتے ہیں جیسے بالک درپن میں اپنے مکھ کا پرتبنب دیکھکر پکڑنے
کی اچھا کرتا ہے تات پرج یہ ہے کہ جو سنسار میں جنم لینا مرت ہونا ہے جیسے پکے انار کو موسا کھاجاتا ہے
ایسے سب پدارتھوں کو کال جگت ایک گولر کا پھل ہے اس میں برہما آدک مچھر ہیں اس کا بن
برہما روپ ہے اس برہم روپ بن میں جتنے بن ہیں سب مرت کے ہو جن ہیں کال سب کو
بھکشن کر جاتا ہے پرنام برہما جی کو بھی کال کہا جائے گا مرت کے ہے کسی کو گیات نہیں
چھن - گھڑی - کال - دن - مہینا - برس آدک ہی کا نام کال ہے کسی پدارتھ کال کا مکھ پرگٹ نہیں
دیکھتا ہے مُنیشر کال بڑا نردے ہے کسی پر دیا نہیں کرتا جتنی برہمانڈ کی رچنا رو کہاں دیتی ہے
سب کال کے مکھ میں ہے برہما - بشنو - شو - کوبیر آدک سب مورتی کال کے ہیں اُن کو بھی
کال انتردھیان کر دیتا ہے ہے مُنیشر جگت کی اُتپتی اور ٹھہرنا اور پرلے سب ہے کے آدھین ہیں
اینک بار جگت کا بھی بھکشن کر گیا ہے اور کرے گا یہ کال کبھی ترپت نہیں ہوتا ہے اسکا ایسا سوبھاؤ ہے
اندر کو دارِدری اور دارِدری کو اندر اور سمیر کو رائی اور رائی کو سمیر بنا دیتا ہے اور اُوہن واکو نردھن اور

نردہن کو دہنوان اور بوند کا سمندر اور سمندر کا بوند کر دیتا ہے۔ جو گیانی پرش ہیں وہ اپنی پریت اُتپتی اور پرلئے کے پدارتھوں سے نہیں کرتے اُن کا کال بھی ناس نہیں کر سکتا جیسے رُنڈوں کی مالا مہادیو جی پہنے ہوئے ہیں ایسے ہی یہ بھی جیووں کی مالا گلے میں ڈالے رہتا ہے کال کے آگے کسی کا بل نہیں چلتا ہے۔ ہے منیشر یہ کال کسی کو نہیں ٹھیرنے دیتا مہا کٹھور ہے اسکا بھئے مجھے رہتا ہے اس سے وہ اوپا بتلاؤ جس سے میں کال سے نربھے ہو جاؤں ؟

انیسواں سرگ کال کی بلوان ہونے کا برنن۔

سری رامچندر جی مہاراج بولے کہ ہے منیشر کال بڑا بلوان ہے یہ سمیرو اسب کو نگلجاتا ہے ہے منیشر اُس کی چنڈ کا شکتی بڑی او دروالی سب کا گراس کر جاتی ہے اور پھر جگت کو پرگھٹ کرتی ہے اور نانا پرکار کے پدارتھ مندر۔ کوپ۔ باولی۔ بالکا آدک رچتی ہے اور انیک پرکار کے جیو پرگھٹ کرتی ہے اور سُندر سُمندر چکر پھر اُس میں اگنی لگا دیتی ہے۔ سُندر کنول اُتپت کر کے اُن پر ہم برساتی ہے بڑے بڑے نگروں کو او جڑ کر کے پھر بساتی ہے پھر ناس کر دیتی ہے کسی کو استھر نہیں رہنے دیتی ایسے ایسے چرتر کر کے پرشن ہو ہو کر برت کرتی ہے۔ ہے منیشر اس پرکار سب پدارتھ کال سے جرجری ہوت ہیں مجکو تو وہ ناسوان بھاستا ہے پھر میں اُسکا آسرا کیسے کروں اسی کارن مجھے اب کسی پدارتھ جگت کی اچھا نہیں ہے۔

بیسواں سرگ کال سے نربھئی ہونے کا اوپائے پوچھا ہے

سری رامچندر جی مہاراج بولے کہ ہے منیشر یہ کال مہا پراکرمی ہے اس کی تیج پرکاش کے سمکھ کوئی نہیں ٹھہر سکتا اس کا کوئی نوارن نہیں کر سکتا سب اس کے بھئے سے کمپائمان ہیں وہ بڑا بھیرو ہے اور اُس کی شکتی مہا کال روپ کالی ہے اُس کا بھیانک روپ ہے جس کا شیش آکاش میں پاؤں پاتال میں دسوں دشا ہاتھ اور سمیر پربت دونو کانوں کے کُنڈل چندرماں سورج اُس کے نیتر اور تارا گن مستک کی بندی ہیں تندا روپی پھانسی اور ترشول سوسل آدک شستر ہاتھ میں ہیں اُن سے جیووں کو مارتی ہے۔ ایسے مہا کالی سب جیووں کو بھکش کرتی ہے اور اُن کی رُنڈ مال کنٹھ میں دھارن کرتی ہے اور یہ کال سب پدارتھوں کا ناس کرتا ہے اس سے یہ بنت روپ ہے اور یہ نام انت روپ ہے

اسی کارن اس کا نام کرم ہے آبھاروپی وھنش دھارن کرکے راگ دویش روپی تیر چلاتا ہے اور جرجری بہوت کرکے ناس کر دیتا ہے۔ ہے منیشر یہ تو سب پدارتھ ناسوان ہے پھراون میں کسکا آسرا کروں کہ جس سے سکھ ہو یہ تو سب جگت استھاور جنگم کال کے مکھ میں ہے اس سے جو نربھے ہو وہ مجھ سے کہو۔

اکیسواں سرگ سنسار کے پدارتھوں کا ناسوان ہونا

سری رامچندر جی مہاراج بولے کہ ہے منیشر جتنے پدارتھ بھاستے ہیں سب ناسوان ہیں میں کسکی اچھا کروں اور کس کا اسرا کروں ان کی اچھا کرنا مورکھتائی ہے۔ جتنی چیشٹا اگیانی کرتا ہے سب دکھ کا نمت ہے اور کوئی پریوجن نہیں کیونکہ بال اوستھا میں موڑھتا رہتی ہے جوبن اوستھا میں بشے بھوگ۔ ماں۔ موہ آدک بکار ہو جاتے ہیں کچھ بچار نہیں کرتا پھر برد ہو کر دین ہو جاتا ہے اور ترشنا دور نہیں ہوتی من استھر نہیں رہتا۔ ہے منیشر یہ آیو مہا چنچل ہے اور کال سمیپ رہتا ہے یہ جتنے بھوگ ہیں سب روگ ہیں جن کو سمپدا جانتے ہیں وہ آپدا ہیں جن استری پتر آدک کو پیارا متر جانتے ہیں سب بندھن کرنیوالے شترو ہیں اور اندری شترو روپ ہیں وسے سب مرگ ترشنا ہے اور یہ شریر بکار روپ ہے من مہا چنچل سدا بھبل رہتا ہے اور آہنکار مہا نیچ ہے جس نے دینتا کو پراپت کیا ہے یہ سب پدارتھ بھلے دیکھتے ہیں پر نام انمیں کچھ سکھ نہیں استھر نہیں رہینگے۔ جیسے سمدر میں نانا پرکار کی ترنگ اٹھتی ہیں اور مٹ جاتی ہیں ایسے ہی سب پدارتھ ناسوان ہیں ہے منیشر جبکہ سمدر اچہس ۔ ویئت۔ دیوتا۔ شیو دور۔ کال۔ اور جتنا جگت ہے سمپورن ناس ہو جاینگے تو ہماری کیا گنتی ہے ہم کس کا آسرا کریں یہ سب جگت بھرم ماتر ہے اگیانی کو اسمیں ممتا ہوتی ہے مجکو نہیں ہے میں جانتا ہوں سنسار میں آہنکار دکھ روپ ہے ہے منیشر یہ پرش آہنکار سے بھٹکتا پھرتا ہے جیسے پتنگ ڈور سے بندھا ہوا چنچلتائی کرتا ہے ایسے یہ جیو پرمارتھ ست روپ سے بھولا ہوا اگیان سے سنسار میں ممتا کرتا ہے جس کو سکھ روپ جانتا ہے وہ روگ روپ بس سے بھرا ہوا سرب جیو کا ناس کرتا ہے سب کال کے مکھ میں پڑے ہوئے ہیں ہے منیشر بنا بچار کے اپنا ناس آپ کرتا ہے کیونکہ اسکا کلیان کرتا ہو وہ جو ست بچار رو پیچھ

کرنے تو کلیان ہو۔ ہے منیشر ترشنا سے آنند اور دہیرج کا ایسے ناس ہوتا ہے جیسے پون سے میگھ کا اسکارن مجھے وہ اوپاؤ بتلاؤ جس سے جگت کا بھرم مٹ جاوے اور ابناشی کے ادہکار کو کو پہونچوں اور دکھہ سکھہ جو جیو کو شریر سے ہونگے وہ اوش ہونگے کداچت نہیں ٹلینگے پربت کی کندرا اتھوا گڈہ میں کیوں نہ چھپ کر بیٹھو پرنتو ہونی اوش ہوگی پھر جتن کرنا موڑہ کہتا ہے ❊

بائیسواں سرگ جگت کے پدارتھوں کا ناسوان ہونا

سری رامچندر جی نے کہا کہ ہے منیشر یہ جو نانا پرکار کے اوتم پدارتھ دکھلائی دیتے ہیں سب ناسوان ہیں ان کی ممتا کرنی موڑہ کہتا ہے یہ سب من کی کلپنا سے رچے ہوئے ہیں اسمیں ممتا کیوں کروں اگیانی جیو کا جیون برتہا ہے کیونکہ جینے سے کوئی پریوجن پورا نہیں ہوتا بال اوستھا اور جوا اور بردہ کے اوگن میں پہلے کہہ چکا ہوں وہ اوگن سدیو بدہی اور بچار کو اچھادت کر لیتے ہیں جیسے پنچھی پھندمیں پھنس جاتا ہے اور آکاس مارگ کو دیکھ بھی نہیں سکتا ایسے ہی کام کرودہ آوک سے ڈہکا جیو بچار مارگ کو نہیں دیکھ سکتا اور مہا دین ہو جاتا ہے اور کال بس ہو کر شریر چھوڑ دیتا ہے۔ ہے منیشر جب لگ بردہ نہیں ہوتا شریر سندر دکھلائی دیتا ہے پھر بردہ ہونے سے دربل ہو جاتا ہے جیسے برکھا رت میں ندی بڑہ جاتی ہے بردہ کی ترشنا بڑہ جاتی ہے ملتا کچھہ نہیں آپ ہی دکھ پاتا ہے ہے منیشر ترشنا کی سمدر میں چت کو راگ دویش مچھہ کبھی اونچے کبھی نیچے ڈالتے ہیں استھر نہیں رہتا ہے منیشر کام برکش ہے ترشنا ساکھا ہیں بستے پشپ ہیں جب جیو کا ہونہار اسپر آبیٹھتا ہے تب بشنے کی آگ سے مرجھا جاتا ہے جو اندریوں کے سمدر میں من کی برتی کی ترنگ اٹھتی ہیں ان سمدر کے پار ہو جانے کو میں سودہیر جانتا ہوں اگیانی جیو جس کارج کے انت میں دکھ ہو اس کا آرمبھہ کرلیتے ہیں اور جس کے انت میں سکھہ ہو اس کا نہیں کرتے اور پھر اپنی کامنا پورن ہونے کی اچھا کرتے ہیں ایسے دکھہ دائی کارج کے آرمبھہ کرنے سے شریر چھوٹنے کے پشچات بھی سکھہ نہیں ہوتا اور کامنا پورن نہیں ہوتی اور اناتم پدارتھ کی ترشنا کرتے ہیں ان کے من کو شانتی کیسے ہو ہے منیشر ترشنا کی ندی کا پرواہ بہت بڑا ہے اس کے تٹ پر بیراگ۔ سنتوش دو برکش ہیں ان کا اس ترشنا کے پرواہ سے ناس ہو جاتا ہے۔ ہے منیشر ترشنا بڑی چنچل ہے کسی کو ٹہیرنے نہیں دیتی اور موہ کا ایک برکش ہے

اور اُن کے چاروں اور استری روپی بیل لپٹی ہوئی ہے اُس پر چت کا بھونرا آ کر بیٹھتا ہے اور اُس پر ہی ناس ہو جاتا ہے۔ جیسے مور کی پوچھ ہلتی رہتی ہے ایسے اگیانی کا چت چلائمان رہتا ہے وہ منش پشو کے تُل ہے۔ جیسے پشو دن میں چگتے پھرتے ہیں راتری کو کھونٹے سے باندھے جاتے ہیں ایسے اگیانی منش دن بھر بیوہار میں پھرتے ہیں راتری کو گھر میں آ جاتے ہیں پرمارتھ کی سدھ ہی کچھ نہیں ہوتی آیو کو برتھا گنواتے ہیں۔

ہے منیشر جیسے پربت پتھروں سے۔ پرتھوی مرتکا سے۔ برکش کاشٹ سے سمندر جل سے پورن دکھائی دیتے ہیں ایسے شریر استھی اور ماس سے پورن دکھلائی دیتا ہے سب پدارتھ پانچ تتو سے پورن اور ناسوان ہیں گیانی اُس کی اچھا نہیں کرتا یہ سب جگت دیکھتے دیکھتے ناس ہو جاتا ہے اس میں کس کا آسرا کر کے سکھ پاؤں۔ جب جگ کی چوکری بتیت ہونے پر پرماتما کا دن ہوتا ہے اُس دن کے پورن ہونے پر سب جگت کی پرلے ہے اور پرماتما بھی کال سے ناس ہو جاتا ہے انیک برہما ہوئے جن کی سنکھیا نہیں ہو سکتی پھر ہماری کیا گنتی ہے۔ جیسے مرگ جل پینے کو دوڑتا ہے اور جل کے پلٹے ریت دیکھتا ہے ایسے ہی مورکھ جگت پدارتھوں کو ست جان کر ترشنا کرتا ہے اور جب تک شریر کا ناس نہیں ہوتا استری پُتر دکھلائی دیتے ہیں جب پران نکل گئے کچھ درشٹ نہیں پڑتا۔ جیسے تیل اور بتی سے دیپک پرجوالت ہوتا ہے اور پرکاش دکھلائی دیتا ہے جب بجھ جاتا ہے کچھ نہیں دیکھتا اور جانا نہیں جاتا کہاں گیا۔ ہے منیشر یہ باندھوؤں کا ملاپ ایسے ہے جیسے تیرتھ جاترا کا سنگ چھن ماتر اکٹھا ہو جاتا ہے ایسے سنگ کے پُرشوں سے پریت اور سنیہہ کرنا مورکھتائی ہے ہے منیشر اہنکار اور ممتا کی رسی میں ہرٹ کی گھڑیوں کی نیائیں سب جیو بندھے ہوئے پھرتے ہیں کداچت استھر نہیں دیکھنے میں تو چیتن دکھلائی دیتے ہیں پرنتو پشو پنچھی اُن سے بھلے ہیں جن کی سمتی اندری اور دیہ کے ساتھ بندھی ہوئی ہیں اُن کو آتم پد ملنا دُرلبھ ہے جیسے پون سے برکش کے پتے ٹوٹ کر اُڑ جاتے ہیں پھر اُن کا برکش میں لگنا دُرلبھ ہے ایسے ہی جو دیہ موہ سے بندھی ہوئی ہیں اُن کو آتم پد کا پانا دُرلبھ ہے ہے منیشر جب آتم پد سے بکھ ہوتا ہے جب جگت کے بھرم دیکھتا ہے اور جب آتم پد پاتا ہے تو جگت سنسار اُسکو اچھا نہیں لگتا جگت کے سب پدارتھ ناسوان ہیں اسلئے مجھے وہ پدارتھ بتلاؤ جسکا کبھی ناس نہو۔

تیئسواں سرگ جس میں جگت کا ناسواں ہونا کہا ہے

سری رامچندر جی بولے کہ ہے منیشر یہ جگت استھاور جنگم ایک سا نہیں رہتا ہرٹ کی گھڑیوں کی ٹل اولٹتا رہتا ہے استھر نہیں رہتا کبھی کھائی پانی سے بھر جاتی ہے کبھی سمندر جل سے ریتی ہوجاتے ہیں کبھی پاتال آکاس وت سونیہ ہوجاتے ہیں ایسے سب ناس روپ ہیں بتلاؤ میں کس کا آسرا کروں یہ جگت کبھی پرش او استری پرش ہوجاتا ہے اور کبھی منش پشو اور پشو منش اسی پرکار نٹ کے سمان سوانگ بھرتا رہتا ہے انت کو سب پدارتھ اگنی میں لئے ہوجاینگے ہے منیشر ایسے پدارتھوں کا آسرا نہ بچار کے میں کیسے کروں اور کس کی اچھا کروں سورج چندرماں سومیر پربت اور سب لوگ اور برہما بشنو رودر بھی ناسواں ہیں پھر ہم کس گنتی میں رہے۔ ہے منیشر گیانیوں کو سب پدارتھ پھیکے دیکھتے ہیں وہ کسی پدارتھ کی اچھیا نہیں کرتے اور اپنے آیو کو بجلی کا سا چمتکار جانتے ہیں اور جس کو اپنی آیو کی گیات ہوتی ہے اتھوا مرت کو نکٹ سمجھتا ہے وہ کسی پدارتھ کی اچھیا نہیں کرتا جیسے کوئی منش چاہے کہ مچھلی پیٹھ پر چڑھ کر سمندر کو پار جاؤں گا مورکھتائی ہے انت کو ڈوب ہی مریگا ایسے ہی جس منش نے ان پدارتھوں کا آسرا لیا ہے وہ ناس ہوگا ہے منیشر جو پرش اس جگت کو بچارتا رہتا ہے اُس کو یہ جگت پیارا دکھتا ہے اور نانا پرکار کے کارج کرتا ہے اور بھٹکتا ہے جب پدارتھ کی اچھیا کرتا ہے وہ سب کال کا بھوجن ہے جس کو آتم بچار کی پراپتی ہے اس کو جگت بھرم روپ بھاستا ہے جیسے مٹھان میں بس ملا ہوا کھانے سے ناس ہوتا ہے۔

چوبیسواں سرگ سنسار کی نندیا میں

سری رامچندر جی مہاراج بولے کہ ہے منیشر اس سنسار میں بھوگ روپی اگنی لگی ہے اُس سے سب جلتے ہیں اور جیسے ہوا سے میگھ کا ناس ہوجاتا ہے ایسے کو کرم سے گنوں کا ناس ہوجاتا ہے جگت سب ناس روپ ہے باسنا کا جل اندریوں کے گڑھے میں بھرا ہوا ہے باسنا کی سوفت میں جیو کے موتی پروئے ہوئے ہیں من کانٹ چیتن روپی آتما کے گلے میں ڈالتا ہے جب باسنا کا تاگا ٹوٹ پڑے گا تب موتی نیارے نیارے ہوجاینگے یہ بھرم مٹ جائے گا ۞ ہے منیشر اس جیو کو بھوگ

کی اچھیا بندہن کا کارن ہے اس لئے مجکو راج کی اچھا ہے نہ گہرست کی نہ بن کی سوت کا دکھ نہ جینے کا سکھہ آتما کے جاننے سے سکھہ ہوتا ہے اور کسی پدارتھ میں سکھہ نہیں سو وہ اوپاء کہو جس سے موہ کا ناس ہو اور سکھہ ملے ۔ ہے منیشر میں نے آہنکار کو چھوڑ دیا ہے بشئے کے اسپرش سے ناس ہوتا ہے سرپ کا ڈسا ہوا ایک ہی بار مر جاتا ہے بشئے کا ڈسا ہوا انیک جنم پرینت مرتا رہتا ہے اس لئے بشئے بہوگ پرم دکھ کا کارن ہے ۔ ہے منیشر آرے سے انگ کا چیرنا اور بجر سے شریر کا چھیدن کرنا سہلوں گا پرنتو بشئے کا بہوگ مجھ سے سہا نہیں جاتا یہہ مجکو دکھدائی دیکھتا ہے اس لئے وہ اوپائے تبلاؤ جس سے میرے ہردے سے اگیان کا تم دور ہو اور جو تم نہیں کہو گے تو میں وہیرج کی سلاا اپنے ہردے پر وہر کر بیٹھا رہونگا بہوگ کی اچھا نکروں گا ۔

پچیسواں ۲۵ سرگ سنسار کے اوگن کا برنن ۔

سری رامچندر جی نے کہا کہ ہے منیشر سنسار کے گڈہے اور موہ کی کیچڑ میں مورکھ گر جاتا ہے اور دکھہ پاتا ہے جب بردھ ہوتا ہے پورانے برکش کی سمان انگ ہلنے لگتا ہے اور ترشنا بڑہ جاتی ہے جیسے نیب کا برکش پرانا ہوکر ادہک کڑوا ہو جاتا ہے جس منش نے اپنے سکھہ کے نمت اندری آدک کا آسرا لیا ہے وہ مورکھہ سنسار کے اندہ کوپ میں گر کر نکل نہیں سکتا اگیانی کا چت بہوگ کو کدا چت نہیں تیاگتا ہے ہے منیشر جگت کے پدارتھوں سے میری بدہی ملین ہوگئی ہے سنسار اور سنسار کے کرم موہ روپ ہیں جو اس میں پہنسے ہوئے ہیں وہ شانتی نہیں پاتے اور جنک آدک شانت وان کنول کی سمان نرلیپ رہتے ہیں ان کی برتی کو کرپا کرکے کہو اور آپ سے سنت جن جو بشئے بہوگ دکھلائی دیتے ہو اور جگت کی چیشٹا کرتے ہو پہر نرلیپ کیسے رہتے ہو یہہ جگتی مجھہ سے کہو ہے منیشر وہ بہی اوپاء تبلاؤ جس سے بدہی نرمل ہو ہے منیشر جیسے میگھہ سے چندرما چھپ جاتا ہے ایسے بدہی کے ملین ہونے سے اپنے سروپ سے ڈہکا ہوا ہوں سو وہ اوپاؤ تبلاؤ کہ آتما کا آنند مجکو پراپت ہو اب مجکو گہرست میں رہنے کی اچھا نہیں اور بن میں بھی جانے کی اچھا نہیں ہے مجھے تو اسی پد کی اچھا ہے جس کے ملنے سے انتش کرن شانت ہو جاوے ۔

چھبیسواں ۲۶ سرگ آیو کے چھن بھنگ ہونے کا برتانت

سری رامچندر جی مہاراج بولے کہ ہے منیشر جو پرش جینے کی اچھا کرتے ہیں مور کہہ ہیں آیو جو چھن بھنگ ہے یہہ تو کال کا گراس ہے جیسے بلی چوہے کو پکڑ لیتی ہے ایسے سب کو کال پکڑ لیتا ہے اور کسی کو دکھائی نہیں دیتا ہے منیشر جب اگیان کا بادل گرجتا ہے دکھہ روپی مور پرسن ہوکر نرت کرتا ہے اور جب اگیان کا میگھ برستا ہے دکھہ کے کانٹوں کی منجری بڑھنے لگتی ہے اور لوبھ کی بجلی چھن چھن میں چمک چمک کر مٹ جاتی ہے اور ترشنا کے جال میں جیو کا پنچھی پھنسکر دکھہ پاتا ہے ہے منیشر جگت کے روگ دور کرنے کو گیان اوشدہی ہے جس سے بھرم کا روگ نرورت ہو جاتا ہے یہ جگت مور کہہ کو سندر دکھلائی دیتا ہے گیانی کو کوئی پدارتھ اچھا نہیں لگتا پنچھے بھرم روپ دکھلائی دیتا ہے ہے منیشر چندرماں میں جیسے کلنک ہے اور نرمل دکھلائی دیتا ہے ایسے میرے چت میں کلنک لگا ہے اُس سے اوجل دکھلائی نہیں دیتا اسلئے وہی اوپاؤ کہو جس سے کلنک نرورت ہو ہے منیشر یہہ چت پارہ کے تل استھر نہیں رہتا سنسار میں جو بھوگ کے سرپ جیو ڈن کو ڈستے ہیں اُن سے بچنے کا اوپاؤ کہو اور سب کریا راگ دویش سے تلی ہوئی ہے جب تک مجھے راگ دویش سے دور ہونے کی جگتی پراپت نہ ہوگی میں بھوجن اور جل پان اشنان آدک کریا اور کارج آپدا کا نکروں گا اور اہنکار کو چھوڑ دونگا نہ یہہ میری دیہہ ہے نہ میں دیہہ ہوں سب تیاگ کر بیٹھ رہوں گا جڑ روپ مورتی کاغذ کے وت آپ ہی شانتی جو آتے ہیں اور جاتے ہیں چھین ہو جائینگی جیسے بنا تیل دیپک بجھہ جاتا ہے تب شانتی پاوں گا بالمیک جی بولے کہ ہے بھاردواج یہہ کہکر سری رام چندر جی مہاراج موں ہو رہے ہے

ستائیسواں سرگ رام چندر جی کے بچنوں کو سب سبھا کے سادہ سادھو کہنا برنن ہے

بالمیک جی بولے کہ ہے بھاردواج ایسے رگھو بنسی کے بچن سنکر سبھا موں ہو گئی اور جتنے بیٹھے

تھے بسشٹ بامدیو بسوامتر آدک بہرم کے سمدر میں ڈوب گئے اور دیوتا سدھ گندھرب آکاش سے پشپوں کی برکھا کرنے لگے اُس سمے بڑا آنند ہوا اور دیوتا بولے کہ ہے رگھوبنسی تم دھن ہو ایسے بچن ہمنے کبھی نہیں سنے تھے ہمارا دیوتائی ابھمان جاتا رہا اور ہماری بدھی تمہارے بچنوں پرانند دینے والے سے پورن ہوگئی۔

اٹھائیسواں سرگ رامچندر جی کی سب رکھیشروں کا استتی اور سوبھا برنن کرنا۔

بالمیک جی بولے کہ ہے بہاردواج دیوتا کہنے لگے کہ رگھوبنس پوجنے کے جوگ ہے اب منیشر کے مکھ سے اُتر سننا اوچت ہے اور بیاس۔ نارد۔ پولست اور سب سادھو منیشر سبھا میں استھت ہوئے اور بسشٹ۔ بسوامتر آدک پوجن کرنے لگے پرتھم راجا دسرتھ نے پھر تیہا یوگ سب نے پوجن کیا اور سب یتھا یوگ آسنوں پر بیٹھے۔ اُسی سمیں نارد جی سندر بنیا ہاتھ میں لئے ہوئے اور بیاس جی ور باسار بامدیو۔ پولست۔ برہسپت جی کا بیٹا انگرا۔ بھرگو۔ اور منّ اور برہم رشی۔ دیو رشی دیوتا منیشر آدک آکر سبھا میں بیٹھ کر کہنے لگے کہ ہے رامچندر جی تمکو دھن ہے اور نارد جی بولے کہ ہے مہاراج تم نے بڑے بیراگ اور ببیک کے بچن کہے کہ جو سب کو پریہ لگے اور کلیان کرتا اور پرم بودھ کے کارن ہیں تم بڑے بدھیوان اور مہاتما دکھلائی دیتے ہو اور مہا تیاگ کا ارتھ تم سے پرگھٹ ہوتا ہے ایسے اُجل پاتر سادھو کوئی کوئی ہوتے ہیں اور جتنے منش ہیں سب پشو کی تل دیکھتے ہیں جسکو سنسار سمدر سے پار ہونے کی اچھا ہے اور جو پرشارتھ میں جتن کرتے ہیں وہی منش ہیں برکش بہت ہیں پر تو چندن کا برکش کوئی ہوتا ہے۔ منش پرشارتھ کے جتن کرنے والے کوئی ہوتے ہیں۔ جیسے تیل کی بوند جل میں ڈالنے سے پھیل جاتی ہے ایسی ہی تمہارے بچن ہمارے ہردے میں بہت دکھلائی دیتے ہیں تمہاری بدھی آتم دیپک کی سمان پرکاشواں اور بودھ کا پرم پاتر ہے اور تم کو شیگھر ہی کہنے ماتر ہی گیان ہوگا ٭

سماپت ہوا بیراگ پرکرن

دوسرا ممو کشو پرکرن

یوگ بسشٹ ہردیو کرت بھاشا کا جس میں اٹھارہ سرگ ہیں

پہلا سرگ

راجا جنک اور سکھدیو جی کا سمبادا اور پرم پد پانا سکھدیو جی کا بالمیک جی نے بہار دواج سے برنن کیا ہے

بالمیک جی بولے ہے سادہو یہہ بچن پرمانند روپ کلیان کرتا ہیں جب انیک جنموں کے پن اور اُتم سنسکار ادوے ہوتے ہیں تب ایسے بچنوں میں پریت ہوتی ہے جیسے کلپ برکش کا پھل بڑے پن سے ملتا ہے یہہ بچن پرم بودھ کا کارن ہے بیراگ پرکرن کے ایک سہنسر پانچسو اشلوک ہیں جب نارو جی نے رامچندر جی مہاراج کو دھن باد کھا تب بسوامتر بولے کہ ہے رامچندر جی جتنا جاننے کے جوگ تہا تمنے جانا نشیش اب سے نہیں ہے کیول اسمیں بسرام کے نمت کچھہ منجن کرنا اُچت ہے جیسے میلے درپن کو اب سے لئے کچھہ اُپدیش کرنا جوگ ہے تمہارے ہی سمان بیاس جی کے پُتر سکھدیو جی بڑے بُدھیوان ہوئے اُنھوں نے بھی جو پد جاننے جوگ تہا سو جانا ہے پرنتو بسرام کے لئے اُن کو بھی اپدیش کرنا پڑا کہ بسرام پاکر شانتی وان ہوئے رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگوان سکھدیو جی کیسے گیان وان تھے اور کیسے بسرام پایا مجھی برنن کیجئے

بسومتر جی بولے ایک سمے بیاس جی سُورن کے سنگھیاسن پر راجا دسرتھ کے یہاں بیٹھے تھے اور
سکھدیو جی اُن کے پُتر شاستر کے جاننے والے اور ست است کے پہچاننے والے جب شانت
اور پرمانند روپ آتما میں بسرام نہ پایا جب انکو بکلپ اٹھا کہ جو کچھہ میں نے جانا ہے وہ نہ ہوگا کیونکہ
مجکو آنند نہیں ہوا سنا سو اس سندیہہ میں بیاس جی کے نکٹ آکر کہنے لگے کہ ہے بھگوان یہہ سنسار
سب بھرم آتمک کہاں سے ہوا ہے یہہ کیونکر دور ہوگا پہلے جس پرکار اس کی نرورتی ہوئی ہو وہ بھی
کہو بیاس جی نے اپدیش کیا تو سکھدیو جی پھر بولے کہ ہے بھگوان میرے من کو شانتی نہیں ہوتی جب
بیاس جی بچار کرنے لگے کہ اس کو میرے بچنوں سے شانتی نہ ہوگی کیونکہ پتا کے سنبندھ سے پُتر کو بسواس
نہیں ہوتا اور کہا کہ ہے پُتر میں سب تتوں کا جاننے والا نہیں ہوں تم راجا جنک کے سمیپ جاؤ وہ سب
تتوں کے جاننے والے شانت آتما تمہارا موہ نرورت کریں گے یہہ آگیا پتا کی لیکر سکھدیو جی
متھلا نگری میں پہونچے اور راجا جنک کے دوارے پر کھڑے ہوئے ڈیوڑھی بانوں نے جنک سے
جاکر کہا کہ بیاس جی کے پُتر سکھدیو کھڑے ہیں راجا نے پگیا سو جانکر کہا کہ کھڑے رہیں سکھدیو جی
کھڑے رہے اور سات دن بیتت ہو گئے پھر راجا نے پوچھا کہ سکھدیو جی کھڑے ہیں دوارپال نے
کہا کھڑے ہیں راجا نے آگے آنے کی آگیا دی دوسری ڈیوڑھی پر آکر پھر سات دن تک نرانتر کھڑے رہے
پھر راجا نے مندر میں بولا لیا اور نانا پرکار کی سُشرو کھا کری اور مندر میں سُندر استریوں کے سمیپ لے جا
کی آگیا انسار سات دن تک کھڑے رہے راجا نے جب سکھدیو جی کی آدر نرادر شُشرو کھا اور بھلے
بُرے پدارتھوں میں سمان درشٹی دیکھی تب اپنے نکٹ بولایا اور پرنام کرکے آدر سہت اپنے سمیپ بٹھلا کر
پوچھا کہ ہے منیشر تم یہاں کس پریوجن سے آئے ہو تمکو کس بستو کی اچھا ہے کہ اس کا اوپاؤ کیا جائے سکھدیو
جی بولے کہ ہے گورو یہ سنسار کی رچنا کیونکر ہوئی اور کیونکر اس کا ناس ہوگا راجا جنک نے بدہی
پوربک اپدیش ویسا ہی کیا جیسا بیاس جی نے کیا تھا سکھدیو جی بولے کہ ہے بھگوان یہ تو میرے
پتا نے بھی کہا اور جتین شاستر دوارا بھی جانتا ہوں پر بسرام پراپت نہیں ہوتا جنک بولے کہ جو تمنے
کہا اور جو تم جانتے ہو اس سے اینہ اور کچھہ نہیں ہے یہہ سنسار چت کے سپندن سے ہوا ہے
جب چت کا سپندن دور ہو تب بھرم دور ہو اور آتم تتو نت پا شُدھ پرمانند سروپ کیول چیتن
ہے جب ایک چت ہو کر اُس کا بھلی پرکار ابھیاس کروگے تب تم بسرام پاؤگے تم تو مکتی سروپ ہو

تمہارا چتین بچار آتما کی اور ہے سنسار کی اور نہیں تم بڑے اودار آتما ہوا ہے منیشر تم مجکو بیاس جی سے اودھک سمجھکر میرے سمیپ آئے ہو پر تم مجھہ سے بھی اودھک ہو کیونکہ ہماری چیشٹا باہر سے دکھلائی دیتی ہے تمہاری چیشٹا باہر سے بھی کچھہ نہیں راجا جنک کے بچن سُن کر سکھدیو جی نے اسنگ اور نس اچھا اور نربھے ہو کر پربت کی گوپھا میں جاکر نربکلپک سماد ہی سہشر برس تک لگادی اور استھر اور سدہی بہوت ہوگئے اور کلپنا روپ کلنک کو تیاگ کر برہمہ پد کو پراپت ہوئے ؛

دوسرا سرگ بسوامتر جی کا بسشٹ جی سے برہما جی کا اپدیش سری رامچندر جی سے برنن کرنے کو کہنا۔

بسوامتر جی بولے ہے راجا دسرتھ جیسے سکھدیو جی شدھ بدہی والے تھے رامچندر جی بھی ہیں آپ کچھ ان کے بسرام کے نمت اوپاے کیجئے جو سکھدیو جی کے تل شانتی ہو رامچندر جی کو بھوگ کی اچھا نہیں رہی جو سب کو دین کر دیتی ہے اسی کا نام بندھن ہے اور بھوگ کی باسنا نرورت ہونے کا نام مکتی ہے جب تک آتما نند پراپت نہیں ہوتا تب تک بشے کی باسنا دور نہیں ہوتی گیانی کسی بھی کی اچھا سے تیاگ نہیں کرتے ان کے سوبھاؤ سے ہی باسنا دور ہو جاتی ہے سو رامچندر جی کو کسی بھوگ کی اچھا نہیں رہی ویسے بسشٹ جی کی اُپدیش سے شانت ہوں گے کہ وہ رگھوکل تلے گورو ہیں سرگیہ شاکشی روپ بہوت ۔ بھوشت بر تمان کے جاننے والے گیان کے سورج ہیں بسوامتر جی نے بسشٹ جی سے کہا کہ جب ہمارا تمہارا بیر بھاؤ ہوا تھا جب برہما جی نے مندراچل پربت پر ہمارے تمہارے بیر دور ہونے اور جیوؤں کی بھلائی کیلئے اُپدیش کیا تہا وہی اُپدیش رامچندر جی کو کرو یہہ نرمل گیان کے پاتر ہیں اور گیان اور نرمل جگتی اور درشٹانت شدہ پاتر میں ہی ارپن کرنا جوگ ہے کپاتر کو اپدیش اچھا نہیں لگتا جیسے گئو کا شیر اپوتر چرم کے پاتر میں ڈالنے سے اپوتر ہو جاتا ہے بالمیک جی بولے ایسے بچن بسوامتر جی کے شروَن کرکے نارو جی و بیاس جی آدنے سادہ سادہ کہا اور بسشٹ جی نے کہا کہ ہے منیشر آپ کی آگیا انوسار راجا دسرتھ کے پتروں کے اگیان کا تم گیان ہکے سورج سے دور کر دونگا جس سے رامچندر جی بشنو سہنر پد کو پراپت ہوں گے جو کچھہ برہما جی

ے اُپدیش کیا تھا وہ مجھکو یاد ہے، اُپدیش کروں گا۔

سرا سرگ اپنک سرشٹیوں کا ہونا اور بیاس جی کے اوتار اور نراچھا ہونا رسدیہہ مکت ہونا اُن کا اور سدیہہ پرمان میں استھت ہونا برنن ہے

ٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی برہما جی نے جو مجھکو جیووں کے ہت اُپدیش کیا ہے وہ کہوں گا سری ندر جی بولے کہ ہے مہاراج پرتھم یہہ کہو کہ سکھدیو جی تو بدیہہ مکت ہو گئے بھگوان بیاس جی سربگیہ ہ وہ بدیہہ مکت کیوں نہ ہوئے بششٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی جیسے سورج کی کرن کیساتھ ت کنکے ہوتے ہیں اور درشٹ نہیں پڑتے ایسے ہی انگنت کنکے ترلوکی کے پرم سورج کے ن میں اُپتت ہو کر مٹ جاتے ہیں انگنت ترلوکی برہم سمدر میں ہے سری رامچندر جی نے کہ ہے بھگوان جو پہلے ہو گئے ہیں اور آگے کو ہوں گے انکا پرمان کتنا ہے برتمان کو تو میں جانتا بششٹ جی نے کہا کہ ہے رامچندر جی انگنت کوٹی ترلوکی کے گن اُپتت ہوئے ہیں اور مٹ گئے ور آگے کو کتنے ہی ہوں گے ان کی کچھ گنتی نہیں ایک ایک جیو کی اپنی اپنی نیاری سرشٹی ہے جیو شریر دھارتا ہے تب ہی اس کو سرشٹی بھاشتی ہے اور وہ ہی جاگرت ست ہو کر دکھائی دیتی ہے جب پھر شریر چھوڑتا ہے تب ہی پنچ ہونک سرشٹی کا ابھاؤ ہو جاتا ہے دوسری سرشٹی دیتی ہے جب ایک جیو کی سرشٹی کا پرمان کچھ نہیں تو برہما کی اپتت کی ہوئی سرشٹی کا پرمان ہو جیسے سپنے میں نانا پرکار کے پدارتھ دیکھتے ہیں ایسی ہی جیو کو بھرم سے یہ لوک اور پرلوک ہے مول کچھ بھی نہیں ایک ادویت پرماتما تو اپنے آپ میں ہی استھت ہے اس میں ت بھاؤ کا اودیا کے کارن بھاستا ہے۔ ہے رامچندر جی بیاس جی کو میں نے بتیس روپ سے ہے ان میں دس تو ایک روپ ایک برتی ایک کریا سمان روپ ہیں اور بارہ کریا اور چیشٹا ے نیارے دیکھے ہیں اور آگے آٹھ بار ہوں گے پھر مہابھارت کرینگے پھر نویں بار برہما ہو کر ت ہونگے اور میں اور بالمیک اور بھرگو اور برہسپت جی کا پتا انگرا آدک اور بھی مکت ہوں گے مچندر جی ایک تو سمان ہوتے ہیں اور ایک بلکش ہوتے ہیں اور منش دیوتا آدک جیو کی بار سمان

ہوتے ہیں اور کئی بار نیارے نیارے ہوتے ہیں کتنے ہی کریا سہت ہوتے ہیں اور کتنے ہی سنکلپ سے اُڑتے ہیں آواگون جیوں۔ مرن سپن کی نیائیں۔ کئی پرکار دکھلائی دیتا ہے مول کوئی آتا ہے نہ جاتا ہے نہ مرتا ہے یہ اگیان کا بھرم ہے بچار کرنے سے کچھ نہیں بھاستا ہے رامچندر جی جو پُرش آتم ستیا میں جاگا ہوا ہے اُس کو او دیئت بھرم روپ سنسار نہیں بھاستا وہ آتم درشٹی سدیو پرم آنند روپ اپنی اچھا سے پوتر ہے جیسے جیوں کمُت کو کوئی جلا نہیں سکتا ایسے ہی مہاپرش جی کو سدیہ مُکت اور بدیہہ مُکت کی اچھا نہیں سدا او دیئت روپ ہیں ہے رامچندر جی جیون مُکت کو سدیو آتما پورن بھاستا ہے اور اپنا ہی سروپ سار شانتی روپ امرت سے پورن اور نربان میں استھت ہے ؛

چوتھا سرگ جس میں پرشارتھ کو مکھ برنن کیا ہے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیون مُکت اور بدیہہ مُکت میں کچھ بھید نہیں ہے ان دونوں کا انبھو تمکو پرگھٹ نہیں دیکھتا ہے ان میں اگیانی کو بھید بھاستا دیکھتا ہے گیانی کو کچھ بھید نہیں بھاستا جیسے پون چلتی ہے تو بھی اُس کا روپ پون ہے اور جو جل ہے تو بھی جل ہے اور ترنگ جو دیکھتی ہے وہ بھی جل ہی ہے۔ جب پون چلتی ہے تو اگیانی کہتے ہیں کہ پون ہے جب نہیں چلتی تو کہتے ہیں پون بند ہے ایسے ہی گیانی جیون مُکت اور بدیہہ مُکت میں کچھ بھید نہیں مانتے۔ جب جیو کو اسکا شریر دیکھتا ہے جیون مُکت کہتے ہیں جب شریر نہیں رہتا تب بدیہہ مُکت کہتے ہیں گیانی کو دونوں سمان ہیں اب ہے رامچندر جی تم پرکرتی پر سنگ کو سنو جو پراپت ہوتا ہے اپنے پرشارتھ سے ملتا ہے بِنا اپنے پرشارتھ اور پراشرم کے نہیں ملتا اور جو بہت یہ کہتے ہیں کہ دیو جو کرے گا سو ہوگا یہ مورکھ ہونگی جیسے چندرمان کو شیتلتائی اپنے پرشارتھ سے ہوئی ہے جو کسی بستو کے ملنے کی اچھا سے کوئی پرشارتھ کرے تو اوش ملتی ہے ہے رامچندر جی سنت جن اور ست شاستر کے اپدیش کی انوسار بچارنا پرشارتھ پر جتن ہے اس کے بپریت کرنے کو اونمت چیشٹا کہتے ہیں دیکھو پرشارتھ پر جتن کرکے درگ میں اندرادیکار کو پراپت ہوا ہے ایسی ہی سبھ ہے رامچندر جی آتم تتو میں جو جیتن ہم پیدا ہیں وہ پرشارتھ سے بشنو ہوکر پھرتے ہیں برہما کو اپنے پرشارتھ سے برہمت پدوی ملی ہے بشنو اپنے پرشارتھ سے بشنو پد

کو پراپت ہیں اور رو ور ردو دتائی کو اپنے ہی پرشارتھ سے سو جو کچھ ملتا ہے اپنے پرسارتھ سے ملتا ہے چاہے تو سُمیر پربت کا بھی اپنے ہی پرشارتھ سے چورن کرسکتا ہے پہلے دن کے پاپ کرم کئے ہوئے دوسرے دن کئے سو کرم سے دور ہو جاتے ہیں پرشارتھ سے پرتھوی کے ٹوک ٹوک کرسکتا ہے ۞

پانچواں سرگ جسمیں پُرشارتھ کو مکھ برنن کیا ہے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جو کسی بستو کو چت چاہے اور پرشارتھ نہ کرے تو کداچت نہیں ملتی پرشارتھ دو پرکار کے ہیں ایک شاستر کے انسار دوسرا شاستر کے بپریت جو شاستر کے انسار ہے اپنی اچھا پورن کرلے گا جو بپریت ہے اُس سے اچھا پورن نہیں کرسکتا دیئو کوئی نہیں ہے او سی کا کیا ہوا اُسی کو ملتا ہے پرنتو جو کرم پربل ہوتا ہے اُسی کے انسار چلتا ہے جسکے پوربلے جنم کے سنسکار پربل ہوتے ہیں اُس کی جے ہوتی ہے جیسے ایک پُرش کے دو پُتر ہیں اور دونوں کو ایک دہ کراتا ہے تو دونوں میں جو بلوان ہوتا ہے وہ ہی نبجے پاتا ہے اور دونو پتر اُسی ایک کے کہلاتے ہیں ہے رامچندر جی جو ست شاستر کو بھی بچارتے ہیں اور پھر بھی بودھ نہیں ہوتا تو یہ پورب سنسکار کی پربلتائی ہے پُرش کو چاہیے کہ جتن کا تیاگ نہ کرے کیونکہ پورب سنسکار بھی ست سنگ اور ست شاستر کے پورے ابھیاس سے نرورت ہو جاتے ہیں اب پُرشارتھ اور اُس کے پریوجن کو سنو کہ ست شاستر اور برہم بدیا کے انسار جتن کرنا تو پرشارتھ ہے اور اُس پرشارتھ سے جو ملتا ہے وہ آتما ہے جس سے سنسار سمدر کو تر جاتا ہے جو کچھ ہے پرشارتھ ہے دیئو کوئی نہیں ہے اور جو اپنے پرشارتھ شاستر یکت کو تیاگ کر کہتا ہے کہ جو کرے گا دیئو کرے گا وہ مورکھ ہے ایسے کا ست سنگ کداچت نکرے منش کو اُچت ہے کہ اپنے برن آشرم میں ستشبھ آچار شاستر انسار کرے اور کُکرموں کو تیاگ دے اور سنت مہاتماؤں کا ست سنگ کرے اور شاستر کو بچارے اور اپنے اوگنوں اور دوشوں کو بچار کر گن اور دوش کو جانے سنتوش ۔ دھیرج ۔ بیراگ ۔ بچار ۔ ابھیاس آدک گنوں کو تو بڑھاوے اور دوشوں کو تیاگی اور گھٹاوے جب ایسے پرشارتھ کو پردھان کرے گا تب پرماننَد روپ آتم تتو کو پاوے گا ہے رامچندر جی اشری ۔ پُتر بند ہو دہمن سمپت آنکھ سب کے موہ

سمندر میں ڈوبنا اُچت نہیں ہے اُنسے نرالا رہنا جوگ ہے اس سنسار کے پنجے سے کیسری سنگھ کی نیائیں اپنے پرشارتھ کے بل کر کے نکلجانا چاہیئے ہے رامچندر جی جس کو جو ملا ہے پرشارتھ سے ہی ملا ہے جیسے کوئی بستو گھر میں رکھی ہوئی بنا دیپک کے پرکاش کے نہیں پہچانی جاتی ایسے بنا پرشارتھ کے آتم پد نہیں ملتا جو ایسا سمجھتا ہے کہ ہمارا پرشارتھ اکارتھ ہے جو دیو چاہے گا وہی ہو گا وہ پرشارتھ ہے اور یہہ بچار اُس کا دُکھدائی ہے جیسے پتھر سے تیل نہیں نکلتا ایسے اسکا کلیان دیو سے نہ ہوگا اسکارن ہے رامچندر جی تم دیو کا آسرا بھروسا تیاگ کر اپنے پرشارتھ کا بھروسا کرو جس نے اپنا پرشارتھ تیاگ دیا ہے اُس کو لکشمی چھوڑ جاتی ہے اور پرشارتھ یہہ ہے کہ ست کا سنگ اور ست اور شاستر برہم بدیا کا بچار کر کے اُس کے انسار جتن کرے شاستر کے انسار کارج کرنے والے اس لوک اور پرلوک میں سکھ کے بھاگی ہیں چاہیئے کہ سنتوں کے سنگ اور ست شاستر کے ارتھ اپنے ہردے کے چتر پر جو وہ کی لیکھن اور بچار کی سیاہی سے لکھے اور جو یہہ کہتے ہیں کہ پٹ ہی سو پٹ ہے اور گھٹ ہے سو گھٹ ہے سو گھٹ کا پٹ نہیں ہو سکتا ایسے ہی یہہ بھی آدسے ہی سچے ہے کہ بنا پرشارتھ کے پرم پد کی پراپتی نہیں ہوتی جیسے امرت کے سمیپ بیٹھا ہوا بنا پان کرنے کے امر نہیں ہو سکتا ایسے ہی بنا ابھیاس کے امر نہیں ہوتا گیانی پرش اپنی آیو کو برتھا نہیں گنواتے ہیں بالک اوستھا میں موڑھ رہتے ہیں جوان اوستھا میں بکار وان بردھ میں دُربل ہو جاتے ہیں پرشارتھ نہیں کرتے دیو کا آسرا لیکر اپنا ناس کرتے ہیں جو منش آلس سے پرمارتھ اور بیوہار کو تیاگ دیتے ہیں وے موڑھ پشو کی نیائیں دُکھ پاتے ہیں سو پرشارتھ کا آسرا لیکر ست سنگ اور ست شاستر کے سہارے سے دوشوں کو چھوڑ کر شاستروں کے سدھانت کا ابھیاس کرو جب سُکھ آنند پاؤگے بالمیک جی بولے کہ ہے بھاردواج اس پرکار بسشٹ جی نے کہا تب سائنکال ہونے پر سبھا آپس میں نمسکار کر اپنے اپنے گھر کو چلی گئی پھر سورج اودے ہونے پر سب سبھا میں آ کر بیٹھ گئے ॥

چھٹا سرگ جس میں پرشارتھ کا مکھ ہونا برنن ہے

بسشٹ جی بولے کہ پورب جنم کے پرشارتھ کئے ہوئے کا نام دیو ہے جب ست سنگ اور ست شاستر کا بچار پرشارتھ سے تب پوربلے سنسکار کو جیت لیتا ہے پچھلے جنم کے پاپ سے اس

جنم میں دکھ پاتا ہے اور مورکھ کہتا ہے کہ ہے دیو مہا کشٹ ہے دیو پچھلے پرشارتھہ کا نام ہے
پہلے اشبھہ کرم سکھ روپ ہوکر دکھائی دیتے ہیں پورب جنم کے کو کرم اب کے شبھہ کرم نشٹ
کر دیتے ہیں ارتھات ست سنگ اور شاستر کا بچار جو شبھہ کرم ہے پورب بلے کو کرم کو جیت لیتا ہے
سو من لگا کر جتن کرنا اس نام پرشارتھ ہے اور سنت جنوں اور ست شاستر کے ست سنگ
اور ابھیاس سے آتم پد پراپت ہوتا ہے اور اس پرشارتھ سے آتما کا گیان ہوتا ہے پورب بلے
کرموں کا مہا پاپ بھی اس جنم میں پرشارتھ کرنے سے جیت جاتا ہے جیسے میگھ کو پون ہٹا دیتی
ہے جیسے پچھلے نہیت کو ہم ناس کر دیتا ہے ایسے پرجتن سے پورب سنسکاروں کا ناس ہو جاتا ہے
ہے رامچندر جی سریشٹ پرش وہ ہے جس نے ست سنگ اور ست شاستر میں بدھی
نیکشن کر کے سنسار سمندر سے پار ہوا ہے جسنے ست سنگ نہیں کیا اور پرشارتھ چھوڑ دیا وہ نیچ گتی
کو پراپت ہوگا اور سریشٹ پرش اپنے پرشارتھ سے پرمانند پاوینگے اور جو دین ہیں اتم پدوی
کو پہونچتے ہیں پرشارتھ کرنے سے سب سمپدا پراپت ہوتی ہیں اور کچھہ نہ کرے تو یہہ تو اوتس کرے
کہ اپنے برن آشرم کے انوسار بچار کر شاستر کے آسرے ہو کر پرشارتھ کرے بندھ سے چھوٹ کر
مکت ہو جائے گا اور جو اپنے پرشارتھ کو تیاگ کر کسی دیوتا کو اپنے کلیان کا آسرا کرے وہ جنم مرن
پاتا رہیگا۔ کبھی شانت نہ ہوگا ہے رامچندر جی اس سنسار بشوچی کے نرورت کرنے کا یہی اوپائے ہے
کہ ست جنم اور ست شاستر کے ارتھ نسچے من میں لا کر ابھیاس کرے اور سب کلپنا تیاگ ایکانت
بیٹھ کر اس کا چنتون کرے تب پرم پد کی پراپتی ہوگی اور دویت بھاؤ چھوٹ کر ادویت روپ
بھاسیگا اسیکا نام پرشارتھ ہے ؛

ساتواں سرگ اپنے پرشارتھ کا۔
آسرا کرنا ست سنگ ہے

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی اپنے پرشارتھ سے جنم مرن سے چھوٹ جاؤ کوئی دیو مکت
نہیں کرے گا جس نے اپنے پرشارتھ کو تیاگ کر دیو کو مانا اس کا دھرم ارتھ کام نشٹ ہو جاتا ہے

اور پہنچ گتی پاتا ہے ہے رامچندر جی شُدھ چیتن جو اس کا اپنا روپ ہے اُس کے آسرے چت
آدک ببیبدن جو پھرتے ہیں وہ ممتا روپ ہو کر پھر پھرنے لگتے ہیں پھر آہنکار سے اندری پھرتی ہیں
جب یہ چت کا پھرنا سنتوں اور شاستر کے انسار ہو تب وہ پرم پد ہوتا ہے اور جو شاستر کے
انسار نہ ہو تو واسنا کے انسار بہاؤ بہاؤ روپ میں پڑ کر شانت وان کبھی نہیں ہوتا ہے رامچندر
جی جس کو سدھی ہوئی ہے اپنے پرشارتھ سے ہوئی ہے۔ جب کوئی بستو لیتا ہے تو ہاتھ پھیلا کر
لیتا ہے جب کہیں کو جاتا ہے تو چلنے سے پہونچتا ہے بنا پرشارتھ کچھ نہیں ملتا پرشارتھ ہی کا نام
دیو ہے ہے رامچندر جی برہسپت جی اندر کے گورو اور شکر جی دیتوں کے گورو اور بھی جیو اپنے
پرشارتھ ہی سے اُتم پرش ہوئے ہیں جس نے ست اور شاستر کے انسار پرشارتھ نہیں کیا اس کے
ایشورج کا ناس ہوا اور نرک کا ادھکاری ہوا اُس کو ست اور شاستر اور ست سنگ سے ویا
دھیرج سنتوش بیراگ کا ابھیاس کرنا چاہیئے ہے رامچندر جی جو بالک اوستھا سے ابھیاس
کرتا ہے اس کو شبھ گن پراپت ہوتے ہیں جو کسی تیرتھ استھان کو جانا چاہے تو بنا چلنے کے
کیسے پہونچے چلا جائیگا تو پہنچ ہی جائے گا جیسا وان بھوجن کرے گا تو جیسا نواں ہوگی اس لئے
پرشارتھ سے سب کارج سدھ ہوتے ہیں آگے جو تمہاری اچھا ہو سو کرو سب شاستروں کا
سدھانت میں تم سے کہتا ہوں ہے رامچندر جی گیان وان پرش کو برہم ودیا کے انسار من اور
اور اندریوں کا بچار کرنا چاہیے اُس کے بپریت نہ کرے جیسے کنول جل سے نرلیپ رہتا ہے ایسے
راگ دویش سے نرلیپ رہے گا جس پرش سے شانتی ہو اس کی بھلی پرکار سیوا کرنی چاہیئے کہ اُس کے
اوپکار سے سنسار سمندر سے پار ہوتا ہے سنت جنوں اور ست شاستر کا اپدیش موکش کا اوپائے ہے
سب بستو اوپائے سے ملتی ہیں جو ایشورج وان ہوئے ہیں اپنے پرشارتھ سے ہوئے ہیں سو اپنے پرشارتھ
کا آسرا کرو نہیں تو سرپ جون پاؤ گے دیکھو لوگ بیوہار میں بھی پرگھٹ ہے کہ بنا اپنے اودیم کے
کوئی پدارتھ نہیں ملتا پرمارتھ کی پراپتی کیسے ہو سکتی ہے سنت جنوں اور ست شاستروں کا ست سنگ
کر کے پرم پد پانے کا اُتم اوپائے ہے بشنو بھگوان اوتار لے کر دیتوں کو مارتے ہیں اُن کو پاپ اسپرش نہیں
ہوتا کیونکہ اپنے پرشارتھ سے اُس کے پد کو پراپت ہوئے ہیں تم بھی پرشارتھ کا آسرا لے کر سنسار
سمندر سے پار ہو جاؤ٭

آٹھواں سرگ کوئی دیو کا نہونا اور دیو ہونا اپنے ہی پرشارتھ کا

بسشٹ جی بولے کہ کہنا کہ دیو ہماری رکشا کریگا مورکھتائی ہے ہم دیو کا کوئی اکار نہیں دیکھتے مورکھ دیو دیو کہتے ہیں نہ کوئی دیو ہے نہ کچھ دیو کرتا ہے کیول پوربلا کرم دیو ہے جب جلنے کوئی اگنی میں گر پڑے اور دیو پرگھٹ ہوکر اگنی سے نکال لے اور اشنان دان بھوجن ادک سے ہاتھ اُٹھا کر مون ہوکر بیٹھ رہے اور دیو آکر سب کارج کر جاوے جب جانو دیو ہے ایسے جانو کہ اپنا پرشارتھ ہی دیو ہے اور کلیان کرتا ہے اس جیو کا کیا ہوا جو کچھ نہ ہوتا اور دیو ہی کرنے والا ہوتا تو گورو کا اپدیش اور شاستر بھی نہ ہوتا اس سے پرگھٹ ہے کہ ست شاستر کے اُپدیش کے انسار اپنے پرشارتھ سے من پاپ چیشٹا پدوی ملتی ہے اس بھرم کو چھوڑ کر ست شاستر کے انسار پرشارتھ کرے تب دکھ سے چھوٹنے گا الا بھی جانتا ہے کہ جو میں گئو ونکو نہ چراؤں گا تو بھوکی رہینگی جب دیو کا اکار کوئی نہیں اس کی کلپنا بر تھا ہے کیونکہ نراکار اور ساکار کا سنجوگ کیسے ہو دیکھو بسوامتر جی اپنے پرشارتھ سے برہم رشی ہوئے ہیں جو دیو کرتا ہوتا اور جیو کا کیا کچھ نہ ہوتا تو پاپ آتما ترب میں نہ جاتے اور پن دان سرگ میں نہ جاتے اور پن دان سرگ میں نہ جاتے اسکارن دیو شبد کو ممتا اور بھرم جانکر تیاگ دو اور شاستر انسار اپنے پرشارتھ سے آتما میں استھر ہو جاؤ ٭

نواں سرگ جس میں منش کا کرم پھل ہی دیو ٹھہرایا ہے اور پرشارتھ کو جو ست شاستر اور ست سنگ کے انسار ہو دیو کہتا ہے

رامچندر جی بولے کہ ہے بھگوان آپ کہتے ہو دیو کوئی نہیں پرنتو اس لوک میں برہمن کو دیو کہتے ہیں اور دیو کا کیا ہوا سب کچھ ہوتا ہے بسشٹ جی نے کہا کہ اسی منش کا شبھا شبھ اور شبھ کرم کیا ہوا ہے اُس کا پھل اوش بھوگتا ہے اسکا نام دیو ہے دیو کا کوئی استھان نہیں نہ اس کا روپ ہے ہوکر پھر چاہنے کو دیو شبد کہا ہے رامچندر جی بولے کہ ہے بھگوان تمہارے کہنے سے بھی دیو کا ہونا پایا جاتا ہے کیونکہ تم پرشارتھ کو دیو کہتے ہو اور جگت میں بھی دیو شبد پرگھٹ ہے کوئی ہے تو دیو نام

کہا جاتا ہے بسشٹ جی نے کہا کہ دَیو اپنے پرشارتھ کا نام ہے اور پرشارتھ اپنے کرم کا نام ہے
اور کرم باسنا کا نام ہے اور باسنا من سے اُتپت ہوتی ہے جس کی جو باسنا ہوتی ہے وہ اس کو ملتا ہے
اسلئے دَیو کوئی نیارا نہیں پورب جنم کا شبھ اشبھ کرم پھل دیتا ہے اس کا ہی نام دَیو ہے تم بچار دیکھو
کہ اپنا پرشارتھ کرم سے نیارا نہیں ہوتا تو دُکھ سُکھ دینے والا کوئی نہ رہا پور بلا کرم شاستر کے بپریت
کیا ہوا دُکھ کا کارن ہے اور شبھ کرم کیا ہوا سُکھ کا سری رامچندر جی بولے کہ ہے بھگوان جو پورب باسنا
کے انسار چلنا ہے تو مجھکو کیا کرنا چاہیئے کہ مجھکو پوربلی باسنا لئے دین کر رکھا ہے بسشٹ جی نے کہا
کہ پوربلی باسنا اس جنم میں پرشارتھ اور ابھیاس کرنے سے پوتر ہو جاتی ہے جب تم شاستر اور گیا نیوں
میں نِشچے لاوگے تب ملین باسنا پوربلی دور ہو جاوے گی اب جیسے پوربلی باسنا ملین جانی جاتی ہے
وہ سنو کہ جو چِت بشئے اور شاستر کے بپریت کاموں میں جاوے تو جاننا چاہیئے کہ پورب کا کوئی ملین
کرم ہے اور جو سنت جنون اور ست شاستر کی اور جاوے تو جانو کہ پورب کا کرم شُدھ ہے سو تمکو دونوں
کی سدھتا ہے تمہارا چِت شیگھر ست سنگ اور ست شاستر کے بچن کو گرہن کریگا اور آتم پد کی پراپتی ہوگی
جو تمہارا چِت اشبھ مارگ میں نہیں ٹھہرتا تو تم اُتینت پرشارتھ کرکے سنسار سمدر سے پار ہو جاؤ
تم چیتن ہو جڑ نہیں ہو اپنے پرشارتھ کا آسرا کرو میرا بھی یہ ہی اشیرباد ہے کہ تمہارا چِت شیگھر انوسار آچرن
میں استھر ہو اور برہم بِدیا میں لگ جاوے ۔ سریشٹ پرش وہ ہے کہ جس کا سنسکار پورب میں بھی
ہو پرنتو ست سنگ اور ست شاستر کے انسار سدھتا کو پراپت ہو جائے مورکھوں کو جنہوں نے
اپنا پرشارتھ تیاگ دیا ہے مکت پراپت نہیں ہوتی سریشٹ پرشوں کو پانچوں اندریوں کو جیت کر ست
شاستر کے انسار شبھ باسنا میں درڑھ کرکے اشبھ باسنا کا تیاگن کرنا چاہیئے ۔ جب انتش کرن شدھ
ہوگا تب شاستر کے سدھانت کا بچار اُتپن ہوگا اور گیان کی پراپتی ہوگی اور کریا گیان کا بھی تیاگ
ہو کر کیول سدھ اودویت روپ اپنا آپ دیکھے گا ہے رامچندر جی اور سب کلپنا چھوڑ کر سنت جنون
اور ست شاستر کے انسار پرشارتھ کرو ٭

دسواں سرگ جسمیں پرشارتھ اور سم دم من اور اندریوں کو روک کر بچار سے ببیک کرکے پرم پد پانے اور برہما جی کی سرشٹی کی رچنا کرنا برنن ہے

بششٹ جی بولے کہ ہے رام چندر جی تم میرے بچنوں میں نشچے لاؤ بچن منتر ہو کر تمہارے دکھ سے رکشا کریں گے اب میں موکش اوپاؤ کہتا ہوں اُس کے انسار پرشارتھ کرو تم کو پرم ارتھ ملے گا۔ اور اپنے چیت کو بھوگ روپی گڑھے میں مت گرنے دو بھوگ کا تیاگ تمہارا پرم متر ہوگا اور تیاگ بھی ایسا کرو کہ پھر اُس کا گرہن مت کرو ہے رامچندر جی یہ موکش اوپاء سنگتا ہے چیت کو ایکانت کرکے سنو۔ پرتھم شم اور دم کو دھارن کرو منزا چھا رہنا اُس کا نام سم ہے اور اندریوں کا بس کرنا دم ہے جب ان کو دھارن کرو گے پرم تتو بچار آپ ہی اُپتن ہوگا اور بچار سے ببیک کرکے پرم پد پاؤ گے۔ پھر کبھی دکھ نہ ہوگا اور اٹل سکھ تم کو ملے گا اس کے انسار پرشارتھ کرو آتم پد ملے گا۔ اب جو کچھ برہما جی نے کہا تھا وہ تم سے کہتا ہوں کہ سد چد اکاش ایک ہے اور اننت اور ابناشی پرمانند روپ چدآنند سروپ برمھ ہے جس میں سیندن اسپند روپ ہوئے ہیں وہ بشنو ہیں وہ ایک رس ہیں کداچت دوئیت بھاؤ نہیں ہوتے اُن بشنو کے نابھ کنول سے برہما جی اُپتپت ہوئے انہوں نے سرشٹی رچی اور اس جگت میں جمبو دیپ کے بھارت کھنڈ کے منشوں کی گتی دیکھ کر اُس کو دیا آئی تب اُن کے سکھ کے لئے تپ اُپتن کیا اور آگیا تپ کی دی جب وہ تپ کرنے لگے کہ جس کے پھل سے سرگ آدک کی پراپت ہوتی اُن سکھوں کو بھوگ کر پرتھوی پر گرے اور دکھی رہے دیکھ کر برہما جی نے ست بات دھرم کو پرتی پادن کیا اس دھرم کے پرچار سے منشوں کو سکھ ہونے لگا وہ بھی کچھ کال بھوگ کر پھر گرے برہما جی نے دان تیرتھ آدک کر یا

اپتن کرتی جیو اُن کو سیون کرنے لگے اور بڑے بڑے پُن لوکوں میں جاکر شکھ بھوگنے لگے کچھ کال وہ بھی بھوگ کر پھر اپنے کرموں کی انُسار گر پڑے اور ترشنا سے دُکھت ہوئے جب برہما جی نے دیکھا کہ یہ جیو مرن جیون کے دُکھ سے دین ہوتے ہیں تب آتم تتو کا دھیان کرنے لگے اس دھیان کرنے سے سدھ تتو گیان کی مورتی ہو کر من پرگھٹ ہوا میں بھی برہما جی کی مانند سمتُل ہوں جب برہما جی نے مجھ سدھ گیان سروپ دیکھا تو بچار کیا کہ جیوؤں کی کلیان جب ہو جب اگیان مارگ کا اُپدیش ہو اور تت کا بچار ہو تب برہما جی نے مجکو گود میں بٹھلا کر کہا کہ ہے پُتر جیوؤں کے کلیان کے نمت تم ایک گھڑی تک اگیان کو انگیکار کرو ایسے کہہ کر برہما جی نے مجھے شاپ دیا کہ تو اگیانی ہو جا تب میں نے اُن کی شاپ کو انگیکار کیا اور میرا سدھ آتم تتو دوسری پرکار ہو گیا میں اپنے سبھاؤ ستا کو بھول گیا اور بھاؤ بھاؤ روپ جگت مجھ کو بھاسنے لگا اور میں اپنے آپ کو بشسٹ برہما جی کا پُتر جاننے لگا اور نانا پرکار کے پدارتھ سمیت جگت کو جان کر اُن کے اور چت چلائمان ہونے لگا پھر میں نے سنسار کو دُکھ روپ جان کر برہما جی سے پوچھا کہ ہے بھگوان یہ سنسار کس ریت سے اُتپت ہوا اور کیسے ناس ہوتا ہے اُنہوں نے ایسا اُپدیش کیا جس سے میرا اگیان دُور ہو گیا جیسے درپن مانجنے سے نرمل ہو جاتا ہے ایسے میرا ہردا نرمل ہو گیا جب برہما جی نے مجھے آگیا دی کہ تو جمبو دیپ کے بھارت کھنڈ میں جاکر جیوؤں کو اُپدیش کرو۔ جس کو سنسار کے سُکھ کی اِچھا ہو اُس کو کرم مارگ کا اُپدیش کرو جس سے سُرگ آدک کے سُکھ بھوگے اور جو سنسار سے برکت ہونے کی اور آتم پد پانے کی اِچھا ہو۔ اُن کو گیان اُپدیش کرو ہے رام چندر جی اس پرکار میرا اُپدیش اور اُتپتی برہما جی سے ہوئی ہے ؛

گیارھواں سرگ جس میں اُپدیش ست سنگ آدک پرشارتھ کا برن ہے۔

سری رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگوان اِس گیان کی اُتپتی سے آن گنت جیو شدھ کیسے ہوئے کرپا کرکے برنن کیجئے بسشٹ جی نے کہا کہ شدھ آتم تتو سو بھاؤ روپ بسمیدن پھُرتا ہے وہ برہما روپ ہو کر استھر ہوا ہے جیسے سمدر اپنی درڑتا سے ترنگ روپ ہوتا ہے برہما جی نے سمپورن جگت کو اُتپت کرکے بھوت بھوشت ۔ برتمان کا لونکی اتپتی کی کلجگ کے پربھاؤ سے جیوؤں کی بُدھی میں ہو کر پاپوں کی بردھی ہو کر بید اور شاستروں کے بپریت دھرم کی مرجادا لوپ ہو گئی اپنی اِچھا کے انسار پاپ کرم کرکے دُکھ پانے لگے اُن کو دیکھ کر برہما جی کو دیا آئی اور مجھے اور سنت کمار اور نارد کو آگیا کری کہ تم بھوم لوک میں جا کر جیوؤں کو شدھ اُپدیش کرکے دھرم کی مرجادا استھاپت کرو جن جیوون کو دونو لوک کے بھوگوں کی اِچھا ہو اُن کو کرم کانڈ جپ ۔ تپ ۔ دان اشنان ۔ سندھیا جگ آدک کا اُپدیش کرو اور جو سنسار سے برکت ہونا چاہیں اور ممکشو ہیں اُن کو برہمہ بدیا کا اُپدیش کرو تب ہم سب رکھیشر بھوم لوک میں بچرے سو ہم نے پرتھم بڑے بڑے پرتاپی تیج وان اودار آتما جو راجا تھے اُن کو ادھیاتم بدیا کا اُپدیش کرکے پرم پدم کو پہونچایا اس کارن برہمہ بدیا کا نام راج بدیا بھی ہے پھر وید شاستر شرتی پر اُن سے دھرم کی مرجادا استھاپت کرکے جپ ۔ تپ ۔ دان ۔ اشنان ۔ سندھیا ۔ گایتری آدک کی کریا پرگھٹ کرکے اُپدیش کیا کہ سب بھِچل کو پا کر اُس کو کرنے لگے اُن میں کوئی نِر اہنکار ہردے اور من شدھ ہونے کو کرم کرتے تھے اور کوئی مورکھ کامنا کے کارن جو نسکام تھے اُن کا من نِرمل ہو کر برہمہ بدیا کے اُپدیش کے جوگ ہوئے اور برہمہ بدیا سے آتم پد کو پہونچ کر جیون مکت ہوئے کئی راجا وید کے جاننے والے سِدھ ہوئے راجا وسرتھ بھی گیان وان ہوئے ہیں اور تم بھی اُسی پد کو پراپت ہوئے ہو ایسے ہی پہلے بھی برکت ہوئے ہیں اِس کارن تم سرلشیٹ ہوئے رام چندر جی مسان مرگھٹ آدک استھانوں کو دیکھ کر سب کو بیراگ اُتپت ہوتا ہے اور مرت کو بھی سمجھ جانتا ہے جو سرلشیٹ پُرش ہوتے ہیں اس بیراگ میں دِرڑھ کرکے استھر ہو جاتے ہیں اور مورکھ پھر بشے میں پھانس جاتے ہیں اور جن کو اکارن بیراگ ہوتا ہے ۔ وہ

سمرشیٹ ہیں اور سنسار کے بندھ سے چھوٹ جاتے ہیں اپنے بیراگ کے بل سے جیسے ہستی بیڑی کو توڑ کر نکل جاتا ہے ہے رام چندر جی یہ سنسار بڑا انرتھ روپ ہے جس منش نے اپنے پرشارتھ سے بندھن کو نہ توڑا راگ ودیش کی اگنی سے جلتا ہے اور جس نے اپنے پرشارتھ سے شاستر اور ست گورو مہاتما کے بچنوں میں نشچے لاکر گیان کا سادھن کیا وہ پرم پد کو پہونچا اور مورکھوں کو ادھیاتمک ادھی دیوک ادھی بھوتک تاپ دکھ دکھ دیتے ہیں اور اوپر سے نیچے کو ٹپکتے ہیں جیسے پون کے بیگ سے برکھش گر جاتے ہیں پرنتو کلپ برکش نہیں گرتا جو پرش سنسار کو متھیا جان کر کیول آتم تتو کی اچھا سے نراین پرائن ہوا ہے اُس کو ہی برھم بدیا کا ادھکار ہے ہے رامچندر جی تم نرمل اوجل پاتر ہو اس لئے تم کو اوپدیش کرتا ہوں سنساری بھوگ اور پدارتھوں میں اوم کرنے والے پشو ہیں پرشن اسی منش سے کرنا اوچت ہے جو اوتر دے سکے اور جس کے بچن میں نشچے اور بھاونا نہ ہو اس سے پرشن کرنا برتھا ہے کیونکہ کپٹ سے پرشن کرنے میں پاپ ہوتا ہے اور گورو بھی اُس کو ہی اپدیش کرتا ہے جس کو سنسار سے برکت ہونے کی اچھا اور آتم پارائن ہونے کی سردھا اور پریم بھاؤ ہو جب گورو اور سشش دونو اوتم ہوں تب بچن سوبھا دیتے ہیں سو تم اوپدیش کے جوگ شدھ پاتر ہو اور میں بھی اوپدیش کرنے میں سمرتھ ہوں اس کارن شیگھر کارج سدھ ہوگا ہے رام چندر جی میں تم سے ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ جو میں بھی آپدیش کروں اُس کو تم من میں استھر کیجئے اور نشچے لائے اور جو تم کو دھارنا نہ ہو وہ پرشن مت کرو جس کو گورو کے بچنوں میں سردھا ہوتی ہے اس کو کلیان شیگھر ہو جاتا ہے سو میں تم کو آتم پد پراپت ہونے والا گیان کہتا ہوں اگیانی پرش است بدھیوں کا سنگ چھوڑ دو اور موکش دوارے کے دوار پالوں سے پریت کرو کہ وہی موکش دوارے میں پہونچا دیں اور تم کو آتما کا درشن ہو ان دوار پالوں کے یہ نام ہیں۔ سم۔ سنتوش۔ بچار۔ ست سنگ جنہوں نے ان سے پریت کی شیگھر موکش دوار پراپت ہوا۔ اور جو چاروں کو بس نہ کر سکو تو تین اتھوا دو اتھوا ایک کو ہی بس کرو ایک بس میں آجائے گا تو پھر چاروں ہی بس میں ہو جائینگے

کیونکہ اُن چاروں کو آپس میں اننیت سنبندھ ہے ان میں سے ایک جہاں کہیں جاتا ہے
چاروں ہی جاتے ہیں جن کی اُن سے پریت ہے سُکھی ہیں جن کو اِن کا تیاگ ہے دُکھی ہیں
ہے رام چندر جی تمہاری بُدھی ہیں شُبھ گنوں نے پرویش کیا ہے رام چندر جی ست سنگ
اور ست شاستر ہیں بُدھی کرنے سے شیگھر آتم ملتا ہے۔ اگیانی کے ہردے میں آسا کا سرپ
رہتا ہے کداچت شانت نہیں ہوتا سدیو بیہل رہتا ہے جب آسا دور ہوتی ہے جب سنتوں کا
ست سنگ اور ست شاستر کا بچار ہوتا ہے سنسار کا برتش ست سنگ ست شاستر کے
کھڑگ سے کٹتا ہے اور شبھ گن پراپت ہوتے ہیں اور آتم گیان آکر براجمان ہوتا ہے ✤

بارھواں سرگ گیانیوں کے ابھمان نہ ہونے کا برنن

ہے رام چندر جی تم نے دیہ کا ابھمان چھوڑ دیا ہے جس کو دیہ کا ابھمان ہے دُکھی ہے
اور جس نے آتما کے بچار سے آتم پد پایا ہے اُس کو سب جگت آنند روپ دکھلائی دیتا
ہے یہ سنسار کا سرپ اگیانیوں کے ہردے سے یوگ کے گارڈو کے منتر سے نشٹ
ہوتا ہے سرپ کا ڈسا ہوا تو ایک ہی جنم میں مرت ہوتا ہے سنسار کے سرپ کا ڈسا
ہوا انیک جنم تک مرت ہوتا چلا جاتا ہے جس نے ست گور مہاتما اور شاستر کا ست سنگ
کیا وہ پرمانند کو پراپت ہوا سب جگت اس کو آنند روپ بھاستا ہے اور جس نے ست سنگ
کو چھوڑا اس کو سنسار انرتھ روپ دُکھ دیتا ہے اور جن پدارتھوں کو یہ جیو رسنگ جانتا
ہے سو چکر کی نیا میں چنچل ہے کبھی استھر نہیں ایسے جیوں کا دُکھ اس کارن نورت
نہیں ہوتا کہ وہ گیان کی پراپتی کا پرشارتھ نہیں کرتے ہے رام چندر جی گیان وان
سدا شانت اور آنند روپ ہے سنسار کا دُکھ اس کو نہیں لپٹتا دُکھ تو گیان وان کے
شریر کو بھی ہوتا ہے پرنتو وہ دُکھ سے بیہل نہیں ہوتا سدا سپت روپ رہتا ہے جیسے
برہما بشنو رودر کو اوتپتی اور پالنا اور سنگھار کرنے کا ابھمان نہیں ہے گیانی اندریوں کے
گھوڑوں کو من کی باگ سے کھینچتے ہیں اور اگیانی کو مارگ میں پٹکتے ہیں کہ من کی لگام
اُن کے ہاتھ نہیں ✤

تیرھواں سرگ ست سنگ اور گیان گورو اور اُپدیش کی مہما

ہے رامچندر جی اسی درڑھ کا آسرا کرو تمہارا چت سنسار کے باسنا میں چلایمان نہ ہوگا۔ اگیانی جو کر پاکرتا ہے اس میں دکھ پاتا ہے آتم تتو کی پراپتی کو چانڈال کے گھر کی بھکشا کرنی بھلی ہے۔ مورکھتائی سے جینا بھلا نہیں سو اس مورکھتائی کی نرورتی کا میں موکش اوپائے کہتا ہوں کہ گیان وان گورو اور شاستر کا اپدیش شرون کرے اور اپنے انبھو سے گیان پاوے جب یہ تینوں گورو اور شاستر اور اپنا انبھو اکٹھے ہوں تب کلیان ہوتا ہے اور جب تک پورن آنند ملے تب تک درڑھ ابھیاس کرے ہم پورن آنند کا دینے والا میں گورو ہوں جیو ماتر کا میں پرم متر ہوں ہمارا ست سنگ جیو کو آنند دینے والا ہے اس لئے جو میں کہتا ہوں سنو کہ سنسار کے چھن اتر کے بھوگن کو تم تیاگ دو یہ کے دکھ ہمارے بچنوں کے بچار سے دور ہو جائیں گے جس نے ہم سے پریت کی ہم اس کو ہم نے آنند دیا اور جو سنسار کے بھوگوں میں ڈوب رہا ہے۔ اس کو تم کیچڑ کا مینڈک جانو۔ اس سنسار اپدا کے سمندر کو ست سنگ اور ست شاستر کے بچار سے اُتم پرش پار ہوتے ہیں اگیانی جیسے کوئی بس کو رس جان کر کھاتا ہے ایسے سنسار کو ست جان کر پھر اس کے پدارتھوں کے ملنے کو اُدم کرتا ہے پر وہ نام وہ نشٹ ہو جاتا ہے یہ سنسار بنا بچار کے ہی بھاستا ہے بچار سے لین ہو جاتا ہے پرنتو بنا پرشاد تھ لین نہیں ہوتا جیسے ہاتھ میں دیپک ہو اور اندھا ہو کر کوئیں میں گرے مہا مورکھتائی ہے ایسے ہی سنسار کے بھرم کو گورو شاستر ہیں جو ان کے شرن نہ آوے مورکھ ہے ۔

چودھواں سرگ بچار کی مہماں میں

بسشٹ جی بولے ہے رام چندر جی اب بچار کا نروپن سنو کہ جب ہردا شُدھ ہو تب بچار ہوتا ہے اور شاستر کے بچار سے بدھی تیکشن ہوتی ہے اگیان کے بن میں آپدا کے برکش کی اُتپتی ہوتی ہے اس کو بچار کی کوہاڑی سے کاٹ کر شانت آتما ہو جاؤ اور موہ کے ہاتھی

بچار کا سنگھ ناش کر دیتا ہے جس نے بچار کا آسرا کیا ہے وہ جس بستو کی اچھا کرتا ہے اُس کو پاتا ہے۔ تات پرج یہ ہے کہ بچار اس کا پرم متر ہے بچار وان آپدا کے جل میں تونبے کی نیائیں نہیں ڈوبتا بچار سے سب بیوہار اور کرپا کرنی سدھتا کا کارن ہے اور دھرم ارتھ کام موکش بچار سے سدھ ہوتی ہیں ہے رام چندر جی تم شدھ برہم کا بچار کر کے آتم گیان کو پراپت ہو جاؤ اور است کو چھوڑ کر ست کا جتن کرنا چاہئے اِس کا نام بچار وان ہے بچار سے پرم سکھ ہوتا ہے بنا بچار کے دکھ ہوتا ہے ابچار کی رات ہی ہیں ترشنا کی پشاچنی بچرتی ہے جب بچار کا سورج اودے ہوتا ہے۔ وہ پشاچنی بھاگ جاتی ہے ست شاستر کے بچار سے سنسار کا دکھ ناش ہو جاتا ہے اور سکھ کے داتا گن استھت ہو جاتے ہیں ببیک راجا ہے بچار اس کا جھنڈا ہے۔ جہاں راجا آوے گا جھنڈا بھی آجاوے گا بچار وان کو سب نمسکار کرتے ہیں میرے دیکھتے دیکھتے کچھ بدھی والے بچار سے موکش ہو گئے ہیں۔ ببیکی پرش کا سنساری سمبھرم مٹ جاتا ہے سنساری روگ کے لئے بچار پرم اوشدھی ہے اور اچھا کا روگ بچار کی اوشدھی سے دور ہو جاتا ہے بچار وان کو ہرکھ ہے نہ شوک سمان رہتا ہے جیسے جل سے سمدر پورن رہتا ہے بچار وان پرش آتم تتو سے پورن ہوتا ہے جن کے بچار کے نیتر نہیں اندھے ہیں بچار کے نیتروں سے دیکھے کہ میں کون ہوں جگت کیا ہے اس کی اتپتی اور لے کیسے ہوتی ہے ایسے سنت مہاتما اور شاستر کے انسار بچار کر کے ست است کو جان کر است کو تیاگ کر ست ہیں استھر ہوں اسی کا نام بچار ہے اور بچار سے رہت پرش پرم کشٹ پاتا ہے بچار ہیں استھر رہنے سے گیان پراپت ہوتا ہے ۔

پندرھواں سرگ سنتوش کے بیان میں

بششٹ جی بولے ہے رام چندر جی سنتوش وان پرش پرم آنند ہیں مگن ہو کر تر لوکی کے ایشرج کو ترن کی نیائیں سمجھتا ہے جو بستو نہیں ہوتی اُس کی اچھا نہیں کرتا جو ہوتی ہے اس ہیں راگ نہیں کرتا۔ پورن ماشی کے چندرما امرت سے پورن کی نیائیں اسکا

ہردا سنتوش سے بھرپور ہے اور جس کو سنتوش نہیں اُس کے ہردے میں چنتا فکر بنی رہتی ہے اور طرح طرح نانا پرکار کی اِچھا اُپتت ہوتی ہیں سنتوش وان کو جگت کے پدارتھوں میں گرہن تیاگ کی بُدھی نہیں ہوتی سنتوش میں ایسا آنند ہے ایسا اشٹ سِدھی کے ایشرج اور امرت پان کرنے سے بھی نہیں ہوتا سنتوش وان بچے آمبہ کی نیائیں سب کو پیارا لگتا ہے۔ جہاں سنتوش ہے وہاں اِچھا کا ابھاؤ ہے سنتوش وان دین ہو کر نہیں رہتا وہ اودار آتما آنند سے ترپت رہتا ہے اُس کو سب دیوتا اور رکھیشر نمسکار کرتے ہیں سو ہے رامچندر جی تم سنتوش دھارن کرو تب پرم سوبھا پاؤ گے ؛

سولھواں سرگ ست سنگ کی مہما

بسشٹ جی بولے کہ ہے رام چندر جی دان تیرتھ آدِک سے آتم پد نہیں ملتا سادھو ست سنگ سے ملتا ہے۔ ستسنگ ایک برس ہے آتم گیان اس کا پھل ہے اُس برس کی اچھا کی آبھو کا پھل پایا ہے آگیانی سنتون کے ست سنگ سے گیان پا کر امر ہو جاتا ہے ست سنگ کا برف آپدا کے کنول کا ناش کرتا ہے۔ ست سنگ کے گیان روپی دیپک سے ہردے کے اگیان کا ناش ہو جاتا ہے کسی پدارتھ کی اِچھا نہیں رہتی بود وان ہو کر آتم پد میں براجوان ہوتا ہے۔ سنسار سمُدر سے پار ہوئے کو سنت جن نوکا روپ ہیں۔ ست سنگ کا تیاگی منش نرگ گامی کہلاتا ہے نرگ کی اگنی سیتل کرنے کو ست سنگ میگھ ہے جس نے ست سنگ کی گنگا میں اشنان کیا اُس کو تپ دان آدک سادھن سے پریوجن نہیں رہتا پرم گتی کو پراپت ہوتا ہے اِس کارن اور سب اوپاو چھوڑ کر ست سنگ کو ڈھونڈو ہے رام چندر جی موہ کے برکش کے کاٹنے کو ست سنگ کُہاڑا ہے اس لئے کلیان کے نمت ست سنگ کرنا جوگ ہے یہ چاروں دوارپال موکش کے تم سے کہے جو ان چاروں سے سیوا کرے گا وہ شیگھر آتم پد پاوے گا چاروں سے ایک بھی جہاں ہوتا ہے تینوں دوسرے بھی آ جاتے ہیں ان کی آپس میں پرم پریت ہے

بگ بسنت ۵۰ دوسرا مجموعہ پردوں

یہ چار ٹھاٹ میں مو[illegible] ہیں۔ ان چاروں سے مختلف جو [illegible] ہے اوسکی [illegible] پہلا آدھا

[illegible] میں اصل [illegible] ان کے [illegible] سے [illegible] من کو [illegible] کرو۔ من کا [illegible] چاروں [illegible]

[illegible] ہوتا ہے۔ من کے [illegible] میں ماسنا کی [illegible] ہے۔ اس کے [illegible] دو [illegible] میں [illegible]

[illegible] سے تو من کو [illegible] اور [illegible] اور من کو [illegible] جب [illegible] کا پردہ

[illegible] پہلا [illegible] سے [illegible] جو [illegible] اور پردہ [illegible] کا [illegible] ہے۔ وہ [illegible]

ہے۔ جب [illegible] کی اور [illegible] پردہ ہو تب [illegible] کا [illegible] ہو جاوے گا آگے جو [illegible]

ہو [illegible]۔

[illegible] ہوں پردہ [illegible] کا [illegible] اور

پہر [illegible] نہ سکتا۔

بسنت [illegible] سے [illegible] پہلے [illegible] میں [illegible]

[illegible] پہلے [illegible] میں۔ یہ [illegible] کا [illegible] ہے جسکے [illegible]

[illegible] کا [illegible] ہوتا ہے۔ جو [illegible] اور [illegible]

[illegible] اور [illegible] میں [illegible] کا [illegible]

[illegible] اور [illegible] میں [illegible]

[illegible] کا [illegible] دو [illegible] پردوں کے [illegible]

[illegible] پردوں کے [illegible] اور [illegible] پردوں کے [illegible]

[illegible] پردوں کے [illegible] میں۔

[illegible] اور [illegible] میں

بسنت [illegible] سے [illegible] میں [illegible] کا [illegible]

[illegible] میں۔ [illegible] سے [illegible] اور [illegible]

[illegible] ہے۔ اور [illegible] کا [illegible] اور [illegible]

[illegible] میں [illegible] جو [illegible] کا [illegible]

[illegible] ہو اور [illegible] کا [illegible]

[illegible] کا [illegible] ہے۔ [illegible] دونوں کا [illegible] میں

٥٨

جو بدلتی رہتی ہیں وہ یک جیت ہوئی آدمی رہتے ہیں یک ٹوٹا یا شور ہیں پڑے گا۔ اس کی بدھی استھر
سنچلت ہو گی۔ سبے ور محسوس جب وہ اگ میر تیری کہا ہے۔ جگت کے وشے بھوگ
بدلتے رہتے ہیں پیچھے کا جانے کی برابر مجھ کی اچھا پیدا ہوگا جب بھوگ سے پرارتھنا ہوتا ہے یہ
شانتی نہیں ہوتی۔ وہ تو بدلتے ہوتے ہیں۔ اور وچار شیل منش کی سدا انند شری
سمانی ہے۔ ایک مت سے سنسار کے بھاؤ سے چھوٹ کر سنیاس ہوتی ہے۔ اس کے منش کو
بچار سے جیتن لگتا اور ہی کی اور لوبھ موہ اہنکار ادک روگ دور ہوں گے۔ لیکن وہ ان دو بھوگ
کی اچھا نہیں رہتی۔ برابر بدھ دان ملتا ہے۔ اور اس کو بھول جاتا ہے۔ جگت کا دکھ اس کو جلا نہیں
نہیں کر سکتا یہ جگت کا رچ اور کارن سے رہتا ہے۔ تو آتما اور جگت کی ایکتا کر کے وہ اس سے
جو میں دشٹانت کہہ لوں گا۔ اور کا وہ انگ مانتا سب دکھ نہ مانتا ہیں ایک دشٹانت
کہتا ہوں۔ اس کو سنکلپ بدھ دور ہو جائے گا۔ اس شاستر کے بچار سے میں کس تیسرے دوار
آملے کی اچھا نہیں رہتی۔ یہ شاستر کا شن اوپر سے دور دور دیکھے پڑھتے اور بچار
آتما کا گیان بنا بچار کے پھول بدلا نہیں ملتا۔ جب سب کی خوشی اندر ہی
ملتی ہو گی سے بیٹھے ہوتا ہے۔ جب بچار کیا جاتا ہے تو دکھ جانکر بھی دور ہو جاتا ہے
اور اس جگت کا بدھ بچار سے مٹ جاتا ہے۔ جنہوں نے بچار کو کیا گا ہے۔
ان کا گر بدھ کا گیان نہیں چھوٹتا۔ سمجھ کر کا بدھ آتم گیان کی برابری ہم نے دیکھا جیتے
ہی شانتی ہو جاتا ہے۔ آتما کے بارے میں کچھ اچھی نہیں ہوتا۔ یہ عالم کی
جانتا ہے۔ کہ جس کے آدھار پر شانتی ستیا ہو رہے ہیں کہے ہو۔ اس
وسست جانتا چاہیے۔ اس کا دشٹانت یہ ہے کہ سنکلپ لوہا اور دیا ملکر
اور میں لوری اور ہرا دوش سے جو اوکھتا ہے۔ ان مدار تنوں کی ستیا نہ
آدھو ہوتی ہے۔ شانتی نہیں ہے۔ مدہ میں جو دکھلاتی دیتی ہے۔ سو یہ بدھ کا
والے ہی یہ جگت اکارن ہے۔ اس کی اوپتی میں کوئی کارن نہیں ہے۔ اور

کام اور کارن میں بیاپ سمبندھ میں الگ نہیں رہ سکتا ہے تو کارج کارن جگت ہوا۔
اور آتم سنسار کا کارن ہے۔ اس کا رب جگت ہر کار اور رشتہ ہو کا ہے۔ اس جگت کا
دشٹانت جو آتما میں ذہن ہے۔ اس کا تم [illegible] اس گھر میں گر جانے [illegible] کی [illegible] ہے
وت کا بود [illegible] پرماتما آتم نشو میں ملتا ہے۔ کیونکہ اکارن ہے اور [illegible] میں جگت
ہو جانے کا دشٹانت [illegible] میں ملتا ہے۔ کیونکہ وہ اکارن ہے۔ تو اس کا دشٹانت
اس [illegible] سماں [illegible] ہوا [illegible] کیول [illegible] سمجھے [illegible] دشٹانت [illegible]
گھر میں گر جانے [illegible] میں [illegible] اور [illegible] سمجھ میں [illegible]
دشٹانت [illegible] اس گھر میں [illegible] آتم [illegible] کیونکہ [illegible]
گھر میں [illegible] اور جو [illegible] سمجھی [illegible] دشٹانت کا اس کا [illegible] اور
[illegible] میں اس کو آتما کا [illegible] نہیں ہوتا۔ دشٹانت کا ایک [illegible]
[illegible] ہے۔ [illegible] جیسے اندھیرے میں رکھی ہوئی
[illegible] کا [illegible] کا [illegible] نہ اس [illegible] کہ [illegible] ہے
[illegible] سے آپ [illegible] میں [illegible] دشٹانت [illegible] سمجھ لینا چاہئے جیسے
[illegible] سے اس کی [illegible] ہے اور [illegible]
[illegible] آتم [illegible] ہوتا ہے
[illegible] ہے۔ کہ [illegible] اس [illegible] کو
[illegible] میں [illegible] اور [illegible] آدمی [illegible] لگوں کا [illegible]
[illegible] ہے جیسے [illegible] ان [illegible] ہے اور ان [illegible] جگت اور [illegible]
[illegible] ہے۔ [illegible] آدمی [illegible]
[illegible] میں [illegible] کو [illegible]
[illegible] آتم [illegible] ہوگی۔ اس [illegible] + دوسرا سمولاس [illegible] -

تیسرا اوتپتی پرکرن جوگ لسشٹ کا
جس میں ستانویں سرگ ہیں۔

پہلا سرگ بندہ موکش اور جگت بھرم کا برنن

بسشٹ جی کہتے ہیں ہے رام چندر جی تم یہہ جو اب شبد آتما کے آسرے سے کہتے ہیں جس کے سننے میں ب
رنیویت دکھلاتی دیتے ہیں ایسے سب ہی جانو اور جو اس میں لکھا ہوئے ہیں کہ جگت کیا ہے اور
کیسے اوپن ہوا اور کس کا ہے ایسی باتیں سنانے والوں کو (جو گیانی) کہتے ہیں یہ سب جگت برہم روپ ہے
پیدا ہونے کا دستاویز سمجھ لیا اب اوتپتی پرکرن کہتے ہیں۔

ہے رام چندر جی جو یہ دکھا دیتا ہے وہ کبھی نہیں ٹھہرتا ہے۔ اور بندہ موکش جو اتپت ہوا ہیں
وہ نہ کبھی تھا نہ پھر ہوتا ہے۔ نہ بندہ ہے نہ موکش ہے۔ نہ اتم ہے نہ ادھم ہے۔ آتما اور جگت جو کچھ دکھلائی
دیتی ہے سو سب آتما ہی روپ ہے دیکھنے والے کا سنکلپ ہے جو دکھلائی دیتی ہے لیکن وہ کسی کے ساتھ سے اس کا نام
بند ہوتا ہے۔ اور اس کا مٹ جانا موکش کا کارن ہے۔ سو اس کے نورت ہونے کا اوپاؤ میں کہتا ہوں
سو وہ یہہ جیسا نر روپ ہے جو اوپجا نہیں ہے اور جو اوپجا ہے لیکن ہے۔ ایسے ہی جیسے سوپنے میں
سپنے اور سپنے میں سوپنے ہوتی ہے۔ ایسے ہی جگت کا بھی ہوتا ہے۔ جو بھائی رشتہ
رکھتا ہے۔ اس کے سنگلپ ہوا ہے کہ سمت بیہ کہا ہے اور بہت سی برہم آتما
سنت چدانند آدک جس کے نام ہیں وہ سب کا اپنا روپ ہی جیسا ہے کارن اس کا نام
جیو ہوا اور بسندا انہوں کا اگر منش کرنے لگا ہی۔ جیتیں ہیں جو اتپند ہوتی ہے۔
سو سنکلپ وکلپ روپی من ہو کر استھت ہوا ہے۔ اور اس کا
تیز سے پر بتش کا ل مدھی مہر بہت استھاور جنگم اوپ
جگت روپ ہوا ہی۔ جیسے سالگرام سے سپتن ہوا۔ اسکو
کوئی اندھا کوئی سنکلپ کوئی مایا کوئی سنکلپ کوئی درشٹ کہتے ہیں

مول سب برہمہ سروپ ہے نیارا نہیں جیسے سوبرن سے ابھوشن نیارا نہیں برہمہ اور جگت میں مورکھتائی سے بھید مان رکھا ہے سو مرگ ترشنا کی نیائیں ہے چیتن کے اَنواَنو میں جگت ابھیاس روپ ہے کچھ اُو پجا نہیں ہے سب میں برہم استھت ہے پھر اس میں جنم مرن سبند موکش کیسے ہو جیسے کلپنا بندھ موکش آدک دیکھنے میں کچھ بھی نہیں ہے آتما کے اگیان سے بھرم ہو رہا ہے اس کا دور ہونا درلبھ پڑ گیا ہے یہ بھرم تیرتھ دان اشنان دھیان آدک سے نروِرت نہیں ہوتا جہاں جائیگا وہاں سرشٹی دیکھنے میں آوے گی سو بنا گیان کے اور کسی پرکار سے اس جگت بھرم روپ کا ناش نہ ہوگا اور جو سمادھی لگا کر بیٹھے گا تب بھی کچھ کال پشچات جب سمادھی سے اُتریگا پھر وہی جگت اور سرشٹی بھاش آوے گی پھر سمادھی کا کیا سکھ ہوا جب تک سمادھی رہی جب تک سکھ رہا اس لئے ایسے اوپاون سے جگت بھرم دور نہ ہوگا۔ سمادھی ایسے ہے جیسے جاگرت سے سپن تھوڑے کال پیچھے جاگرت ہو آتی ہے سو اگیان سے جگت بھاشتا ہے اور بچار سے دور ہوتا ہے جیسے بالک پرچھائیں کو دور کرتا ہے جب جانتا ہے نہ یہ دور ہو جاتا ہے جگت اوپجا نہیں است روپ ہے جو اوپجا ہوتا تو بچار سے نورت نہ ہوتا سو جانا جاتا ہے کہ کچھ ہے نہیں کیونکہ جو بستو ست ہوتی ہے اس کی نورتی نہیں ہوتی اور جو است ہے وہ استھر نہیں رہتی ست روپ آتما کا ابھاؤ کداچت نہیں ہوتا اور است روپ جگت استھر نہیں رہتا یہ جگت آتما میں ابھاش روپ ہے اس کا آد اور پرمان نہیں ہے جہاں چیتن نہیں ہوتا وہاں سنسان ہوتی ہے کیونکہ ابھاش روپ ہے آتم روپ اور شُشش ہے اس میں ان گنت سرشٹی پرتبنب میں دیکھتی ہیں اور اس آدرش میں پرتبنب بھی جب ہوتا ہے جب دوسرا انکٹ ہوتا ہے آتما کے نکٹ دوسرا کوئی نہیں کیونکہ ابھاش روپ کا ایک ہی آتم ستیا جیتنا سے دوئیت کے پرکار ہوکر دیکھتا ہے اور کچھ بنا نہیں ہے جیسے پشپ میں سوگند اور تلوں میں تیل ہوتا ہے اور اگنی میں تیج روشن ہوتا ہے۔ جیسے منوراج کی سرشٹی ہوتی ہے۔ ایسے جگت آتما میں ہے جیسے منوراج سے سرشٹی بھن نہیں ایسے جگت آتما سے بھن نہیں ؁

دوسرا سرگ شیج برہمن کا اکھیان ومریتو ویراج کا سمباد

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی ایک پُراچین اکھیان تم سے کہتا ہوں سروَن کرو کہ اکاشج
برہمن جس کے اُتپتی شُدھ چداکاش سے ہوئی تھی بڑا درشٹی سدا آتما میں استھر رہتا مرتیو نے بچارا
کہ میں اِناشی ہوں جتنے جیو اُتپت ہوتے ہیں اُن کو سنگھار کرتی ہوں پرنتو اس برہمن کے
سنگھار کرنے کو اسمرتھ ہوں اور یہ بچار کر مرتیو اپنے سوبھاؤ کے انُسار چلی اور برہمن کے گھر میں
آئی اور برہمن کے پکڑنے کو دوڑی پرنتو اُس کو پکڑ نہ سکی تب مرتیو نے دھرم راج کے پاس جاکر
کہا کہ ہے بھگوان جو کوئی اُوتپن ہوتا ہے وہ میرا بھوجن ہے ایک برہمن جو اکاش سے اُوتپن
ہوا ہے اُس کو میں نہ پکڑ سکی اس کا کیا کارن ہے دھرم راج نے کہا کہ ہے مرتیو جیو کرم کے
کرتا ہیں جس کو باسنا کہتے ہیں اُن کے بس کرنے کو تو سامرتھ ہے اور جنہوں نے کرم باسنا چھوڑ
دی اُن پر تیرا بس نہیں چل سکتا سو یہ برہمن نشکام ہے کرم باسنا کا تیاگی ہے پہلے تم اس برہمن کے
کرم ڈھونڈو جب اُس کے کرم کو پالو گے تب اُس کے بس کرنے کو سامرتھ ہوگے مرتیو اُس کے
کرم ڈھونڈنے لگی بہت ڈھونڈا پرنتو اس برہمن کا کوئی کرم نہ ملا تب پھر دھرم راج کے پاس جاکر
کہا کہ اِس برہمن کے کرموں کو بہت ڈھونڈا پرنتو نملا شریر دھاری ہیں سو کرموں سے سنجگت ہیں اِس
برہمن کے نشکرم ہونے کا کیا کارن ہے۔ دھرم راج بولے کہ ہے مرتیو اس کی اُوتپتی شُدھ چداکاش
سے ہوئی ہے وہاں یہ کوئی کارن نہ تھا جو پدارتھ بنا کارن کے ہے وہ ایشر روپ ہے سو یہ بھی وہی
شُدھ روپ ہے اِس کا چیتن شریر ہے اس کا کوئی کرم نہیں نہ کوئی اِس کا کرتا ہے اپنے سروپ
سے آپ ہی پرگھٹ ہوا ہے اِس کارن اِس کا نام سوئمبھو ہے اور سدا اپنے آپ میں استھر ہے سدا
اُدویت روپ ہے اس کو جگت کی کوئی سنسا نہیں ہے۔ مرتیو بولی کہ ہے بھگوان جب یہ اکاش
سروپ ہے تو ساکار روپ کیوں دکھلاتی دیتا ہے۔ دھرم راج بولے کہ ہے مرتیو یہ سدا نراکار چیتن
شریر ہے۔ اس کے ساتھ اکار بھی اور اہنگ بھاؤ بھی نہیں پھر اس کا ناش کیوں کر ہو یہ میں
کو جانتا بھی نہیں یہ برہمن اچنت چنماتر ہے جس کے من میں پدارتھوں کا بھاؤ ہوتا ہے وہ
ناش بھی ہوتا ہے اور جس کو جگت بھاشتا ہی نہیں اُس کا ناش کیسے ہو ہے مرتیو کوئی
بلوان بھی ہو اور سو بیڑی لوہے کی بھی رکھتا ہو پرنتو اکاش کو نہیں باندھ سکتا ایسے یہ
برہمن اکاش روپ ہے اس کارن تو اس کے ناش کا دھیان چھوڑ دے یہ تمہارے بس کا نہیں

ہے رامچندر جی یہ بات سرون کر کے مرتیو اسچرج کو پراپت ہو کر بیٹھ رہی - رامچندر جی بولے کہ ہے بھگوان یہ تو ہمارے پتا مہا برہما جی کی بارتا آپ نے کہی ہے بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی یہ بارتا برہما جی کی ہے پرنتو مرتیو اور یمراج کا جو سمباد ہوا ہیں نے تم کو سنایا ہے ایسے ہی جب بہت کال بیتیت ہو گیا اور کلپ کا انت آیا مرتیو برہما جی کے مارنے کو گئی تب دھرم راج نے کہا کہ ہے مرتیو یہ برہما اکاش روپ ہے اور اکاش ہی اس کا شریر ہے سو تم اکاش کو کیسے پکڑ سکو گی یہ تو پنچ مہا بھوت کے شریر سے نیارا ہے اور برہم سروپ ہے ہم تم کو مورتی مان دکھلائی دیتا ہے شریر دھاری کو پکڑنا سگم ہے یہ برہما جی بنا شریر کے نراکار سنکلپ روپ ہیں ان کے مارنے کا دھیان چھوڑ کر اور دیہہ دھاریوں میں جاؤ۔

تیسرا سرگ برہما جی ادویت اناشی اکاش روپ کا اور انت باہک شریر کا برنن ہے

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی شدھ چنماتر ستیا سوکشم ہے جس میں اکاش بھی پربت کی سمان بھاری ہے اس میں جو (اہنگ اسمی) پد پرگھٹ ہوا ہے ارتھات میں ہوں اس سے اپنے ساتھ دیہہ کو دیکھتا ہے وہ یہ بھی اکاش روپ ہے۔ ہے رامچندر جی شدھ چنماتر میں چت کا بچار کسی کارن سے نہوا اپنے سوبھاؤ سے پھر آیا اس کا نام سوئمبھو برہما ہے اس برہما کو سدا برہم کا ہی نشچے ہے۔ برہما اور برہم میں کچھ بھید نہیں ہے جیسے سمدر اور ترنگ میں اس کارن نہ کوئی اس کا کارن ہے کوئی کرم ہے رام چندر جی بولے ہے بھگوان آپ نے کہا کہ پرتھی اور جل آدک تتوں سے برہما کے اکاش روپ شریر کو کچھ پریوجن نہیں ہے کیول سنکلپ ماتر ہے تو سمرتی سنسکاران کا کارن کیوں نہ ہوا جیسے اور دوسرے جیوؤں کو سمرتی ہے ایسے برہما جی کو بھی ہونی چاہیے بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی سنسکار سمرتی اسی کا کارن ہے جو پہلے بھی شریر والا ہو جو پدارتھ پہلے دیکھا ہو اور انوبھو کیا ہو اسکی سمرتی بھی ہوتی ہے جو دیکھا نہو اور اسکی سمرتی کیا ہو وہ برہما جی ادویت اور اجر اناشی آد و انت سے رہت ہیں انکی سمرتی کارن کیسے ہو وہ تو شدھ بدھ روپ ہے آتم منو برہما روپ ہو کر استھت ہے اور آپ سے آپ جو پرگھٹ ہوا ہے اس کارن اس کا نام سوئمبھو ہے شدھ بدھ میں جیا چت روپ ہوا ہے اپنا چت سمیت کارن ہے دوسرا کوئی کارن نہیں ہے سدا نراکار اور سنکلپ روپ اس کا شریر ہے رام چندر جی بولے کہ ہے منیشر

جتنے جیو ہیں سب کے دو دو شریر ہیں ایک انت باہک دوسرا ادہی بھوتک سو برہما کا ایک ہی انت باہک شریر کیوں ہے بسشٹ جی نے کہا کہ جو کارن سمیت جیو ہیں اُن کے دو دو شریر ہیں اور جو اکارن ہیں اِس کارن اُن کا ایک انت باہک ہی شریر ہے۔ ہے رامچندر جی جیوں کا کارن برہما ہے اس لیئے یہ جیو دونو شریروں کو دھارن کرتے ہیں اور برہما جی کا کارن کوئی نہیں ہے آپ سے آپ اُپجا ہے اور آدجو اس کا نہیں ہے اِن کا انت باہک شریر ہے ان کو اپنے سروپ سمرن نہیں ہوا سدا اپنے باستو روپ میں استھت ہیں اور درشیہ کو اپنے سنکلپ ماتر جانتے ہیں جس کو درشیہ میں درڑہ پرتیت ہوتی ہے اس کو ادھی بھوتک کہتے ہیں جیسے جل ہم روپ ہو جاتا ہے ایسے درشیہ میں کہ درڑہ پرتیت ہوتی ہے ادھی بھوتک ہوتے ہیں ہے رامچندر جی جتنا جگت دکھلائی دیتا ہے سب اکاش روپ ہے کسی بھوت پرتھی آدک سے نہیں بنا بھرم سے آدھی بھوتک بھاستا ہے جیسے سپن اکاش روپ ہے کسی کارن سے نہیں اُپجا نہ کسی بھوت سے اُپجا کیول اندرا کے دوش سے ادہی بھوتک ہو کر دکھلائی دیتا ہے ایسے یہ جاگرت ہی بھرم سے آدھی بھوتک بھاستا ہے ہے رامچندر جی سمپورن جگت سنکلپ ماتر ہے اور کچھ بنا نہیں جیسے منوراج کے پربت اکاس روپ ہوتے ہیں ایسے جگت اکاس روپ ہے من سے اُپجا ہے جیسے دیس کال کرکے بیج سے انگور نکلتا ہے ایسے سب درشیہ من سے اُپجتا ہے وہ من روپی برہما ہے اور برہما ادک من روپ ہیں اُن کے سنکلپ میں سمپورن جگت استھر ہے۔ ہے رامچندر جی جتنے جیو ہیں۔ سب انت باہک ہیں پرنتو اگیان کی انت باہکتا دور ہو کر ادھی بھوتکتا درڑہ ہو گئی ہے گیانی کی انت باہک ہیں جن پرشوں کو پرمادہ نہیں ہوا سو سدا آتما میں استھر ہیں جیسے ترنگ جل کا روپ ہی اور جل ترنگ کا ایسے ہی درشیہ بھی من روپ اور من درشیہ ہے درشیہ کا بیج من ہے جب سپن آتا ہے جب درشیہ کو چیتا جاتا ہے ایسے ہی اس جگت کو جاننا چاہیئے رامچندر جی من ہی جگت کا کارن ہے اور کوئی نہیں جب من اُپشم) ہوگا تب درشیہ بھرم مٹ جائے گا اور جب تک درشیہ بھرم دور نہیں ہوتا تب تک شدہ بودھ نہیں ہوتا اور جب تک شدہ بودھ نہیں ہوتا تمام انند نہیں ہوتا ؎

چوتھا سرگ من کا روپ اور جگت اکارن برنن ہے

بالمیک جی بولے کہ بسشٹ جی یہاں تک کہہ کر موں ہو گئے اور سب سبھا آن کے بچنوں ہیں استھر چت ہو گئے اور سری رامچندر جی مدھیان سندھیا اور اشنان کے کارن اٹھے اور سب سبھا بھی دوسرے دن پھر سب سر وتا یتھا یوگ استھان پر بیٹھے اور سری رام چندر جی مہاراج براجمان ہوئے رامچندر جی نے پرشن کیا کہ ہے بسشٹ جی مجھ سے من کا روپ کہو کہ کیا ہے بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی من کا روپ دیکھنے میں نہیں آتا نام ماتر ہی من ہے اس کا روپ کچھ نہیں اکاس کے تل شونیہ ہے من آتما سے بھن نہیں ہے۔ جیسے سورج میں تیج اور بایو میں اسپرس اور جل میں ترنگ اور سوبرن میں بھوشن اور اکاش میں دوسرا چندرمان ہے اشچرج یہ ہے کہ مول کچھ اوپجا نہیں اور اکاش کی سماں سب گنوں میں پرکاشت ہے اور سمپورن جگت من سے بھاشا ہے آتما شدھ ادویت روپ ہے اس میں دوئیت روپ جگت جو بھاشتا ہے اس کا نام من ہے اور سنکلپ بکلپ جو پھرتا ہے وہ ہی من کا روپ ہے جیسے ترنگ جہاں اٹھتی ہے وہاں وہاں جل ہے اور یہی من کے نام ہیں اسمرتی اودیا طینتا تم سو گیان وان پرش جانتے ہیں جتنا جگت جانتا ہے من سے اُتپن ہوا ہے اور سب درشیہ میں روپ ہی ہے۔ کیونکہ من کا رچا ہوا ہے من روپی دیہہ کا نام انت باہک شریر ہے وہ سنکلپ روپ سب جیوؤں کا آدشریر ہے اس سنکلپ میں جو درشیہ ابھیاس ہوا ہے۔ اس سے آدھی بھوتک بھاشنے لگا ہے اس لئے جب میں نشٹ ہو تب درشیہ نشٹ ہو اور جب تک درشیہ ہے موکش نہو گے آتما میں جاگے ہوئے پرش کو اپنا آپ ادویت ہو بھاشتا ہے جب تک شدہ بودھ پراپت نہ ہو درشیہ بھرم دور نہیں ہوتا اور سرشٹی کا باہر بھیتر درشٹ پڑتی ہے اسکو ست جانکر راگ دویش کلپنا اٹھتی ہے۔ جب من آتم پد کو پراپت ہوتا ہے درشیہ بھرم دور ہو جاتا ہے اِس کارن من ہی بندھن کا کارن ہے رام چندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگوان اس درشیہ روپ روگ کی نورتی کیسے ہو بسشٹ جی بولے کہ یہ روگ اکسمات نرورت ہوتا ہے بچار سے جگت کا روپ جانو یہ درشیہ بھرم آگے گرنتھ میں کہہ کر دور کرونگا یہ جگت من سے اوتپت ہوا ہے اور سمرتی سے من میں پھرا ہے اور من اکاس روپ ہے۔ ہے رامچندر جی سمرن اسی بستو کا ہوتا ہے جس کا انبھو شدہ بھاو روپ ہے اور کوئی پدارتھ ست نہیں ہے

کیوں سنکلپ روپ ہے سو استھر نہیں رہ سکتا اور انہو شدہ بہاو روپ ہے اور کوئی پدارتھ ست نہیں ہے کیوں سنکلپ روپ ہے سو استھر نہیں رہ سکتا اور ست بستو مٹ نہیں سکتی سب سنسار ست روپ ہے من کے چپلن سے بھرم ماتر دیکھتا ہے - من کا پھرنا مٹ جاتا ہے جگت بھرم دور ہو جاتا ہے - ہے رامچندر جی جو پرتھی پربت آدک جگت جھوٹا بھرم نہ ہوتا تو مکت بھی کوئی نہ ہوتا مکت تو درشیہ بھرم سے ہوتا ہے اور مکت ہونا پرتیکش ہے - برہم رشی راج رشی دیوتا آدک بہت سے مکت ہو گئے ہیں اس کارن کہتا ہوں کہ جگت است روپ ہے کیول من کے سنکلپ میں استھر ہے من کو شدہ کر کے دیکھو تو ہیں تو آدک جگت کچھ نہیں بھاشیگا جب من کا میل نرورت ہو جائے گا آتما ساکشات دیکھ پڑے گا یہ درشیہ بھرم متھیا چپن ہے نہ من اوپجا ہے نہ جگت دونو است روپ ہیں جگت کا اتینت ابھاو ہے - سری رام چندر جی بولے کہ آپ کے یہ بچن ایسے ہیں جیسے کوئی کہے کہ بنجھا استری کے پتر نے پربت کا چورن کر دیا اور سسیہ کے سینگ بڑے سندر ہیں اور ریت میں تیل نکلتا ہے اور پاشان کی مورتی نرت کرتی ہے تات پرج یہ ہے کہ تم کہتے ہو کہ جگت کچھ اوپجا نہیں اور مجھ کو جگت بوڑھاپا اور مرت آدک بکاروں سہت دکھلائی دے رہا ہے اس کارن میرے من میں تمہارے بچنوں کی نشچے نہیں آتی کداچت تمہارے نشچے ہیں ایسے ہی ہو تو وہ نشچے مجھے کراؤ بسشٹ جی بولے کہ ہے رام چندر جی میرے بچن متھیا کداچت نہیں ہیں تم بچار کر دیکھو کہ یہ جگت بنا کارن کے ہے - جب ابھاو پرلے ہوتی ہے درشیہ کا ابھاو ہو کر شدہ چپن رہتا ہے اسمیں کارج اور کارن کی کلپنا نہیں رہتی جیسے سپن کی سرشٹی بنا کارن ہوتی ہے ایسے اس سرشٹی کو بھی سمجھو جسکا کارن نہ ہو اور پرگٹ میں دکھلائی دے جاؤ کہ پھر اتپتی ہے جیسے سپن میں نانا پرکار کے پدارتھ کارج کارن سمیت دکھلائی دیتے ہیں اور وہ اکارن ہیں ایسے ہی جگت ہے چلنا - پھرنا - لینا - سونا - بولنا - سننا - سونگھنا - کھانا - آدک بشے سب روگ من کے پھرنے سے ہوتے ہیں آتما نربکار ہے - جب من اوپشم ہوتا ہے تب سب کلپنا دور ہو جاتی ہیں - اس لئے سنسکار پورن من ہے -

پانچواں سرگ جس میں من کا روپ اور کے ناموں کی کلپنا اور پرماتما

کاسیش رہنا کیا ہے

رام چندر جی نے کہا ہے بھگوان من کا روپ کیا ہے وہ تو مایا سے سنجگت ہے اسکا پرگھٹ ہونا کس پدارتھ سے ہے بسشٹ جی بولے جب مہاپرلے ہوتی ہے سب جگت مٹ جاتا ہے جو اس سے پشچات بششٹ رہے وہ ست روپ ہے جس کو بانی برنن نہیں کر سکتی اس پد کو جیون مکت پاتا ہے کیول اگیانیوں کے سمجھانے کو شاستر رچنے والوں نے دیو کے نام کلپنا کئے ہیں مول ہیں تو دیو کو پرش کہتے ہیں اور وید میں برہم کہتے ہیں بگیانی اسکو یو وہ کہتے ہیں ایک کہتے ہیں کہ نرمل روپ ہے شونیہ وادی شونیہ کہتے ہیں جو مہاپرلے کے پشچات رہتا ہے کوئی کہتا ہے آتما پرکاش روپ ہے جس کے پرکاش سے سورج آدک پرکاشوان ہیں کسی کا یہ باکیہ ہے کہ آدمیں وید کا بکتا وہی ہے سمرتی کے بنانے والے کہتے ہیں کہ سب کچھ سمرتی ہے وہ کرنے والا ہے اس کی سمرتی اور اچھا سے ہے اس لئے سب کا کرتا آتما ہے ہے رامچندر جی ان سب ناموں کا ادھشٹانا پرم دیو سب میں پورن ہو رہا ہے آتما کو سورج جانو اور برہما بشنو رودر آدک اس کی کرن ہیں اور برہم کے سمندر میں جگت کی ترنگ اور بدبدے اتپت ہو کر اس میں لے ہو جاتے ہیں سب پدارتھ اسی آتما کے پرکاش سے پرکاشت ہیں جیسے دیپک اپنے آپ سے پرکاشتا ہے اور دوسروں کو بھی پرکاش کرتا ہے اس دیو کی ستیا سے پنچ بھوت دیہ چیتن ہو کر ہلتا ہے جیسے چوسک پتھر سے لوہا اٹھ آتا ہے وہ آتما اپنے پرکاش سے پرکاشت ہے وہ سب کا رچنے والا ہے اس کا بنانے والا کوئی نہیں ہے جو کوئی اس دیو کو جیوں کا تیوں جان لیتا ہے اس کی کریا سب نورت ہو جاتی ہے وہ مرت کو اپنی آنکھ سے بھی دیکھ کر بھیل نہیں ہوتا وہ دیو کسی ایک استھان میں نہیں رہتا اور کہیں دور بھی نہیں رہتا اپنے آپ میں استھر ہے اور گھٹ میں ہے اگیانی کو دور دور دکھلائی دیتا ہے وہ اشنان دان تپ آدک سے نہیں ملتا جگت کی نورتی آتما کے گیان سے ہوتی ہے رامچندر جی بولے ہے بھگوان جس دیو کے جاننے سے پرش مرن جیون سے چھوٹ جاتا ہے وہ کہاں رہتا ہے اور وہ کس تپ اور بھجن سے ملتا ہے بسشٹ جی بولے کہ ہے رام چندر جی وہ

کسی کرپا اور تپ سے نہیں ملتا اپنے پُرشارتھ اور بچار سے ملتا ہے جتنا کچھ راگ دویش تم کرودھ ستوگن سے جپ تپ کیا جاتا ہے نشپھل ہے اور پاکھنڈ روپ ہے اُس کی اوشدھی ست سنگ اور ست شاستر کا بچار ہے پرتھم شاستروں کے انسار ہو اور ایشٹے بھوگ میں پرورتی نہ ہو پرالبدھ انسار بنا اچھا مل جاوے سنتوش کر کے اُس کو بھوگے اور شاستر کے برپریت نہ کرنے آتم پد کے پانے کا ست سنگ اور ست شاستر کارن ہے ست سنگ سادھوؤں کی سنگت ہے اور ست شاستر برہم کا نروپن ہے جب ست سنگ اور ست شاستر کا بچار ہوگا شیگھر آتم پد پاوےگا جب پُرش شرتی کے انسار اپنے پرم سوبھاؤ میں استھت ہوتا ہے تب برہما بشنو ودور اُس سے اوپدیش لیا کرتے کہتے ہیں کہ یہ پُرش برہم ہوا رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگوان چت کے بس کرنے کو اور درشیہ کے نِورت کرنے کو کیا اُپاؤ ہے بسشٹ جی بولے درشیہ سنجوگی چیتن جیو ہے وہ جنم لیتا لیتا تھک جاتا ہے اس چیتن کو چدابھاس جیو پرکاشی کہتے ہیں سو مورکھ ہیں یہ اسنساری جیو ہے اس کے جاننے سے مکت کیونکر ہو مکتی پرماتما کے جاننے سے ہوتی ہے اور سب دُکھ بھرم ناش ہوتے ہیں۔

چھٹا سرگ جس میں پرماتما کا روپ برنن ہے۔

رامچندر جی نے پرشن کیا کہ ہے بسشٹ جی پرماتما کا روپ برنن کرو جس کے جاننے سے موہ دور ہو جاتا ہے بسشٹ جی نے اُتر دیا کہ پرماتما کے یہ روپ ہیں گیان سنسار کا ابھاؤ دیکھنے والی بستو اور دیکھنے والا ان تینوں کا ناش مہا چیتن روپ جو اپنے آپ میں استھت ہے اور سب کے کے اندر باہر بھرپور ہے جو سب کو پرکاشوان ہے۔ جیسے سورج کا پرکاش روپ اور اکاش کا شونیہ روپ ہے ایسے جگت آتما روپ ہے رامچندر جی بولے کہ ہے بھگوان جو سب پرماتما ہی کا روپ ہے تو دکھائی کیوں نہیں دیتا اور جو دکھائی دیتا ہے اُس کا زبان کیسے ہو بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی یہ جگت بھرم سے دیکھتا ہے اور بھرم سے اُتپت ہوتا ہے مول کچھ نہیں ہے جیسے اکاش کا نیلا برن دیکھتا ہے ایسے ہی آتما میں جگت بھاستا ہے پھر رام چندر جی نے کہا اشچرج ہے کہ یہ درشیہ من میں کیسے استھت ہوا بسشٹ جی بولے کہ تم ایک دن بید دھرم کی پرورتی میں لگا م

جگ آدک تینوں گنوں سے بنارہی ہوکر استھر ہو اور ست سنگ اور ست شاستر میں پارائن ہو ایک چھن میں ورشیہ روپی میل دور ہوجائیگا۔ جب دیکھنے کی بستو کا روپ مٹ جائیگا اور دیکھنے والا بھی نہ رہے گا جب دونو مٹ جائیں گے سُدہ آتم ستیا بھاسے گی۔ جبتک دیکھنے والا ہے جگت ہے۔ اور جب تک بھرم بنا ہوا ہے دیکھنے والا بھی ہے جیسے ایک سے دو ہوتے ہیں ایک ہوگا تو دو ہونگے جو ایک نہ ہوگا دو بھی نہ ہونگے۔ ایسے ایک کے مٹ جانیسے دونو مٹ جاتے ہیں جو آتما سے آدلیکر درشیہ ہے یہی میل ہے جب یہ دور ہو چت کا درپن نرمل ہوگا۔ جو پدارتھ است ہیں وہ کداچت ست نہیں ہوتیا اور ست پدارتھ است نہیں ہوتے یہ جگ آدک کداچت اُتپت نہیں ہوا یہ بھرامتی ماتر ہے ست نرمل چیتن برہم ہے ہے رامچندر جی اس درشیہ روپی تم کے دُور ہونے کو میں انیک پرکار کی جگتی تمسے کہونگا۔ یہ جگت بنا کارن بھاستا ہے جیسے مرگ ستہل جل ہیں اور اکاش میں دوسرا چندرما ایسے یہ جگت بنا کارن بھاستا ہے جو کچھ دیکھتے ہو برہم روپ ہے ہیں نے یہ بچن جگتی کیسا تھہ کہے ہیں جو گورو کی کہی ہوئی جگتی کو نہیں مانتے مورکھ اور اگیانی ہیں ان کو سدھانت کبھی نہیں ملتا ؀

ساتواں سرگ

جسمیں آتما کا گیان اور مہارامائن کا بچار کہا ہے

رامچندر جی نے پرشن کیا کہ ہے منیشر وہ جگتی کیا ہے اور کیسے ملے جس سے آتم پد پراپت ہو بشسٹ جی نے اُتر دیا کہ ہے رامچندر جی بودھ کے لئے تم سے گیان کہتا ہوں جسکو سنکر تم مکت آتما ہوگے کہ جس پریوجن کی پراپتی کی اچھیا کرے اُسکے پانیکو جتن بھی کرے تو اوشِ ملے آلس نہ کرنا چاہئے جب تم ان کے اتہاس کو سمجھکر من لگا کر ابھیاس کروگے کچھہ ایک کال میں پرم پد پاؤگے۔ رامچندر جی بولے کہ ہے بھگون آتم بودھ کارن کون شاستر اُتم ہے کہ جسکے جاننے سے شوک مٹ جاوے بشسٹ جی بولے۔ کہ ہے رامچندر جی پرم شاستر مہادیو کا دینے والا مہارامائن ہے اس میں بڑے بڑے اتہاس ہیں جس سے پرم بودھ کی پراپتی ہوتی ہے سب اتہاسوں کا سار تم سے کہتا ہوں جسکے سمجھنے سے مکت ہوکر پھر تمکو جگت نہیں بھاسیگا اسمیں سدھانتوں کا سدھانت ہے جو اسمیں نہیں وہ اور میں بھی نہیں جو اسے سردھا سے سُنے اور پڑہے اور بچارے گا اسکو پرم بودھ پراپت ہوگا اسمیں کچھہ سنشے نہیں ہے جسکی رُچی اس شاستر میں نہیں وہ پاپ آتما ہے پرش کو چاہئے کہ پرتھم اور شاستر کو بچار کر پھر اس کو پڑہے تو شیگھر اگیان دور ہوکر جیون مکت ہوگا وید کے پڑہنے اور دان اور تپ سے آتما کا گیان نہیں ہوتا

کیول آتما کے بچار سے ہوتا ہے اور سنسار بھرم ہی دوسرے اوپاء سے دور نہیں ہوتا ٭

آٹھواں سرگ

جیون مکت اور بدیہہ مکت کے لکشن میں

بششٹ جی بولے جب پرش کا چت پرانوں کی چیشٹا اور پرسپربو وہ آتما میں ہی وہ جیون مکت ہوکر بدیہہ مکت ہوتا ہی رامچندر جی بولے ہے منیشر جیون مکت اور بدیہہ مکت کا لکشن کیا ہی بششٹ جی بولے ہی رامچندر جی جو پرش جگت کا بیوہار کرتا ہے اور ہردے سے دویت بھرم مٹ گیا ہی اور نرلیپ رہتا ہے اور سوپت میں جاگتا ہے اور جو سر لیشٹ پدارتھ پاکر پرسن اور شوک آدک سے دکھی نہو اور دویش کو تیاگ شیل رہے اور جو پرگٹ راگ دویش میں لپت اور انتر ہردے میں شانت ہی جس کی اہنگ ممتا مٹ گئی اور بدہی کسی میں پھنسی ہوئی نہیں وہ کرم کرے اتھوا نہ کرے مکت ہی اور جسکو مان اپمان نہیں کر وہ لکار نہیں اوپچبا آکاش کے سمان شونیہ ہوگیا ہے اور جو پرش بھوگتا بھی ہے پر اسمیں لپت نہیں ہے اور جسکو دکھ نہیں ہوتا اور کسی کو دکھ نہیں دیتا اور راگ دویش اور کرودھ سے رہت ہے جو چت کے پھرنے سے جگت کی اتپتی جانتا ہی اور چت کی پھرنا مٹ جاتی ہے اور سمان بدہی ہے اور جو جگت کو آکاش روپ شونیہ دیکھتا ہے اور کچھ اچھا نہیں کرتا یہ سب جیون مکت کے لکشن ہیں رامچندر جی بولے کہ ہے بھگون اپنے جیون مکت کا مارگ کٹھن بتایا وہ کونسا اوپاء ہے جس سے پرم پد ملے اور جس سے بدہی اشٹ اور انشٹ پدارتھوں میں ہو بششٹ جی بولے کہ ہی رامچندر جی اشٹ انشٹ جگت اگیانی کو بھاستا ہے اور گیانی کو جگت آکاش روپ بھاستا ہی راگ دویش نہیں ہوتا اور انکی درشٹی میں وہ چلتا پھرتا دیکھتا ہی پرنتو وہ جڑہ روپ ہے تا جیون مکت پرش کچھ کال جگت میں رہکر شریر چھوڑنے پر بدیہہ پد کو پراپت ہوتا ہے جیسے پون اسپند کو تیاگ کر اسپند ہوتی ہے ایسے جیون مکت پد کو تیاگ کر بدیہہ مکت ہوتا ہے جب وہ سورج روپ ہوکر تپتا ہی اور برہما روپ ہوکر جگت کی اوپتی اور بشنو روپ ہوکر پالنا اور رودر روپ ہوکر سنگھار کرتا ہی پرتھوی ہوکر سب بھوتوں کو استھر کرتا ہی اوشدہی ان آدک کو اتپن کرتا ہی اور پربت ہوکر پرتھوی کو استھر رکھتا ہی اور جل ہوکر رس دیتا ہی اگنی ہوکر تیج کو دھارتا ہے پون ہوکر پدارتھوں کو سکھاتا ہے چندرماں ہوکر اوشدیوں کو جل دیتا ہی میگھ ہوکر جل برساتا ہی استھاور جنگم جتنا جگت ہی سب میں آتما ہوکر استھت ہوتا ہی رامچندر جی بولے کہ ہے بھگون بدیہہ مکت

شریر کے دھارن کرنیسے دکھی ہوکر جگت میں آتا ہی پھر ترلوکی کا بھرم دُور کیوں نہیں ہوتا بسشٹ جی بولے کہ ہی رامچندر جی اگیانی کے ہردی میں یہ جگت اِستھت ہے گیانی کو ست چد اکاش روپ ہے بدیھ مکت وہی روپ ہے۔

نواں سرگ

جس میں آتما کا روپ کہا ہے

رامچندر جی بولے ہے بھگون جب مہاپرلے ہوتی ہی اور سب پدارتھ نشٹ ہوجاتے ہیں اُس کے پیچھے جو شیش رہتا ہی اُسے شونیہ کہیں اتھوا پرکاش تم تو ہی نہیں چیتن ہی اتھوا جیو من بُدھی ست است کنچن اکنچن ان میں سے کوئی تو ہوگا۔ پھر تم کیسے کہتے ہو کہ بانی کو گم نہیں ہے بسشٹ جی نے کہا کہ میں اس تمہاری پرشن کا اوتر وِیکر بھلی پرکار تمہارا سندیھ دور کرونگا ہے رامچندر جی جب مہاپرلے ہوتی ہی سب پدارتھ درشیہ کا ناش ہوجاتا ہی پیچھات جو رہتا ہی وہ شونیہ نہیں اُس میں درشیہ کا بھاؤ سدا رہتا ہی جیسے پتلیوں کی سنکھیا اتھوا پرمان کئے جاتی ہیں ایسے ہی آتما میں من سے جگت کو کلپنا کرتا ہی جو آتما نہ ہو کس میں کلپے جگت برہم روپ ہے برہمہ سے بناری کوئی بستو نہیں ہے جگت کی کلپنا بنا آتما کے نہیں ہوسکتی شونیہ کا بھی ادھشٹان آتما ہی شونیہ ست روپ نہیں ہوسکتا کداچت شونیہ ہو تو کس میں بھاسے اس لئے انت روپ شونیہ آتما میں گیان سے بھاستا ہی آتما شونیہ روپ میں ہی جیسے ترنگ کا ہونا سمدر کے جل میں بھاستا ہے ایسے ہی جگت کا شُدھ اور اشُدھ بھاؤ آتما میں ہوتا ہے اشونیہ میں نہیں ہوتا جگت کیول کہنے ماتر ہی ایک ستیا برہم کی ہی ہی شونیہ اشونیہ بھی نہیں کیونکہ یہ دونوں شبد اسی آتما میں بتلاتے ہیں چندرما۔ تارا اگن۔ دیپک آدک پرکاشوان ہوئے اسکو تم کیسے کہا جائے بنا آتما کے سورج آدک بھی تم روپ ہیں اس کارن آتما شونیہ نہ اشونیہ۔ پرکاش نہ تم۔ کیول آتم تتو ماتر ہے ہی رامچندر جی جسمیں یہ جگت بھاستا ہے اُسے شونیہ کیسے کہا جائے جو کہیں کہ چیتن ہے تو بھی نہیں کیونکہ چیتن بھی جب جانا جاتا ہے جب چت پھرتا ہے جہاں پھرنا نہ ہو وہاں جیتنا کیسے ہو وہ تو چنماتر اکشی ستیا روپ ہی ہی رامچندر جی جو اسمیں استھت ہو اس کو سمنار روپی سرپ نہیں ڈس سکتا آتم ستیا اکاش سے بھی اتی اُتم ہی وہ ابھیاس سے پراپت ہوتا ہے وہ اودیت ہی اُس میں نہ درشٹا ہی نہ جیو ہے نہ کوئی الکا ہے۔ نہ موٹا ہے نہ پتلا ایک شُدھ اودیت روپ اپنے آپ میں استھر ہے جو یہ چت کا پھرنا ہے سنا تن نہیں ہوا تو چیتن کلا کا جیو کیسے اور ہوا اور جب جیو

ہی نہ ہو تو بُدہی کہاں سے ہو اور بُدہی نہیں تو مَن اور اندری کیسے ہوں اور جب اندریوں کی اوتپتی نہ ہو تو
شریر کیسے ہوں اور شریر ہی نہ ہو تو جگت کیسے ہو آتم ستیا میں سب کلپنا مٹ جاتی ہیں اس میں کچھ نہیں
بنتا پورن اپورن ست است سے نیارا ہے بہاؤ ابہاؤ کا بچار نہیں آد انت مدہ کی کلپنا ہی نہیں جرا مرا سکھہ
اننت چیت سروپ اچیت چنماترا باکھ بُدہی سوکشم سے بہی سوکشم اکاس سے بہی اتی اُتم ہے استہول سے
بہی استہول ہے ایک ادویت روپ اننت چدروپ ہے رامچندر جی بولے کہ ہے بہگون یہ اچینت چنماتر پرمارتھ
ستیا آپ نے برنن کی اس کا روپ بودہ بڑہنے کے لئے پہر کہو بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی مہاپرلے میں
جب جگت نشٹ ہو جاتا ہے پر برہمہ ستیا رہجاتی ہے اُس کا روپ تم سے کہتا ہوں کہ من روپی برہمہ ہے
جب من کی برتی چھین ہوتی ہے شریر ابہانی ہنکار روپ کا ناش ہوتا ہے پشچات جو رہ جاتا ہے سو
نشچل ستیا اننت آتما ہے اور برتی پانچ پرکار کی ہے نربان بیرجی بکلپ بہاؤ سمرن نربان برتی
تین پرکار کی ہے پرتیکش انوپان جیسے دہوئیں سے اگنی جانی جاتی ہے شبد روپ اور بیرجی برتی ہاد
اور بہاؤ سے ہے اور بکلپ برتی کہ شبد گیان ہو اور ارتھ گیان ہو جیسے چیتن پرش کہا جاوے جو
ایک پُرش ہو اور جو اس کا دوسرا چیتن سروپ ہو تو چیتن سروپ کہا جاتا ہے چیتن ایشور روپ ہے اور
اور ساکشی پُرش روپ ہے جیسے سیپ کو چاندی جان لینا۔ چوتھی برتی سمرن برتی ہے پانچویں نندرا
ابہاؤ برتی ہے یہ پانچوں برتیوں کا ابہانی من ہے ہے رامچندر جی جب جاگرت کا ابہاؤ ہوتا ہے
اور سوشپتی نہیں آنے وہ روپ پرماتما کا ہوتا ہے شریر میں جو سیت اور گرمی ہوتی ہے اس کا جاننے
والا پرماتم ستیا ہے جس میں درشٹا۔ درش۔ درشیہ اوپجتا ہے اور پہر لین ہوتا ہے وہ پرماتما کا روپ ہی
اس ستیا میں چیشٹا ہی نہیں چیتن (جیو) اور جڑ دشٹ ریسا دیہہ آدک جن میں دونوں نہیں وہ اچینت
چنماتر پرماتما روپ ہی اور جو سب بیوہار ہوتا ہے اور جس کے انتر اکاش روپ ہے ایسی ستیا پرماتما کا روپ ہے اور
من بُدہی اندری جسکو نہیں پاسکتے وہ پرماتما کا روپ ہے ہے رامچندر جی برہما۔ وشنو۔ رُدر یہ جب مٹ جاتی
ہیں اُس کے پشچات جو رہجاتا ہے جس میں کوئی بکلپ نہیں ایسا اچینت چنمار ستیا روپ پرماتما کا ہے

دسواں سرگ جسمیں جگت کا ابہاو برنن کیا ہے

رامچندر جی بولے کہ ہے بہگون یہ جگت جو دکہلائی دیتا ہے مہاپرلے میں کہاں جاتا ہے بسشٹ جی بولے

کہ ہے رامچندر جی بانجھہ استری کا پُتر اور اکاش کا بن کہاں سے آتا ہے اور کہاں جاتا ہی جیسے اکاش کا بن
ہے ایسے جگت ہے رامچندر جی بولے کہ ہے مُنیشر بانجھہ استری کے پُتر نہیں ہوتا اکاش میں کوئی بن نہیں
ہوتا کیول شبد ماتر ہے اور جگت تو پرگھٹ دیکھتا ہی اُس کا دشٹانت بانجھہ استری کے پُتر سے کیسے ہو سکتا ہی
بشسٹ جی بولے ہی رامچندر جی جیسے بانجھہ استری کے پُتر نہیں ہوتا اکاش کا کوئی بن نہیں ہوتا ایسے ہی
جگت بھی اُپجا نہیں ہی اور جگت اور برہم میں کچھہ بھید نہیں سدا اپنے سوبھاو میں استھت ہی اگیان سے
جگت بھاستا ہے رامچندر جی بولے ہے بشسٹ جی درشیہ جگت کی ابھاو بنا اتینت ابھاو کو پراپت نہیں
ہوتی اور جگت پرگھٹ دکھلائی دیرہا ہی درشٹا اور درشیہ جو من سے اُپجے ہیں سو بھرم سے ہیں جو ایک ہی
ہے تو دونو بھاستے ہیں جب دونو کا ابھاو ہو تو دونوں مُکت ہوں کیونکہ جہاں درشٹا ہے وہاں درشیہ
بھی ہی کوئی ایسے بھی کہتے ہیں کہ درشیہ آگے تھا اب ناس ہوا ہی اس لئی اسکو بھی سنسار بھاؤ دکھاویگا۔ جیسے
سوکشم بیج میں برکش کا سدہ بھاو ہوتا ہی ایسے سمرتی پھر سنسار کو دکھاویگی اور آپ کہتے ہیں کہ جگت کا اتینت ابھاو ہوتا
ہے اور جگت کا کارن کوئی نہیں ابھاس ماتر ہی ہے مُنیشر جس کا اتینت ابھاو ہوتا ہے وہ بستو ہوتی اور جو نہیں ہوتی تو
بندھن کس کو ہوا سب مکت سروپ ہیں اور جگت پرتکش بھاستا ہے۔ اس لئے وہ جگتی کہو جس سے جگت کا
اتینت ابھاؤ ہوء

گیارہواں سرگ

جس میں درشیہ کا اتینت ابھاو اور جگت کا چداکاش روپ ہونا ورنن ہوا ہے

بشسٹ جی بولے کہ ہی رامچندر جی درشیہ کا اتینت ابھاو دکھلانے کو ایک کتھا سُناتا ہوں اسکو سُنکر تمہارے ہردے
میں سنسا نہیں رہیگا یہ جگت جو تمکو بھاستا ہی اکارن ہے اس کا کارن کوئی نہیں اور جس کا کارن نہ ہو اور
بھاسے وہ بھرم ہے جیسے سُپن میں سرشٹی دیکھتی ہی ایسے جگت کیول بھاش روپ ہی پرماتما کا رچا ہوا کچھہ
نہیں ہے سناتن شُدہ دیواچینت چنماتر ہے اس میں چت بھاو سدیو رہتا ہی کیونکہ وہ چیتن روپ ہے
جیسے پون میں اسپرس شکتی سدا رہتی ہی اس کارن اُس کا نام چیتن ہے جبتک چیتن اپنے سروپ میں نہیں
اُٹھتا تب تک اس کا نام جیو رہتا ہے اور سنکلپ کا بیج چیت سمپت ہی جب سمپت چت کو جیو چیتیا ہے تب پرتھم
شونیہ ہو کر اُس میں شبد گُن ہوا اس سے آد شبد تنماترا اُس سے پدبا کہہ پران سمپت بید اُتپن ہوئے

جتنا جگت ہیں شبد ہے اُس کا جیو تنماتر ہے جس سے سب بایو اسپرش ہوتا ہے پھر روپ تن ماترا ہوئی جس سے سورج اور اگنی آدک پرکاش ہوئے پھر اس سے رس تن ماترا ہوئی جس سے جل ہوا پھر گندھ تن ماترا ہوئی جس سے پورن پرتھی ہوئی اسی پرکار پانچوں بھوت ہوئے ہیں پرتھوی۔ جل۔ تیج۔ بایو۔ اکاش ان سے پھر جگت ہوا ہے سو بھوت پنچ کرت ہیں یہ شُدھ چداکاش روپ ہیں کیونکہ سنکلپ ہیں سنجگت ہوئے ہیں اس پرکار چداکاش میں سرشٹی بھاستی ہے جیسے بٹ کے بیج میں بٹ کا برکش بستار سے ہوتا ہے کہیں تو ایک جہن میں جگ کہیں ایک جگ میں ایک جہن بھاستا ہے چداکاش میں انگنت سرشٹی پھرتی ہیں جب چت سمبت آتما کے استھان آتا ہے تب آتما کے ساکشات کار ہونے سے سب سرشٹی پنڈ کی اکار ہو کر دکھلائی دیتی ہے اور یہ سب آتما روپ ہوتے ہیں اس کارن اس جگت کا بیج سوکشم بھوت ہے اور ان کا بیج چداکاش ہے ہے رامچندر جی یہ بچار کے جوگ ہے کہ جیسا بیج ہوتا ہے ویسا ہی برکش ہوتا ہے اس لئے سب جگت چداکاش روپ ہے اور سنکلپ سے یہ جگت اُتپن ہوتا ہے اور سنکلپ کے مٹ جانے سے چداکاش ہوتا ہے اس جگت کا مول بیج بھوت ہے اور اس کا بیج سمبت ہے اس کا سروپ چداکاش ہے دوسری کچھ بستو نہیں ہے

بارہواں سرگ

جس میں برہم اکاش اور جیو اکاش اور پانچوں تنماتر اور اندریوں کا برنن ہے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی پرم برہم سم شانت سربدا کال اپنے آپ میں استھر اور اچل ہے اس میں سم (سجاتی روپ) اسم (بھید روپ) جگت اُتپت ہوا ہے سو سم۔ اسم کو سنو۔ پرتھم تو اس میں چت کا پھرنا ہوا جس کا نام جیو اس نے درشیہ کو چیتا اس سے پانچوں تنماتر ہوئے شبد۔ اسپرس۔ روپ۔ رس۔ گندھ۔ اُن سے پانچ تت ہوئے۔ پرتھوی۔ جل۔ تیج۔ بایو۔ اکاش۔ اس سے برہمانڈ ہوا اس کارن جگت کا کارن وہی پانچ تن ماترا ہوئیں اور تن ماترا بیج آدسمبت اکاش ہے ایسے سب جگت برہم روپ ہے جیسا بیج ہوتا ہے ویسا ہی پھل ہوتا ہے اس کا بیج پرم برہم ہے تو یہ بھی پرم برہم ہوا جو اَواچنت چنماتر سروپ پرم اکاش ہے جس میں جگت بھاستا ہے وہ جیو اکاش ہے وہ بھی شُدھ نرمل ہے کیونکہ وہ پرتھی آدک بھوتوں سے نیارا ہے ہے رامچندر جی یہ جگت سب چداکاش روپ ہے دویت کچھ نہیں یہ برتانت برہم اکاش اور جیو اکاش کا ہوا اب جیسے اسکو شریر لاوہ شُدھ شُدھ چیتن ماتر میں جو اہنگ اسمی ہوا جس سے آہنگ جیو اپنے آپ کو انو جاننے لگا اور اس آہنگ بھاو میں ورڈھ ہوا

اس کا نام تو اہنکار ہوا اہنکار کی ورڑہتا ہے پشچات بدہی ہوئی اسمیں سے سنکلپ روپی من ہوا جب من اس کی اور سکسہرنے لگا تب شروں کی اچھا ہوئی سروتر پرگھٹ ہوئی جب روپ دیکہنے کی اچھا کی تو چکشو اندری پرگھٹ ہوئیں اسی پرکار من کی اچھا کے انوسار سب اندری ہوگیئں پشچات سریر بہاسنے لگا۔ اس میں یہ جیو ہنک پرتیت کرنے لگا جیسے کوپ کے جل میں ہی اپنے آپ کو دیکہتا ہی وہی چدانو دیہہ کے ساتہہ ملکر جگت کو رچتا ہے آتما میں چت سمبت ہی اسپند کرتا ہوئی تو اس کا نام سو میہو برہما ہوا پرنتو سال میں کچہہ نہیں ہوا کیول چت کے اسپند سے جگت پہرتا ہی جیسے جیسے چت پہرا ویسے ویسے جگت کا ابہاو ہو جاتا ہے سب مایا ماتر ہے آتم سیتا جیوں کا ہتوں اپنے آپ میں استہت ہی سپن کی بہانئیں بہرم سے یہ جگت بہاستا ہی گیانی کو یہ جگت ایسے بہاستا ہی جیسے جاگے ہوئے سپن آتما انت بابک روپ ہی تو یہ جگت آو ہی بہوت ہی ارتہات تتوں سی کیسے ہو سب اکاش روپ ہی

تیرہواں سرگ

جس میں جیو کا برنانت ہے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیسے ایک دیپک سی انیک دیپک ہو جاتے ہیں ایسے ایک آد جیو سے انیک جیو ہوئی ہیں رامچندر جی نے پوچہا کہ ہے بہگون ایک جیو سے جو بہت ہوئی کیا جیووں کی کوئی کہان ہی اتہوا میگہہ میں بوندوں کی برکہا اتہوا اگنی سے چنگاریوں کی تل اپجتے ہیں بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیو ایک ہی ہے انیک نہیں ہیں جیو تو ایک ہی نہیں اپجا ہیں انت کیسے کہوں ادویت آتما اپنے آپ میں استہت ہی اور یہہ جگت سب اکاش روپ ہی جیو شبد اور اس کا ارتہہ آتما میں نہیں اپجا یہ کلپنا بہرم سے بہاستی ہے اس میں نہ ایک جیو ہے نہ انت جیو ہیں جگت بیراٹ روپ ہے اور بیراٹ جیو روپ ہے اور جیو اکاش روپ ہے پہر اور جگت کیا ہا اور جیو کیا ہوا سب جیو برہمہ روپ ہیں کچہہ بہید نہیں رامچندر جی بولے کہ ہے منیشر آپ جو کہتے ہیں کہ آد جیو کوئی نہیں تو ان سب جیووں کا پالن کرنے والا کون ہے اور کس کی آگیا سے بچرتے ہیں اور اپک کیونکر ہے بسشٹ جی بولے کہ جس کو تم آد جیو جانتے ہو وہ برہمہ ہے وہ شدہ اشدہ اور انت اور شکتیمان اپنے آپ میں استہر ہے اس میں جگت کی کلپنا کچہہ نہیں جو آو چت کنچن ہوا ہے وہ ہی شدہ چدا کاش برہمہ ستا ہے جیو کی بہانئیں بہاسنے لگتی ہے چیتن سمبت آد اسپند کر کے بیراٹ آتما برہمہ روپ ہو کر استہت ہوئی ہی اس سی سنکلپ کر کے جگت رچا ہے اس میں ست است کرم رچے اور ان سے نیتی رچی وہ ہی آد نیتی مہا پرلے تک

جیوں کی تیوں چلی جاتی ہے جو اپگ پُہرا ہے سو اپگ ہی جو ایشور روپ سر بگیہ پُہرا ہے وہ سر بگیہ ہے سنسار کے پدارتھوں میں نیت شکتی پردہان ہی اور اس کے اولنگھن کرنے کو کوئی سمرتھ نہیں جیسے رچی ہے ویسے ہی مہا پرلے تک رہتی ہے آونت بیراٹ انت باہک روپ تتوں سے بنا رہا ہے ؀

چودہواں سرگ

جس میں لیلا رانی اور راجا کا اکھیان ہے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی آتما میں کچھ نہیں اپجا ہی بھرم سے بھاستا ہی اس میں ایک اکھیان تم سے کہتا ہوں جس کے سُنتے ہی سنشے مٹ جاوینگے۔ ایک راجہ مہا تیجوان لکشمی وان ستوگنی کل کا بھوشن پاپوں کا ناش کرتا پرجا کا پالن کرنے والا تہا اس کے پرم منوہر پتی برتا لیلا نام استری تہی ان دونوں میں پرم اسنیہہ تہا ایک سمے رانی نے بچارا کہ ایسا اوپاکروں جو راجا کے سدیو جوبن اوستہا اور اخیر امر رہے اور کبھی بیوگ نہ ہو رکھیشروں منیشروں سے اس کا اوپاؤ پُوچھا منیشر بولے کہ ہے دیبی جپ تپ آدک سے اور اچھا تو پورن ہوتی ہی پرنتو امر نہیں ہوتا سب جگت ناسوان ہی یہ سریر استھر نہیں رہتا رانی یہ سُنکہ بھرتا کے بیوگ کا بھے کرکے سوچے کہ ایسا اوپاؤ کروں کہ میرے پتی سے پہلے میری مرتیو ہو تو بھلا ہے اور میرے اہو بھاگ ہوں اور جو راجا پہلے مرت ہو جاے تو اس کا جیو میرے انتش کرن میں بسا رہی تو میں درشن کرتی رہوں۔ سُرستی کی سیوا کروں اور سرستی کا پوجن شاستر بکیت ایسے کرنے لگی کہ تین رات دن نراہار رہکر پوجن کیا کرے چوتہے دن پارنا کرے اور دیوتا پنڈت برہمن گورو گیانی مہاتما ان کی پُوجا اور تپ دہیان کیرتن سدیو پتی سے الوپ کیا کرے اور پرشن چت رہے تین سو دن بیت ہوئے پسچات دیبی نے درشن دیکر پرسن ہوکر کہا کہ ہے پُتری تینے بھرتا کے نمت بیرنتر تپ کیا جو تیری اچھا ہو بر مانگ لیلا بولی کہ ہے دیبی میں تیری سرن ہوں میری رکھشا کرو اور مجھے دو بر دو ایک یہ کہ جب میرا بھرتا مرت ہو اس کا پریشٹ شریر باہر نہ جائے محل میں ہی رہے دوسرا یہ بردو کہ جب میری اچھا تمہارے درشن کی ہو درشن ہوں سرستی بولی ایسا ہی ہوگا۔ بر دیکہ دیبی انتردہیان ہوئیں لیلا پرشن ہوئی کال سمے پاکر راجا کی مرت ہو گئی رانی بہت دکھی ہوئی اور برلاپ کرنے کرنے لگی اور راجا کے بیوگ سے پران تیاگنے لگی تب سُرستی جی نے دیا کرکے اکاش بانی سے کہا کہ ہے سُندری اس شریر اپنے بھرتا کو پشپوں سے ڈہانپ دے پسچات تجھکو تیرا بھرتا ملیگا اور پشپ نہیں مرجھاوینگے تیرے بھرتا کی ایسی

ہی اوستھا رہیگی اور تیرے ہی محل میں ہی کہیں گیا نہیں یہ سُنکر لیلا شانت وان ہونے پر بنادرشن بھرتا کے پورن
شانتی نہوئی اور راجا کے شریر کو پشپوں سے اوپر نیچے ڈھانپ دیا اور آپ سوگوان ہوکر سمیپ بیٹھ گئی اور رونے
لگی پھر دیبی نے آدھی رات کو درشن دیکر کہا کہ ہے سُندری تو سوگوان کیوں ہوتی ہی یہ سب جگت بھرانتی ماتر ہے
تو کس کا سوگ کرتی ہی لیلا بولی ہی پرمیشری میرا بھرتا کہاں ہی اور اُس نے کیا روپ دھارن کیا ہی مجھے اس سے ملادو
بنا اُس کے دیکھے میں اپنا جینا نہیں چاہتی دیوی بولی کہ ہے لیلا اکاش تین ہیں ایک بھوت اکاش۔ دوسرا
چت اکاش۔ تیسرا چدا کاش بھوت اکاش چدا کاش کے آسرے ہے اور چت آکاش چدا کاش کے آسرے ہے تیرا بھرتا اب
بھوتا کاش کو چھوڑ چھوڑ کر چت اکاش کو پرتیش گیا ہی جب چدا کاش میں استھر ہوگی تب سب برہمانڈ تجھکو دکھائی دیگا
وہاں تجھکو دکھلائی دیگا وہاں تجھکو بھرتا اور جگت کا درشن ہوگا ہے لیلا دیشانتر کو ایک چھن میں سمیٹ جاتا ہی اسمیں جو
انبھوا کاش ہی وہ چدا کاش ہی اور یہاں جو جیو بچرتے ہیں سو پرتھی کے آسرے ہیں اور پرتھی اکاش کے آسرے ہے
اس سے یہ سب جیو اکاش کے آسرے بچرتے ہیں اور چت جسکے آسرے سے ایک چھن میں دیشانتر بھٹکتا ہی سو چت اکاش
ہی جب درشیہ کا اتینت ابھاو ہوتا ہی تب پرم پد ملتا ہی سو بہت کال کے ابھیاس سے پراپت ہوتا ہی میرا یہ اشیرباد ہی کہ تجھکو
شیگھر ملے یہ کہکر دیوی انتردھیان ہوگئی تب لیلا رانی نروکلپ سمادھی میں تتپر ہوئی اور شریر کا اہنکار چت
سمیت تیاگ کر پکشی کے تل مندر سے اُڑکر ایک چھن میں اکاش کو گئی اور نت شُدھ آتما پرم شانتی روپ میں جاکر
اپنے بھرتا کو سنگھاسن پر براجمان دیکھا جس کے چاروں اور جے جے شبد ہو رہے تھے اور بڑے سُندر مندر دیکھے اور
راجا کو پورب دشا میں دیکھا اور انیک برہمن۔ رکھیشر۔ منیشر۔ بید کا پاٹھ کرتے دیکھے اور دکشن دشا میں سُندر
استری بھوشن اور بستر پہنے ہوئے بیٹھے دیکھیں اور اُتر دشا میں چاروں پرکار کی سینا دیکھی اور پچھم میں منڈلیشر
اس جیو کے آسرے سے براجمان دیکھی سو یہ دیکھکر اشچرج کرنے لگی اور راجا کی سبھا میں جا بیٹھی رانی تو
سب کو دیکھے رانی کو کوئی نہ دیکھے پھر رانی نے راجا کا مندر دیکھا جہاں ٹھاکردواروں میں دیوتاؤں کی
پوجا ہوتی تھی اور دھوپ کی سُگندھ آرہی تھی اتنے میں دہادکوں نے آکر کہا کہ ہے راجا سومیر پربت پے
راجا سینا لیکر چڑھ آیا ہے اور بہت سی سینا اور اپنی نگری کے منشوں کو بھی دیکھا اس سے پھر رانی کے
من میں سنشا ہوئی کہ میرا بھرتا اور سمپورن نگری مرتیو کو پراپت ہوکر پرلوک میں آگئے ہیں۔ پھر دو پہرول
چبرٹھا دیکھا اور راجا کو پہلا برودھ شریر کو چھوڑکر سولہ برس کی اوستھا دھارن کئے ہوئے بیٹھا دیکھا ایسے
ایسے چرتر دیکھکر لیلا رانی اشچرج وان ہوا اپنے بنج مندر میں آئی اس سمے آدھی رات گئی تھی اور اپنی

سہیلیوں کو جگایا اور کہا کہ جس سنگھاسن پر میرا بھرتا بیٹھا تھا اُس پر میں بیٹھوں گی اور جس پرکار راجا کے نکٹ منتری اور چاکر بیٹھے تھے اسی پرکار اُس کی سہیلیوں نے سنگھاسن کو سجا کر سُندر بستر بچھائے اور رانی آ بیٹھی تب جتنے منتری ٹہلوئے آدک راج دربار ادھکاری تھے اگنت آس پاس آ بیٹھے رانی اپنے بھرتا کے بنا اور سب کو دیکھ کر اشچرج کرنے لگی اور سرستی جی کا دھیان کیا سرستی جی کماری کنیا کا روپ دھر کر آئیں لیلا نے کہا کہ ہے دیوی بارمبار پوچھتی ہوں کہ یہ جگت کیا ہے اور وہ جگت کیا ہے دونوں میں ست است کونسا ہے دیوی بولی کہ ہے لیلا جھوٹے سچے جگت کا برتانت میں پھر کہونگی۔ لیلا بولی کہ ہے دیوی جہاں ہم تم بیٹھے ہیں وہ سچا ہے اور وہ جو میرے بھرتا کا سرگ ہے وہ بنا ہوا ہے کیونکہ وہ سرشٹی سو یہ استھان میں ہوئی ہے دیوی بولی کہ جیسا کارن ہوتا ہے ویسا ہی کارج ہوتا ہے جو کارن است ہوتا ہے تو کارج بھی است ہوتا ہے ست سے است نہیں ہوتا است سے ست نہیں ہوتا اس لئے جیسا یہ جگت ہے ویسا ہی وہ جگت ہے لیلا نے پوچھا کہ کارن سے دوسرے کارج کی ستا ہوتی ہے دیوی بولی ہاں جو سہایک اور گھشک بناری بناری ہوں سہایک نہیں ہوتا وہاں کارن سے اپنے کارج کی ستا نہیں۔ تیرے بھرتا کی سرشٹی بھی بنا کارن کے بھاستی ہے اس کا جو سوکشم شریر اکاش روپ تھا وہاں نہ کوئی سمواے کارن تھا نہ سنجت کارن اس لئے تیرے بھرتا سرگ اکارن ہے لیلا نے پوچھا کہ ہے دیوی اُس سرگ کی سمرتی جو سنسکار ہے سو کارن کیوں نہ ہو دیوی بولی ہے لیلا سمرتی تو کوئی وستو نہیں سمرتی اکاش روپ ہے سمرتی نام سنکلپ کا ہے سو سنکلپ اکاش روپ ہے منو راج روپ ہے اس لئے اُس کے ستا کچھ نہیں جہاں ہم تم بیٹھے ہیں یہاں کا روپ ہے جیسے وہ ہے ویسے یہ ہے دونو سم ہیں جیسے تم کہتے ہو ایسے ہی ہے تو یہ وہ سمپورن جگت اکاش روپ بھرانتی بھاستا ہے اُپجا کچھ نہیں ہے جو پدارتھ کو است نہیں اُن کی سمرتی کیسے ست ہو لیلا بولی ہے دیوی بنا مورتی کے میرا بھرتا تھا سو مورتی وان ہوا اور اُس کو جگت بھاسنے لگا سو کیونکر بھاسا اُس کا سمرتی کارن ہے اتھوا کسی اور پرکار سے ہو یہ بھرم اور سندیہ نرورت ہونے کو وہی روپ کہو دیوی بولی ہے لیلا یہ اور وہ سرگ دونو بھرم روپ ہیں جو یہ ست ہو تو اُسکی سمرتی ست ہو یہ جگت است روپ ہے ایک مہا چداکاش ہے اس کا کنچن چدا انو ہے اُس کے کسی انش میں جگت روپی برچھ ہے سمیر اس کے کہیت ساتوں لوک ساکھا اکاش سکھا اور سات سمندر اس میں رس ہیں اور تینوں لوک پھل ہیں اس میں سندہ کنز گن ہر ... لوکا ... ۔ راجہ چش ۔ آدک مجھ ہیں تاراگن۔ پُشپ ہیں اسی برکش کے کسی چھید میں ایک دیش ... ایک

پربت ہے اُس کے نیچے ایک نگر بسی ہے وہاں ایک ندی ہے وہاں ایک برہمن بسشٹ نام بڑا دھرمشٹی تھا سدا اگنی ہوتر کرتا اور دھن ہدیا اور بل کرم میں بھرپور تھا بسشٹ رکھیشر کے سمان تھا پرنتو گیانوان ایسا نہ تھا اُسکی استری کا نام بھی ارندھتی تھا وہ پتی برتا اور پرم منوہر تھی اور وہ گنوں میں ارندھتی جی کے سمان پورن تھی ایک سمے بسشٹ برہمن پربت کی سِکھا پر بیٹھا تھا اور ایک راجا اتی سُندر روپ نانا پرکار کے بھوشن بستر پہنے ہوئے اپنے کُٹنب اور رانی سہت اس پربت پر مرگیا کرتا چلا گیا اور چاروں پرکار کی سینا ساتھ تھی اور باجے بجتے ہتے بسشٹ برہمن دیکھکر من میں بچار کرنے لگا کہ راجا کو بڑا سُکھ ملتا ہے ایسا راج مجھکو بھی ملے اور چھا کرنے لگا کہ کب مجھکو راج ملے اور میں راج کے بھوگ بھوگوں جب اس پرکار اس برہمن کا سنکلپ اٹھا اور اپنے اُتم کرم بھی کرتا رہا اتنے میں بردھ ہوگیا اور شریر نربل ہوگیا کال کلسمے نکٹ آگیا تو اُسکی استری نے اپنے بھرتا کا کال نکٹ جانکر دُکھت ہو مہا ارادہن کیا اور مجھ سے بر مانگا کہ جب میرا بھرتا مرت ہو جاوے اس کا جیو باہر نہ جاوے میں نے کہا ایسا ہی ہوگا بہت کال ہوئی پر اُسکی مرت ہوگئی اور اُس کا جیو اسی استھان میں رہا جب وہ جیو آکاش روپ ہوگیا اُسکو جو اُس شریر میں راجا ہونے کی اچھا تھی ۔ وہی سنکلپ پھر آیا ۔ اور اپنے آپ کو بڑا پرتاپ وان ترلوکی کا راجا دیکھا اُسکی استری اُسکی مرت دیکھکر سوگوان ہو ورلاپ کرنے لگی انت کو وہ بھی مرت پاکر بھرتا کو جاملی جیسے ندی سمندر میں اور دھن سمپت پتر آدک سب اپنے گھر میں رہے ہے لیلا وہی بسشٹ برہمن تیرا بھرتا راجا پدم ہوا ہے اور اُسکی ارندھتی استری تو لیلا ہوئی ہے اور تجھکو آٹھ دن بیتت ہوئے ہیں ابھی سُونک بھی نہیں گیا ہے اور یہاں جتنے ساٹھ سہنسر برس راج کرکے نانا پرکار کے بھوگ بھوگے ہیں ایسے تم نے جنم لیا ہے سو میں نے سب تمہارا برتانت تم سے کہا یہ سب بھرم ماتر ہے اپنے سنکلپ سے یہ جگت جال پُھر آتا ہے مول یہ جگت کچھ بھی نہیں ہے کیول بھرامتی ہو رہی ہے لیلا جو یہ جگت ست نہ ہو تو اُسکی سمرتی کیسے ست ہو لیلا بولی کہ ہے دیوی جو تم نے کہا ست ہے پرنتو جو تم کہتے ہو کہ اُس برہمن کا جیو اپنے گھر میں رہا اور وہاں ہم تم بیٹھے ہیں ۔ اور دیش ویشانتر پربت سمدر لوگ اور لوکپال سب جگت اُسی گھر میں ہے مجھے اشچرج ہے کہ چھوٹے سے گھر میں اتنا جگت کیسے سمایا ہے ہے دیوی یہ بچن آپ کے بڑے کٹھن اور اسمبھو بھاستے ہیں دیوی بولی ہے لیلا یہ بچن میرے ست جانو کچھ سنشے مت لاؤ کیونکہ پر جو آد پرماتما کی بنتی ہے اسکو مہاپرش است نہیں کہتے ہم تو دھرم کے پالنے والے ہیں دھرم کی رکشا کرتے ہیں ہے لیلا جیسے سُپن میں ترلوکی دیکھتی ہے سو انتشکرن میں ہوتی ہے اور سُپن سے جاگرت ہوتی ہے ایسے ہی مرنا بھی سمجھو جب منش مرتا ہے جیو آکاش روپ ہو جاتا ہے پھر باسنا کے انسار

اُسکو جگت وکہلائی دیتا ہی اور جگت چت اکاش میں پھرا ہوا ہے اور چت اکاش روپ ہے جو چت گھر
میں گھر میں رہا تو جگت بہی اوسی میں رہا یہ جگت جو تجہہ کو بہاستا ہے سو اکاش روپ ہے جیسے سُپن میں دیکہتا
ہے ایسے یہ جگت بہی مرگ ترشنا ہے جہاں چدانو ہے وہاں جگت بہی ہے پرنتو اتھاس روپ ہے پہر لیلا نے
کہ وہی اُس برہمن کو مرت ہوئے آٹھ دن ہوئے اور ہمکو ساٹھ سہنسر برکھ بیتت ہو گئے یہ بارتا ست کیسے
جانی جائے تہوڑے کال میں بہت کال کیسے ہو دیوی نے کہا کہ ہے لیلا جیسے تہوڑے دیس میں بہت دیس
آئے ہیں ایسے تہوڑے کال میں بہت کال ہی آتے ہیں سو جب پرانی مرتا ہے تب اچیت ہو جاتا ہے
اور پہر چیتن ہو جاتا ہے اُس میں پہر جگت بہاس آتا ہے اور سمجہتا ہے کہ یہ میرا شریر ہے یہ باپ ہے یہ بیٹا
ہے یہ میرا گھر ہے اتنی میری اوستہا ہے جیسے جیو وہ سب دیکھتا ہے ایسے تہوڑے اور بہت کال کو بہی جانو
ایک چھن میں اور کا اور دیکہنے لگتا ہے یہ جگت چیتن کا کنچن ہے جب یہ پُرش مرتا ہے تب اسکو باسنا کے
انوسار دیس کال کریا اوتپتی ناش کٹنب شریر اوستہا آدک نانا پرکار کے روپ بہاستے ہیں سو سب ابہاس
روپ ہے لیلا بھرم میں کیا نہیں ہوتا جیسے راجہ ہری چند کو ایک راتری میں بارہ برس بتیت ہوئے پرتیت
ہوئے ستے ایسے یہاں بہی تہوڑے کال میں بہت کال بہاستا ہے سُپن اور انمت میں کچہہ اور بہاسنے
لگتا ہے اور بھرم سے ہرکھ شوک کو اکٹھا دیکہتا ہے کسی کو ہرکھ ہوتا ہے کسی کو اپنے پیارے کی مرتیو
کا سوگ ہوتا ہے اور بچہڑا ہوا پُرش سُپن میں ملتا ہے اس بھرم جال کے جان لینے سے پہر بندہ
ہے نہ موکش ہے ❊

پندرہواں سرگ

دیوی اور لیلا کا سمباد

دیوی بولی کہ ہے لیلا جب منش مرتیو سے اچیت ہوتا ہے اور پہر چیتن ہوتا ہے تب اُسی سمے اُس کو اپنا جنم
اور دیس اور کال کریا کٹنب آدک سب جگت جیوں کا تیوں بہاس آتا ہے اور مول میں کچہہ بہی نہیں ہی
اور سمرتی ہی است ہی کیونکہ ایک سمرتی انبہو سے ہوتی ہے اور ایک بنا انبہو کے بہی ہوتی ہے وونو مِتھیا
ہیں جیسے سپنے میں اپنا شریر دیکہتا ہے وہ انبہو است ہے سپن کا کوئی پدارتھ دیکہنا اور جاگرت میں اُس کو
سمرن کرنا وہ بہی است ہے اسلئے یہ جگت اکار روپ ہے جو ہے سو چداکاش روپ ہے نہ تو

کچھہ راجہ پدورتھ کی سرشٹی ست ہی نہ یہ سرشٹی ست ہی سب سنکلپ ماتر ہے لیلا نے پوچھا کہ ہے دیوی جو یہ سرشٹی بھرم ماتر ہے تو وہ جو پدورتھ کی سرشٹی ہے سو اس سرشٹی کے سنسکار سے ہوئی ہے اور یہ سرشٹی اس برہمن کی سنسکار اور سمرتی میں ہوئی ہے تو برہمن اور برہمنی کی سرشٹی کس کی سمرتی میں ہوئی دیوی بولی کہ ہے لیلا برہمن کی سرشٹی برہمن کے سنکلپ میں ہوئی ہے اور برہما برہمن میں پھر اسیا ہے پرنتو مول میں کچھہ برہما ہی نہیں ہے جیسے جیسے سنکلپ پھرتا ہے ویسے ویسے ہوکر بھاستا ہے جو سرشٹی تیرے بھرتا کو بھاسی ہی وہ درڑھ سنکلپ کے کارن سے بھاس آئی ہے تھوڑے کال میں بہت بھرم ہوکر دیکھتا ہے - لیلا نے پوچھا کہ ہے دیوی جس استھان میں برہمن کو آٹھ دن مرت ہوئے ہوئے ہیں اس سرشٹی کو میں کیسے دیکھہ سکوں دیوی بولی کہ یوگ ابھیاس سے دیکھہ سکتی ہی کیونکہ وہ سرشٹی چداکاش میں پھرتی ہے جب تو چداکاش کو ابھیاس کرکے پراپت ہوگی وہ سرشٹی تجھکو دکھیگی وہ سرشٹی اور کے سنکلپ میں ہی جب اس کے سنکلپ میں پرویش کرے تو اسکی سرشٹی بھاسے جیسے ایک کے سپن کو دوسرا نہیں جان سکتا جبتک ادہی بہوتک استھول پانچ تتوں کے شریر میں ابھاس ہی تب تک نہیں دیکھہ سکیگی کیونکہ نراکار کو نراکار ہی گرہن کرسکتا ہی جیسے پکشی اپنے گھونسلے کو چھوڑ کر آکاش میں اڑتا ہی اور جہاں چاہی وہاں چلا جاتا ہی ایسے ایک آگر چیت ہوکر استھول شریر کو چھوڑ کر یوگ کا ابھیاس کرکے آتم ستا میں استھت ہوکر جہاں اچھا ہو وہاں چلا جائے ٭

سولہواں سرگ

لیلا اور دیوی کا سمباد یوگ ابھیاس میں

ہے لیلا میں سدا چداکاش میں استھر ہوں میرا شریر چداکاش ہی اس کارن مجھکو کوئی روک نہیں سکتا اچھا پورک جہاں چاہوں جاؤں سدا انت باہک روپ ہوں تو اب تک ادہی بہوتک روپ ہی اور یہہ سب سرشٹی انت باہک روپ ہی پرنتو سنکلپ کی درڑھتا ادہی بہوتک ہوکر بھاستی ہے جب اس دیہہ سے تیری ممتا اٹھ جائے گی تب تجھکو سب جگت پرتیکش بھاسیگا اس کارن باسنا کے گھٹنے کا اپاو کرنا چاہئے لیلا بولی کہ ہے دیوی تم نے پرم نرمل اپدیش مجھکو کیا جسکے جاننے سے درشیہ بشوچکا روگ نروت ہوتا ہی سو ابھیاس کیا ہی اور بودہ کا سادھن کیسے ہوتا ہی اور ابھیاس پشٹ کیسے ہوتا ہی اور پشٹ ہوئے

سے کیا پھل ہوتا ہے دیوی نے کہا کہ ہے لیلا تو برہمہ ابھیاس پشٹ کر جیت ہیں آتم پد کے چنتوں اور کتہن اور پرسپر بودھ اور پران کی چیشٹا اور آتم پد کا منن ہوتا ہے اُس کا نام برہمہ ابھیاس ہے شاستر اور گوروکے باکیہ کو جگتی پوربک بچار نیکا نام چنتا ہے اور شش کو اُپدیش کرنے کا نام کتہن ہے ہر کی ان کہتے ہیں کہ جن کے پاپوں کا انت ہوا ہے اور پُن اودے ہوئے ہیں وہ راگ دویش سے مکت ہوئے ہیں ان کو تو برہمہ جوگ جان جنکی بھوگ باسنا نشٹ ہوئی وہ شیگھر آتم پد پاتے ہیں بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیسے لیلا کو بیک روپی بچنوں سے دیوی نے ترپت کیا ایسے جو اگیان روپی نیند میں سوتا ہوا اگیان روپی جل سے جاگتا ہے اس اوپائے کے بنا اور کسی پرکار سے اگیان نشٹ نہیں ہوتا ہے

ستر ہواں سرگ

جگت کا است ہونا کہا ہے

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی اس پرکار لیلا اور دیوی کا آدھی رات کو جب سب سوئے پڑے تھے اور لیلا کا بھرتا پُشپوں میں پڑا ہوا تھا سمادھی میں استھت ہو کر سمباد ہوا ہے رامچندر جی یہ جگت سپنہ کے سینگ کی نیائیں است ہے کیونکہ جو آدی میں نہ ہوا اور انت میں بھی نہ رہے اور مدھ میں دکھلائی دے اسکو است جاننا چاہیئے اپنے چت سو کچھا وا اور اوستا بھرتے میں چداکاش میں استھت ہوئی تب دوسری سرشٹی کے دیکھنے کا جو سنکلپ تھا سو پھر آیا اُس پھر نے سے اکاش روپ یہ جو چداکاش میں اڈیں اور سورج چندرماں کے منڈل سے نکلکر دور سے دور بہوتوں کی سرشٹی دیکھی اُس میں پرویش کیا

اٹھار ہواں سرگ

لیلا اور دیوی کا جوگ ابھیاس سے اکاش اور لوگوں میں پھرنے کا برنن ہے

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی وہ دونو دیوی اور لیلا آپس میں ہاتھ پکڑ کر اکاش میں چلی جاتی تھیں اور میگھوں اور اگنی اور پون کے استھانوں سے بھی آگے بڑھ گئیں کہیں سورج چندرماں کا پرکاش ہے کہیں دیوتا لوگوں میں اور دھ کہیں سدھ بدیادھر گندھرب گان کرتے کہیں سرشٹی کی اوتپتی کہیں پرلے کہیں چوٹی والی ناری اپدرو کرنیوالی کہیں پہاڑ اپنے ہوباروں میں لگے ہوئے کہیں ہاتھی کہیں پشو

پچھشی ٹوا کنی - دیتیت - جوگنی - انڈ ہے - گونگے - لنگڑے دیکھے کہیں پکشی اور گھوڑے سنگھ کے مکھ والے کہیں برن کبیر اندر یمراج آدک لوکپال بیٹھے کہیں پربت سومیر مندراچل کلپ برچھوں کے بن گنگا پرواہ کہیں کلپ برکش ایسے ایسے انیک چرتر دیکھے جیو روپی مچھر ترلوک روپی گولروں کے انیت برکش دیکھے پشچات پرتھوی منڈل کو دیکھ کر مہی تل میں پرویش کیا ۞

اکیسواں سرگ

جس میں لیلا اور دیوی کا سات دیپ اور کالوک میں پھرنے کا اکھیان ہے

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اُن دیویوں نے بہوتل میں آ کر برہمانڈ کھپر میں پرویش کیا - وہ برہمانڈ ترلوک روپی آٹھ دل والا کنول ہے اسمیں پربت روپی ڈوڈا ہے جیتنا سوگندھ ہے ندی سمدر میں جب رات روپی بھنورا آکر بیٹھتے ہیں تب وہ کنول مند ہو جاتے ہیں وہ پاتال روپی کیچڑ میں لگے ہوئے ہیں پتر روپی منش دیوتا ہیں دیتیہ راچھس اُس کے کانٹے ہیں اور ڈوڈے اسکے سیس ناگ ہیں جب وہ ہلتا ہے بھونچال ہوتا ہے دن میں پرکاش ہوتا ہے اس پرکار اس کا بستار ہے کہ ایک لاکھ جوجن جمبودیپ ہے اُس کے پرے دوگنا کھاری سمدر ہے اس سے دوگنا شاک دیپ اُس سے دوگنا شیر سمدر اُس سے آگے دوگنی پرتھوی ہے جس کا نام کش دیپ ہے پھر اُس سے دوگنا گھی کا سمدر ہے اُس سے دوگنا کونچ دیپ ہے پھر اُس سے دوگنا دہی کا سمدر پھر شالمی دیپ ہے اُس سے دوگنا مدھو کا ساگر پھر پلکش دیپ ہے اُس سے دوگنا گنے کے رس کا ساگر پھر دوگنا اس سے پشکر دیپ ہے اس سے دوگنا میٹھے جل کا سمدر ہے ایسے سات دیپ اور سات سمدر ہیں اس سے آگے دس کروڑ جوجن سورن کی پرتھوی ہے اُس سے آگے لوکالوک پربت ہے اُس پر بڑا شونیہ بن ہے اُس سے پرے دس گنا اکاش ہے اس سے پرے لاکھ جوجن تک کھپر روپ برہمانڈ کا کنڈ ہے انکو دیکھ کر دونو لوٹ آئیں ۞

بیسواں سرگ

جس میں لیلاوتی اور بششٹ برہمن کے جیشٹھ سرما نام پتر کا اکھیان ہے

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی وہاں سے پھر بششٹ برہمن اور ارندھتی کے نگر کو دیکھا کچھ سو برہمانڈ دیکھی اور بہ سیول کو رُدن کرتے اور شوگوان دیکھا اور لیلا کی اچھا ہوئی کہ مجھے اور دیوی کو میں سے باند ہو

دیکہیں سو اُس کے ست سنکلپ سے باندہئوں سے انکو دیکھکر کہا کہ یہ سن دیوی گوری لکشمی آئی ہیں ان کو
نمسکار کرنا چاہئے تب جیشٹہ سرما نام بششٹ کے پُتر نے پشپ آدک سامگری سے اُنکا پوجن کرکے کہا کہ ہے دیوی
تمہاری جے ہو میرے پیتا ماتا کال بس ہو کر سرگ کو گئے ہم سوگوان ہو رہے ہیں جس سے تینوں لوک ہمکو شونیہ
دکہلائی دیتے ہیں اور جو پکشی برکشوں پر رہتے ہیں سو اُنکی مرت جانکر بن کو چلے گئے تم کرپا کرکے ہمارا دُکھ
دور کرو کہ مہا پرشوں کا درشن نشپھل نہیں ہوتا اور ان کا شریر پراُپکار کے نمت ہوتا ہے یہ سنکر لیلا نے
دیا کرکے اُس کے سر پر ہست کمل لپیٹا دیا کہ اُس کا سب تاپ نورت ہو گیا اور سنیہ درشن ماتر ہی لکشمی
دان ہو کر شانت ہو گئی سب سوگ نروت ہو گیا سو کہے برکش ہرے ہو گئے رامچندر جی بولے کہ ہے بھگوان لیلا
نے اپنے پوتر کو ماتا روپ ہو کر درشن کیوں دیا بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی شُدھ آتم ستا میں جو اسپندہی
ہے سو سمبیدن ہو تو انکا پنڈاکار ہو کر بہاستا ہے اور مول میں اکاش روپ ہیں جیسے بالک اپنی پرچھائیں میں
بھرم سے بیتال دیکھتا ہے ایسے سمبیدن کے پھُرنے سے پرتھوی آدک بھوت بھاستے ہیں جیسے سپن میں
بھرم سے پنڈاکار بھاستے ہیں اور جاگنے سے اکاش روپ بھاستے ہیں ایسے گیان پانے سے بھرم نشٹ ہو جاتی
ہیں مرت سمے مورچھا ہو کر ناناپرکار کے جگت ہوئے دیکہتے ہیں ایسے یہ جگت بھرم سے اگیانی کو بھاستا ہے
اور گیانی کو سب چداکاش دیکھتا ہے اسکو جگت کی کلپنا نہیں پھُرتی اس لئے لیلا اسکو پُتر بھاو اور آپ
کو ماتا بھاو سے کیوں کر دیکہتی اس کارن اپنے پُتر کو دیوی روپ میں نانا بھاو دکہلایا اور سیس پر ہاتہ رکھا
ماتا اور پُتر کی کلپنا اُن میں کچھہ نہ تھی کیول آتم روپ جگت اس کو بھاستا تھا ✦

اکیسواں سرگ

لیلا اور دیوی کا سمباد

بششٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی پھر وہاں سے دیوی اور لیلا انتر دھیان ہو گئیں اور دیوی نے
کہا کہ ہے لیلا جو کچھہ تجھکو جاننا تھا سو جانا اور جو دیکھنا چاہئے تھا دیکھا اور جو کچھہ منشا ہو سو پوچھو لیلا
نے کہا کہ ہے دیوی جب میں اپنے بھرتا پدورتھ کے پاس گئی اُس نے مجھے کیوں نہ دیکھا اور میری اچھا
سے جیشٹہ سرما آدک نے مجھے دیکھا اس کا کارن ہے دیوی بولی ہے لیلا اُس سمے تک تیرا دویت بھرم
نشٹ نہیں ہوا تھا اور ادویت کو نہیں پہونچی تھی اس کارن تجھکو آتم شکتی پرتیکش نہیں ہوئی تھی اس لئے تیرا ستہ

سنکلپ ہی نہیں تہا اب تیرے ست سنکلپ سے جتنے سرما تیری پُتری نے تجھکو دیکھا اب جو تو پدرتھ کے پاس جا وے تو پہلی نیائیں ہی جا
ہو لیلا بولی ہے دیوی میرا بہرتا اس منڈپ آکاش میں پہلے بسشٹ برہمن ہوا پہر مرت پاکر پدم راجا ہوا پہر مرت ہو کر پدورتھ راجا
ہوا اسی منڈپ آکاش میں جو مجہری بہاو اور جنم مرن ہوتا رہا انگنت برہمانڈ اس میں استہت ہیں اور مجھکو ایک برہمانڈ
سمیپ ہی دکہلائی دیتے ہیں اور بہرتا کی سرشٹی بہی نرنتر بہاستی ہے اب جو کچھ تم آگیا کرو سو کروں دیوی بولی ہے بہوتل ارندہتی
تیرے جنم تو بہت ہوئے ہیں اور اوراینک تیرے بہرتا ہوئے ہیں یہ بہرتا اس منڈپ میں بسشٹ برہمن تہا سو مرت ہوا اور اس کا شریر
بہسم ہو گیا اور پہر پدم راجا ہوا جس کا شریر تیرے منڈپ میں پڑا ہوا ہے اور وہ سنسار میں بڑا پتر ہوا پرنتو آتم پد سے بچہڑا ہوا ہے وہ
ایشور کے سکہہ میں آیا ہوا جانتا تہا کہ میں ایشر ہوں اور میں نے بہوگوں کا بہوگنے والا اور سدہ اور بلوان ہوں ہے لیلا
وہ سنکلپ کلپ کے رستے میں بندہا ہوا ہے تو کس بہرتا کے پاس جانا چاہتی ہے جہاں تیری اچہا ہو وہاں لیچلوں ہے لیلا گیان
سنسار منڈل کو ہم سمیپ بتاتی ہے سو چداکاش کے اپیکشا سے نکٹ دکہلائی دیتا ہے اور سرشٹی کی اپیکشا کے انگنت کروڑ جوجن کا
انتر ہے شریراکاش ویسا ہی انگنت سرشٹی پہرتی ہیں سمدر منڈراچل پربت آدک انگنت ہیں اور جب بچار کیا جاتا ہے
تو ایک چاول سمان بہی نہیں ہے ہے لیلا آتم ستا جیوں کی پتلوں ہے آپ میں استہت ہے جیسے سمدر کی ترنگ اسی میں سے
اٹہتی ہے اسی میں لے ہو جاتی ہے ایسا ہی جگت اپجتا ہے اور نشٹ ہوتا ہے آتم ستا ایک رس ہے کیول بہاس روپ ہے لیلا بولی کہ
ہے ماتا اب مجھکو پوربلی باتوں کا گیان ہوا ہے کہ میں نے پرتہم راجسی جنم برہما سے پایا اور پہر آٹہہ سو جنم پہرتی ہوئی پرتہم جنم
میں ہیا اودہر کی استری ہوئی پرم دکہی رہی پہر ناگنی ہو کر بہی پہرتی رہی پہر لتا ہو کر ایک رکہیشر کی کٹی میں
استہت رہی وہ رکہیشر مجھکو ہاتھ سے چہوا کرتا تہا پہر مرتو پاکر اسکی پتری ہوئی پہر میں پرش کا جنم پاکر کستی دال
راجا ہوا اس جنم میں جو مجھسے دشٹ کرم بن پڑے اس کے پربہاو سے کوڑہ کے روگ سہت بندری ہوئی آٹہہ برس
اس جنم میں رہی پہر میں بیل کے جنم میں اُتپنت ہوئی اور ہل میں جتتی رہی بڑا کشٹ پایا اور پہر میرا جنم بہونرے کے
شریر میں ہوا کنول کی پتیوں پر بیٹہہ سوگندہ لیتی رہی پہر مرگ جون میں ہرنی ہو کر بچہڑی پہر ایک دیس کے راجہ
ہوئی سو برس پربنت وہاں سکہہ بہوگ کر کچہوے کا جنم لیکر پہر راج ہنس کا جنم ہوا ایسے ہی اینک جنم لیکر دکہہ پائے اب
تمہاری کرپا سے نیچے ہوا کہ بنا گیان ہوئے آتما کے جنموں کا کداچت انت نہیں ہوتا سو اب تمہاری انگرہ سے آتم پد پایا اور سنکلپ ہے بہی

بائیسواں سرگ لیلا کا آکہیان جگت کا سنکلپ باہر ہونا

وشیشٹ جی یہ آکہیان سنکر بولے کہ ہے بہگون وہ دیوی اور لیلا اس برہمانڈ بجر بسار کو جس کا لنگتا اننت ہے کیسے پار کیگئیں

بشِشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی نہ کوئی بجر سار برہمانڈ ہے نہ کسی نے اُسے اولنگھن کیا سب آکاش روپ ہے بشِشٹ برہمن نے اُسی منڈپ آکاش میں سرشٹی کا انبہو کر لیا جب وہ مرت ہوا۔ تو اُسی آکاش کے کونے میں اپنے آپکو پرتھوی راجہ جاننے لگا اور اپنے راجا ہونیکا ابھمان کیا اور اُسی لیلا روپ میں ارندہتی کو اپنی استری جان لی جب مرت ہو پھر اُسی آکاش منڈپ میں دوسرے جگت کا انبہو ہوا اور اپنے آپ کو راجہ پدورتھ جانا تم دیکھو کہ کہاں گیا اور کیا روپ ہے اسی آکاش منڈپ میں اُسکو سرشٹی بھاسنے لگی تھی اس سے جانو جو سرشٹی ہے سو اُسی بشِشٹ کی کے چت میں استھت ہے تب دیوی کی کرپا سے لیلا اپنی ہی اِچھا آکاش میں انت باہک دیہہ سے اُڑی اور بھرم روپی برہمانڈ کو پار کر کے پھر اُسی گھر میں آئی جیسے سُپن ہوتا ہے سُپن سا دیکھ لیا آنا جانا کہیں نہ تھا ایک ہی استھان میں ایک سرشٹی سے دوسری سرشٹی کو دیکھ لیا برہمانڈ کے پار ہو جانیمیں کچھہ جتن نہیں کیونکہ شریر انت باہک روپ ہے ہے رامچندر جی من سے پار ہونا چاہئے جیسے سپنے میں کروڑوں کوس ایک چھن میں پربت سمندر آدک کو اولنگ کر پھر آتا ہے کیول ست سنکلپ روپ ہے اور کچھہ نہیں بہلی پرکار بچار و کہ جیسے سپنے کی سرشٹی نانا پرکار کے بیوہاروں سہت گھمبیر دکھلائی دیتی ہے ایسی ہی یہ جگت دیکھے ہے نہ کوئی برہمانڈ ہے نہ کوئی جگت ہے کیول چت سمبیدن پُھرتا ہے باسنا ہی جگت ہے جن پُرشوں نے آتما کو جانا ہے اُن کو جگت آکاش سے بھی شونیہ دکھلائی پڑتا ہے جنھوں نے آتما کو نہیں جانا اُنکو جگت بجر سار بھاستا ہے اس پرکار دیوی اور لیلا نے سنکلپ سے نانا پرکار کے استھانوں کو دیکھا۔

تیئیسواں سرگ

دیوی اور لیلا کا دور سے دور جانا

بشِشٹ جی بولے ہے رامچندر جی وہ دونوں ستیل چت ہو کر آتم ابھیاس کے بَل سے سُدہ گیان روپ ہوئیں اور پورب جنموں کی گیاتا ہو گئیں اور تینوں کال کا گیان ہو گیا۔ لیلا نے جو کچھہ کرم ارندہتی کے شریر سے کیا تھا سو دیوی سے کہا کہ ہے دیوی جو کچھہ میں نے اس دیس میں کیا سو پرگھٹ دکھلائی دیتا ہے کہ میں برہمنی پرم پریہ اپنے بھرتا کی پتروتی تھی یہاں میں دیوتاؤں کی پوجا کرتی اور یہاں میرے پتر پتری جاماتر وہو ترہ۔ داس داسی سب بیٹھے تھے یہاں میں بیٹھے رسوئی کرتی تھی یہ میرے بوہے برکش اسی پرکار پچھلا اپنا کرم بتلایا دیوی بولی کہ ہے لیلا اس شریر کے نابھ کنول سے دس انگل اونچا ہر دی آکاش ہے

اور انگوٹھے کے سمان ہردہ ہے اسمیں سمبت اکاش ہے اس میں جو راجسی باسنا تھی اسکو راج آدک سب جگت پھر آیا کہ میں راجا ہوں سو وہاں تو ساٹھہ سہنسر برس راج کرکے مرت ہوا۔ یہاں آٹھ دن ہوئے اوسکی مرت کو ہے دیوی ایسے تھوڑے کال میں بہت کال اور بہت میں تھوڑا پرتیت ہوتا ہے اب وہ راجہ پدورتھہ ہے اس راج کے سنکلپ سے اُس کے سمبت اسی منڈپ اکاش مین استھت ہے اُس راجا کی سرشٹی مجھکو بیوہار درشٹی سے کروڑوں جوجن تک بھاستی ہے جب انیک جوجن سمندر پربت اولنگن کرکے جاؤں تب بھرتا کے پاس پہونچوں اور چد اکاش کی اپیکشا سے وہ سرشٹی نکٹ ہی بھاستی ہے۔ بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی آکار ہکر دونوں منڈپ اکاش میں پکشی کے تُل اُڑیں اور میگھہ پون سورج چندرماں برہمہ لوک دیوستھانوں کو اولنگ کر دور سے دُور چلی گئیں۔ اور شونیہ اکاش میں جاکر دیکھا۔ کہ وہاں سورج چندرماں اتھوا کسی کا پرکاش نہیں تب لیلا نے کہا کہ ہے دیوی یہاں تو بڑا تم ہے دیوی بولی کہ ہے لیلا ہم مہا اکاش میں آئے ہیں۔ یہاں اننت تم ہے لیلا نے پوچھا کہ ہم دُور سے دور چلے آئے ہیں آگے اس سے کہاں جانا ہے دیوی بولی ہے لیلا برہمانڈ بڑا بجرسار گھاٹ آویگا اس کا بستار انگنت کروڑ جوجن تک ہے جسکی رسول کا کنکا بھی اندر کے بجر کی سمتل ہے اتنا کہکر بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اتنے برہمانڈ مین بجرسار گھاٹ آیا اُسکو بھی اولنگ کر کچھہ پراسرم اور دُکھ نہوا کیونکہ جسکو نشچے جیسا ہوتا ہے ویسا ہی دکھائی دیتا ہے یہ دونوں نراکار اکاش روپ تھیں اس لئے ایک چھن میں سب کو پار کر گئیں اس کے آگے دس گنا جل اُس سے دس گنا اگنی اُس سے دس گنا بایو اس سے دس گنا اکاش اُس کے پرے پرم اکاش ہے جسکا آد انت مدہ کوئی نہیں وہ اپنے آپ میں استھت ہے اس کا انت دیکھنے کو سدا شیو من روپی جگت سے کلپنا تر نگ دوڑیں اور بشنو جی گرڑ پر چڑھکر کلپ تک ڈھونڈیں تو بھی اُسکا انت اور پار نہ پاویں ؎

چوبیسواں سرگ

لیلا اور دیوی کا پرم اکاشمیں جانا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی جب پرتھوی جل اگنی بایو کے استھانوں کو اولنگ گئیں تب پرم اکاش دکھلائی دیا۔ اُسمیں ایک کنکا کے تُل برہمانڈ دیکھا جیسا سمبیدن چیت سمبت میں پھرتا ہے ویسا ہی آکار ہو کر بھاستا ہے نہ کوئی لیتو ہوئی نہ اوپجی نہ کوئی آیا ہے نہ جاتا ہے کیول آتم ستا اپنے آپ میں استھت ہے پھر لیلا

سے جگت روپ بہاستا ہی اُتپتی ہو کر پھر نشٹ ہوا دیکھتا ہی رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون اودہ اور وہ تریک کیا ہوتے ہیں بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی پرم اکاش ستا اورن سے رہت ہی وہ سدہ بودہ روپ ہے اُس میں جگت ایسے بھاستا ہی جیسے اکاش میں بھرانتی سے کلپنا مانتر بھاستے ہیں یہ جگت آتما کا ابھاس ہے انیک برہمانڈ دیویوں نے دیکھے کئے سرشٹی اُتپنت ہوئی کئی پرلے ہوتی دیکھیں کتنی ہی کا اُتپتی آرمبہ دیکھا کہ کہیں جل کہیں اگنی کہیں پرکاش کہیں سب بیوہاروں سنجگت کہیں وید شاستر کے یکت کرم کہیں آد ایشور برہما کہیں آد ایشور بشنو کہیں آد ایشور سدا شیو کوئی پرمیشور کو نہیں جانتے کہیں دیوتا ہی رہتے ہیں کہیں منش کہیں بستی کہیں شونیہ اسی پرکار چد اکاش میں کئی سرشٹی اُتپن اور پرلے ہوتی انگنت دیکھیں

پچیسواں سرگ

لیلا اور دیوی کا اکھیان

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی دونوں دیوی وہاں سے اُٹھ کر راجہ کے جگت میں آ کر اپنے منڈپ ستھانوں کو دیکھنے لگیں جیسے سپنے میں پُرش جاگ کر دیکھتا ہی کیا دیکھا کہ راجا کا شریر پشپوں سے ڈھکا ہوا ہے اور آدھی رات کا سمے ہے سب منش مندر کے سو رہے ہیں اور راجا پدم کی مرتک شریر کے پاس لیلا کا شریر پڑا ہوا ہی اور مندر میں دھوپ۔ اگر چندن کپور آدک کی سوگندھ مہک رہی ہی بچارا کہ وہاں چلنا چاہئے جہاں راجا راج کرتا ہے یہ سنکلپ کر کے پدورتھ کی سرشٹی دیکھنے کو چلیں اور اکاش مارگ کو اڑ کر اور برہمانڈ کو اولنگھن کر گئیں تب پدورتھ کے سنکلپ میں جگت اور دیپوں پربتوں سمندروں کو دیکھتی ہوئیں راجا پدورتھ کے مندر میں جا دیکھا۔ کہ راجا پدورتھ کی پرتھوی کچھ بہائیوں نے دبالی ہے اس کے کارن راجا نے سبھا جی ہے اور دونوں اور سے جُدھ ہونے لگا ہے جس کو دیوتا منش۔ گندھرب۔ سِدھ۔ چارن۔ بدیا دھر اور اُن کی استری بوالوں میں چڑھی ہوئیں اور اپسرا دیکھ رہی ہیں کہ جو شور بیر رن میں پرانوں کو تیاگیں اُن کو سورگ میں لیجا دیں اور دوسرے بیان کرنے کو پشاچ راکھشس جوگنی بھی آئی ہیں ہے رامچندر جی جن شور بیروں نے جُدھ میں شریر تیاگا وہ نشچے سورگ کے ادھکاری ہیں۔ شری رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون شور بیر کس کو کہتے ہیں اور جُدھ کر کے سورگ ہی کو جاتے ہیں وہ کون ہیں بسشٹ جی بولے جو شاستر

اور دھرم کے اُنسار جُدھ نہیں کرتے اور ادھرم سے جُدھ کرتے ہیں وہ نرک ادھکاری ہیں جو دھرم سے گئو براہمن ہتر سرناگت کے اپکار کے کارن اور پرجا کی پالن کے لئے جُدھ کرتے ہیں وہ سورگ کے بھوشن اور سورسیر ہیں اے رامچندر جی جو یہ کہتے ہیں کہ جُدھ میں جو مرت ہوتا ہے وہ ہی سُرگ میں جاتا ہے وہ مورکھ ہیں سورگ میں وُہی جاتا ہے جس کی مرت دھرم کے ساتھ ہو اور جو کسی بھوگ پدارتھ کے کارن جُدھ کرتے ہیں وہ نرک کے بھاگی ہیں ؂

چھبیسواں سرگ

لیلا اور دیوی کا اکھیان

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی دونوں دیویوں نے سنگرام میں دیکھا کہ بڑی بھاری اُجاڑ جنگل میں دونوں اور کی سینا جُدھ کے کارن کھڑی ہوئی اور پرسپر جُدھ ہونے لگا۔ اور داروں جُدھ ہوا پھر دونوں راجا سوچ کرنے لگے کہ اب کیا ہوگا ایسے دونوں دیویوں نے دیکھا اس تمام سرگ میں تفصیل جُدھ کی ہے اور کوئی بات نہیں۔ اس لئے تھوڑا سا بیان جُدھ تحریر ہو کر سُرگ قایم کیا گیا ہے

ستائیسواں سرگ

جس میں اکھیان جُدھ کا ہے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی بڑا دارن جُدھ ہوا جسکا برنن نہیں ہو سکتا بہت دیسوں کے راجا آئے ہوئے تھے سب دیویوں نے دیکھا دہاری رہاں سورمیروں کی بیرتائی اور سینا کی صفت وغیرہ لکھی ہے اور کوئی بات نہیں ہے ؂

اٹھائیسواں سرگ

جگت کا بھرم روپ ہونا

بسشٹ جی بولے جب جُدھ ہو چکا راجا بدورتھ نے اپنے مندر میں پُشپوں کی سیجا پر بسرام کیا اور اپنے منتریوں سے متا کیا اور پھر سین کیا اور ایک گھڑی میں جاگ اُٹھا دونوں دیویوں نے اکاش سے اُتر سوکشم روپ سے راجا کے مندر میں پرویش کیا رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون دیویوں نے شریر سے کیسے پرویش کیا کیونکہ

اُس سمے دوار تو بند ہتے بششٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی بھرانتی سے جو ادہی بھوتک شریر ہوا
اُس سے سوکشم چھیدروں سے کوئی پرویش نہیں کر سکتا پر نتو من روپی شریر کو کوئی روک نہیں
سکتا دیوی اور لیلا کا شریر انت واہک تھا اس سے سوکشم پرمانو کے مارگ ان کو پرویش ہونے
میں کچھ پراسرم کرنا نہ پڑا ہے رامچندر جی جس کے نشچے میں یہ شریر آدک اکاش سروپ ہیں اسکو استھول شریر کا ابھاو ہے
ہوتا ہے جسکے نشچے میں استھول شریر درڑھ ہو رہا ہے اسکو انت واہک کا ابھاو نہیں ہوتا ہے جیسے چت کی بھاونا ہوتی ہے ویسا ہی روپ پیش
بھاستا ہے یہ کارن سنکلپ کی پرکار نشچے میں ہے سو اکاش روپ میں جیسا جیسا سمبیدن درڑھ ہوتا ہے ویسا آپ کو
جانتا ہے ایک ایک جیو کے ساتھ چت ہوتا ہے جیسا جیسا چت ہے ویسی ویسی شکتی ہے ایک چھن میں چت
میں جگت بھرم ہوتا ہے ایک چھن میں کلپ اور سمپورن جگت بھاسنے لگتا ہے اور کسی کو بدھی سے
بھاستا ہے جب مرنے کی مورچھا ہوتی ہے تو نانا پرکار کا جگت اُس کو پھر آتا ہے اور جیسا سنکلپ ہوتا
ویسی ہی سرشٹی بھاستی ہے جیسے مہاپرلے کے پشچات اویراٹ برہما ہوتا ہے ایسے مرت کے پشچات
اس کو ابھو ہوتا ہے یہ بھی ویراٹ روپ ہے اس کا من روپی شریر ہے رامچندر جی بولے کہ ہے بھگون
مرت کے پیچھے جو سرشٹی بھاستی ہے وہ بنا سمرن کے نہیں ہوتی اور جو مرت کے پشچات بھاسی سو کارن
روپ ہے بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی جب مہاپرلے ہوتی ہے تب سب بدھ مکت ہوتی ہیں۔ پھر
مرتی کا سمبھو کیسے ہو اس کال میں جو جیو ہیں ان کا جنم مرن سمرتی کارن سے ہوتا ہے کیونکہ موکش کا ابھاو
ہے جب یہ جیو مرت ہوتے ہیں تب مرت کی مورچھا ہوتی ہے مورچھا کے کارن اس کا سب اکاش
روپ ہوتا ہے گیان سے نہیں ہوتا اس کارن پھر چت سمبیدن پھر آتا ہے جب جگت پھر آتا ہے جب تو وہ
ہوتا ہے تب تن ماترا الگ کریا بھاو ابھاو استھاور جنگم جگت سب اکاش روپ ہو جاتا ہے اگیانی کو مرت
کی مورچھا کے پشچات جگت پھر آتا ہے اُس سے اندی شریر بھاش آتے ہیں تب بھی وہ مول میں
انت واہک شریر ہی میں اگیان سے اور چر کال کے ابھیاس سے وہ ادہی بھوتک ہو کر بھاس آتا ہے تب اس
کو دیس کال کریا آدک سب دیکھتے ہیں اس سے جانتا ہے کہ میں یہاں اُتپت ہوا ہوں سو متھیا بھرم سے
اپنے آپ کو اُتپت ہوا دیکھتا ہے ہے رامچندر جی جہاں یہ جیو مرت ہوتا ہے وہاں جگت بھرم دیکھتا ہے اور
مول میں جیو بھی اکاش روپ ہے اور جگت بھی کیول اگیان آپکو اُتپت ہوا مانتا ہے اور پھر جگت بھرم
دیکھتا ہے جس سے کہتا ہے کہ یہ پربت ہے یہ سورج چندرماں تارا گن ہیں اور جرا مرن روگ سے بیاکل

ہوتا ہے اور ہونا نہ ہونا استھول سوکشم چراچر پرتھوی - ندی - بھوت - بھوشت - برتمان آدک سب جگت جال دیکھتا ہے اور نشچے جانتا ہے کہ میں اوتپت ہوا ہوں اور بھائی - بند ہو ماتا - پتا کل پروار دھن سمپت آدک باسنا ہیں وکھی ہوتا ہے اس پرکار جگت کلپنا ایک ایک جیو کو ہوئی ہے ہے رامچندر جی سنسار ایک برکش ہے چت اُس کا بیج ہے تار اگن اُس کے پُشپ ہیں اور میگھ چنچل پتر ہیں اور جنگم جیو پھل - دیوتا آدک اس برکش کے پتروں پر بیٹھنے والے پکشی ہیں اور رات اس کی جڑ دھول ہے سمندر اس کا تال اور باوری ہے اور پربت سل پٹی ہے اور ابھور وپی انکر ہے جہاں یہ جیو مرتا ہے وہاں چہن میں ایک ایک کو انیک جگت بھاستے ہیں کتنے ہی کوٹ برہما بشنو اور اندر سورج ہوئے جہاں سرشٹی ہوتی ہے وہاں یہ سب ہوتے ہیں - چدانو میں انیک سرشٹی ہیں اور انگنت جیو ہیں جب چدانوں میں سرشٹی کا انت نہیں پھر برہمہ میں انت کہاں سے آدی مول کچھ نہیں اور منن اور سمرن بھی چداکاش روپ ہے اور چداکاش ہی منن اور سمرن ہے جیسے ترنگ جل سے بھن نہیں جیسے یہ من اکاش نانا پرکار ہو کر بھاستا ہے ایسے ہی چداکاش روپ بھاستا ہے اور نرگُن نراکار روپ بھاستا ہے اسی کارن لیلا اور سرستی اکاش روپ سربگیہ جاننے والی سوکشم نراکار نہیں جہاں ان کی اچھیا ہو وہاں چلی جاویں کیونکہ جس نے اپنے آپ کو چداکاش نشچے کر لیا اور جگت کا بھاؤ ہو گیا ہے اس کو کوئی روک نہیں سکتا جو سرب روپ ہو کر استھت ہوا اس کے مندر میں پرویش ہونے کا اشچرج کیا ہے وہ انت بابک روپ ہیں ؂

انتیسواں سرگ

راجا پدم کو اُپدیش گیان کا

بششٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی جب دونوں دیوی راجا کے مندر میں پرویش ہو کر سنکلپ سے سنگھاسن پر بیٹھیں تو مندر میں بڑا پرکاش ہوا اور اُن کے پربھاؤ سے راجا کا اوپر امرت کی برکھا ہوئی راجا نے ہاتھوں میں پُشپ لیکر ہاتھ جوڑ کر ان دیویوں کے چرنوں میں چڑھائے اور پدم آسن پر بیٹھ ڈنڈوت کر بولا ہے دیوی تمہاری جے ہو تم دکھ کی شانتی کو چندرماں اور پتر اگیان کے دور کرنے کو سورج اور منتری آدک جو سوئے پڑے تھے اُٹھے اور دیویوں کو ڈنڈوت کر پُشپ چڑھا راجا کے

پاس بیٹھ گئے۔ تب سرستی کہنے لگی کہ ہے راجن تو کون ہے کس کا پتر ہے اور کب سے جنم لیا ہے منتری نے کہا کہ ہے دیوی راجہ کا کل اور جنم میں کہتا ہوں کہ اکشواک کل میں ایک راجہ شتر یان کند رتھ نام تھا اُس کا پتر بُدرتھ تھا اس کا بسورتھ تھا اس کا کلا رتھ تھا اس کا بنیہ رتھ اس کا یہ پدورتھ ہے دس برس کی عمر میں اس کا پتا راج دیکر بن کو چلا گیا اُسدن اُس راجہ نے دھرم کی مرجاد سے پرتھوی کی پالنا کی اور بڑے بڑے یگ کیئے جن کے پھل سے تمہارے درشن ہوئے ہیں یہ کہکر منتری مون ہو گیا تب دیوی نے راجا کے سر پر انوگرہ کا ہاتھ رکھ کر کہا کہ ہے راجن تم اپنے جنم کو گیان سے دیکھو کہ تم کون ہو جو کہ راجا کا انترا گیان دیوی کے ہست کمل سے نرورت ہو گیا تھا اور ہردہ کمل ہو گیا تھا راجہ کو اپنے پورے جنم کی گیات ہو گئی۔ بولا کہ ہے دیوی بڑا اشچرج ہے کہ یہ جگت من سے رچا ہے بنے تمہاری کرپا سے جانا کہ میں پدم تھا۔ اور لیلا میری استری تھی ایکدن میں نے جانا کہ میں مرت ہو گیا ہوں اور میں یہاں سو برس کا ہوا ہوں اب میں پرتکش جانتا ہوں کچھ بھرم نہیں ہے مجھکو اپنی بال اوستھا اور جوا اوستھا اور برد ھاپائی بندھ ماتا پتا سب جانے پڑتے ہیں سرستی بولی کہ ہے راجن مرتیو کے موہ چھاکے پشچات دوسرا لوک دکھلائی دیتا ہے اور ایک گھڑی بہت برسوں کی دکھلائی پڑتی ہے جیسے سُپن میں ایک گھڑی برسوں کی جانی پڑتی ہے ہے راجن تم پدم راجہ تھے تمہاری مرت کو ایک مہورت بیتا ہے اور یہاں بہت برس بیتت ہوئے پرتیت ہوتے ہیں ایک پرانا اتہاس سنو کہ ایک پربت کی گاؤں میں ایک بسشٹ برہمن اور اُس کی استری ارندھتی رہتی تھی اُس نے مجھ سے بر مانگا تھا کہ جب میرا بھرتا مرت ہو اس کا جیو اسی منڈپ اکاش میں رہے جب وہ مرت ہوا اوسکی باسنا اوسی گھر میں رہی جو کہ اوسکی باسنا راج کے بھوگنے میں تھی اسکو پدم راجا کی سرشٹی پھر آئی اور پشچات ارندھتی بھی مرت ہوئی سو وہ لیلا نام رانی ہو کر تجھ کو ملی۔ اور پدم کا منڈپ اس برہمن کے منڈپ اکاش میں استھر ہو آیا پھر اوسی منڈپ میں راجا پدم نام مرت ہوا تب نانا پرکار کی سامگری سہت یہ جگت اور راج تجھکو بھاس آیا ہے راجن یہ تیرا جگت پدم راجہ کے ہردے میں پھر آیا ہے سو وہ بھی بسشٹ جی برہمن تم راجا پدم ہوئے ہو یہ سب جگت من کی کلپنا سے بھاستا ہے پدورتھ بولا کہ بڑا اشچرج ہے کہ مجھکو اپنا جنم اور ماتا پتا راج آدک سب ایسا پرتیت ہوتا ہے کہ سو برس بیتت ہو گئے ہیں اور اب تم دیوی نے جو میرے سیس پر ہست کمل اپنا رکھا اُس سے مجھ کو گیان ہوا اور میرا سب سنتاپ دور ہو کر نرمل سُکھ روپ پد کو پراپت ہوا ہوں سرستی بولی کہ ہے راجن جو کچھ تم کو بھاستا ہے وہ بھرم ماتر ہے اور یہ بیوہار کی

مرت کی مورچہا کے پشچات کبھی وہی پہلا جگت بہاستا ہی اور کبھی دوسری پرکار کا بہاستا ہے
سو وہ کیول من کی کلپنا سے ہے نہیں تو آست روپ ہے اگیان ست بہا س رہا ہی سُپن میں اور
اس جگت میں رنچک ماتر بھید نہیں ہی سو ہے ارجن یہ متھیا کلپنا جگت کی اگیان سے ہوئی ہے
نہ تو مرا ہے نہ جیا ہے شُدھ بگیان شانت روپ اپنے آتم پد میں استھر ہے جن پُرشوں جگت بھرم
بششٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی اس راکھشنی نے میگھ کی تل گرج کر کہا کہ اے تم کون ہو بدھیوان ہو اتھوا مورکھ کہاں سے آئے ہو میں تمکو کھاؤنگی وے بولے اری تجھ شریر تو کہاں رہتی ہے تجھکو ہم سے کچھ بھے نہ ہوگا یہ شریر تیرا مایا ماتر ہے تیرا جو کچھ پریوجن ہو برنن کر ہم پورن کرینگے تب راکھشنی ڈران کے ڈرانے کو کنٹھ اور ہاتھ بڑھا پرلے کال کے میگھ کی نیائیں بجلی سے نیتر چمکا گرج کر شبد کیا راجا اور منتری اس کے بھیانک روپ سے بھے مان نہ ہو کر منتری نے کہا راکھشنی تو بھیانک شبد کیوں کرتی ہے بدھوان پرش اس ارتھ کو گرہن کرتے ہیں جو ابناشی بھوت ہوتا ہے ہم تیرے بشے بھوت نہیں ہیں تجھ سے پہلے ہم نے سہسروں مار ڈالے ہیں سو تو اپنا پیچ سوبھاؤ تیاگ کر چت کو استھر کر کے اپنا پریوجن کہہ جب راکھشنی سمجھی یہ تو اودار آتما اور اچل اچاری اور گیانوان اور ابناشی پرش برہمستا ہیں آتہت ہیں اور پھر یہ سمجھ کر کداچت اگیانی ہوں پوچھا کہ تم کون ہو اور کیا تمھارا اچار ہے منتری نے کہا کہ یہ راجا کرانت دیس کا اور میں اس کا منتری ہوں اور ہمارا اچار دشٹوں کے ناش کرنیکا ہے جو جیو دھرم کی مریادا کو تیاگنے والے ہیں ہم ان کا ناش کیا کرتے ہیں ۔ راکھشنی بولی ہے راجن یہ تیرا منتری دشٹ آتما ہے جس راجہ کا ایسا منتری ہو وہ راجہ بھی بھلا نہیں اور جس کا منتری اچھا ہو اسکی پرجا بھی شانت وان ہوتی ہے منتری وہ ہی بھلے ہیں جو راجہ کو نیائے اور بیبیک میں پریرنا کریں سب گنوں میں آتم گیان ہی جو آتما کو جانتے ہیں وہی راجا اور وہی منتری اچھے ہیں کہ جس میں پربھوتا اور سم درشٹا ہو اور جو اسکے پریت ہیں وہ راجہ ہیں نہ منتری ہے راجن جو تم گیانی ہو تو کلیان روپ ہو اور اگیانی ہو تو میں تم کو کھاؤنگی سو تمھارے بچنے کا یہی اپائے ہے کہ جو میں تم سے پرشن کروں اس کے اتر بھلی پرکار دو پھر جو میرا پریوجن ہوگا کہونگی تم پورن کرنا اور جو تم پرشنوں کا اتر نہ دوگے میں تمکو کھاؤنگی ۞

پچپنواں سرگ

راکھشنی اور راجہ کے پرشن اوتر

بششٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی راکھشنی کے بچن سنکر راجہ نے کہا کہ تو پرشن کر میں اتر دوں گا

راکھشسنی نے پرشن کیا کہ وہ ایک گن کون سا ہے جس میں انیک پرکار ہوئی ہیں اور پاپ کے انیک نام ہوئے ہیں اور وہ کون سے گن ہیں جس میں انیک برہمانڈ ہوتے ہیں وہ کون[1] اکاش ہے جس میں چل نہیں وہ کون[2] انو ہے جس میں تیرا اور میرا اہنکار پھرتا ہے وہ کون[3] انو ہے جو نہ نشچت ہے نہ انشچت اور ابہنگ ہے تم (میں اور تو) ایک میں جتاتے ہیں سو کون ہے وہ کون[4] ہے جو چلا جاتا ہے اور کداچت نہیں چلتا وہ کون[5] ہے جو نشٹ ہی ہے اور پرنشٹ ہی ہے وہ کون[6] ہے جو پاشان کے تلیہ ہے وہ کون[7] ہے جس نے اکاش میں چتر کاری کری ہے وہ اگنی کون سی ہے جس کو سامرتھ داہ کی نہیں اور اگنی روپ ہے وہ اگنی کون سی ہے جس سے اگنی اوتپت ہوئی ہے وہ کون[12] انو ہے جو سورج اگنی چندرماں تارا گن کے پرکاش سے نیارا اور ابناشی ہے وہ کون[13] ہے جو نیتروں سے نہیں دیکھا جاتا اور پرکاش وان اور سب پرکاش کو پرگٹ کرتا ہے وہ کون[14] پرکاش ہے جو پشپ اور پھل کو پرکاش کرتا ہے اور جنم کے اندھے کو بھی پرکاش دیتا ہے وہ کون[15] انو ہے جو اکاش آدک بھوتوں کی اتپتی کرتا ہے وہ کون انو ہے جو پاتر سے پرکاشمان ہے وہ برہمانڈ روپی رتن کا خزانہ ہے وہ کون انو ہے جس میں پرکاش اور تم اکٹھے رہتے ہیں وہ کون[19] انو ہے جس میں ست اور است دونوں ایک استھان میں ملکر رہتے ہیں وہ کون انو ہے جس میں سومیر آدک پربت سمائے ہیں وہ کون انو ہے جس کے نمکھ میں کلپ اور کلپ میں نمکھ ہے وہ کون پرتیکش اور گپت روپ ہے وہ کون ہے جو ست اور انوپ روپ ہے وہ کون چیتن ہے جو اچیتن ہے وہ کون ہے جو پایو ہے اور نہیں ہے وہ کون ہے جس کا شبد روپ نہیں ہے وہ کون ہے جو سرب اور نس کنچت ہے وہ کون ہے جس میں اہنکار نہیں ہے اور ہے وہ کون انو ہے جس میں سومیر آدک تینوں بھون ترن کی سمان ہیں وہ کون انو ہے جو انیک جوجن کو پورن کرتا ہے وہ کون ہے جسکے دیکھنے سے جگت پھر آتا ہے وہ کون انو ہے جسکو انیک جنموں کے جتن اور پرشارتھ سے پاتا ہے اور پاکر کہتا ہے کہ کچھ نہیں پایا اور سب کچھ پایا وہ کون انو ہے جو انوتا کو تیاگ کر بنا سمیر آدک کے استھول اکار کو پراپت ہوتا ہے کون انو ہے جو ایک بال کا سوان بھاگ سومیر سے بھی اونچا ہے وہ کون انو ہے جس میں سب انبھو استھت ہے وہ کون انو ہے جو اتینت کو سواد ہے اور آپ ہی سو سواد ہوتا ہے وہ کون انو ہے جسکو اپنے ڈھانکنے کی سامرتھ نہیں ہے اور سب کو ڈھانک رہا ہے وہ کون انو ہے جس میں انیک جگت استھت ہے وہ کون انو ہے جس میں پھل پشپ آدک

بنا اونچے لگے ہی بہا سیں وہ کون منش ہے جس میں بہت سے کلپ استھت ہیں وہ کون انو ہے جن کا شریر کوئی نہیں ہے اور سب شریروں کو دھارن کر رہا ہے وہ کون انو ہے جو پرپوچن اور کرنب سے رہت ہے اور پرپوچن دکرتب وان کے پرکار استھت ہے وہ کون ورشٹا ہے جو درشیہ سے ملکر درشیہ ہوتا ہے وہ کون ہے جو درشیہ کے نشٹ ہوئے ہی آپ کو اکیلا دکھائی دیتا ہے وہ کون ہے جس کے جاننے سے درشٹا درشن ج درشیہ تینوں لین ہو جاتے ہیں جیسے سورج کے جاننے سے بھوشن بھاو لے ہو جاتا ہے وہ کون ہے جس سے بنیارا کچھ نہیں جیسے جل سے ترنگ بھن نہیں وہ کون ہے جو دیش۔کال۔بستو کے پرچھید سے رہت است کے تل استھت ہے وہ کون ہے جس سے دویت بھی بنیارا نہیں وہ کون ہے جس کے دیکھنے سے ستا استا سب لین ہوتا ہے وہ کون ہے جس میں بھرم روپی اگنت جگت استھت ہے جیسے بیج میں برکش بیج تا ہے وہ کون ہے جو سب سے بھن تت ہے وہ کون ہے جو ستا استا روپی آپ ہی ہوا ہے وہ کون ہے جس میں تانت بھی سو بیر پربت کے تل استھول ہے جس میں کوٹ برہمانڈ ہیں سو ہے راجن جو تم نے اس الو کو دیکھا ہو تو کہو اور میرا سندیہ دور ہو جس سے سندیہ بزورت نہ ہو سکے اس کو پنڈت کہنا نہ چاہئے اور گیا نوان کو میرے پرشنوں کا اُتر دینا سگم ہے اور جو تم پرشنوں کا اُتر نہ دوگے میں تم کو اور تمہارے منتری کو اور سب پرجا کو کھا جاؤں گی کیونکہ مورکھ پاپیوں کا مارنا ہی جوگ ہے لبشسٹ جی بولے کہ اس پرکار پرشن کر کے راکھشنی مون ہو گئی۔

چھتواں سرگ

راجہ کرانت دلش کے اُتر راکھشنی کے پرشنوں میں

لبشسٹ جی بولے ہے رامچندر جی منتری نے راکھشنی سے کہا کہ ہے راکھشنی اب میں تمہارے پرسنوں کا جو برہمانڈ کے ہی سب پرشن ہیں اب ہی اُتر دیتا ہوں شروان کرو ہے راکھشنی جو سب اندریوں کا بشے نہیں اور اگم ہے اور من کی چنتنا سے رہت ہے ایسے ستا چن ماتر ہے اور اکار ہی سو کم کہلاتا ہے اس الو میں ست اور است کے تل جگت استھت ہے اس ہی میں چدانو جب سنکلپ سمبیدن پھرتا ہے تب وہ ہی سمبیدن ست است جگت کے تل بھاستا ہی اس لئے چیت کہتے ہیں اور

سرشٹی سے پہلے اس میں کچھ نہ تھا اس کارن لش لچھن کہلاتا ہے اور اندریوں کا بشے نہیں اس لئے
کنچت نہیں ہے اور وہ ہی چدانو سب کا آتما ہے اس سے اننت ہوگیا پُرش کنچن انو ہے اس سے
ہین نہیں اور وہ ہی چدانو پرم اکاش روپ ہے جو اکاش سے بھی سوکشم اور من بانی سے پرے ہے وہ آتما
ہے شونیہ کیسے ہو سکتا ہے است کو جو شونیہ کہتے ہیں وہ مورکھ ہیں کیونکہ است بناست کے پرتیت نہیں
ہوتا جسکے سہارے سے است ہی شدہ ہوتا ہے سو ست ہے اور ہی چدانو پانچ کوشوں میں کپور کی تل
چھپتا نہیں پرگھٹ ہوتا ہے اور وہ ہی چنماتر ست روپ ہے کنچت اور اچنت چنماترا اور نرمل ہے اسی چدانو میں
پھرنے سے سب جگت استھت ہے سمدر کی ترنگ کی نیائیں چدانو میں انیک جگت اُتپت ہو کر اسی میں
لے ہو جاتی ہیں اور چدانو اندریوں سے اتیت ہے اس کارن شونیہ کہلاتا ہے اور اپنے آپ ہی پرکاش کرتا ہے
اس لئے شونیہ نہیں ہے اور ہے رکھشی میرا اور تیرا (آہنگ) ایک ہی آتما ہے سو (میں) اور (تو) ایک آتم تتو ہی
ہے اسی چدانو سے برہم روپ ہوتا ہے اور اسی گیان میں (میں) (تو) کا اکشر لین ہوتا ہے (برہم) روپ
بھی وہ ہی ہے اور وہ ہی چدانو انیک جتنوں سے نہ جاتا ہے اور کداچت چلایمان نہیں ہوا کیونکہ سمیت
اننت روپ ہے جو جتنوں کے سموہ اس کے بھیتر ہیں نہ کوئی آتا ہے نہ جاتا ہے پنچ اکاش گرش میں سب
دیش کال استھر ہیں جس میں سب کچھ ہوا اسکی پراپتی باستو میں کیا ہو یہ جتنا جگت ہے وہ آتما ہے پھر آتما کہاں
جاوے جیسے ماتا کی گود میں بالک ہو تو وہ ڈھونڈنے کہاں جاوے (دیہی) کی اپیکشا سے چلتا ہوا دکھتا
ہے جیسے گھٹ اکاش سب میں استھت ہے اور گھٹ کو ایک استھان سے دوسرے استھان میں اٹھا لیجائیں
اور گھٹ میں اکاش استھت ہے تو گھٹ گیا اکاش نہیں گیا گھٹ کی اپیکشا سے اکاش ہو جاتا ہوا دکھتا
ہے پرنتو گھٹ اکاش نہیں گیا کیونکہ اکاش میں سب دیس کال استھت ہے ایسے آتما برہم اور گیان سے
تو جاتا بھاستا ہے اور مول کہیں نہیں جاتا آپ میں سدا اچل روپ استھر ہے اس ہی چنماتر پرماتم میں
سمیدان کار رچے ہیں اور انت سے رہت ہیں اور وہ ہی چدانو اگنی وت پرکاشوان ہے اور جلاتا نہیں
ہے اگنی بھی اس سے اتپت ہوئی ہے اگنی بھی پرے ہیں سب اس میں لے ہوتی ہیں سدا پرکاش اور
گیان روپ اور اکاش سے بھی نرمل ہے اور سب کو ستا دینے والا ہے سورج آدک سب اس سے ہی
پرکاشوان ہیں اسکو کوئی چھپا نہیں سکتا وہ چدانو بنا نیتروں کے دکھلائی دیتا ہے ایسا ہر وہی کے
مندر میں آتما کا دیپک اتینت پرم پرکاش روپ ہے اور من اور اندریوں کا بشے نہیں ملتا پشچ

پھل آدک سب کا کاٹنے والا اور ابہو کرنے والا وہی ہے کال۔ اکاش کریا آدک پدارتھوں کو ستا
دینے والا وہی چدانو ہے اور سب کا سوامی اور پتا ہوگتا وہی ہے سدا کرتا ابھوگتا روپ ہے کنچن روپ ہے
جگت کا دھارنیوالا ہے کنچن کر کے جگت کی مہان بھاستا ہے اور جبتک پہچانتے نہیں نہ آوے دور ہی
وہی ہے اور گیان ہونے سے نکٹ بھی وہی ہے اور اگیان کال میں پرے سے پرے ہے گیان سے پرکاش
روپ اور اگیان سے تم روپ وہی ہے اور اسی چدانو میں سمبیدن کے کارن سے سمیر آدک استھت
ہیں سو جو جگت بھاستا ہے سمبیدن کے پھرنے سے آکار ہو کر بھاستا ہے جہاں ملش کا سمبیدن پھرتا
ہے ملش کہلاتا ہے جہاں جگت کا سمبیدن پھرتا ہے وہاں کلپ کہتے ہیں جگت کریا آدک کلپ
بلاس سب ملش میں پھر آتے ہیں جیسے من کے پھرنے سے جو جیوں تک پرش بھاس آتے ہیں
جیسے چھوٹے درپن میں بڑے کا پرتیبمب سما جاتا ہے اس جگت کا سروپ کچھ نہیں ہے سمبیدن
سے دو بیت بھرم روپ ہو کر بھاستا ہے ہے راکھشنی دیکھ کہ ایک چھن کے سپن میں ست است جگت
پھر آتا ہے اور یہ دیکھتا ہے کہ بہت برسوں رچنا ہو رہی ہے جو پرش دکھی ہیں ان کو تھوڑا کال
بہت بھاستا ہے اور جو سکھی ہیں انکو بہت کال تھوڑا جان پڑتا ہے اور ست ہی است کے تل
بھاستا ہے اور مول میں نہ ملش ہے نہ کلپ ہے نہ دور ہے نہ نکٹ ہے سب چدانو کا بھاس ہے

ستاونواں سرگ

راکھشنی کے پرشنوں کے اتر

بسشٹ جی بولے کہ پھر راجہ نے کہا کہ ہے راکھشنی یہ جو جاگرت جگت کی پرتیت ہوتی ہے سو اس
کا ابھاؤ آتما کی پراپتی سے ہوتا ہے اور آتما کی پراپتی جب ہو سب سنکلپ نشٹ ہو جاویں۔ آتم ستا
میں سمبیدن پھرنے سے جگت بھاستا ہے اور سمبیدن کے سنکوچ سے سرشٹی کا پرلے ہوتا ہے
اس کا ادھشٹان روپ آتم ستا ہے جسکو بیدانت کے بچن جتاتے ہیں راکھشنی چدانو کے سمبیدن سے
بایو روپ ہوا ہے اور بایو اس میں اتینت بھرانتی ماتر ہے کیونکہ وہ کیول شدھ چنماتر ہے جب اس میں
شبد کا سمبیدن پھرتا ہے تب شبد روپ ہو کر بھاستا ہے سو اس میں شبد روپ بھرانتی ماتر ہے
اس لئے اس میں شبد اور شبد ارتھ کا دیکھنا پرے سے پرے ہے کیونکہ کیول چنماتر ہے اسمیں ایں ارتو

کچھہ نہیں اس کارن پھر تاہی جگت کا کارن ہے اور وہ اینک جتن سے ملتا ہے سو ہی آتم ستا ہے
جب اسکو پاتا ہے تب اسنے کچھہ نہیں پایا اور سب کچھہ پایا پایا تو اس کارن نہیں کہ اس کے آگے بھی
اپنا آپ تھا اور سب کچھہ اس کارن پایا کہ آتما کے پانے سے اور کچھہ پانا نہیں رہتا چدانو سمبیدن کے
کارن آپ کو درشیہ میں پرتیت کرتا ہے سو تینوں بھون ہیں سورج کی کرنوں کے تل اتہت
ہوتا ہے اور مول ماتر ہی یہ سب جگت بھرم اور سنکلپ ماتر ہے چدانو پرمانو سے بھی سوکشم ہے اسنے
ہی جگت کو پورن کیا ہے اس میں سمبیدن سے جگت کی رچنا مایا ماتر ہوئی ہے دیس کال بستو سے
آتما ستا کو کچھہ پریوجن نہیں ہے اس کارن سومیر آدک سے بشیش استھول ہے اسکے سنمکھہ
سومیر آدک ترن کی نیائیں ست چدانو بایا کی کلا سے بھی سوکشم ہے اسی کی ستا سے سورج آدک
کا پرکاش ہوا ہے اور یہ جو سورج چندرماں اگنی آدک کا پرکاش ہے سو تم سے ملے ہوئے ہیں کیونکہ
یہ شبد روپ ہیں اس کارن تم روپ میں آتم ستا تم اور پرکاش دونوں کو پرکاشتی ہے جیسے دن
اور رات دونوں سورج سے سدھ ہوتے ہیں آتما کا پرکاش سدا اکھنڈ روپ ہے اور اس ایک چدانو سے
اینک انو ہوتے ہیں کئی ہو چکے ہیں کئی ہوتے ہیں کئی ہوں گے آتما میں تینوں کال کی سرشٹی برتتی
ہے چدانو آتما اوداسین ہی اور سب سے نیارا ہے جو کہ جگت کی ستا اسی سے پرگھٹ ہوتی ہی اس کارن
سبکا سوامی ہے اور سبکے اپنا آپ ہے اس سے اور سب کو بھوگتا ہے نہ کچھہ اپجا ہے نہ لین ہوتا ہے۔
چنماتر ستا سدا اپنے آپ میں استھت ہے اور اکھنڈ اور سوکشم ہے اس کارن کسی سے اسپرس نہیں
جو کچھہ جگت مایا روپ ہوکر دکھلائی دیتا ہے سو آتم روپ ہے آتما اور جگت میں کچھہ بھید نہیں کہنے
ہی ماتر دو نام ہیں جتنے سواد ہیں سب کا اتپت کرنیوالا چدانو ہے وہ کسی سے نہیں چھپا وہ سب کو
چھپا لیتا ہے اور سب کو ستا دینے والا ہے سدا پرکاش روپ ہے پرنتو مورکھوں کو نہیں بھاستا ہے
ہے راگھشنی جب دویت بھاؤ ہوتا ہے تو ایک بھاؤ بھی ہوتا ہے جب دویت نہ ہو تو ایک کیسے
کہا جاوے جیسے دھوپ کی اپیکشیا سے چھایا اور چھایا کی اپیکشیا سے دھوپ ہے ایسے ایک سے دو
کہے جا سکتے ہیں آتما اس کلپنا سے رہت چنماتر روپ ہے اور جگت بھی اس سے نیارا نہیں نہ کچھ
بھید ہے جیسے جل اور ترنگ میں کچھہ بھید نہیں جب گیان ہوتا ہے دویت نہیں بھاستا کیونکہ
دویت بھاؤ اگیان سے ہوتا ہے جب اگیان نشٹ ہوا دویت کا بھی ابھاؤ ہوا دویت کا ادویت

جاننا ہی دکھ کا کارن ہے ان دونوں کی کلپنا سے رہت ہونے کو ہی پرم پد کہتے ہیں اور درشٹا روپ جگت چدانو میں اسہت ہی بڑا اشچرج ہے کہ مایا سے چد پرم انو میں ترلوکی سناتن سے استھر ہے جیسے بیج میں برچھ پشپ۔ پھول۔ پتر۔ ساکھا سمبت استھت ہیں مول دویت روپ نہ اودویت نہ بیج ہے نہ برچھ نہ سوکشم نہ استھول نہ کچھ اُتپت ہوا نہ ناش ہوتا ہے نہ انششٹ ہے نہ نشٹ کیول چد آنند آتم ستا اپنے آپ میں استھر ہے جیسی جیسی بھاونا ہوتی ہے ویسی ویسی ہو کر بھاستی ہے ہے راکھشنی جگت کی رچنا کچھ اودے نہیں ہوئی پرنتو بنا اودے ہونے کے ہی سمبیدن کے پھرنے سے بھاستی ہے اور چدانو درشیہ اور من سمیت چھ اندریوں کا بشے نہیں اس کارن بال سے بھی سوکشم اور پتلا ہے اور اس میں اننت سمیر آوک استھت ہیں جسکو آتما کا بودھ ہوا ہے اس کو جگت سوشپتی کی پرکار بھاستا ہے۔

اٹھاونواں سرگ

راکھشنی کا جیووں کی ہنسا چھوڑ دینا اور سوکشم شریر دھار کر راجا کے گھر آنا اور چور چانڈالوں کا بھکشن کرتے رہنا اور اسکی پوجا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی راکھشنی نے راجا کے بچن سنکر جیووں کا مارنا چھوڑ دیا اور سپھل ہردے ہو کر بسرام پایا اور پرم آنند ہوئی اور کہا کہ ہے راجہ تم نے مہا پاون بچن کہے تمہارا بودھ ہی نرمل پورنماشی کے چندرماں کا سا شیتل اور امرت سے بھرپور شدھ پرکاش روپ جانا جیسکی پرشس جگت میں پوجنے کے یوگ ہیں او رسنتوں کی سنگت سے بدھی سکھ پاتی ہے اور دکھ دور ہو جاتے ہیں ہے راجن اس بن میں اپنے آنے کا نام پریوجن کہو راجہ بولا کہ میرے نگر کے منشوں کو بشوچکا بیماری روگ لگا ہے اس سے وہ بہت کشٹ پاتے ہیں اوپا بھی بہت کیا پرنتو روگ دور نہیں ہوتا سُنا ہے کہ ایک راکھشنی جیووں کو بہت دکھ دیتی ہے اور اُس کا ایک منتر بھی ہے جس سے روگ جاتا رہتا ہے سو میں اُس کے ڈھونڈنے کو راتری کے سمے بیر جاتر کو نکلا ہوں جو وہ تو ہی راکھشنی ہے تو میرا تیرا سمباد بھی ہو لیا ہے پر انیوں کا دکھ دینا اور مارنا چھوڑ دے راکھشنی بولی کہ ہے راجن تم نے ست کہا اب میں نے یہ پاپ کرم چھوڑ دیا اب کسیکو دکھ نہ دونگی راجہ بولا کہ ہے راکھشنی تیرا بھوجن تو جیو ہے تیرا نرباہ دور

پالنا کیسے ہوگی راکھشنی نے کہا کہ میں سہنسروں برس تک سمادھی میں رہی جب سمادھی کھلی جب
ہی چھداوان ہوئی اب میں پھر ہمالیہ میں جاکر سمادھی لگاؤں گی جب سمادھی سے اُٹھونگی تو امرت
کی دھارنا میں بسرام کرونگی جب اس سے بھی اترونگی تب شریر تیاگ دونگی پر تتو ہنسا نہ کرونگی
اور جس پرکار میں نے اہنسا دھرم کو انگی کار کیا تھا وہ کہتی ہوں سنو اور سب برتانت اپنا جیسا
اوپر کہا گیا کہہ دیا) اور کہا کہ جو (اہنسا) شتر (اوپر کہا گیا اکیاونوے سرگ میں) کا ہے راجن تم
اُپدیش سب کو کہدو تو سب کے روگ دور ہو جاویں گے اور راکھشنی نے وہ منتر راجا اور منتری سہت
ندی کے کنارے جاکر اور پوتر پاون ہو کر راجہ کو اُپدیش کیا جب راکھشنی وہاں سے چلنے لگی راجہ
نے کہا کہ ہے دیوی تم میری گرو ہے میری پرارتھنا کو انگیکار کرو کہ تم استری کا لگھو شریر دھارن
کرکے سندر ابہوشن بستر پہن کر کچھ کال میری نگری میں نواس کرو راکھشنی بولی ایسا ہی کرونگی
پر تتو تم مجھے بھوجن نہ دے سکوگے میرا سوبھاو راکھشنی کا ہے تھوڑے بھوجن سے میرا پیٹ تنشوں کے
سمان نہیں بھرینگا کیونکہ سوبھاو پلٹتے نہیں ہیں راجہ نے کہا کہ تم لگھو شریر دھار کر میرے نگر میں
رہو جو چور چانڈال کرم آویں گے وہ تجھ کو دیا کرونگا تم راکھشنی شریر دھار ایکانت میں بیٹھ بھوجن
کر ترپت ہو جایا کریو پھر سو رہا کریو جب جاگا کرو سمادھی لگادیا کرو اتنے کال میں ہم پھر چوروں کو اکٹھا
کر رکھا کریں گے ہمالہ پربت پر لے جاکر بھکشن کر لیا کرو ایسے ہی کرتی رہیو جو ہنسا دھرم کے ارتھ ہے
وہ ہنسا پاپ نہیں ہوتی کیونکہ پاپیوں کے مرنے سے وہ پاپ سے چھوٹ جاتے ہیں راکھشنی بولی
اچھا ایسا ہی کرونگی اور سندر استری کا روپ دھر بستر ابہوشن سندر سندر دھارن کر راجہ کے ساتھ چلی
وہی راجہ اپنی نگری میں لایا اور جو شیش رات رہی تھی تینوں نے ایکانت استھان میں بیٹھ کر چالیس
کالی جب پربھات ہوا راکھشنی سُندر منوہر استری راجہ کے مندر میں پرویش ہو سب پورا استریوں کے
کرنے لگی جب چھ دن بیت ہوگئے راجہ نے تین سہنسر چور کر کنٹی کو دیئے اُس نے راکھشنی شریر دھار
ہمالہ پربت پہ لیجا کر سب ہی بھکشن کر لیئے اور سو رہی جب سو کر اُٹھی سمادھی لگادی پانچ برس کی پشچات
سمادھی کھولی تب راجہ کے پاس پھر آئی راجہ نے اوسکی پوجن کری اسی پرکار راجہ کرتا رہا جب بہت برس
بیت گئے راجہ کا شریر چھوٹ کر بدیہہ مکت ہو گیا پشچات جو کوئی وہاں کا راجہ ہوتا رہا راکھشنی کی پوجا
اسی پرکار کرتا رہا۔

اونسٹھواں سرگ

کندر دیبی اور منگلا دیوی کا استھاپن اور پوجا کا کرنا راجہ کرانت دیس کا

بشِشٹ جی بولے ہے رامچندر جی ایسے ہی اسکو وہاں انیک برس بیتت ہوگئے تو کرانت دیس کے راجہ نے اُس کی مورتی دکھ دور ہونے کے نمت اونچے استھان پر استھاپن کرکے ایک نام کندر دیوی اور دوسرا نام منگلا دیوی رکھا اور اس کا دھیان کرکے پوجا کرنے لگی اُس پرنتاں میں اُس دیوی نے نواس کیا جو کوئی جس کسی کارج کے لئے اس کی پوجن کرے وہ سدھ ہو جاوے اور جو پوجن نہ کرے اسکو دکھ دیوے جو کوئی کسی کارج کا ارنبھ کرے پرتھم منگلا دیبی کی پوجن کرے تو سدھ ہو اور بدھی پوربک پوجن کرنے سے وہ دیبی پرسن ہوتی ہے رامچندر جی وہ پرتما اس دیس میں اب تک استھت ہے جس جس پھل کے نمت اسکی کوئی سیوا کرتا ہے ویسا ہی پھل اسکو دیتی ہے ٭

ساٹھواں سرگ

شانت روپ آتما میں جگت کی بھاونا پھرنے سے جگت کا بھاسنا

بشِشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیسے (کرکٹی) کا اکھیان کتھا دہ میں نے کہا رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون راکھشنی کا کالا شریر کیوں ہوا اور کرکٹی نام کیوں ہوا بشِشٹ جی نے کہا کہ راچھس کالے گورے۔ پیلے۔ رکت سب ہی برن کے ہوتے ہیں ایک کرکٹ نام راچھس کالے برن کا تھا اس کی بیٹی اس برن کی اسی کے نام سے (کرکٹی) نام ہوئی یہ اکھیان کرکٹی کا اودیا تم پرسنگ اور شدھ چیتن کے نروپن کے نمت میں نے تم سے کہا ہے اور کچھ پریوجن نہ تھا یہ آشچرج ہے کہ است روپ جگت کے پدارتھ ست روپ ہوکر بھاستے ہیں اور آتم ستا اودیا کی بنائیں بھاستی ہے آتم ستا میں جیسا جیسا سنبندھ درڑھ ہوتا ہے ویسا روپ ہوکر بھاستا ہے جیسے بندر سیت کو اکٹھا کرکے اسمیں اگنی کی بھاونا کرکے تاپتے ہیں اور سیت دور ہو جاتا ہے ایسے شانت روپ آتما میں جگت کی بھاونا پھرتی ہے تب نانا پرکار کا جگت بھاستا ہے سب جگت برہمہ سروپ ہے جب تم گیان میں جانوگے جیوں کا تیوں جانوگے ٭

اٹھواں سرگ

برھما جی کے مکھہ سے جگت کی اوتپتی

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی برہما جی کا سنایا ہوا برتانت سرون کرو۔ ایک سمی میں نے برہما جی کے سمیپ جاکر پوچھا کہ ہے بھگون یہ جگت کہاں سے آیا اور کیونکر اوتپن ہوا برہما جی نے ایک اکھیان اندر برہمن کا کہا جو تم سے کہتا ہوں برہما جی بولے کہ ہے منیشر یہ جگت من سے اُپجا ہے اور من سے بہاستا ہے جیسے سمندر کے جل میں ترنگ پھرتی ہے ایسے من کی پھرنے سے جگت پھرتا ہے اور من روپ ہے ایک سمی دن کے پورن ہونے پر میں سب سرشٹی کو سمیٹ چت اکاگر ہوکر مون ہو رہا۔ جب میری راتری پوری ہوئی اور نیند سے جاگا میں نے سندھیا بندھن آدک کرم کرکے چداکاش کی اور دیکھا کہ تم اور پرکاش سے رہت شدھ روپ ہے اس سمی میں نے چداکاش میں چت کو ملاکر سرگ کے پرگٹ کرنے کا سنکلپ اپنے چت میں کیا تو مجھکو شدھ سوکشم چداکاش میں سرشٹی بستار سے درشٹ پڑی کہ آپس میں ایک دوسرے کو دکھلائی نہیں دیتی تھی ایک ایک سرشٹی میں نیارے نیارے بشنو رودر برہما دکھائی دیئے اور دیوتا گندہرپ۔ کنر۔ منش۔ سومیر پربت۔ کیلاس سات ول سمندر آدک سب ہی اس میں دیکھے دیوتا سرگ میں منش پرتھوی پر دیت۔ ناگ پاتال میں ہوگئے دیکھے اور اوتپتی اور پرلے ہوتی دیکھی اسی پرکار سرشٹی انت ہا ایک درشٹی سے میں نے نیاری نیاری برہمانڈوں سہت دیکھی جب میں چرم درشٹی سے دیکھوں تو کچھہ دکھلائی نہ دے جب چت میں بھرم ہوا اور پرگھٹ سرشٹی بھاسی تب میں نے ان برہمانڈوں سے ایک برہمانڈ کے سورج کو بلایا وہ میرے پاس آیا اُس سے میں نے کہا کہ تم کون ہو اور یہ سرشٹی کہاں سے اوپجی ہے یہ ایک ہی جگت ہے اتھوا انیک ہیں سورج ترکال درشٹی گیان نے مجھے برہما جانکر پرنام کرکے بچن سے کہا کہ ہے ایشور اس درشیہ روپی پرپنچ کے آپ نت ہی کارن ہوتے ہیں مجھسے کیوں پوچھتے ہیں اور لیلا مانتر جو مجھے پوچھتے ہو تو میں کہتا ہوں کہ ہے بھگون یہ جگت سب من کے پھرنے سے اسپھرت ہوکر بھاستا ہے ۔؟

باسٹھواں سرگ

اندر برہمن کا اکھیان

سورج کہتے ہیں کہ ہے بھگون جیسے کلپ کا دن آپ کا پورن ہوا ہے جمبو دیپ کے کونے میں کیلاس پربت کی گوپھا میں سوبرن جیشٹا نام ایک آپ کا پتر تھا اس نے وہاں ایک کُٹی بنائی جس میں بید کا جاننے والا شانت روپ اندر نام برہمن کشپ رکھیشر کے کل کا اپنی استری سہت نواس کرتا تھا اور وہ اپنی استری سہت اتی اشنیہ رکھتا تھا پرنتو اُس کے سنتان نہیں ہوتی تھی اس کارن پُرش استری دونوں نے سنتان ہونے کے نمت کیلاس کے سمیپ برکش پر چڑھ کر کیول جل پان کر کے بھوجن کو تیاگ کر بہت برس تک تپ کیا یہاں تک کہ اسی تپ میں تر بتیا۔ دواپر جگ بتیت ہو گئے تب مہادیو جی اور پاربتی جی دونوں پرسن ہو کر سنمکھ آئے اور سری بھوانی شنکر نے برہمن سے کہا کہ ہم تجھ سے پرسن ہوئے بر مانگ برہمن بولا کہ ہے بھگون ہے دیووں کے دیو میرے گھر دس پتر بدھیوان کلیان مورتی اتپت ہوویں شیو جی نے بر دیا کہ ایسا ہی ہوگا اور انتردھیان ہو گئے سمے پا کر اُس کے دس پتر چندرماں کیسے سوبھا والے اتپت ہوئے اور برہمن کی شوبھا کھو دس برس کی اوستھا کیسی ہو گئی اور دسواں پتر سرب بدیا کے جاننے والے ہوئے اور اُنکی ماتا پتا شریر چھوڑ کر پرلوک کو گئے وہ دسوں گھر کو تیاگ کر کیلاش کے سکھر پر چلے گئے اور وہاں جا کر بچار آپس میں کرنے لگے کہ وہ کون ایشر ہے جو پرمیشر روپ ہے اور وہ کونسا ایشر پد ہے جسکے پانے سے پھر دکھ نہ ہو اور سب کا ایشر ہو جاوے ایک بولا کہ سب سے بڑا ایشر منڈلیشر کا ہے اس کا سب پر حکم چلتا ہے دوسرا بولا منڈلیشر کا بھی ایشرج کچھ نہیں کہ وہ بھی راجہ کے ادھین ہے اس لئے راجہ کا پد بڑا ہے تیسرا بھائی بولا کہ راجہ کا بھی ایشرج کچھ نہیں کیونکہ وہ چکرورتی مہاراج کا ادھین ہوتا ہے اس لئے راجہ چکرورتی بڑا ہے چوتھا بھائی بولا کہ چکرورتی بھی یمراج کا ادھین ہے یمراج کی پدوی بڑی ہے پانچواں بولا کہ اندر کی پدوی یمراج سے بھی بڑی ہے چھٹا بولا کہ اندر سے بھی برہما کی پدوی بڑی ہے کہ برہما کی ایک گھڑی بتیت ہونے پر اندر کا ناش ہو جاتا ہے ایسے ہی چرچا میں سب سے بڑا بھائی جو بڑا بدھیوان تھا بولا کہ سب بھوتی برہما جی کے کلپ میں نشٹ ہو جاتی ہے اس سے برہم پد کا ایشرج سب سے بڑا ہے اور کوئی نہیں پرنتو سب بھائیوں کو پیارا لگا اور سب نے بڑے بھائی سے کہا کہ

ہے تات جو سب وکہہ کا ناش کرنیوالا برہم پد ہے وہ کس اوپاؤسے اور کیونکر ہم کو ملے اُس نے کہا کہ سب بھاؤناکو تیاگ کر یہ بھاؤنا نشچے کرو کہ ہم برہما ہیں اور پدم آسن پر بیٹھے ہیں اور سرشٹی کے رچنے اور پالن اور کرنیوالے ہم ہی ہیں جگت کے آسرے بہوت ہم ہمیں ہیں سب سرشٹی ہمارے انگ میں استھت ہے ایسے نشچے کرنے پر تم کو برہما کا پد پراپت ہوگا چھوٹے بھائی بولے کہ ہم ایسا ہی کرینگے اور سب دھیان میں استھت ہوگئے اور بڑے بھائی کے کہنے پر ان اپنے من میں چیتون کر آپ کو ہی سب کا کرتا جان لیا اور سمادہی میں استھت ہوگئے۔

تریپٹھواں سرگ

اندر برہمن کے پُتروں کا تپ اور اُن کی سرشٹی کا برنن

سورج بولے ہے بھگون وہ دسوں برہمن ایسے سمادہی میں پولین ہوئے کہ کنول کے پتر سوکھی کی بنیا گر پڑے اور بن کے پکشیوں نے ان کے شریر کو بھکشن کر لیا پر نتو سمادہی نہ چھوٹی اور برہما کی ہی بھاؤنا بنی رہی جب چاروں جگ پورن ہوگئے اور ہمارے جگت کا ناش ہونے لگا اور بارہ سورج تپنے لگے اور اننت برکھا ہو کر اور بیہراوں چل کر پربت اوڑنے لگے جل ہی جل ہوگیا اور سب کا ناش ہوگیا ہم راتری کو آتم پد میں استھت ہوئے تب اُن کے ہی شریر نشٹ ہوگئے انکی چیتن بیاپتی دسوں برہمن سرشٹی کے برہما ہوئے اب تم نیند سے جاگ کر دیکھتے ہو کہ تمہاری بیاری اسثر شٹی کا تم میں پھرتی ہیں ہر بھگون ان دش برہمن کے چیتا کاش میں سرشٹی استھت ہوا ان دسوں سرشٹی سے ایک سرشٹی کا سورج میں ہوں اکاش میں میرا استھان ہے چھن دن مہینہ پکش پر تھوی سب جگت مجھ سے ہی ہوتے ہیں اس پرکار وہ دس سرشٹی منوماتر ہیں اب جیسے آپ کی اچھیا ہو کیجیے تمہاری بیاری کلپنا جگت جال کی اندرجال کی بنیا ئیں پھیلی ہیں وہ چیت کے بھرم سے بھاستی ہے ۞

چوتہواں سرگ

برہما کی سرشٹی کی اوتپتی اور نشچے کا برتانت

برہما جی بولے ہے منیشر جب سورج مون ہوئے میں نے کہا کہ دسوں سرشٹی اور دسوں برہما تو اُتپت

ہیں اب کیا رچوں سورج بچار کر بولے کہ ہے پربہو آپکو سرشٹی کے رچنے سے کوئی اپنا پریوجن اور اچھا نہیں ہے کیول لیلا مانز سرشٹی کی رچنا ہے آپ نشکام روپ ہیں جیسے جل میں سورج کا پرتبنب بنا چل کے پرتبنب نہیں ہوسکتا ایسے سمبیدن کے پھرنے سے آپ سے سرشٹی کی رچنا ہوتی ہے اگیانی کو آپ ہی رچی ہوئی سرشٹی درشٹ پڑتی ہے جیسے سورج کے اودے سے دن ہوتا ہے است ہونے سے راتری اسہیں سورجکو کچھہ سنکلپ بکلپ نہیں ہے نہ دن سے پریوجن ہے نہ رات سے ایسے ہی آپ میں سمبیدن پھرنے سے سرشٹی پرگھٹ ہوتی ہے جب سمبیدن پھرنے سے بند ہوجاتا ہے سرشٹی لین ہوجاتی ہے جگت کا رچنا آپکا نت نمت ہے اس سے جو کچھہ آپکا نت کا کاج ہے کیجئے جیسے گیانوان کو کرم کرنیمیں کچھہ بھلا برا نہیں ہوتی اسلیے اسکو کرم نہ کرنیمیں بھی کچھہ پریوجن نہیں کرنا نہ کرنا دونوں اسکو سمان ہیں اس کارن آپ دونوں میں سوتی روپ ہیں - جو اندر برہمن کی سرشٹی دیکھو تب بھی کچھہ بپریت نہیں ہے جو گیان سرشٹی سے دیکھو تو ایک ہی برہمہ ادویت روپ ہے اور کچھہ نہیں بنا اور جب چت سرشٹی سے دیکھو تب سنکلپ روپ انیک سرشٹی پھرتی ہے ان میں استھا کیا کرنی ہے اور جو چرم درشٹی سے دیکھو تو آپکو سرشٹی بھاستی ہی نہیں ہے اور انکی سرشٹی کو آپ ناش بھی نہ کرسکوگے کیونکہ جو اندریوں سے کرم ہوتا ہے وہ ناش ہوسکتا ہے من کے نشچے کو کوئی ناش نہیں کرسکتا جس کے نشچے میں جو بھاو نادرڑہ ہوگئی ہے اس کو وہ آپ ہی دور کرے تو ہوسکتی ہے اور کوئی دور نہیں کرسکتا ہے بھگون جو من میں نشچے ہو رہا ہے وہ ہی پرش کا روپ ہے جیسے جل کی سینچے سے پربت نہیں بڑھتا نہ چلائمان ہوتا ہے ایسے چت کا نشچے اور کسی سے چلائمان نہیں ہوتا ہے

پینتھواں سرگ

اہلیا اور اندر برہمن کا اکہیان

سورج بولے کہ ہے بھگون میں ایک اتہاس پراچین کہتا ہوں کہ ایک اندردرم نام راجہ تہا اس کی اہلیا نام استری تہی اور اس کے نگر میں اندر نام برہمن پرم منوہر اور بلوان تہا ایک دن اہلیا رانی نے کوتم رکہی کی اہلیا استری اور اندر کی کتھا شروع کرے اور ایک سہیلی نے کہا کہ ہے رانی جیسی وہ اہلیا ہے ایسی ہی تم ہو اور جیسا اندر سندر تہا ایسا ہی تمہارے نگر میں ایک اندر برہمن ہے رانی کو یہہ سنکر اس برہمن میں انوراگ ہوگیا اور رانی کا شریر دن دن سوکہتا جائے تب راجہ نے کچھہ روگ

سمجھکر اوشدی کرہی پرنتو اسکو کچھہ شانتی نہ ہوئی اور وہ دن شریر کرش ہوتا چلا اور کہاں پان
اندر کا سب جاتی رہی اور لوک للج تیاگ کرہا ہے اندر ہائے اندر کرہی ایک سکھی نے کہا کہ ہے رانی میں
اندر برہمن کو لے آتی ہوں اور اس برہمن کو سمجھا کر راتری کو اہلیا کے پاس لے آئی ورایکانت میں
بیلا کرنے لگی اور دونوں میں اتینت اشنیہہ بڑھ گیا اور چہن نیارے نہ ہوں اس رانی کا راجہ بڑا گنوان
بہی تہا پرنتو اُس کو رانی نے تیاگ دیا راجہ رانی کو ڈنڈ دیتا تو اس کو کچھہ کشٹ ہی رہے جو ہم میں ڈالیں
تو دکھہ نہ ہو راجہ نے کہا کہ ہے دشٹو تم کو دکھ کیوں نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ ہم تو اپنے آپ کو
بھی نہیں جانتے دکھہ کیسے ہو پہر راجہ نے کہا انکو اگنی میں ڈالدیا تو بہی نہ جلے کوئی کشٹ انکو نہ ہوا تو
اندر نے کہا کہ ہے راجن جو کچھہ جگت جال ہے وہ من میں استہت ہے اور جیسا من ہے ویسا پرش روپ ہے جیسا
نشچے من میں ہوتا ہے کوئی اسکو دور نہیں ہوتا میرے ہردے میں اہلیا کی مورتی بس رہی ہے اس کے
ہردے میں میری سب جگت مجھکو اس کا روپ اسکو میرا روپ بہاستا ہے جو دوسرا بہاسے تو دکھہ بہی ہو
ہے راجن من کا نام اہلیا اور اندر ہے اور من ہی نے سب جگت کو رچا ہے جیسا جیسا من میں نشچے ہوتا ہے
ویسا ہی بہاستا ہے جب ایک شریر نشٹ ہو جائے من کے نشچے سے دوسرا شریر دہار لیتا ہے جیسے سپن
میں یہ شریر بنا رہتا ہے اور دوسرا شریر دہار کے چیشٹا کرتا ہے تو شریر کے بہی ادہین ہوا ایسے ہی شریر
کے نشٹ ہونیسے من کا نشچے نشٹ نہیں ہوتا جب من نشٹ ہوا تب شریر کے ہوتے بہی کچھہ کریا
نہیں ہوتی سب کا بیج من ہے جیسا چت ہے ویسا روپ پرکاش ہے اس کارن جہاں میرا چت جاتا
ہے وہاں سب اور رانی ہی دیکھتی ہے پہر مجھکو دکھہ کیسے ہو ؂

چھیاسٹھواں سرگ

اہلیا اور اندر کا شاپ ہونا رکھیشر سے

سورج بولے ہے بھگون اندر کے بچن سنکر راجہ نے بھرت رکھیشر سے جو نکٹ بیٹھے تہے کہا کہ دیکھو
کیسا نلج پاپ آتما ہے تم انکے پاپ کے انسار انکو شاپ دو جو یہ مرت ہو جاویں بھرت منی نے کہا ارے پاپیو
تم مرت ہو جاؤ اندر بولا کہ ارے دشٹ تیرے شاپ سے ہمارا کیول شریر ہی نشٹ ہو جاویگا من تو کبھی
نشٹ نہ ہوگا ہم من سے اور شریر دہارن کرینگے بنا من کے نشٹ ہوئی ہماری یہ وشنا پاٹ نہیں سکتی

کہہ کر دونوں پرتھوی پر گر پڑے اور باسنا کے سنجوگ سے دونوں مرگ ہوئے اور اس جون میں بھی دونوں
اتینت استہنہ رہا پھر اس جنم کو تیاگ کر پکشی ہوئے اسکو بھی تیاگ کر اب برہمن اور برہمنی تپ کر نیو الے
چتوان ہوئے تم دیکھو کہ بھرت کے شاپ سے انکے شریر تو نشٹ ہوگئے پر تنو من کا جو کچھ نشچے تھا وہ نشٹ ہوا۔

ستہتواں سرگ

رچنا جگت کے من سے اور من کا کبھی نشٹ نہ ہونا

سورج بولے کہ ہے ناتھ جیسا من کا نشچے ہوتا ہے اسکے انسار اسکو بھاستا ہے جگت کا رچنے والا بھی من
ہی ہے من کا ہی کیا ہوا سب کچھ ہوتا ہے شریر کا کیا ہوا کچھ نہیں ہوتا اینک سرشٹی بھرم سے چت میں
استہر ہے سو ہے برہماجی تم بھی چداکاش میں سرشٹی رچو پرنتو بھتن اکاش میں ایک بھوت اکاش
دوسرا چتاکاش تیسرا چداکاش وہ دونوں چداکاش کے آسرے پرکاشتے ہیں سو تم بھی جیتی سرشٹی
چاہو چداکاش کے آسرے رچو چداکاش انت روپ ہے اپنا انت کرم آپ ہی کیجئے برہماجی بولے کہ ہے
بسشٹ اس پرکار جب سورج نے مجھ سے کہا تو میں نے بچار کہا کہ ہے سورج تم نے بہت اچھا کہا وہ تینوں
اکاش انت ہیں اس لئے میں بھی اپنا انت کرم کرتا ہوں تم بھی جیسا میں کہتا ہوں مانو کہ تم میری
سرشٹی کے منو پرجاپتی ہوجاؤ جیسی تمہاری اچھا ہو ویسے جگت رچو سورج نے میری آگیا مانکر
اپنے دو شریر کرلئے ایک تو سورج اس سرشٹی کا دوسرا سو بھو منو کا اور میری آگیا لو سار سرشٹی رچی
سو یہ جگت من کا رچا ہوا ہے پر تم جو شدھ سمت روپ میں اُٹھا ہوا ہے وہ انت بانک شریر ہے پھر جو
اس دردہ ابھاس اور سروپ کا پرماد ہوا وہی بھوتک شریر ہوا جب وہی بھوتک کا ابھمانی ہوا تب
اس کا نام جیو ہوا اور دیہہ کے ابھمان سے نانا پرکار کی باسنا ہوتی ہے جس سے اونچے نیچے بھٹکتا پھرتا ہے
جب پھر آتما کا گیان ہو تب شانت ہوجاتا ہے یہ سب جگت جال من کے بھرم سے بھاستا ہے یہ من جڑ
روپ ہے جب آتما کا بودھ ہوجاتا ہے شدھ چیتن ماتر رہ جاتا ہے تات پرج یہ ہے کہ شدھ بھی دویت میں ہوتا ہے آتما
میں ادویت نہیں اس سے شدھ کیونکہ ہو وہ شدھ ہے نہ اشدھ ہے نہ دویت ہے نہ ادویت ہے آتما اپنے آپ میں استہر
ہے ہے بسشٹ جی جسکو بھوتک شریر کا نشچے ہو رہا ہے وہ سب چینتا دکھ کے ممنت کرتا ہے اور اگیان سے
بہت کال تک دکھ پاتا رہتا ہے جس کے ودھ سے بھاؤنا چھوٹ کر شدھ چیتن بھاؤ کو پراپت ہوگیا ہے

اس کا دیکھ آوک جگت بھرم شانت ہو جاتا ہے ٭

اٹھسٹھواں سرگ

جگت کی رچنا من سے

بسشٹ جی بولے کہ میں نے برہما جی سے پھر پوچھا کہ ہے بھگون آپنے جو شاپ ہیں متر آدک کا بل برنن کیا تو شاپ بھی اچل روپ ہیں کداچت مٹتے نہیں اور میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ شاپ سے من بدھی اندری بھی جڑ بہوت ہو جاتی ہیں اور ایسے نہیں کہ دیہہ کو شاپ ہوا اور من کو نہ ہو دیہہ اور من تو ایک ہی ہیں جیسے پون اور پون کا چلنا اور گھرت اور چکنائی میں بھید نہیں اور جو یہ کہا جاوے کہ دیہہ کچھ بستو نہیں چیتن ہی چت ہے اور دیہہ بھی چت ہی میں کلپت ہے جیسے سپنے کا شریر اور مرگ ترشنا کا جل اور دوسری چندرماں کا بھاس تو ایک کے نشٹ ہونے سے دونوں کیوں نشٹ نہیں ہوتے ایسے ہی دیہہ کے شاپ نیسے من کو بھی شاپ لگنا چاہئے اور کہتے ہیں کہ دیہہ کا کرم من کو نہیں لگتا وہ کیونکر نشچے جانا جاوے برہما جی بولے ہے منیشر ایسا پدارتھ جگت میں کوئی نہیں جو سب کے ہونکو تیاگ کر پن روپ پرشارتھ کرنے سے سدھ نہ ہو پرشارتھ سے سب کچھ ہو سکتا ہے برہما سے چیونٹی تک جیسے جیسے جسکی بھاونا ہوتی ہے ویسا روپ ہو کر بھاستا ہے اور سب جگت کی دو شریر ہیں ایک من روپی شریر چنچل دو سرا ادھی بھوتک جو استھی اور ماس رودھر سے بنا ہوا ہے اس کا کیا ہوا کارج نس پھل اور جو من سے چیشٹا ہوتی ہے وہ پھلدائک ہے جسکو اس دیہہ ادھی بھوتک کا اہنکار ہے اسکو آدہ بیادہ شاپ بھی اوشس لگتا ہے اور جس کا شریر منجوگ اس شریر سے رہتا ہے وہ سدیو دین اور دالدری رہتا ہے اور چت روپی شریر چنچل ہے وہ کسیکے بس نہیں ہوتا جب درڑھ بیراگ اور ابھیاس ہو تب بس میں آتا ہے اور یہ جگت من ہی ہے جیسا جیسا من میں نشچے ہے سو دور نہیں ہوتا جن سنتوں نے چت کو آتم پد میں استھت کیا ہے انکو اگنی اور جل میں بھی ڈالئے تو دکھ نہیں ہوتا کیونکہ انکا چت شریر آدک کو گرہن نہیں کرتا جو سب بھاو کو تیاگ کر من کا نشچے کرے وہ ہی بھاستا ہے اور جو سنسار کے کسی دکھ اتھوا شاپ آدک سے من چلایمان ہو جاوے تو جانو کہ من کا نشچے درڑھ نہیں ہوتا اس من کو پرم پد میں لگاؤ جب چت آتما میں درڑھ ہوتا ہے جگت کے پدارتھوں سے چلایمان نہیں ہوتا جیسے پانڈو رکھیشر کا چت آتم پد میں لگا ہوا تھا

سولی پر چڑہنے سے دکہہ نہ ہوا اور جیسے اندر برہمن چلایمان ہوا ایسے ہی آتما میں لگا ہوا چلایمان نہیں ہوتا جیسے جیسے من میں تیبر بہاونا ہوتی ہی اسی کی سدہتا ہوتی ہی ایک رکہیشر تہا وہ اندر کوپ میں من کو درڑہ کرکے جگ کرنے لگا اور اس جگ سے من میں دیوتا ہوکر اندر کی پوری میں پہل ہو گئے لگا جیسے اندر برہمن کے پتر اُتش تہے اور من میں درڑہ بہاونا کرکے دسوں بہائی برہما ہو گئے اور اپنی اپنی نیاری نیاری سرشٹی رچی سوا بہیاس درڑہ نشٹ نہیں ہوتا اور بہی دیوتا اور مہارکہیشر دہیر جوان ہوئے ہیں جسکو کوئی دکہہ نہیں ہوتا اس کارن درڑہ پرشارتھ کرکے من سے من کو مارو اس سے جگت بہرم نشٹ ہو جائیگا یہ جگت من کا رچا ہوا ہی سو ست بہی نہیں اور است بہی نہیں ست است من سے ہی بہاستا ہی مول کچہہ نہیں

اونہتر واں سرگ

اپنا پرشارتھ موکش کارن ہے سب من سے ہوا ہے

بسشٹ جی بولے ہی رامچندر جی ایسے برہما جی نی مجہہ سے کہا تہا جو مینے تم کو سنایا جو تم پر تہم برہمہ داہنگ شبد میں استہت تہا اس میں چت ہوا ارتہات (داہنگ اسمی) چیتیا کا لکشن ہوا اسکی جب درڑہتا ہوئی تب من ہوا اس من نے پانچ تنماترا کی کلپنا کی سو برہما جی من روپ اور من ہی برہما روپ ہی اسکا روپ سنکلپ ہی پہر آگے جیسا سنکلپ کرتا ہی ویسا ہی ہو کر بہاستا ہی اس برہما نی ایک بدہ شکتی کلپی ہی آتما میں اناتما کا بہان کرنا اس کا نام ابدیا ہی پہر ابدیا کی مورتی کے کارن بدیا کلپی ہی اسی پرکار جل سمندر استہاور جنگم سمپورن جگت کو اوپتن کیا ایسے برہما ہوا اور ایسے جگت ہوا وہ ہی من برہما روپ ہی اُسی نی نانا پرکار کا جگت رچا ہی سو سب چت شکتی پہیلی ہی جو جیو ہیں اُن سب میں آتما ستا استہت ہے پرنتو اپنے سروپ کے پرماد سے بہٹکتے ہیں انیک جسم دہارتے ہیں جب ست سنگ ملے اور اپنا پرشارتھ کرے تب مکت ہو

ستر ہواں سرگ

سب برہم سے اوپجے ہیں جگت اور برہم میں کچہہ بہید نہیں

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی سب بہوت جاتی برہم سے اوپجے ہیں اور برہم روپ ہیں سمیبدن کے

پھرنے سے جیو کلپنا ہوتی ہے ورتشٹا ورشیہ سب برہمہ سے اپجے ہیں جیسے سورج کے تیج سے مرگ ترشنا کی ندی دکھتی ہے جیسے سمندر اور سلتا اور سورج اور پرکاش میں کچھ بھید نہیں ایک ہی ہے برہمہ ست سے اپجے ہیں اسی میں لے ہو جاتے ہیں کئی جیو سہنسروں جنم میں برہمہ کو پراپت ہوتے ہیں کئی تھوڑے جنموں میں اس پرکار جگت پرماتما سے ہوا ہے اسی کے انسار بیوہار کرتے ہیں وہ ہی ہوکر بھاستا ہے:

اٹھواں سرگ

کرم اور من میں کچھ بھید نہیں

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی کرتا اور کرم نیارے روپ نہیں ہیں اکٹھے برہمہ سے اُپتن ہوتی ہیں جیسے پشپ اور سوگندھ جب جیو سنکلپ کلپنا کو تیاگ کرتا ہے تب نرمل برہم ہوتا ہے جیسے اکاش کا نیلا رنگ دکھتا ہے ایسے برہمہ میں جگت کلپنا پھرتی ہے آتما ادویت سدا اپنے آپ میں استھت ہے اگیانیوں کے بودھ کے کارن کہتا ہوں کہ جیو برہمہ سے اُتپت ہوا ہے اور ساتکی۔ راجسی۔ تامسی گنوں کے بھید ہیں اور گیانیوں کے سمیپ یہ بھی نہیں کہا جاسکتا کہ یہ برہمہ سے اُپجے ہیں تو بھی دوسرا کچھ نہیں باستو اور برہمہ ستا ہیں کوئی کلپنا نہیں سدا ایک رس پرتیکش آتما بھاستا ہے اور اگیانی پرے سے پرے چلا جاتا ہے سب شاستر کا دوارا اپدیش پرمان ہے ان کے انسار جو جیو بچرتے ہیں اُتم گتی پاتے ہیں پھر اس کے اشبھ گتی کو پاکر دکھ پاتے ہیں اور دنیا میں بھی لکھا ہے کہ کرموں کے انسار جیو مرتے جنمتے ہیں جیسا کرم ہوتا ہے کرم سے گتی ہوتی ہے رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون آپ کہتے ہیں کہ من اور کرم برہمہ سے اکٹھے ہی اوپتن ہوئے ہیں اس کہنے سے شاستر کی اور پرشوں کے بچن کا پرمان نہیں رہتا یہ میرا سندیہ نورت کیجئے بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی شدھ سمبت میں جو سمبیلن پھرا ہے سو کرم کا بیج من ہوا ہے سو سب کرم کا روپ ہے اس بیج سے پھل ہوتا ہے اس کارن کرم اور من میں کچھ بھید نہیں جو من میں سنکلپ ہوتا ہے گیانوان اسکو کرم پھل کہتے ہیں پور بلا دیہہ من ہی ہے اس من روپی شریر سے کرم ہوتے ہیں جو من میں پھرتی ہے وہ ہی کر دیا ہے اور وہ ہی کرم ہے ایسا پرتب اکاش لوک نہیں جسکو پاکر کرموں سے چھوٹ جاوی جو کچھ من کے سنکلپ سے کیا ہے وہ اوشن سدھ ہوتا ہے پہلا کیا ہوا پرشارتھ نِش پھل نہیں ہوتا اس لئے من اور کرم میں کچھ بھید نہیں کہا جاتا نیارا نیارا بھاستا است کلپنا ہے پرماتما

من اور کرم اکٹھے ہی اُپجے ہیں اور پرماتما میں ہی لین ہو جاتے ہیں جیسا پدارتھ ہوتا ہے ویسا ہی درپن میں پرتیبنب اس کا دیکھتا ہے ایسے ہی جو من کا کرم ہوتا ہے آتما میں اُس کا پرتیبنب بھاستا ہے کرموں کے چت نہیں ہوتا جب چت پھرنے سے بند ہو جاتا ہے چت ہی نشٹ ہو جاتا ہے چت کے نشٹ ہونے سے کرم بھی نشٹ ہو جاتے ہیں اور کرم کے ناش ہونے سے من کا بھی ناش ہو جاتا ہے جو پرش من سے مکت ہوا اور وہ ہی مکت ہے اور جس کے من میں پاپ کرموں کے سنجوگ سے یہ بھاونا رہتی ہے کہ میں پاپی نرک میں کا کیڑا ہوں نشچے سے وہ نرک کا کیڑا ہے وہ ہی بندھن میں ہے جو اپنے سروپ کو نہیں جانتا انکا نشچے ایسا ہی ہوتا ہے وہ مہا اگیانی ہے

بہتروال سرگ

من کے نام اور روپ

رامچندر جی نے کہا کہ ہے بھگون من کے روپ جڑ اجڑ کو بستار سے کہو بششٹ جی بولے کہ آتما انت روپ سرب شکتی مان ہے جب اس میں سنکلپ شکتی پھرتی ہے تب اسکو من کہتے ہیں اور جڑ اجڑ کے مدھ میں رہتا ہے اور بھاو روپ پدارتھ اس کے مدھ میں ہے جو ست است کا نشچے کرتا ہے اس کا نام من ہے اور یہ نشچے کرنا کہ میں چدانند روپ نہیں ہوں کرم ہی من کا روپ ہے من کا جو پھرنا ہے وہ ہی کرموں کا بیج ہے جس اور من کا نشچے ہوتا ہے اُسی اور کرم اندری جاتی ہیں جو کرم ہے وہ ہی من کا پھرنا ہے اس کارن کہا ہے کہ من کرم روپ ہے من کی سنگھیا یہ ہیں من بدھی اہنکار کرم کلپنا سمرتی باسنا ابدیا اندری تک پرکرتی مایا یہ سب کلپنا سنسکار کارن ہے چت کا جب چیت سے سنجوگ ہوتا ہے تب سنسار بھرم ہوتا ہے یہ سنگھیا جو کہی گئی ہیں چت کے پھرنے سے اکسمات ہوتی ہے رامچندر جی بولے ہے بھگون اودیت پرم سمبت اکاش مہاتما انتی کلپنا کیسے ہوئی ہے اور ان میں ارتھ روپ فرہیتا کیونکہ ہوئی بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی شدھ سمبت ماتر ستا پھرنے کے پرکار استھر ہوئی ہے اس کا نام من ہے جو وہ بدھی نشچے روپ ہوئی تو بھاو ابھاو پدارتھوں کو نشچے کرنے لگی کہ یہ پدارتھ ایسا ہے وہ ایسا ہے اس کی برتی کا نام بدھی ہے جب آناتم میں آتم بھاو متھیا ابھمان ورڑھ ہوا تب اس کا روپ اہنکار ہوا وہ ہی سنسار بندھن کا کارن ہے اور کسی پدارتھ کا انگیکار کرنا کسی کا تیاگنا

اس کا نام چت ہے اور برتی کا پھرنا دھرم ہے اس پھرنے میں پہل کو اروپ کرکے اس کی اور دوڑنا
اور کرم کرنے کا ابھمان پھرنا اس کا نام کرم ہے اور پہلے کرے ہوئے کرموں کو تیاگ کر اس کا سنسکار
چت میں رکھ کر سمرن کرنا اس کا نام سمرتی ہے اور جس پدارتھ کا انبھو ہوا اور سنسکار ہردے میں
ورڑھ ہوا اس کے انسار جو چت پھرے اس کا نام باسنا ہے آتم تتو ادویت ہے اس میں اگیان
دویت ہو کر بھاستا ہے اور اسپرس - روپ - گندھ - رس - شبد ان پانچوں اندریوں کا دکھلانے
والا پرباتما ہے اور دویت تتو آتما میں جس ورڑھ جال کو رچا ہے اس کلپنا کا نام پرکرتی ہے
اور ست کو ست اور ست کو است کرکے دکھلاتی ہے وہ مایا کہلاتی ہے اور شبد - اسپرس - روپ
رس - گندھ یہ کرم ہیں اور جس سے یہ پانچوں ہوتی ہیں وہ کرتا - کارج - کارن کہلاتا ہے اور شدھ
چیتن چیت کو کلپنا کے نلیہ پراپت ہوتا ہے اس پھرنے والے کو بیرجی کہتے ہیں اسکے یہ پدارتھ
ہیں جیسے مول میں تو ٹھیکہ ہی ہے اور (بازیگر) نے اسکو روپیہ کرکے دکھلایا اس روپیہ کا جھوٹا
دکھلائی دینا اس کا نام بیرج ہے سو ایک پھرنے سے سب سنکلپ جال اٹھتا ہے اسکو جیو کہتے ہیں
اسی کا نام من بھی ہے چت بھی ہے بندھ بھی ہے پر وہ شدھ چتر ہی چیت کے سنجوگ سے اپنے
سروپ سے ہم بت اسھت ہے رام چندر جی بولے ہے بھگون ایک بات کہو جو میرے ہردے میں
پرویش کرے بسشٹ جی نے کہا ہے رام چندر جی یہ جڑ بھی نہیں اور چیتن بھی نہیں جڑ چیتن کی
مدہ کی گانٹھ کا نام من ہے اور سنکلپ بکلپ میں کلپ روپ من ہے اسی من سے یہ جگت اتپن ہوا ہے
جڑ اور چیتن دونو بھاؤ میں چلتا ہے اور نہات کبھی جڑ بھاو کی اور آتا ہے کبھی چیتن بھاؤ کی اور اس کا
نام من ہے شدھ چیتن ماتر میں جو پھرتا ہوا اس کا نام من ہے اتی آدک نام جن کے اوپر کہے گئے جیسے
نٹ بنارسی بنا رہی روپ بنانے سے انیک روپ بھاستا ہے جس کا سوانگ بنا کر آوے وہ ہی روپ کہلاتا
ہے ایسے سنکلپ ہی من انیک نام پاتا ہے جیسے پنش پاٹھ سے پاٹھک سوئی کرنے سے رسوئیا کہا جاتا ہے
ایسے ہی من کے بہت نام بادیوں نے رکھے ہیں جیسا جیسا مت ہے ویسا ویسا مستھیا کلپنا کرتے ہیں
نیہ شاستر والے سرشٹی کی اوتپتی اور لے کو اور پرکار سانکھ مت والے اور پرکار چارواک والے اور
پرکار آرہت اور ہی پرکار بودھ مت والے اور ہی پرکار سے مانتے ہیں پرنتو سدھانت سب کا ایک
ہی برہم ہے جیسے ایک نگر کے کئی مارگ ہوں کوئی کسی مارگ کو کوئی کسی مارگ کو جاتا ہے پر نام اسی

نگر میں پہونچ رہتے ہیں ایسے انیک متوں کا اُوتھان آتم ستا ہی سے ہوتا ہے سب کا ایک ہی ہے ہے رامچندر جی جتنے مت والے ہیں وہ اپنی مت کو مانتے ہیں دوسری مت کا اپمان کرتے ہیں انیک شکتی من کی کہی ہیں من کا ہی نام جیو اور باسنا اور کرم ہے چت کے ہی پھرنے سے سمپورن جگت ہوا ہے اور من کے ہی پھرنے سے بھاستا ہے جب پُرش چت کے پھرنے سے رہت ہوتا ہے تب دیکھتا ہے تو بھی کچھ نہیں دیکھتا اور یہ بکھات ہے کہ جب پُرش کو شبد۔ اسپرس۔ روپ۔ رس۔ گندھ اندریوں کے بشے اشٹ انشٹ میں سُکھ اور دُکھ دیتے ہیں اس کا نام جیو ہے جو پُرش چت سے چھوٹا ہے وہ مُکت روپ ہے جس کو چت سے سنجوگ ہے وہ بندھن میں ہے جو منش من کو کیول جڑ مانتے ہیں وہ جڑ ہیں من کیول جڑ بھی نہیں اور کیول چیتن بھی نہیں کیونکہ چت من کا ایک ہی روپ ہو تو سُکھ دُکھ آدک نہ ہو اور جگت کی بیتپا بھی نہ ہو کیول جڑ ہونے اتھوا کیول چیتن ہونے سے جگت کا کارن نہیں ہوتا کیونکہ کیول جڑ تو پاشان سروپ ہوتا ہے پاشان سے کوئی کریا نہیں ہوتی اور کیول چیتن آتما ہے اس میں کوئی کلپنا نہیں ہے اس لئے جڑ اور چیتن کا مدھ بھاؤ ہی جگت کا کارن ہے جب تک چت ہے چیت بھاستا ہے جب چت اچت ہو تب سب بھوت لین ہو جاتے ہیں ایک ہی من انیک پدارتھ ہو کر بھاستا ہے اور من بھی پرم دیو پرماتما سرب شکتیمان کی ایک شکتی ہے اسی پرماتما سے جڑ بھاؤ اپجتا ہے نت شُدھ بودھ روپ برہم ہی ہے جب پرکرت بھاؤ کو پراپت ہوتا ہے تب ابدیا کے بس سے نانا پرکار جگت کو دھارتا ہے بادیوں نے اسی ایک نام کی نیاری نیاری سنگھیا کلپی ہیں سو تمکو سنگھیا سے کیا پریوجن ہے ❊

تہتروا‌ں سرگ

سب جگت من سے ہے جب من نشٹ ہو پرماتما ہی رہتا ہے

رامچندر جی بولے ہے بھگون مجھے نشچے ہوئی کہ یہ سب جگت من ہی سے رچا ہے اور من ہی کرم روپ ہے پرنتو اس کا ابھاو کیسے ہو بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی یہ من بھاونا ماتر ہے جیسے مرستھل میں دھوپ جل ہو کر بھاستی ہے آتما کا ابھاس من روپ ہوتا ہے من سے جو جگت بھاستا ہے سب من روپ ہے سو من بچار کرنے سے نشٹ ہو جاتا ہے جبتک بودھ نہ ہو تب تک ہی تین کال کی سنگھیا ہی جاتی ہے یہ جگت اندرجال کی تل ہے ❊

چوہتر واں سرگ

مہا شونیہ کے کئی پرشوں کا اتہاس

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی تم اب جگت کی نورتی کے لیئے اوپاکرو پھر جگت بھرم نشٹ ہوجائیگا تم ایک اتہاس سنو کہ ایک مہا شونیہ بن کے کسی کونے میں ایک پرش سہنسر ہاتھہ اور نیتر والا چنچل اور بیاکل روپ بڑی اکار والا میں نے دیکھا وہ اپنی سہنسر ہاتھوں سے اپنے شریر کو آپ ہی مارے اور دکہت ہوکر بھاگے اور ادہر اودہر سہنسروں جوجن دوڑ کر تھک ہوجائے اور بھیانک اندہ کوپ میں گر پڑے جب چر کال اس کوپ میں بتیت ہوجاوے تب وہاں سے نکلکر کانٹوں کے برکشوں میں جا پڑے وہاں شریر کو کانٹے چبھیں مہا دکہہ پاوے کچھہ شانتی نہ ہو تب میں نے اسکو پکڑ کر پوچھا ارے تو کون ہے یہ کیا کرتا ہے تیرا کیا نام ہے کیوں متھیا جگت میں موہ کو پراپت ہو رہا ہے اسنے کہا نہ تو میں کچھہ ہوں نہ یہ کچھہ ہے نہ میں کچھہ کرتا ہوں تو تو میرا شترو ہے تیرے دیکھنے سے ہوتا ہوں اور اپنی دیہہ کے جوڑوں کو دیکھہ کر رونے لگا اور ایک چھن میں اس کا شریر ناش ہونے لگا پہلے سیس پھر ہاتھہ چھاتی اور نیاری نیاری ہوکر گر پڑے آگے تو ایک اور پرش اسی پرکار کا دیکھا وہ مجھے دیکھہ کر پرشن ہو ہنسا اس سے بھی میں نے ویسے ہی پوچھا اس نے بھی پہلے کی نیائیں میرے دیکھتے دیکھتے اپنا شریر تیاگ کیا پھر میں آگے بڑھا ویسے ہی اور ایک پرش کو دیکھا بہت چر تک میں دیکھتا رہا جب وہ کوپ سے نکلا تب میں نے پرشن پوچھا وہ مجھے نہ جانکر دور سے ہی بھاگ گیا اور پہلوں کی نیائیں وہ بھی گر گیا ایک دیرگھہ کال میں اس بھیں ایسے چرتر دیکھتا رہا اور جسکو میں پوچھوں وہ میرے پاس آئے میں اسکو دکھوں سے چھڑا دوں ہے رامچندر جی وہ بن تمنے دیکھا ہے پرنتو وہ تم نے بیوہار نہیں کیا اس استھان کے تم جانیکے جوگ نہیں ہو تم بالک ہو اور وہ بن بڑا بھیانک ہے اسمیں جاکر پرش انیت دکہت ہوتا ہے ؎

پچہتر واں سرگ

من کا برتانت انہیں پرشوں کا اکھیان

رامچندر جی بولے ہے بھگون وہ کونسا بن ہے اور میں نے اسکو کب دیکھا ہے اور وے پرش اپنے

ناش کے کارن کیوں ایسا کرم کرتے تھے اور کیوں دوڑتے تھے بسشٹ جی بولے وہ بن اور پرتش مور نہیں یہ گھمبیر اکار روپ سنسار شونیہ بن ہے اور بکار روپی کانٹوں سے بھرپور ہے اس میں جو پرش رہتے ہیں وہ سب میں ہیں اور بارم بار دکھ روپی چینشٹا کرتے ہیں بیبیک گیان روپی انکو پکڑتا تھا جو میرے پاس آتے تھے میرے بودھ سے چت سے اوپشم ہو کر پرم پد کو پراپت ہوئے جو میرے پاس نہ آئے اور مورکھتائی سے میرے بچن نہیں سنے وہ موہ روپی جال اور کشٹ میں پھنسے رہے ہیں رامچندر جی بشٹے اور ابلا کہا اور ترشنا اس پرش من روپی کے انگ ہیں اور اپنی اچھیا پورن کرنے کو بھنداان تب آدمی کرم کرتا ہاتھوں سے اپنے کو مارتا ہے ان سے بچھڑ کر پری سے پری دوڑنا اور مرنا دکھ پانا بیبیک کا کرتا ہے اور بڑا بھلا نہ سمجھنا اندکوپ میں گرتا ہے اس پرکار اپنے ہاتھوں سے وہ پرش آپ کو مارتے ہوئے بھٹکتے پھرتے ہیں اور ابلا کہا روپی ہاتھوں سے اپنا ناش کرتے ہوئے نرک روپی کوپ میں پڑکر پھر نکلکر تب پن کرم کرکے سرگ میں جاتے ہیں کیلے کا بن ہی سرگ ہے جب وہاں سے کچھ سکھ پاکر نکلتے ہیں کانٹوں کے بن میں گرتے ہیں جو استری پتر آدک کٹنب میں پڑکر دسن ہمیت پتر آدک کی کامنا کرتے ہیں اس سے دکھ پاتے ہیں اور پھر پاپ کرم کرکے نرک روپی اندھ کوپ میں گرتے ہیں بارم بار جنم مرن سے کشٹ پاتے ہیں اور ناش ہوتے ہیں جو ان میں سے بیبیک کے سمیپ آتے ہیں وہ شبھ اشبھ کرموں کے بندھن سے چھوٹ کر پرم پد کو پراپت ہوتے ہیں اور جو بیبیک سے پریت نہیں کرتے بھٹکتے ہیں جو پرش بھوگ کے کارن تپ آدک پن کرم کرتے ہیں وہ اتم شریر دھار کر سرگ کا سکھ بھوگتے ہیں اور جو من روپی پرش مجھ سے کہتے تھے کہ تو ہمارا شتر ہے اور رودن کرتے تھے اس کا یہ ہی تھا کہ بیبیک کو دیکھ کر بشئے آدک بھاگ جاتی ہیں اس من کو بشئے آدک کے تیاگ سے دکھ ہوتا تھا اور بیبیک کو دیکھ کر رودن کرتے تھے اور ہنسنے کا کارن یہ ہے کہ پہلے اگیان کے بس ہو کر مورکھ نانا پرکار کے دکھ پاتا ہے اور پھر گیان ہونے سے دکھوں سے چھوٹ کر پرمانند کو پراپت ہوتا ہے تب آنند میں مگن ہو کر ہنستا ہے جب میں اس من روپی پرش کو روک کر پوچھتا تھا اور وہ اپنے شریر کے انگوں کو تیاگنا چاہتا تھا وہ یہ تھا کہ میں بیبیک روپ ہوں جب اس پرش روپی چت کو بلا تب اسکے سیس ہاتھ و پتروں کا جسکو ابلا کہا کہتے ہیں تیاگ ہوا اور جب اس پرش کا سیس ٹوٹا ایہمانی سے گر پڑا یہ باسنا روپی انگوں کا تیاگنا تھا ان کو تیاگ کر آپ ہی نشٹ ہو گیا ارتھات سب باسنا کو تیاگ کر

آپ ہی پرم برہمہ میں لین ہو گیا کہ باسنا ہی ہندہن کا کارن ہے

چہترواں سرگ

چت اور من کا برہمہ سے اوپجنا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی یہ چت برہمہ سے اُپجا ہے تو آتمارُوپ گیانیوں کے نشچے میں چت بیلکشات برہمہ رُوپ ہے اگیانیوں کو من سنسار بھرم کا کارن ہے جیسے جنکو جل کا گیان نہیں ہوتا ترنگ کو نہیں دیکھتے ایسے اگیانی کو جگت نہیں دیکھتا ہے اور گیانوان کو کیول برہمہ ستا ہی بہاستی ہے ہے رامچندر جی اگیانی کے اُپدیش کو گیانوان بھید جگتی ہیں اپنی درشٹی میں تو اُن کو سب برہمہ ہی بہاستا ہے پرم برہم پورن ابناشی ہے اور سرب شکتی مان آتما ہے جیسی اُسکی رُچی ہے وہ ہی شکتی پرتیکش ہوتی ہے سرب شکتی رُوپ ہو کر پھیلا ہے جیووں میں چیتن شکتی گیان رُوپ کرکے پرتیکش ہے دیکھو پون میں اسند پاشان میں استہرتا جل میں دبتا اگنی میں تیج اکاش میں شونتا سرگ میں بہاو کال میں ناش سوگ میں وکہہ مدہتا میں انند شُورِ بیروں میں شورتا ہے سرگ کی اُتپتی میں اُتپتی شکتی کی اور کلپ کی انت میں ناش شکتی اُسکی ہی ہے اس سے لیکھ جو کچھ بہاؤ ابہاو پدارتھ شکتی ہے سب برہمہ کی شکتی ہے سب جگت برہمہ میں استہر ہے جیو چت اور من آدک بہی برہمہ رُوہی ہیں برہمہ سے نیاری کوئی لبتو نہیں جو مورکھ پُرش بچار سے رہت ہیں انکو بالک کی لیلا کی پرکار یہ جگت است ہی بہاستا ہے؀

ستتراں سرگ

بالک اور دائی کی کتہا

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بہگون وہ بالک کی کتہا کیسے ہے بششٹ جی بولے کہ ایک مورکھ بالک نے دائی سے کہا کہ کوئی ایسی کہانی کہو جو پہلے نہ ہوئی ہو تب دائی اُس کے پھسلانے کو کتہا کہنے لگی کہ ہے پتر ایک بڑا شونیہ نگر تہا اس کے راجہ کے تین پتر شبہ اچاروان تہے اُنمیں سے دو تو اُتپت ہوئے تہے اور ایک گربھ میں بہی نہیں آیا تہا وہ تینوں بہائی گو بنش اور دہن طلب کی اچھیا میں شونیہ

نگر سے باہر نکلکر پردیس کو چلے وہ کومل شریر والے چلتے چلتے تھک گئے اور بڑی دکھت ہوئے ہوئے آگے کو بڑھے تو انہوں نے تین برکش دیکھے جو دو تو اُتپت نہیں ہوئے اور تیسرے کا بیج ہی نہیں تو یہ تینوں ایک ایک برکش کے نیچے بیٹھ گئے اور ان کے پھل بھوجن کئے اور پشپوں کی مالا پہنی اور آگے چلے اتنے میں دو پہروں چڑھ گیا اور دھوپ سے تپا یمان ہوئے آگے تین ندیاں دیکھیں کہ بڑی بڑی ترنگ اُٹھتی ہیں دو ندیوں میں جل نہیں تیسری سوکھی پڑی ہے اس سوکھی ندی میں تینوں ڈبکی لگا لگا کر دیر تک اشنان کرتے رہے اور جل پیتے رہے سورج است ہونے لگا جب آگے کو چلے ایک بھوشت نگر دیکھا جہاں سندر رتن جٹت تھے اور ایک مندر دیکھا جس کا آکار کچھ نہ تھا اس میں ٹھہرے وہاں استری بہت نہیں وہاں رسوئی بنائی اور برہمن بھوجن کی اچھیا کی سو تین پتیلی منگوائیں اُنہیں دو پتیلیوں کا تو گھڑنیوالا کوئی اُتپت نہیں ہوا اور تیسری پھوٹی ہوئی چور چور ہو رہی ہے اس پھوٹی پتیلی میں سولہ سترہ سیر تنڈل چڑھائے اور برہمن اور جتنے آپ بدھ روپ تھے اور بنا مکھ کے رکھیشروں نے ملکر بھوجن کیا اور ہزاروں برہمنوں کو بھوجن کرایا ایسے وہ راج پتر آج تک سُکھ بھوگتے ہیں دائی بولی ہے پتر یہ سینک کتھا جب تو ہردے میں دھاریگا پنڈت ہوگا بالک نے اس کتھا کو سچ جانا جیسے اس کتھا کا روپ سنکلپ سے نیارا نہیں ایسے ہی یہ جگت بھی سنکلپ ماتر ہے اگیان سے ہردے میں پرتیت ہو رہا ہے شدھ آتما نس کنچن روپ ہے بندھ موکش بھی کلپنا ماتر ہے وہ اپنے آپ میں استھت ہے۔

اٹھتروال سرگ

شریر کے ناش ہونے اور آتما کے نشٹ نہ ہونے کے بکھیان میں

بششٹ جی بولے یہ منش اگیانی اپنے سنکلپ سے آپ ہی موہ کو پراپت ہوتا ہے اور پنڈت گیانوان اس سے نیارے رہتے ہیں یہ دیہہ استھول روپ نا شوان ہے مورکھ اس کے رکھنے کا اپاؤ کرتے ہیں وہ برتھا ہے نہ شریر ہے نہ کچھ پیدا ہوا ہے نہ جگت ہے نہ پرتھوی ہے نہ آکاش سب کلپنا ماتر ہیں۔ دیہہ کے نشٹ ہونے سے آتما نشٹ نہیں ہوتا سب کا شریر من ہے وہ آتما کی شکتی ہے اس میں یہ شریر آدک جگت رچا ہے شریر کے نشٹ ہونے سے تمہارا ناش نہ ہوگا جیسے سورج کا پرتبنب جل کے کنڈ میں اس کنڈ کے ناش ہونیسے ناش نہیں ہوتا اور جل کو دوسرے استھان کو لیجاویں تو وہ پرتبنب

ہی چلتا دکھلائی دیتا ہی ایسے ہی دیہہ کے چلنے سے آتما چلتا ہوا دکھلائی دیتا ہے جیسے گہٹ کے ٹوٹنے سے گہٹ کا آکاش مہا آکاش میں جا ملتا ہی ایسے دیہہ کے ناش سی آتما ہی پد میں استھت ہوتا ہی سب جیوؤں کا شریر من روپ ہی جب وہ مرت ہوتا ہی کچھہ دیر تک ویس کال آدِک پدارتھوں کا ابھاؤ ہو جاتا ہی اور اس موہ چہت کے پیشچات آپ سی آپ دوسری گتی میں چیتن ہوکر باسنا کے انسار پھر پدارتھ بھاس آتے ہیں اس کارن اس شتر و کو بیراگ ابھیاس کے کھڑگ سے مارو تب آتما پد پراپت ہوگا۔ اور کوئی اوپاے نہیں ہے ؎

اونا سیواں سرگ

پرماتما کے روپ دکھلانیکی سب چترکاری ہیں جس کا رچا ہوا جگت ہے

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی یہ چترکاری جگت کی پرماتما سے اُٹھی ہی پرتھم پرماتما سے من ہوا ہی پھر من نے جگت رچا ہی آتما کو اناتما اور اناتما کو آتما بھاؤ پراپت کرتا ہی دور کی بستو کو نکٹ اور نکٹ کی دور کرکے دکھلاتا ہے ایک پل میں سنسار کو اُتپن کر لیتا ہی یہ جاگرت بھرم من نے کلپا ہی مہورت میں کلپ اور کلپ کا مہورت سچ لیا ہی دیس کال پدارتھ سب من سی اُتپنے ہیں اس کارن سب کا کارن روپ من ہے جبتک آتما کا پرماد ہے تب تک دویت روپ جگت بھاستا ہی جب آتما کا گیان ہوا سب بھرم روپ مٹ جاتا ہی ؎

اسیواں سرگ

راجہ لون اور اندرجالی کا اتہاس

بششٹ جی نے ایک پراچین اتہاس سنایا کہ ہی رامچندر جی ایک اُتر پانڈو نام دیس کا راجا لون بڑا دھرماتما سندر نوجوان ہریش چندر کے کل میں ہوا جس کا جس سرگ تک پہونچا ایک دن وہ سنگھاسن پر بیٹھا ہوا سندر استریوں کا نرت دیکھہ رہا تھا منتری اور منڈلیشر اور سینا کھڑی ہوئی تھی اس سمے ایک اندرجالی اپنی سامگری سمیت آیا اور اپنی پٹاری کو کھولکر ایک مور کا پنکھا نکالکر گھوما نے لگا اس سمے راجہ کو ناٹا پرکاش کی چمتکار بھاسنے لگی مانو پرماتما کی مایا ہی اور راجہ نے ناٹا پرکار کے برن دیکھے اسی سمے

ایک وقت منڈلیشور کا ایک گھوڑا لیکر آیا اور کہا کہ ہے راجن یہ بڑا بربل گھوڑا اچھو شروا کے سمان تمہارے کارن بھیجا ہے اسکو انگیکار کرو تب اندرجالی بولا کہ ہے راجن تم اس گھوڑے پر چڑھ کر دیکھو راجہ گھوڑے کی اور دیکھ کر مورچھت اور اچت اور منتری بھی اشچرج کو پراپت ہو کر مون ہو گئے من میں جانا کہ کوئی بڑی چنتا اُتپت ہوئی ہے سب سینا اشچرج کرنے لگی ٭

اکیاسیواں سرگ

اندرجالی کا اکھیان

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی ایک مہورت کے پیچھے راجہ کی مورچھا دور ہوئی اور اس کا دیکھ کرنے لگا بدھی بیاکل ہو گئی اور کہنے لگا کہ یہ نگر کس کا ہے اور سینا کس کی ہے اور یہاں کا راجہ کون ہے منتریوں نے کہا کہ ہے راجن تم کیوں بیاکل ہو رہے ہو تمہارا من نرمل اور اودار آتما ہے جسکی پریتی بھوگوں میں ہوتی ہے اس کا من موہ میں پھنس جاتا ہے اور سنت جنوں کا چت نرمل ہوتا ہے انکو شریر کے ساتھ کچھ موہ نہیں ہوتا تم تو آتم تتو میں استھت ہو کیونکہ موہ سے چلایمان ہو گئے یہ سنکر راجا چیتا اور نیتر کھولکر دیکھنے لگا اور کرودھ وان ہو اندرجالی سے کہا کہ اے دشٹ تینے یہ کیا کرم کیا راجہ سے بھی کوئی ایسا کام کرتا ہے بڑا اشچرج ہے پرماتما کی اننت شکتی ہے نانا پرکار کے پدارتھ پھرتے ہیں میں نے ایک مہورت میں کیا بھرم دیکھا میرا من جو سدا گیان کے ابھیاس میں تھا سو موہ کو پراپت ہو گیا تو اور جیوں کی کیا گنتی ہے یہ اندرجالی سمیروئیت کی سمان ہے مانو ساری سرشٹی اس کے پٹاری میں رہا ہے۔

بیاسیواں سرگ

اندرجالی کے چرتر کا برنن

راجہ بولا ہے سادھو مینے بڑا بھرم جال دیکھا ہے جب اندرجالی نے مور کا پنکھا گھومایا وہ مجھ کو سورج کی کرنوں کی بنائیں دکھلائی دیں اور مور کا پنکھا اندر دھنش کے تُل بچتر روپ دکھلائی پھر وہ گھوڑا جو دوست لایا تھا مجھ کو ایسے بھیانک ون میں لے گیا جہاں نہ ترن تھا نہ پرتی نہ جیو وہاں میں بہت دکھی اُداس ہوا اور سورج کے است ہونے پر راتری بڑے دکھ سے کاٹی جب سورج اودے ہوا

وہاں سے آگے کو چلا تو پکشیوں اور پشوؤں کے بول سُنے اور برکش بھی دیکھے پر تو کھان پان کی کوئی
بستو نہ دیکھی میں ایک جامن کے برکش کے نیچے بیٹھ گیا اور گھوڑا مجھکو چھوڑ کر چلا گیا اتنے میں پھر سورج
است ہو گیا راتری وہاں بتیت کی ان جل کچھ نہ ملا نہ اشنان کیا میں نہاوین ہو گیا دوسرے دن
آگے گیا دوپہر دن چڑہے ایک کنّیا کو کچھ چانول مٹی کے بھانڈے میں پکے ہوئے لیجاتے دیکھکہ میں نے کہا کہ
میں چھُدا سے بیاکل ہو رہا ہوں کچھ بھوجن مجھے دے کہ جو چھُدا وان اور دین کو بھوجن دیتا ہے وہ سمپدا پاتا ہے
وہ بولی تم تو کوئی راجہ دکھلائی دیتے ہو تم کو بھوجن نہ دونگی یہ کہکر وہ آگے کو بڑہی اور میں اسکے پیچھے مانگتا
چلا اس نے پھر کہا کہ ہے راجن ہم تپنچ جاتی ہیں بنا اپنے پر بوجن کے کسیکو نہیں دیتے جو تم میرے بھرتا ہو جاؤ
تو تم کو بھوجن دوں جو اپنے پتا کے لیئے جاتی ہوں جو سمسان میں بہوت بیتال کی نیائیں دھوت ہو
کر بیٹھا ہے میں نے کہا اچھا میں تم سے بواہ کر لونگا پرنتو بھوجن دیجے ساد ہوا ایسا کون ہے جو آپدا کے سمے
اپنا بدن آشرم استھر رکھے اُس نے آدہا بھوجن دیا ادہا جامنوں کا رس مجھے دیا میں بھوجن کرکے شانت ہوا
پرنتو میرا موہ دور نہ ہوا پھر اس نے میرے دونو ہاتھ پکڑ کر آگے دہر لیا اور اپنے پتا کے پاس لیگئی اور کہا
کہ ہے پتا میں نے اسکو اپنا پُرش کیا ہے پتا نے کہا اچھا اپنے گھر لے جا اور وہ مجھکو اپنے گھر لیگئی۔ اس کے
گھر کے پاس گھوڑے ہاتھوں۔ گدہوں کے ہاڈ اور لہو پڑا دیکھا جیسے پاپیوں کو جمدوت نرک میں لے
جاتے ہیں وہ اپنے گھر میں اپنی ماتا کے پاس مجھکو لیگئی اور اپنی ماتا سے کہا کہ ہے ماں یہ تیرا جنوائی ہے اس
چانڈالنی نے مجھکو بھوجن دیا وہ میں نے کھایا مانو جنماں جنم کے پاپ اودے ہو گئے پھر بواہ کا دن ٹھہرا
کر بواہ کیا چانڈال نرت اور گان جو کرتے تھے مانو میرے پاپ نرت کرتے ہیں؛

تراسیواں سرگ

اندر جالی کے چرتر

راجہ بولا میں چانڈال ہو کر آٹھ مہینے وہاں رہا اُس کے نیچے اوپر ہی استھانوں میں رہا تب وہ چانڈالنی گربھوتی
ہوئی اور اس کے کنّیا ہوئی اور تین برس پیچھے پتر ہوا ایسے ہی تین پتر اور تین پتری اُتپت ہوئیں اور کٹمبی ہوکر
بہت برسوں تک چانڈال ہو کر پچھتاتا ہوا ئیں ناتے پیروں چلیں راتکو بھولوں میں سو ویں رودہر کے
بھری ہوئی بستر اوڑہیں اہکشن بھوجن کریں پکشیوں کو جال سے پکڑ کر ماریں ایسے ایسے نیچ کرم کرتا رہا اور

دیکھ پاکر کرشن ہو گیا اور چانڈالوں میں اشینہ پڑ گیا پھر بر کھا نہ ہوئی کال پڑ گیا ایسا دربھکشن
کال پڑا کہ بہت جیو چھپاتر شنا سے مر گئے میں بھی دکھی ہو کر گنشٹ سہت نکلا ۔

چوراسیواں سرگ

اندر جالی کے چیترتر

راجہ بولا اس پرکار ہم بہت سے کال تک گنشٹ مان ہو کر بچرتے رہے اور میں پر وہ ہو گیا راج کا ابھمان
سب جاتا رہا پھر ایک برکش کے نیچے بسرام کیا ایک چھوٹے پتر نے مانس مانگا مانس جب نہ ملا تو چھوٹے
پتر پیاری کے کارن میں نے کہا کہ ہے پتر اور مانس تو ملتا نہیں میرا مانس کھا لے اس نے کہا کہ اچھا تب
میں بن سے لکڑی اکٹھی کر اگن جلائی اور اگنی میں بیٹھ گیا اور پتر سے کہہ دیا کہ جب میرا مانس پک جاوے
بھوجن کیجو جب اگنی کی مجھے داہ لگی میں کمپایمان ہوا ایسے ہی چیترتر دیکھتا رہا جیسے اندر جالی نے موہ کا
پنکھا گھمایا تب سے میں یہ ہی اشچرج دیکھتا رہا جب مجھے گیان وان کو موہ لیا تو اور جیو دل کی کیا گنتی ہے
بسشٹ جی بولے ہے رام چندر جی جب اس پرکار راجہ نے کہا تب وہ اندر جالی انتردھیان ہو گیا اور سب
سبھا اشچرج کرنے لگے کہ بھگوان کی مایا پرچتر روپ ہے یہ اندر جالی نہیں ہے مایا ہے کیونکہ اندر جالی
اپنے کو دھن کے لئے چیترتر دکھلاتے ہیں اور بنا کسی لیتو کے انتردھیان ہو گیا ہے اس لئے یہ ایشور کی مایا ہے
یہ بیتر میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا کسی سے سنا نہیں ہے ہے رام چندر جی یہ چت ان روپ نہیں ہے مہا موہ اور
اپیا ہے اس کے پھرنے سے انیک پرکار کا موہ دکھائی دیتا ہے جب یہ من اوپشم ہو تب کلیان ہے
اس لئے اس من کو جو کلپنا سہت اٹھتا ہے تیاگ کر آتم پد میں استھت کرو ۔

پچاسیواں سرگ

من سے جگت کا پھرنا اور من کا استھر کرنا چاہئے

بسشٹ جی بولے ہے رام چندر جی چت سمیدن شدہ پرماتما سے پھرا ہے اور کلپنا روپ ہو کر استھر
ہوا ہے جس سے درشیہ دھرم ست کو بھاستا ہے آتما کے پرمادسے موہ میں پراپت ہو کر چت کے
پھرنے سے بہت کال تک جگت میں ڈوب رہا ہے اور من است روپ ہے اور من ہی سنیوگ

جگت چلایا ہے ابھیاس کرنے سے سب پدارتھ ملسکتے ہیں سو آتم پد کے ابھیاس سے آتما کشٹ ہو جاتا ہے اور سنسار دور ہو جاتا ہے اور ہو رکھوں کو ابناشی پد پراپت کرنے میں ہی آتا ہے باسنا سہت بلیں من میں نانا پرکار بھرم سنسار اُٹھتا ہے سنسکار کا کارن سو ہے جس سے جیو بھٹکتے پھرتے ہیں جیسا من کا نشچے ہوتا ہے وہ ہی ست ہو کر بہاستا ہے اندر کو ایک گھڑی میں جگوں کا انبھو ہوا اور من کے ہی نشچے سے اندر برہمن کے دس پتر برہما ہو گئے بنش سکھ میں بیٹھا ہوا اور من میں کوئی چنتا پھرے تو سکھ میں اس کو نرک کا دکھ پیاپت ہو جاتا ہے ایسی ہی دکھ ہی سکھ روپ ہو جاتا ہے سو جیسے نشچے من میں ہوتا ہے ویسا ہی روپ ہو کر دیکھتا ہے اس لئے من کو استھر کرنا چاہیے ٭

چھبیسواں سرگ

من کے جیتنے کا اوپاے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی چت روپی روگ کے دور ہونے کو میں سندر اوشدھ ہی بتلاتا ہوں سنو کہ جتن بھی اپنا ہی اور آپ ہی سادھنے والا ہی اور اوشدھی بھی آپ ہی ہے اور سب پرشارتھ اپنے سے ہی سدھ ہوتے ہیں اس جتن سے من کو بس کرو جو کچھ پدارتھ تم کو دیکھتے ہیں اُنکا تیاگ کرو تب من کو جیت لوگے اور اچل پدارتھ پاؤگے وہ آدک اسبتو ہیں جو بستو کی بھاونا اور آتم تتو میں جو دیہ کی بھاونا ہو رہی ہے انکو تیاگ کر یہ شدھ برہم نشچے ہو رکھو من نے کلپا ہی پرشارتھ کر کے چت کو اچت کرو تب اس بندھن سے چھوٹو گے جیسے لوہے سے لوہا کاٹا جاتا ہے ایسے من سے من کاٹو ہے رامچندر جی چت کا ناش ہیں چت کو لگاؤ جسکو یہ انبھو ہوتا ہے کہ میں اُتپت ہوا ہوں اور مرونگا اور میں برہمن اتھوا چھتری بیش شودر پنڈت چتر گنوان ہوں سب است روپ پرپاؤ چیپتا ہے بہاستا ہے جیسے ایک استھان میں بیٹھا ہوا اور من میں اور دیس میں کارج کرنے لگے ایسے ہی جنم مرن کو بھرم سے مانتا ہے بنش من روپی شریر سے اس لوک پرلوک میں چت ہی بھٹکتا ہے من کے نشٹ ہونے سے آتم پد ملتا ہے ٭

ستائیسواں سرگ

من کے اُپ شم کرنے کا جتن

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جس کے من میں اتینت بیراگ ہوتا ہے اس کو من دیکھتا ہے اور

اگیانی کا چت جنم مرن بکار دیکھتا ہی جیسا من کا پھرنا پھرتا ہے ویسا روپ ہوجاتا ہے جو ست است اور جڑ چیتن میں چلایمان ہی اس کا نام من ہے جب یہ جڑ کی اور جاتا ہے تب آتما کے پڑدے سے آتما میں آتم بھاو کر لیتا ہے اور جب ببیک بچار میں لگتا ہے تب اس ابھیاس سے جڑتا دور ہو جاتی ہے سب سنساری پدارتھ من سے اُتپن ہیں اس من کے اُپ شم کرنے کا جتن کرو۔ اور کوئی اوپاے نہیں ہے من کو من ہی روکتا ہی سو من سے ہی من کو مار دو سنسار سمدر سے پار ہونے کو من ہی نوکا ہے اپنا من ہی بندھن کا کارن ہے بیراگ سے آتم تتو کا ابھیاس کرو تب چھوٹوگے جو کچھ سمبیدن پھرتا ہی یہ ہی جگت ہے اور سمبیدن کے نہ پھرنے سے دکھ سے چھوٹنے کا اوپار کرو اور سنسار کے پدارتھوں اور موہ کا تیاگ کرو۔

اٹھاسیواں سرگ

آتما کی بھرانتی سے جگت کا بھاسنا اور اپنے سروپ میں استھت ہونا بکلپوں کو تیاگ کر

لبشٹ جی بولے ہے رامچندر جی یہ باسنا بھرانتی سے اُٹھی ہے جیسے اکاش میں دوسرے چندرما کی بھرانتی ہوتی ہے ایسے ہی آتما میں بھرانتی سے جگت بھاستا ہے گیانیوں کو جگت نہیں بھاستا سنسار کچھ نہیں ہے آتم تتو ہی اپنے سروپ میں استھت ہے وہ نت شدھ سم ادوئیت تمہارا اپنا آپ ہے نہ تو تم کرتا ہو نہ اکرتا ہو۔ کرتا اکرتا گرہن تیاگ کو لے کر کہلاتا ہے تم دونو بکلپوں کو تیاگ کر اپنے سروپ میں استھت ہوجاؤ جو کچھ لوکک بیوہار و اچار ہیں ان کو کرو۔ اور بہتیر سے اپنے کو بھوگتا مت مانو کیونکہ سب پدارتھ جھوٹے ہیں جھوٹے پدارتھوں میں موہ کرنا اگیان کا کارن ہے اگیانی جھوٹے پدارتھوں کو دوڑتے ہیں اور ملنے کا جتن کرتے ہیں گیانی اس ترشنا کو تیاگ کر شانت ہوجاتے ہیں جن کی رُچی پدارتھوں میں ہورہی ہے انکی بھاونا سے اُن کا چت جڑ اکشٹ پاتا ہے جیسے پنچھی کی پرچی دانہ میں ہوتی ہے اور اکاش سے اُترتا ہوا دانہ پر گر کے چُگتا ہے اور جال میں پھنستا ہے اور دکھ پاتا ہے یہ بھوگ پہلے تو بیٹھے روپ دکھلائی دیتے ہیں انت میں بس روپ ہوجاتے ہیں مورکھ اگیانی کو یہ اچھے لگتے ہیں

نواسیواں سرگ

اودیا کی نروِرتی کی ریت

سری رامچندر جی بولے ہے بھگون جگت کے بھاسنے کی اودیا سے نروِرتی کس ریت سے ہو
بسشٹ جی بولے اودیا آتما کے پرکاش سے نشٹ ہوجاتی ہے جبتک آتما کا درشن نہیں ہوتا اودیا بھرم
دکھلا دیتی ہے جب آتما کے درشن کی اچھیا ہوتی ہے تب وہ ہی اچھیا مرہ کا ناش کردیتی ہے
جیسے دھوپ سے چھایا نشٹ ہوجاتی ہے جب پرش یہ سنکلپ کرتا کہ سب برہم ہے تب
موکش ہوتا ہی اور جب اناتما میں اہنکار ابھمان ودڑھ ہوتا ہے وہ ہی بندھن ہی یہ اودیا ہی بھاونا
ماتر ہے اگیانی جانتا ہی کہ میں دُبلا اور بوڑھا اور دُکھی ہوں یہ سب بیوہار بندھن کے ہیں جب
گیان ہوتا ہے اور جانتا ہے کہ نہ میں ہوں نہ میرا شریر ہے نہ بندھن میں ہوں اس سے
نیارا ساکشی بھوت ہوں ایسی نشچے والے کو مکت کہنا چاہئے سری رامچندر جی پوچھا کہ ہے
بھگون سمرو کی چھایا آکاش میں پڑتی ہی اتھوا اندھیرا ہی اتھوا اور کچھ ہے یہ نیلاپن کیسا بھاستا ہے
بسشٹ جی نے کہا کہ نہ چھایا ہی نہ اندھیرا ہی نہ وہ نیلا ہی کیول ہو جیسے آکاش میں نیلاپن بھاستا ہے
اور کچھ نہیں یہ برہمانڈ پنچ روپ ہی اس کا پرکاش ہی سروپ ہی اندھیرا برہمانڈ سے باہر ہی جسکی
مند درشٹی ہے اسکو نیلا ہو کر بھاستا ہے ایسے ہی اگیانی کی اودیا ست ہو کر بھاستی ہے۔

نوے واں سرگ

راجہ لون کا بِرتانت من کے وِشئے میں

بسشٹ جی بولے کہ دیہہ کاشٹ اور مرِتکا کی سمان ہے جیسے سپنے میں چت کے پھرنے سے
دیہہ بھاستا ہی ایسی ہی یہ دیہہ چت کی کلپنا سے ہوا ہے نٹ کے سوانگ کی نیائیں من اپنے
پھرنے سے انیک شریر دھارتا ہے دُکھ سُکھ واشنا انشٹ سب من کے پھرنے سے ہی ہیں
شریر میں استھت ہو کر چیشٹا کرتا ہی جیسے سارتھی رتھ پر بیٹھکر اور سرپ بمبی میں بیٹھکر چیشٹا کرتا ہی
اس جڑ روپ شریر کو من چنچل کرتا ہے من ہی ہو گیا اور کرتا بن جاتا ہی وہ ہی منش کا روپ ہو جاتا

ہے راجہ لون برہم سے چانڈال ہوا ایک سمے اس نے ایکانت استھان میں بیٹھ کر بچارا کہ میرا دادا ہرپش چندر راجہ ہوا ہے اور میرے پرکھاؤں نے راجسو جگ کیا ہے میں بھی راجسو جگ کروں یہہ سوچ کر مانسی راجسو جگ آرنبھ کر دیا اور من سے سب کے یوگیار کہیشر اگنی۔ پوجن آدک کر لئے اور من سے ہی سامگری اکٹھی کر کے سب کو بخشنا دیدی سوا برس میں جگ مانسی پورن کی اور من سے ہی اس کا پھل ہوگا سو ایسے ہی سب کرم من سے ہوتا ہے من ہی بھوگتا ہے جیسا چت ہے ویسا ہی پرش ہے جس کا چت آتم تتو سے پورن ہے سو پورن ہے جس کا چت پورن ہے بیاکت سیں جاگا ہے اس کے سب دکھا دن کا ابھاؤ ہے ॥

اکیانواں سرگ

راجہ لون کی آپدا کا برتانت اور من کے اوپ شم کرنے کی جگتی

رامچندر جی بولے ہے بھگون راجہ لون سے مانسی جگ کرنے والی کو سانبھری نے بہرم دکھلایا ایسا وہ کون تھا بششٹ جی بولے کہ جب وہ سانبھری راجہ لون کی سبھا میں آیا تھا میں بیٹھا ہوا تھا۔ راجہ نے مجھ سے پوچھا کہ یہ کون ہے میں نے کہا کہ جو پرش راجسو جگ کرتا ہے اسکو بارہ برس کی آپدا آتی ہے اور انیک دکھ پاتا ہے راجہ لون نے مانسی جگ کری من سے ہی آپدا بھی بھوگنی پڑی اندر نے اپنے دوتکو سانبھری کے روپ میں آپدا بھوگ کرانے کے لئے بھیجا تھا وہ راجہ کو آپدا بھوگ کرا کے سرگ کو چلا گیا اس لئے من ہی کرتا من ہی بھوگتا ہے جیسا جیسا درڑہ من میں پھرتا ہے اسکے انسار دکھ سکھ کا انبھو ہوتا ہے جب من استھر ہو جاتا ہے آپدا مٹ جاتی ہے اس لئے اس چت کے رہم، کو بیبیک کے سورج سے پگھلاؤ تب پرم پد کی پراپتی ہوگی یہ من ہی سب جگت کا کارن ہے ابدیا جیو بدھی۔ اہنکار۔ من۔ چت سب چت کے پھرنے کے نام ہیں انکو بیبیک سے بین کر وہ کو لشا پدارتھ ہے جو پرشارتھ کرنے سے نہ ملے نشچے سے سب کچھ ملتا ہے آتم بودھ سے سب پدارتھوں کی ایکتا ہو جاتی ہے رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون اس من کی چنچلتا کیسے دور ہو بششٹ جی بولے میں تمکو من کے روکنے کی جگتی بتلاتا ہوں اس سے من تمہارے بس میں ہو جائیگا جیسے سارتھی کے بس میں گھوڑا۔ سب بھوت برہم سے اتپت ہوئے ہیں سو تین پرکار کے ہیں رساتگی۔ راجسی۔ تامسی، پرتھم سدھ چیتانۓ میں کلپنا اٹھی اس برہم کے پھرنے کا نام من ہوا وہ برہما روپ ہے اس برہما نے جیسا سنکلپ کیا ویسا ہی اننت

برہما نڈ اتپت ہوئے اور لین ہو گئے اور ہونگے جب برہمہ کے سروپ انیت ہوئے اور لیں اور چلکت ہوتے ہیں وہ
سب پانچوں بھوتوں کے اتپتی اور استھتی کرن و پرکرتی کا بیلے سرگوں میں بدلن ہو جاتا ہے دوبارہ
کی ضرورت نہیں ہوئی پرش کو سرم کے تیسے ساتو لو جگا چیندرما اندر سماں جیسے پدا ہوئے ہیں

بانواں

گیان اگیان کے لکشن اور اُن کی اوستھاؤں کا برنن

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون وہ سات بھومکا گیان کی نواس کرنیوالی کیسی ہیں بسشٹ جی
بولے کہ اے رامچندر بھومکا سات اگیان کی ہیں اور سات ہی گیان کی ہیں انکے مدہ میں بہت سی
اوستھا ہیں جن کی گنتی نہیں آتی آتم روپی ایک برکش ہے اور اپنا پرشارتھ بسنت رت ہے اس سے دو پرکار کی
بیل جنتی ہے ایک شبد دوسری اشبہ پرشارتھ کے رس کے بڑھنے سے پھل لگتا ہے اب سنو گیان
مکتی کو کہتے ہیں کہ جس سمے تم شدھ چماتر میں چیت درشیہ پھرنے سے رہت ہو کر استھت ہوتا ہے اسی کا نام
گیان ہے اور شدھ چماتر اودیت ہیں (آہنگ) ممبیدا اٹھتی ہے وہ اگیان کی اوستھا ہے گیان
دیکھان وہ یہ لکشن ہیں جنکی نیشٹا چماتر میں ہے اور سب سروپ سے چلائمان نہیں ہوتے اور راگ
دویش سے رہت ہے وہ گیانی ہیں اور سپریت اس کے اگیانی ہیں اور جاگرت اوستھا کو تیاگ
کر سشپتی اوستھا ہوتی ہے اسکی مدہ میں جو نرمل روپ ستا ہے اسی کا نام سروپ ہے استھت ہوتا
ہے جسکے سنکلپ بکلپ کا رشت ہوئی ہیں اور پھرنے سے رہت شونیہ ہیں اور وہ شونیتا اور جڑ بھاؤ سے
رہت ہے اس اوستھا میں استھر ہونا وہی سروپ استھتی ہے اس تتو میں جو جیو کی اوستھا ہوئی ہے
سو سنو بیج جاگرت جاگرت مہا جاگرت جاگرت سپن سپن جاگرت سپن مہا جاگرت سپن سشپتی یہ سات
مدکار کے اگیان کی اوستھا میں اسکی مدہ میں اور بھی ہیں پرنتو مکہہ یہ سات ہیں اب انکی لکشن سنو کہ
پرتھم جو شدھ چماتر ہے سے چیتنا کا آہنگ ہے اس کا بہوشٹ جیو نام ہوتا ہے وہ سب
شبدوں کا ادبیع ہے جس کا نام بیج جاگرت ہے پھر جو اہنگ ہے میرا یہ تیرا آدک جانتا ہے وہ جاگرت
ہے اور یہ ہیں ہوں ان شبدوں سے تن من ہونا ور چماتروں میں جو یہ درڑھ پرتیت
ہو جاتی ہے اس کا نام مہا جاگرت ہے من کا پھرنا جاگرت سپن ہے اور جو ندرا کال میں چترا اور پدارتھ

دیکھے اور جاگرت میں انکو است جانے اس کا نام سپن ہے اور جو سپن میں دیکھا اور اس سے
پیر تقیید ہوئے اور ست جانکر جنم مرن آدک دیکھے اس کا نام سپن جاگرت ہے وہ سپنا جو تھا جاگرت روپ کو
پراپت ہوا ہے ان چھ اوستھا کا جہاں ابھاؤ ہو اور جڑ روپ ہو اس کا نام سشوپتی ہے اس اوستھا
میں ترن، پاشان، برکش آدک استھت ہیں یہ سات بھومکا اگیان کی کہی ہیں اور سپن جاگرت
ہے اور اس کے مدھ میں اور ہے اس پرکار ایک ایک میں انیک ہیں یہ موہ کا سموہ ہے اس سے جیو
پھرتے ہیں ان اوستھاؤں کو تم بچار کر مکت ہو تب اس جال بھرم سے پار ہو جاؤ گے ॥

نواں سرگ

گیان کی سات بھومکا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اب گیان کی ساتوں بھومکا سنو (بھومکا چت کی اوستھا
(حالت) کو کہتے ہیں سو گیان کی بھومکا کے جاننے سے موہ روپی کیچڑ میں نہیں پھنستا اور ست والے
بھومکا کو انیک پرکار سے کہتے ہیں اور میرا بچار یہ ہے کہ اس سے نرمل بودھ شیگھر ملجاتا ہے سپن ہو جاگرت
کا نام گیان ہے اس گیان کی سات بھومکا یہ ہیں (شبھ اچھا۔ بچارنا۔ تنومانسا۔ ستواپتی۔ اسنسکتی۔ پدارتھ
بھاونی۔ تریا) اس کے سار جاننے والا پھر سوگ نہیں کرتا پرتھم سنو کہ جس کو یہ بچار ہو جاوے کہ میں
موڑھ اگیانی ہوں اور بیراگ سمیت ست شاستر اور سنتوں کے ست سنگ کی اچھا ہو اس کا نام
شبھ اچھا ہے اور ست شاستروں کا اور سنتوں کا ست سنگ بسیوں کا تیاگ ست مارگ کا ابھیاس
ست اچار میں پرورتی ست است کو جانکر است کا تیاگ کرنا اس کا نام (بچار) ہے شبھ اچھا اور
بچار سہت تتو کا ابھیاس اور اندریوں کا دمن یہ (تنومانسا) ہے ان تین بھومکاؤں کا ابھیاس اور
اندریوں اور جگت سے بیراگ کرنا اور سمرن من سے ست آتما میں استھت ہونا (ستواپتی) ہے ان
چاروں بھومکا کے سکشم روپ کے پھل میں اسکت نہ ہونا اس کا نام (اسنسکتی) ہے اور شبھ ... پہلا دینا
بہتر باہر سے نانا پرکار کے پدارتھوں کو کچھ نہ سمجھنا (پدارتھا بھاونی) ہے اس چھٹی بھومکا کے بہت کال
کے ابھیاس سے بھید کلپنا کا ابھاو ہو جاتا ہے اور پھر نام سروپ میں درڑھ ہوتا ہے یہ چھیوں بھومکا
جہاں ایک ہو جاویں اس کا نام (تریا) ساتویں بھومکا جیون مکت کی اوستھا ہے جیون مکت تریا

پدہیں استھت ہی ارتھات تین بھومکا جگت کی جاگرت اوستھاہیں ہیں اور چوتھی تتو گیانی کی اور
پانچویں چھٹی جیون مکت کی اوستھاہی اور تریاپدیں بدھ مکت استھت ہوتا ہی جو پرش ان ان ت
بھومکا ہیں استھت ہوتے ہیں بھاگوان ہیں اور پرم پدکو پراپت ہوتے ہیں جیون مکت پرش سواد
دکھہ ہیں نہیں ڈوبتے شانت روپ ہوکر اپنی پرکرتی اچار کو کرتے ہیں اور جو نہ کریں تو بھی ادیو
بندھن نہیں انکو کریا کا کچھہ بودہ نہیں رہتا ہی جیسے سوشپتی والے پرش کو روپ اور اندری اور
من کا ابھاہو جاتا ہی ایسے ساتویں بھومکا ہیں ابھاؤ ہوجاتا ہی یہ وشے گیانوان کا ہی کچھہ اور پاپول
[illegible] مت میں ادوکا ادھکار نہیں ہوتا ہی نرمل من والوں کو بھومکا ہیں ادھکار ہے اور جو
ادرجت [illegible] سوادک کو بھی انکا ابھیاس ہو تو وہ بھی مکت ہو جاتے ہیں اسمیں کچھہ سنشے نہیں
جس [illegible] ہردی میں [illegible] گیان کی گانٹھہ کھل گئی ہی انکو سنسار مرگ ترشنا کے تل و کہلائی دیتا
ہے اور مکت روپ ہیں جو پرش سنسار سے برکت ہوکر ان بھومکاؤں ہیں آئی ہیں اور ابھی موہ کے
سمندر [illegible] ہیں اور کسی ایک بھومکا ہیں بدھی لگائی ہی وہ بھی آتم پدکو پورن آتما
ہو سکے [illegible] اتھوا وہ کسی ایک بھومکا ہیں بھی جو پراپت ہوئی ہیں اور انھو اگھ
[illegible] وہ ہی دھن اور سورما ہیں اور نمسکار کرنے لوگ ہیں وہ پرم پدکو پراپت ہیں ہا

چورانواں سرگ

آتما میں اہنگ بھاو کا ہونا اور برھمہ میں برہم کا استھت ہونا

لبسشٹ جی بولے
[illegible] سوہرن میں ابھوشن اپنی روپ کو بھولکر اپنے آپ کو ابھوشن جانتا ہی ایسے
ہی آتما [illegible] اہنکار ہی جو کہتا ہی کہ (میں ہوں) رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون آتما میں اہنگ
بھاو کیسے [illegible] لبسشٹ جی نے کہا کہ اہنکار آوک کا ہونا است روپ آگیا پائی ہے اس کا نیارا
روپ نہیں ہے [illegible] ہی پرم تتو اور بھاگ کلپنا کوئی نہیں شانت روپ ہی جیسے سمدر میں ترنگ
بھاستے ہے [illegible] جگت بھرم بھاستا ہی آتما میں نانا پرکار [illegible] کا بھرم بھاستا ہی اور کچھہ نہیں ہے
جیسے کمہار مٹی کے گھوڑے ہاتھی بناتا ہی اور مول وہ مرتکا ہی مرتکا سے نیارے نہیں اسی پرکار سے
جگت آتم روپ [illegible] برہم سے نیارا بھاستا ہے آتما پورن روپ [illegible] آپ میں استھت ہے

ایسے برہمہ میں برہمہ استھت ہی اور ست میں ست جیسے درپن میں پرتبنب ایسی

پچانواں سرگ

لون راجہ کی کتھا اہنگ تونگ کے بشئے میں

ہے رامچندر جی جیسے سورن میں ابھوشن متھیا روپ ہی ایسے آتما میں اِمیں اور
روپ ہی اب راجہ لون کی کتھا شرون کرو کہ لون راجہ دوسرے دن بچار کرنے لگا
کہ یہ ... ستا ہی پرنتو ست روپ ہو کر دیکھتا ہی جا کر دیکھوں کہ بات کیا ہی اور اپنے
منتریوں اور سبھا کو ساتھ لے کر دکشن دشا کو دگ وجے کے لئے نکلا اور وندھیوں میں پھر کر بندیاچل
پربت کے سمیپ پہونچا اور جو دیس اور نگر آوک مورچھا میں دیکھے سب دیکھ بڑا اشچرج مانا اور آگے
بڑھا وہ اپنی ساس چنڈالنی ہی رودن کرتی دیکھی اور برلاپ کر رہی ہی اور کہتی ہی کہ میرا جنوائی کہاں
گیا میری بیٹی بدھوا ہو گئی۔ دہوترہ دہوتری کال پڑنے سے کہیں چلے گئے راجہ نے اپنی چاندالنی
ساس سے پوچھا کہ تو کیوں روتی ہی کون تجھ سے بچھڑ گیا ہے ٭

چھیانواں سرگ

ابدیا کے بھرم اور لون کا برتانت

چانڈالنی بولی کہ ہے راجن ایک سمے درھکش کال پڑا تھا جس کے دکھ سے میری ... بیٹری جنوائی
سب چلے گئے اتھوا مر گئے ان کے بیوگ میں روتی ہوں اتنے سنا اشچرج کر کے چانڈالنی کو وہیں رچ ...
اپنے دیس کو لوٹ آیا جب پربھات ہوا راجہ نے سبھا میں آکر مجھ سے وہ سب سپن کہہ کر پوچھا کہ کیا
بات ہی میں نے اسکو جگتی سمہت ایسا اتر دیا کہ اس کا اشچرج جاتا رہا جیسے میگھ ہوا سے جاتا رہتا ہے
ہی رامچندر جی ابدیا ایسی ہی کہ است اور ست کو دکھلاتی ہی رامچندر جی نے پوچھا ہے ... دن سپنے
ست کیونکر ہوا بششٹ جی بولے اسکا کیا اشچرج ہے ابدیا میں سب کچھ بنتا ہی سپنے اور مرت مورچھا
میں بدھی الٹی ہو جاتی ہی چت باسنا سے ملا ہوا ہی اس کا جیسا سمبدن ہوتا ہی ویسے بھاسنے لگتا ہی

جن کا چت سروپ سے گرا ہے انکو اودیا انیک بھرم دکھلاتی ہے جیسے مدیرا اور بس کا پان کرکے
بدمست ہوکر بھرم دیکھتا ہی۔ ایک اور راجا تھا اسکی بھی یہ ہی اوستھا ہوئی تھی سو ون راجہ کے
چت بیں جو پھر اس نے جانا کہ میں نے یہ کسپا کی ہی جیسے ابھو گتا دیکھتا ہی جیسے سُپن بیں دیکھا کہ
بیں راجہ ہو گیا ہوں ایسے سُپن کو پھر آیا سو پرمتا بہاش ہی انیک جیووں کو ایک بھرم انیک
ہوکر بھاستا ہی جتنے پدارتھ بھاستے ہیں انکی ستا روپ سمبیدن ہی جیسے انکی سنکلپ ورتہ ہوتا
ہی ویسے ہوکر بھاستا ہی پدارتھ اور تینوں کال بھی سمبیدن سی اُپجے ہیں انکا بیج سمبیدن ہی جو اودیا
روپی آتما سے اودیا کا سنبندھ کدا چت نہیں سنبندھ اکار ہوتا ہی جو کار رہت ہی اُسکا سنبندھ
کیسے ہو جو جڑ سے آتما کا سنبندھ ہو تو آتما بھی جڑ ہونا چاہئے سو آتما سدا چیتن روپ ہی اسکو جڑ
کیونکر کہا جاوے سنبندھ سجاتی سی ہوتا ہی اس لئے سب چیتن اکاش ہی اور پاشان آدک درشیہ
اکار بھرم سے بھاستے ہیں جیسے سورن سی نانا پرکار کا ابھوشن بھاستے ہیں مُدبھان گیانیوں کو ایک
برمہ ستا ہی بہاستی ہی اگیانیوں کو جگت مایا روپ دکھتا ہی درشٹا۔ درشیہ۔ درشن برمہ ہیں بُھرے
ہیں ان کے مدہ بیں اور ان سی رہت جو ستا ہی وہ ہی برمہ ستا ہی ہی رامچندر جی استا چین روپ نرنکلپ
ہے اس بیں چت ستھر ہو اور سمادھی بیں رہو تب تمکو سب وے ہی روپ بھاسیگا جو پرش ستا بیں
استھت ہوا ہی وہ شریر کے اشٹ بیں پرسن نہیں ہوتا اور انشٹ بیں بھی پرشن نہیں ہوتا نرمل
روپ استھت ہوتا ہی جیسے پُرش پردیس کو جاتا ہی اور مارگ بیں انیک پدارتھ دکھلائی دیتے ہیں اس کو
انہیں راگ دویش نہیں ہوتا ویسے ہی تم ہو جاؤ آتما بیں چت نہیں ہی بنا بچار کے بھرم سے چت
جانتا ہی مول کچھ نہیں سو سدہ پرمانند سروپ ہی آپ بیں استھت ہی اسکے بھول جانیسے دکھ ہوتا
ہی اس لئے تم سماودھان ہو جاؤ پھر نیکا ہی نام چت ہی چت کو تیاگو جو تم ہو اسی سروپ بیں استھت ہو
اور جس کا من بھاو نشٹ ہوا ہی وہ ہی مہا پُرش سنسار سے پار ہوکر پرم پد بیں پراپت ہوتا ہے ؛

ستاواں سرگ

بھوم کا کو پراپت ہونا پرش کا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی بھومکا کو پراپت جیسے ہوتا ہی وہ سنو کہ پرتھم جنم سے پرش کو

بو وہ ہوتا ہی اور پھر ستوگنی بھگت کرتا ہے اور ست شاستر پڑھنے اور سنتوں کے ست سنگ میں ابھیاس کرتا ہی جب اسکو گرہن تیاگ کی بدہی اپجتی ہی اور شبھ اشبھہ کو جانتا ہی ہی رامچندر جی جاننے کے یوگ ہے وہ تم نے جانا ہی اب تمہاری ساتھ شریر رہی اتھوا نہ رہی ہرکھ شوک سے نیارے تم نرلکلپ آتما ہو سرب گت سدا ادویت روپ جنم مرن جو سکھ دکھ سے رہت ہوا ور اپنے آپ میں استھر ہو دیہ اودے بھی ہوتا ہی اور لین بھی ہو جاتا ہی۔ دیس۔ کال۔ بستو کے بھید سے جو آتما ہے وہ اودے اور است کیسے ہو ہے رامچندر جی تم اپناشی ہو آپ کو ناش روپ جانکر شوک کیوں کرتے ہو۔ جو سب کا آتما ہے وہ ہی برہمہ کہلاتا ہے اس کے جاننے سے جگت کو جانتا ہے جو ابیکت نراکار نربان روپ ہے اس کے جاننے کے کارن شاستر کاروں نے برہمہ آتما آدک نام کلپے ہیں مول کوئی نام سنگیا نہیں ہے جن کو اگیان سے دیہ میں ابھمان ہوتا ہی انکو دکھ کا ابھمان ہوتا ہے گیانی کو نہیں ہوتا آتما سب لکاروں سے رہت من کے مارگ سے اتینت شونیہ کے تل استھت ہے اوس کو دکھ سکھ کیسے ہو باسنا کے انسار دیہ سمبندھ ہوتا ہے سو دیہ کے ناش ہونے سے آتما کا ناس نہیں ہوتا تم کیوں سوچ کرتے ہو یہ جگت چیتن تتو کے سوبھاؤ سے اوپجا ہے پرنتم آتما سے من اپجا اس سے یہ جگت جال رچا ہے اور یہ جگت چت میں استھت ہے باستو میں آتما کے سواے اور کچھہ نہیں ہے اور چت سنکلپ روپ ہے جب سنکلپ مٹ جاتا ہے چت نشٹ ہو جاتا ہے چت کے نشٹ ہونے سے سنسار نشٹ ہو جاتا ہے ۞

بول اٹل چہتر کی جے

تیسرا اوپتی پرکرن یوگ بسشٹ کا تمام ہوا

چوتھا استھتی پرکرن جس کے اکسٹھ سرگ ہیں

پہلا سرگ

چوتھے پرکرن بھرانتی ماتر ہونا اور اُس کا برہم کارن نہ ہونا اور آتما کا ادویت ہونا
بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اب استھتی پرکرن شروع کرو کہ یہ درشٹ روپ جگت بھرانتی ماتر ہی جیسے بندر ریت اکٹھا کے اگنی کی بھاونا کرتا ہے اور سردی نرورت نہیں ہوتی اتھوا جیسے مرگ ترشنا کا جل اتھوا سپنا ایسے یہ جگت بھی پرتیکش بھاستا ہے پاستو میں کچھ نہیں درشٹ روپ ہے رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون مہا کلپ کا انت ہو کر ناس ہوتا ہے تب درشٹ مان جگت آتم روپ بیج میں سے ہو جاتا ہے پھر اُتپت ہوتا ہے پھر لے ہو جاتا ہے ایسا بچار اور بدھی گیانکی ہے اتھوا اگیان کی بششٹ جی نے کہا کہ جو مہا کلپ کے ناس ہوتا ہے بیج روپ آتما میں جگت کا استھت ہونا برنن کرتے ہیں پرم اگیانی اور مورکھ ہیں بیج تو درشٹ روپ انکر یا پھل کا بیج ہوتا ہے اور من چھ اندریوں سے نیارا ہے اور آکاش سے بھی ادھک نرمل اور سوکشم ہے اسکو جگت کا بیج کیسے کہا جاوے وہ مہا سوکشم روپ پوتر سے بھی پوتر ہے آتما میں جگت نہیں ہوتا ست روپ آتما میں است روپ جگت کیونکر ہو سکتا ہے نراکار آتما میں ساکار جگت کا ہونا مہا ورودھ ہے کارن دو پرکار کا ہوتا ہے ایک سمواہے دوسرا نمت ان دونوں سے آتما رہت ہے نمت کارن جب ہوتا ہے جب کاریہ سے کرتا نیارا ہو وہ نمت ہے جب نمت سے کرتا نیارا ہو آتما ادویت ہے اس کے نکٹ دوسری بستو نہیں ہے کرتا کیسے ہو اور کس بستو کا ہو من اور اندریوں سے نیارا

نراکار ہے اور سمواے ہی کارن بھی پری نام سے ہوتا ہے جیسے بٹ کے بیج پری نام سے پرکش ہوتا ہے سو آتما جھاتما تھا سو کشم اچنت روپ ہے پر کبھی نام کو کداچت پراپت نہیں ہوتا اس لئے یہ جگت اکارن روپ بھرانتی سے بھاستا ہے اور بدھی سے سنکلپ رچنا ہوئی ہے اسکو تیاگ کرو ۔

دوسرا سرگ

جگت کا چت سے سنکلپ ماتر ہونا

بششٹ جی نے کہا کہ ہے رامچندر جی بیج سے انگروت آتما سے جگت کا ہونا مانو تو بھی نہیں بنتا آتما سب کلپنا سے رہت ہے اس کو جگت کا بیج کیسے مانا جاوے آتما میں سمواے اور نمت کداچت نہیں بنتے جیسے بانجھ استری کے سنتان نہیں ہوتی ایسے آتما میں جگت نہیں ہوتا جو بنا سمواے اور نمت کے اکار سہت درشٹ میں آوے جانو کچھ نہیں ہے بھرانتی ہے پر مانو کی سمبھر دل بھاگ کی تل سو کشم چت کلا ہے اس چت کلا میں اننت کروڑ سرشٹی ہیں وہ ہی چت پھر نیسے جگت روپ ہو کر بھاستی ہے آتما پرکاش روپ ہو کر بھاستی ہے آتما پرکاش اور نراکار شانت روپ ہے نہ اودے ہوتا ہے نہ است نہ آتا ہے نہ جاتا ہے ۔

تیسرا سرگ

جگت کا اکارن ہونا

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون مہاپرلے کے انت اور سرشٹی کے آدمیں جو پرچھائی جگت کو پہلی سمرتی سے ویسا ہی رہتا ہے تو یہ جگت سمرتی روپ کیوں نہ ہو بششٹ جی نے کہا کہ مہاپرلے کے آدمیں پرچھائی کو جگت کا رچنے والا نہیں مانتے کیونکہ مہاپرلے میں پرچھائی کہاں رہتا ہے جب وہ آپ ہی نہیں رہتا پھر اسکی سمرتی کہاں رہی رامچندر جی بولے ہے بھگون جگت کے آدمیں برہما نے جگت رچا مہاپرلے میں اسکی سمرتی کا ناس نہیں ہوتا تو وہ پھر سمرتی سے جگت رچتا ہے آپ کیسے کہتے ہو کہ نہیں ہاں تب بششٹ جی بولے کہ مہاپرلے ہونیکے پہلے جو برہما دے ہیں وہ ہی نربان بدیہ مکت ہو جاتے ہیں جب سمرتی کرنہوالے انتردھیان ہو گئے

سمرتی کہاں رہی جب سمرتی نرمول ہوگئی تو اسکو جگت کا کارن کیسے کہیں مہاپرلے اس کا نام ہے کہ جہاں شبدارتھ سہت نرمول ہوجاتے ہیں پہر سمرتی کس کو کہیں جب نرمول ہوگئی اور جب سمرتی کا ابھاو ہوا تو کارن کہاں رہا اس لئے سب جگت چت کے پہرنے سے مہاپرلے میں سب بنا جتن کے ہی موکش ہوجاتے ہیں جنکو آتما کا گیان ہے وہ جگت کے ہوتی ہی موکش کے بہاگی ہیں جس کا سمیدن شدھ برہمہ میں پہرتا ہے وہ برہمہ روپ ہے انت باہک دیکھ بیراٹ جگت ہوکر بہاستا ہے اس کا ایک پرمانو روپ کہ تینوں جگت ہیں اسمیں دیس۔ کال۔ کریا دن رات کرم ہوا ہے پہر اس کے آنو میں جگت پہرتے ہیں سو سب سنکلپ روپ ہیں گیانی کو سب جگت ایک روپ ہوکر بہاستا ہے اگیانی کے چت میں جگت کی بہاونا ہوتی ہے دویت بہاو سے وہ بہرمتا ہے جیسے اس برہمانڈ کے انیک جیو پرمانو ہیں اس کے بہیتر انگنت سرشٹی ہیں ان کے باہر ورانتینت سرشٹی ہیں برہمہ تتو کا کیول پرکاش ہے برہمہ روپی سمیہ میں انیک جگت روپی پرمانو ہیں سو ابہن روپ ہی جنکی گنتی نہیں ہوسکتی آتما میں انگنت پرمانو سرشٹی ہیں آتما چدکاش اکلت روپ ہے اس سرشٹی کو جگت جانے تو اگیان بدھی ہے اور جو برہمہ جانے پرم سار کو پراپت ہوگا سب بشو برہم سے پہرتا ہے جب جاگوگے ادویت روپ بہاسیگا ॥

چوتھا سرگ

اندریوں کا جیتنا موکش کا کارن ہے

بشسٹ جی بولے اندریوں کا جیتنا موکش کا کارن ہے اور کوئی اوپا نہیں اور اندری شاستر بچار اور ست سنگ سنتوں سے بس ہوتی ہیں اور جگت کا اتینت ابہاو ہوتا ہے جبتک جگت کا ابہاو نہیں ہوتا آتم بودھ نہیں ہوتا سب کا کارن من ہے من کے مارنے سے جگت جاتا ہے اس کا اوپا کرو لیں من سے انیک جنم کے سمودہ اُتپن ہوتے ہیں من مرے سے وے بہی نہیں بہاستے جب من سے درشٹ کا ابہاو ہوجاتا ہے تب ہی مرجاتا ہے ॥

پانچواں سرگ

بھرگو جی کے پتر شکر کا برتانت

رامچندر جی بولے ہے بھگون من کے پھرنے سے جگت کیونکر پھرتا ہے بسشٹ جی۔
جیسے اندر برہمن کے پتروں کے من کے پھرنے سے دس سرشٹی اور دس ہی رچنا ہوئیں
یوں کو اندر جال کی مایا سے چاند الپنی ورنڈہ ہوکر بہاسی جیسے من کے پھرنے سے
کال تک سرگ ہوگئے رہے اور انیک بھرم دیکھتے رہے رامچندر جی نے پوچھا کہ بھرگو کے
نے کیسے سرگ کے سکھ بھوگے مجھ سے کہو بسشٹ جی بولے کہ مندراچل پربت میں بہ
کرتے تھے اور شکر جی انکی سیوا کرتے تھے بھرگو جی نربکلپ سمادھی میں گئے شکر جی ایک دیا
میں جابیٹھے سو شکر جی بدیا ابدیا کے مدھ میں استھت تھے انہوں نے ایک مہاسندر اپس
جاتی دیکھی اور ان کا من چلایمان ہوا اور انکی برتی کامدیو کے بیگ سے اپسرا میں چلی گئی

چھٹا سرگ

شکر جی کا سرگ کو جانا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی شکر جی اپشرا کو دیکھ آنکھ مونده من سے اسکے پیچھے
سرگ میں پہونچے اندر نے شکر جی کو دیکھ کھڑا ہو منسکار کر ہاتھ پکڑ اپنے سمیپ بٹھلا آو
کہا کہ اب تم بہت کال اسی استھان میں رہو اور سب دیوتاؤں سرگباسی نے ان کو پرنام کر

ساتواں سرگ

شکر جی کا اپشرا کے ساتھ بھوگ بلاس کرنا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی شکر جی نے اپنا نج روپ اور بھاو بھلا دیا اور پھر
شکر پیونڈرہ ہوگیا ایک مہورت اندر کے پاس بیٹھے رہے پر نتو چت اپشرا میں تھا وہاں
سرگ کو دیکھتے دیکھتے وہاں گئے جہاں اپشرا تھی اور کامدیو سے بیاکل ہوگئے اور اپسرا

موہت ہو گیا اور دونوں آپس میں اشکت ہو گئے اس سمے شکر جی نے تمر رچا کہ سب منڈروں
میں تمر ہو گیا اور اپشرا شکر جی کے سمیپ آئی اور دونوں کامدیو کے بس ہو بھوگ بلاس کرنے لگے

اٹھواں سرگ

شکر جی اور اپشرا کا بتیس ۳۲ جگ تک سرگ کے بھوگ کر مالوہ دیس میں
اتپت ہونا اور پھر گیان ہو کر شریر چھوڑنا اور پھر رکھیشر کا پتر ہونا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اسی پرکار وہ بھوگ بلاس کرتے رہے اور آنند سہت کیلاس
پربت کو گئے اور لوکالوک اور سپت دیپ اور سب لوکوں میں پھرتے رہے بتیس جگ تک بھوگ
بھوگے جب پن پورن ہوئی تب مرت لوک میں گرائے گئے اور باسنا میں پھنسے ہوئے ان میں
پروش کیا اس ان کو دس رن نام برہمن نے بھوجن کیا تو بیج ہو کر برہمن کے گھر میں تو شکر
جی اور مالوہ دیس کے راجہ کے گھر اپشرا پتری اتپت ہوئی جب وہ سولہ برس کی ہوئی تو مہادیو
جی کی پوجا پہلے بھرتا کی پراپتی کے نمت کیا کرے ایکدن راجہ نے جگ رچا اسمیں راجہ اور برہمن
سب ہی آئے وہ دس رن برہمن بھی اپنے پتر سہت آیا اور راج پتری نے اسے دیکھ گدگد ہو پورب
جنم کا بھرتا جان اس کے کنٹھ میں مالا ڈالکے اپنا بھرتا مان لیا اور راجہ نے دونوں کا بواہ کر دیا اور آپ
راج اپنے جنوائی کو سونپ کرکے بن کو چلا گیا وہ دونوں راج کرتے رہے پھر بردھ ہونے
پر یہ بیراگ اتپت ہوا کہ استری مہا دکھ کا روپ ہے پورن بیراگ نہ تھا شریر نربل ہو گیا پر تو
ترشنا دور نہ ہوئی اور مرتیو آ گئی گھر والوں نے داہ کر دیا ہنا گیان کے پراپتی کے مہا اندھ کوپ میں
جا پڑا مرنے کے پیچھے انکو پرلوک دیکھ آیا اور وہاں کرموں انسار سکھ دکھ بھوگ کر انگ بنگ دیس
میں جہتو رہوا جب بردھ ہوا من میں بیراگ ہوا کہ یہ سنسار مہا دکھ روپ ہے اور سورج نارائن کا تپ
کرنے لگا اور جب مرت ہوا تپ کے انسار سورج بنس میں راجہ کے گھر اتپت ہوا کچھ گیان ہو گیا
بید پڑھنے لگا اور جوگ کی بھاونا سے جو شریر چھوٹا بدیادھر ہوا ایک کلپ تک بدیادھر رہا جب
کلپ کا انت ہوا شریر انتردھیان ہو گیا اور باسنا بنی رہی جب برہما کی رات پوری ہو کر دن
ہوا برہما نے سرشٹی رچی تب ایک رکھیشر کے گھر جنم لے کر گھور تپ کیا پھر سمیرو پربت میں ایک منونتر تک

گیا جب اٹھتر چوکڑی جگ بتیت ہو گئیں تب دیو جوگ سے مرگنی کا بچہ ہوا اور ہنس کے اکار سے
وہاں رہا اور پچھلے سنسکار سے موہ ہو گیا کہ میرے پتر کو وہن گن آیو پراپت ہو رات دن یہی بچار
کرنے لگا اس لئے اس کا تپ نشپھل ہو گیا اور شریر چھوٹ گیا تب بھوگ کی باسنا سنجگت
مدر دیس کے راجہ کے گھر جنم لیا اور راج بھوگا اور شریر تپ کی ابلا کھا سے چھوٹ گیا اس کارن ہنسوپی
کے گھر جنم ہوا اب سنتاپ سے رہت ہو کر گنگا جی کے تٹ تپ کرنے لگا ہے اس پرکار شکر نے
من کے پھرنے سے انیک شریر پائے ❊

نواں سرگ

شکر جی کا برتانت

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی شکر جی کا شریر جو مندراچل پربت پر بھرگو جی کے پاس تھا وہ
نرجیو ہو کر اسکی نکل گئی اور پون اور دھوپ سے جر جری بھوت ہو گیا اور جو من بھوگ کی ترشنا سے
گر گیا تھا شریر کے گھر جنم لینے سے بسرام پا کر گنگا جی کے تٹ تپ کرنے لگا اور وہ شریر مندراچل پربت
والا بھی پکشیوں نے نہیں کھایا اس کا یہ کارن ہے کہ راگ دویش سے رہت پن آشرم لیا اور بھرگو جی
مہا تپسوی کے تیج سے کوئی پشو پکشی نہیں آ سکتا تھا یہاں تو شریر کی یہ اوستھا رہی اور وہاں
شکر پون کے شریر سے چیشٹا کرتا رہا ❊

دسواں سرگ

بھرگو جی اور کال کا سمباد

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جب مرت لوک کے تین لاکھ ساٹھ سہنسر برس بتیت ہوئے تب بھرگو
جی کی سمادھی کھلی اور شکر جی کے شریر کو گرا دیکھ کر مرت ہوا جانکر آسن سے اٹھ کر وہ وہاں ہو بولے
کہ میرے پرم تپسوی اور ہرشتی پرینت رہنے والے پتر کو کال نے اکال کیوں مارا میں اسکو شراپ دیکر
بھسم کر دونگا جب کال چھ مکھ اور چھ ہاتھ اور کھڑگ ترسول پھانسی دھارن کئے ہوئے مکھ سے
جوالا اگنی نکالتا ہوا آیا جس سے پرتھوی اور پربت کانپنے لگے اور بھرگو جی سے کہا ہے منی پربتا کا او مرجادا

کے جاننے والے کرم وہ نہیں کیا کرتے تم کیوں موہت ہوئی ہو تم پوجنے کے جوگ ہو میں تمہارے
شراپ سے بھسم نہ ہونگا مجھکو پرلے کال کی اگنی بھی نہیں جلا سکتی میں انیک برہمانڈ کو بھکشن کر گیا
ہوں کوٹوں برہما اور رُدر بھکشن کر لئے ہیں تمسے رکھیشر تو میرا ایک گراس ہیں سب سرشٹی کال کے
مکھ میں ہیں اور جو گیان درشٹی سے دیکھو تو نہ کوئی کرتا ہے نہ بھوگتا ہے نہ کارن ہے نہ کارج ہے کیول
ایک برہم ستا ہی ہے اگیان درشٹی سے بھوگتا کرتا بھاستے ہیں اُتپت ہوتے ہیں اور نشٹ ہوتے ہیں
من کے پھرنیسے آتما میں بھاستا ہے باستو میں کچھ نہیں ہے اس لئے تم کرم وہ مت کرو یہ
است کرم آپدا کا کارن ہی ہے نیشر ہیں اپنے بل اور ابھمان سے نہیں کہتا ہوں یہ ایشور کی نیتی
ہے جو گیانوان ہیں وہ اپنی پرکرتی اچار میں بچرتے ہیں ابھمان نہیں کرتے اور سوشپتی کی سمان
ایک رس ہر دے سے رہتے ہیں اور باہر سے کریا چار کرتے ہیں تم کیوں بنا بچار موہ مارگ میں پڑے
ہو تم تو ترکال درشٹی ہو تمہارا پتر اپنے کرموں کے پھل کو پراپت ہوا ہے تم مجھکو شاپ دیا چاہتے
ہو ہے نیشر اس لوک میں جیووں کے دو دو شریر ہیں ایک من روپ ہے دوسرا آدھی بھوت
روپ ہے آدھی بھوت جڑ اور ناسوان ہے من کی پریرنا سے چلایمان ہے آپ سے کچھ نہیں
کر سکتا جب من بھلا ہوتا ہے اُتم لوک میں جاتا ہے جب من دشٹ ہوتا ہے نیچ استھان
میں جاتا ہے من ہی ست است کو مانتا ہے چت روپی پرش جو چاہتا ہے وہ ہوتا ہے جو چت
نہیں کرتا وہ نہیں ہوتا جو پھرتا ہے وہ یہ ہے نیرانگ سب من روپ ہیں من کا ہی نام جیو ہے
وہی من کی برتی جب نشچے روپ ہوتی ہے تب اس کا نام بدھی ہوتا ہے جب وہ بدھی کو گرہن
کرتا ہے اسکا نام اہنکار جب دیہہ کا سمرن کرتا ہے تب اُس کا نام چت ہوتا ہے اس لئے شریر
کوئی نہیں ہے من ہی درڑھ بھاونا سے شریر روپ ہوتا ہے وہی ادہی بھوتک ہو کر بھاستا
ہے جب شریر کی بھاونا کوئی تیاگتا ہے تب چت پرم پد کو پراپت ہوتا ہے یہ جگت من کے
پُھرنے میں استھت ہے جیسا من پُھرتا ہے ویسا ہی روپ ہو کر بھاستا ہے تمہارے پُتر
شکر نے بھی من کے پُھرنے سے انیک استھان دیکھے جب تم سمادھی میں استھت تھے وہ
بشواچی اپسرا کے ساتھ گیا یہاں وہی حال شکر کا جیسا اوپر آٹھ و نو سرگ میں لکھا گیا ہے کہہ دیا
اور اب وہ برہمن کا پتر بسدیو نام ہو کر گنگا تٹ پر تپ کر رہا ہے جسکو آٹھ سو برس ہو گئے جب تم

ہی گیان ورشٹی سے دیکھوگے تو تم کو بھی اس کا سب برتانت دیکھہ جائے گا ۔

گیارھواں سرگ

کال اور بھرگو جی کا سمباد

کال بولا ہے منیشر تمہارا پتر تپ کر رہا جو تمکو اُس کے دیکھنے کی اچھیا ہو گیان ورشٹی سے دیکھہ لو اور منیشر نے گیان کی آنکھوں سے ایک مہورت میں اپنی پتر کا سب برتانت دیکھہ لیا اور پھر منہ چل والے شریر بھرگو میں پرویش ہوا انت بالک شریر سے اپنے سنمکھہ کال بھگوان دیکھہ کر اپنی پتر شکر کو گنگا کے تیر دیکھا اور اشچرج کو پراپت ہو کال سے کہا ہے بھگون تم تینوں کال کے جاننے والے ہو ہم بالک نردوش ہیں تم پہچان ترکال درشٹی ہو ایشر کی مایا جیو نکو انیک بھرم دکھلاتی ہے من کی برتی انسار جیو بھرمتے ہیں اپنی بھرم سے اس کارن کہ میری پتر کی مرت نہ تھی چہرہ نچیو تھا اسلئے شریر کو نرجیو جانکر کرودھ کیا سو کرودھ بھی پتت روپ ہے اور آپدا کارن اسلئے نہیں کہ اپنے پتر کی اکال مرت دیکھکر کرودھ کیا تھا جب اپنی بچار کیا ایشر کی مایا سمجھی اور پتر کو بہت بھرم دیکھنے کی پشچات اب گنگا کے تیر بیٹھا ہوا دیکھا اور جانا کہ کیول من ہی شریر ہے دوسرا کوئی نہیں ہے جیسے کمھار گھڑے کو بناتا ہے ایسے شریر کو من رچتا ہے جو من شریر سے رہت نراکار ہوتا ہے تو ایک چھن میں آکار کو رچ لیتا ہے من ہی جیو پھر ناستا ہے وہ ہی بھرم دکھلاتی ہے استھول درشٹی سے جیون کے دو شریر بھاستے ہیں گیانیوں کو تینوں جگت من روپ بھاستے ہیں جب باسنا ہوتی ہے تب استروپ جگت نانا پرکار ہو کر بھاستا ہے اور من شریر کا روپ بنکر بیٹھ جاتا ہے کہ میں دربل ہوں میں موٹا ہوں سکھی ہوں دکھی ہوں یہ جگت ہے یہ سرگ نرک ہے یہ کال ہے ایسے بھرم دیکھتا ہے سو سنسار باسنا ماتر ہے جب من شریر کی باسنا تیاگ کر پرمارتھ کی اور آتا ہے تب اپنے مول بھاؤ کو پراپت ہوتا ہے یہ سنسار سپن وت ہے اور درڑھ ہو کر پرتیکش بھاستا ہے ۔

بارھواں سرگ

کال اور بھرگو کا سمباد

کال بولا ہے منیشر دیوتا دیتیہ منشیہ آدک کا سب برہمہ نیارا روپ نہیں ہے یہ ست ہے اور

...ت منتھیا سنکلپ سے جیو کلپت ہوتا ہے تب جانتا ہی کہ میں برہمہ نہیں اس نشچے کو پاکر
...ت ہوتا ہے جیسے جل جس میں ملتا ہے ویسا ہی روپ ہو جاتا ہے ایسے ہی من جس
...رنا کو چیت کرتا ہے اسی کا روپ ہو کر بھاستا ہے چت کا پھرنا جیسے کرم سے ملتا ہی اسی گتی
...اپت ہوتا ہی تو پھر برہم ستا ہی ہے اس سے نیارا نہیں ست سنگ اور ست شاستروں
...ں پاکر پھر بابا کے بیوہار میں لگ جاتے ہیں کوئی تو الپ موہ کو پراپت ہو کر پھر برہمہ سمادہیں
...ہوتے ہیں کوئی اسرگت برہم سمدر کو جانکر استھت ہوئی ہیں کئی انیک کوٹی جنم لیتے ہیں
...ونچے سے نیچے نیچے سے اونچے چلے جاتے ہیں اسی پرکار اپنیک جون پاکر دکھ بھوگتے ہیں
...آتما کا گیان ہوتا ہے تب آپدا سے چھوٹ کر شانت ہوتے ہیں ؀

تیرھواں سرگ

کال اور بھرگو جی کا سمباد

...بولا جتنا جگت ہی سب آتم روپ سمدر کی ترنگ ہیں جو من کو جیت کر سروپ آتما برہمہ کا
...کرتا ہی وہ ہی جیون مکت ہی لوکوں میں تین پرکار کے جیو ہیں ایک گیانی جہا موہ دوسرے
...و (برہمہ کے طالب) تیسرے گیانواں موڑھوں کو شاستر کے سننے اور بچار میں رُچی
...گیاسو کی رچی ست شاستر اور ست سنگ میں ہوتی ہی اور نرمل بودھ ہو کر موہ دور
...ہی تمہارے پتر نے من روپی شریر سے جو کیا اسی گتی کو پہونچا ہمارا اس میں کچھ دوش
...پھر اپنی باسنا کے انسار کرم کرکے پھل پاتے ہیں اب تم وہاں چلو جہاں گنگا جی کے تیر
...ن کا پتر تپ کر رہا ہے بالمیک جی بولے ہے بھاردواج پھر دونوں جگت کی گتی کو
...کہڑے ہوئے اور وہاں سے چلتے چلتے آکاس مارگ میں چلے ؀

چودھواں سرگ

کال اور بھرگو کا شنکر جی کے پاس جانا

...ٹ جی بولے ہے رامچندر جی کال اور بھرگو مندراچل پربت سے پرتھوی پر آئے اور گنگا جی

تٹ پر جہاں شکر سمادھی میں بیٹھا ہوا تھا پہونچے اور دیکھا کہ اس کا من اچل ہو کر بسرام کو پراپت ہے
اور راگ دویش سے رہت پرمانند میں استھت کال نے اونچے شبد سے کہا ہے بھرگو اس کو اب سمادھی
سے جگاؤ یہ شبد سنکر شکر سمادھی سے جاگا اور کال اور بھرگو کو دیکھا پرنتو کسیکو پہچانا نہیں اور اٹھ کر
دونوں کے چرنوں میں پرنام کیا اور نمرتائی سے آدر سنکار کیا وہ دونوں ایک پتھر کی سلا پر بیٹھ
گئے اور بسدیو نام شکر نے کہا کہ ہے پربھو میں تمہارے درشنوں سے شانت ہوا آپ کون ہو
جو میرے استھان میں پرکاش روپ اودار آتما آئے ہو بھرگو جی بولے ہے سادھو تو یوں آتما ہے
اپنے آپ کو سمرن کر کہ کون ہے شکر جی نے ایک مہورت نیتر موند کے دھیان کیا اور اپنے سب برتانت
کو جانکر نیتر کھولکے کہا کہ ایشر کی گتی بچتر روپ ہے اس کے بس ہو کر میں نے بڑے بھرم دیکھے ہیں
اور اننت جنم بھرا ہوں ان سب کو سمرن کر کے مجھکو اسچرج آتا ہے اب جو کچھ جاننے جوگ ہے
وہ میں نے جانا ہے اور اب ہم آتم تتو میں بسرام وان ہوں اور سنکلپ بھرم بھی استٹ ہو گیا ہے
اب جہاں میرا شریر مندراچل پر پڑا ہے وہاں چلو تدپی مجھکو اس شریر کی کچھ اچھا نہیں ہے
تدپی جگت کی رچنا دیکھ کر جو بودھوان ہیں وہ پرکرتی اچار میں بچرتے ہیں آگے جو اچھا ہو سو کرو

پندرھواں سرگ

شکر و بھرگو اور کال کا مندراچل پربت پر پہلے شریر شکر جی کے پاس جانا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی وہ تینوں اکاش مارگ سے شیگھر مندراچل پربت پر سورن کی
گوپھا میں پہونچے اور شکر کے پہلے شریر کو دیکھا اور شکر بولے کہ ہے تات اس میرے پورب شریر کو
دیکھو جسکو تم پالن کرتے تھے سیجا پشپوں پر شین کراتے تھے اور جسکو میں آتم روپ جانکر لیشٹ کرتا
تھا اب وہ دھرتی پر پڑا ہوا سوکھ گیا ہے سب گن اسکو چھوڑ گئے ہیں سادھو سب انرتھ کا کارن
چت ہے رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون بھرگو کے پتر نے تو انیک شریر دھارے تھے اور بارم بار
بھوگ بھوگے تھے بھرگو سے اپتت ہوئے شریر کا کیوں سوچ کیا بسشٹ جی نے کہا ہے رامچندر
جی شکر کی سمیدن کلپنا بیج بھاو کو پراپت ہوئی تھی سو کرموں کے انسار بھرگو جی سے اتپت ہوئی
اور وہ شکر کا بدیاوان اور گنوان ہوا اسکو چر کال تک سیون کیا تھا اس کارن اس کا سوچ کیا

راگ سے تو رہت تھا پرنتو چرکال تک اس نے ابھیاس کیا تھا وہی پھر آیا گیانی اگیانی دونوں شریر بیوہار سمان ہوتا ہے سکھی دکھی کا بھید ہے گیانی سب اچھاوں سے رہت اور است پدارتھوں سے نرلیپ رہتا ہے اگیانی کریا میں پھنسا رہتا ہے گیانی موکش روپ ہے اگیانی لوگ بیوہار میں بندھا رہتا ہے اور شریر کے بیوہار تو گیانی اگیانی دونوں سمان کرتے ہیں جو باسنا سے رہت ہے وہ پرکٹ ہے باسنا والا بندھن میں ہے شریر کے رہنے تک دکھ سکھ بھی ہوتا ہے پرنتو گیانوان کی دونوں میں شانت بدھی رہتی ہے اگیانی ہرکھ شوک سے جلتا رہتا ہے اور باہر سے کریا کا تیاگ کرتا ہے تو بھی بندھن میں رہتا ہے انتہ کرن سے بندھ اور موکش ہے جو برہم شدھ سروپ آتما نراکار آتم پد میں استھت ہیں ان کو میرا نمسکار ہے ۔

سوطھواں سرگ

شکر جی کا شریر میں پرویش کرنا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی شکر نے اس بھیانک شریر کو دیکھکر اس سے اپنا موہ نرورت کیا کال بھگوان شکر سے بولے کہ ہے شکر تو اس تپ روپی شریر کو تیاگ کر بھرگو کے پتر والے شریر کو گرہن کر کیونکہ بھارگو شریر تو اسرونکا گورو ہوگا یہ آدہ پرماتما کی نیتی ہے تیری آیو مہا کلپ تک ہے کلپ کے انت میں بھارگو شریر نشٹ ہوگا اور پھر تجھکو شریر نہ ملیگا اس لئے تو اپنے شریر بھارگو کو گرہن کر اب ہم جاتے ہیں تم دونوں کا کلیان ہو یہ کہکر کال بھگوان انتردھیان ہو گئے اور شکر نیت کو بچار اس دربل شریر میں پرویش ہوا اور تپسوی برہمن کا شریر تیاگ دیا اور شکر دیہہ کا سنجگت ہوا تب بھرگو دربل دیہہ کو جیو کا سنجگت دیکھکر اٹھے اور ہاتھ میں جل کا کنڈل لے کر منتر پشٹ کرنیوالا پڑھکر پتر کے شریر پر جل چھڑکا سب ناڑیئں شریر کی پشٹ ہو گئیں اور سواس آنے جانے لگے تب شکر نے پتا کو نمسکار کری بھرگو جی نے پتر کو گلے لگایا سو ہے رامچندر جی جب تک دیہہ ہے تب تک دیہہ کے دھرم پورے آتے ہیں جب ایسے گیانی کو متھیا اشنیہہ پھر آیا تو اوروں کی کیا گنتی ہے پتا اور پتر دونوں ایک گھڑی تک بارتا کرتے رہے پھر اٹھ کے تپسوی شریر کو داہ کیا پشچات اور آتما گت ہو کر وہاں رہے پھر سمے کے پربھاؤ سے شکر جی دیتوں کے گورو ہوئے اور بھرگو جی سمادھی میں استھت

ہوئی اس لئے جو سب بکار سے رہت جیون مکت پرش جگت گورو ہیں وہ سب کے سب پوجن یوگ ہیں ؁

ستارھواں سرگ

شکر جی کا اکھیان اور جگت کا بھرم ہونا

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون جیسے بھرگو کے پتر کے من کی بتی پھرتی گئی اور من کا بچار سدھ ہوتا گیا ایسے اور جیووں کا من کا سنکلپ کیوں سدھ نہیں ہوتا بششٹ جی بولے کہ شکر کا پرتھم ہی بہار گو جنم ہوا ہے اور جنم نہیں ہوا اور سب دوشوں سے رہت شدھ نرمل ہردا تھا نرمل ہردے ہیں جو بات پھرتی ہے ویسی ہی سدھ ہو جاتی ہے میلے ہردے والوں کا سنکلپ شیگھر سدھ نہیں ہوتا جبتک سروپ کا ساکشات کار نہ ہو تب تک شانتی پراپت نہیں ہوتی یہ بھرگو کے پتر کا اکھیان سنو راج کی ورتھا کے لئے تم کو سنایا ہے جو کچھ جگت تم کو بھاستا ہے سب من کے پھرنے کا روپ ہے مہا بھرم سے نانا پرکار بھاستا ہے سنکلپ ماتر ہے نہ کچھ اُتپت ہوتا ہے نہ ناش ہوتا ہے جیسا یہ جگت ہے ایسے انیک جگت ہیں ایک کی دوسرے کو گیات نہیں کیول برہم ستا اپنے آپ میں استھر ہے جگت کی ستا جانے والے کا پرتیکش ہوتا ہے جو بھرانتی سے بستو بھاستی ہے اس کا ابھاو گیان سے ہو جاتا ہے یہ جاگرت جگت بھی اَپرا سپن ہے اور چت ستا سے ست بھاستا ہے اور جگت ستا سے چت ہے ایک کے ناش ہونے سے دونوں کا ناش ہو جاتا ہے اور دونوں کا ناش آتما کے بچار سے ہوتا ہے ایک ایک جیو کے ہردے میں اپنی اپنی سرشٹی ہے لیکن چت ہونے کے کارن کرکے ایک دوسرے کو نہیں جان سکتا جب چت شدھ ہوتا ہے تب دوسرے ہردے کی سرشٹی کو بھی جان لیتا ہے سب کا درشٹا ایک آتما ہے اسمیں ٹھیرنے سے سب گیان ہوتا ہے۔ رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون شکر کو بھرم ماتر ابھیاس ہوا تھا اس میں جگت درڑھ ہو کیسے بھاسے بششٹ جی نے کہا کہ شکر نے اپنے انبھو روپ میں من سے جگت دیکھا یہاں سپن کا درشٹانت ٹھیک ہے جیسے ایک ایک کے سپنے میں جگت ہوتا ہے ایسے ہی یہ جگت ہے جیسا درڑھ ہوتا ہے ویسا بھاسنے لگتا ہے پھر رامچندر جی نے پوچھا کہ سرشٹی سمو پرسپر کیسے ہیں اور کیونکر نہیں ملتے بششٹ جی بولے کہ لین چت پرسپر بھی ملتا ہے سو ست پد آتما کے سب پڑتے ہیں جس کو اس میں ابھیاس ہوتا ہے سو گیان درشٹی سے سب ملجاتا ہے جیسے

جل سے جل ملجاتا ہے ایسے سب سے ملکر سب کو جانتا ہے ॥

اٹھارھواں سرگ

سنسار آتما کا ابھاس ہونا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی سنسار کا بیج روپ آتما ہے سب آتما کا ابھیاس ہے آتم ستا جیوں کی تیوں ہے سب جیو کا اپنا آپ باستو روپ ہے اس ستا میں جیو پھرتے ہیں تب سپنے کی نیائیں جگت بھرم دیکھتے ہیں جیو جیسی اپنی سرشٹی سے جو پرش آتما کی اور آتا ہے وہ آتم پد پاتا ہے جس پرش کو آتم برہم سے ایکتا ہوئی ہے اسکو پرسپر دوسرے کی سرشٹی بھاستی ہے سرشٹی انتشکرن میں ہوتی ہے سو انتشکرن میں جیو کلا کے ملنے سے ایک دوسرے کی سرشٹی دکھلائی دیتی ہے جبتک دیہہ کی بھاونا نہیں تیاگتا اور چت ملین رہتا ہے کسی پدارتھ سے ایکتا نہیں ہوتی نرمل چت والے کو جیسے اور کے چت کا گیان ہوجاتا ہے ایسے سرشٹی میں ملنے کی سامرتھ ہو آتی ہے سب جیو کی تین اوستھا ہیں جاگرت سپن سوشپتی ان تینوں ہی میں آتما میں جیو روپ کا لکشن ہے جب چت کلا تریا اوستھا میں استھت ہوتی ہے تب جیون مکت ہوتا ہے جب اگیانی سوشپتی سے جاگتی ہے تب سنسار کو دیکھتا ہے انیک بھرم جال میں پھنسا رہتا ہے شانت نہیں ہوتا جب الٹ کر اپنے سوبھاؤ میں آتا ہے سب بھرم نرورت ہوجاتی ہیں جگت کے سمبوہ بھاسنے میں بھی آتما ہے دویت میں ابناشی ایک روپ ہے ایک آتم ستا انیک جیو ودھ ہو بھاستی ہے ایک آتما میں انیک چدانو پھرتے ہیں ان کے اندر میں سرشٹی پھر سرشٹی کے اندر میں چدانو ایسے ہی انیک سرشٹی برہمانڈ ہیں جنکی سنکھیا نہیں ہوسکتی اس کارن جو بچار سے انتیت ہیں انکو یہ جگت ست بھاستا ہے اور جنکو ست سنگ اور ست شاستر کا سنجوگ اور بچار ہوا ہے انکی ترشنا دن دن گھٹتی جاتی ہے اور آتم بچار ورڈھ ہوجاتا ہے اور اندری بس ہوتی جاتی ہیں سنتوش سے ہردا استھل ہوجاتا ہے ترشنا مٹ جاتی ہے یہ بیک کا پھل ہے ॥

انیسواں سرگ جیو کا روپ اور دیوتا کی اوپاسنا کا پھل

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی سب جیوں کا بیج پرماتما ہے اسکے پھرنے کا نام جیو ہے اور جو جیو

کے مدھ میں جگت ہے اور نانا پرکار کی رچنا باستو میں چدگھن جگت کے روپ سے استھر ہے اس لئے
سب جیو چدگھن روپ ہیں جیسے پسینے سے جوں آدک اُتپنّ ہو جاتی ہیں ایسے آتما میں چت کلا پھر نے
سے جیو کے سمبوہ پھُر آتے ہیں - پھر جیو جیسی جیسی اچھا پورن ہونے کو جتن کرتا ہے ویسی ویسی گتی پاتا
ہے جو دیوتا کی اوپاسنا کرتے ہیں وہ دیوتا کو پراپت ہوتے ہیں یکش کے اوپاشک یکش بھوت
پریت کے پوجنے والے بھوت پریت کو جو جسکی اوپاسنا کریگا اس کو پراپت ہوگا اس لئے برہم
کے پوجنے والے برہم کو پائیں گے رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون جاگرت اور سپن میں کیا بھید
ہے بششٹ جی بولے جو بستو چر کال تک استھر دکھلائی دیتی ہے اس کا نام جاگرت ہے اور جو پرتیت
استھر نہیں ہے وہ سپن ہے اور کوئی بھید نہیں ہے دونوں کا بھو سمان ہے کیول تھوڑے کال
اور بہت کال کا بھید ہے جو شریر میں استھر ہو کر شریر کو جیون رکھتا ہے اس کا نام جیو ہے اور جیو
دہا تو بھی ہی چدانو آتما کے پھُرنے سے اہنکار پد ہی چت جیو آدک انیک نام ہیں اور آتم ستا سے جو پھُرتا
ہے اُسی کا نام جاگرت ہے اور سروپ پرماد دوش کر کے پھُرے اور جگت بھاسے اور اسکو ست
روپ جانے یہ پرتیت تھوڑے کال رہ کر دور ہو جاوے اس کا نام سُپن ہے اور ورشٹ کے پھرنے کا
ہو جاوے اور اگیات برتی جڑتا روپ ہے اس کا نام سوشپتی ہے اور جب تینوں کا ابھاو ہو جائے
کیول گیان میں (اہنگ) پھُرن ہو اور برتی چلائمان نہ ہو اُس کا نام تریا پد ہے اس پد میں
استھر رہنا جیون مکت نام ہے ۔

بیسواں سرگ

جیو چت کے اُنسار ہو کر بھاستا ہے من کے نشٹ ہونے پر جگت کا بھی ناس ہے
بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیسا نشچے چت میں ہوتا ہے ویسا ہی ہو کر بھاستا ہے جیسے
اگنی میں لوہا اگنی روپ ہو جاتا ہے بھاو - ابھاو - گرہن - تیاگ سب من سے ہیں - نہ کوئی
ست ہے نہ است کیول من کی چپلتا سے پھُرتے ہیں اور من کے موہ سے ہی جگت بھاستا
ہے من کے نشٹ ہونے سے جگت ہی نشٹ ہو جاتا ہے اس من کو اشبھ مارگ میں لگانا چاہئے
من کے جیتنے سے جگت ہیں جے ہوگی شریر کا نام پُرش نہیں ہے من کا نام پُرش ہے دیکھو شکر

کا شریر وہاں پڑا رہا اور من دوسرے شریروں کو رچتا پھرا شریر چت کا کیا ہوا ہے۔ چت شریر کا کیا ہوا نہیں جس پدارتھ کو چت چاہتا ہے اُسی کی پراپتی ہوتی ہے اس لئے چت میں آتم ستتا کا ابھیاس کرو اور بھرم کو تیاگ دو آتما کی اور چت کے جاننے سے پرم پد ملتا ہے۔

اکیسواں سرگ

من کا نشچے اور آتما کی بھاونا

رامچندر جی بولے ہے منیشر مجھے ایک سندیہ ہوا ہے کہ جو دیس۔ کال بستو۔ کے پرچھید سے رہت نرمل آتما ستا ہے تو اس میں ملین سمبت کہاں سے آیا بسشٹ جی نے کہا کہ تم نے بڑا اُتم پرشن کیا اب تمہاری بدھی موکش مارگی ہوئی ہیں تمہاری پرشنوں کا اُتر سدھانت کال میں دوں گا جب تکو آتم پد بھاسیگا پرشن اُتر اپنے اپنے سمے پر سوبھا دیتے ہیں سو سدھانت کا اُتر سدھانت کے سمے اور جگیا سو کال میں جگیا سو سوبھا دیتا ہے من کی شانتی کا اوپا بید نے اور شاستر کار نے نرنے کیا ہے ان کے لکشن سنو کہ چنچل من نے جیسا جیسا بھاو گرہن کیا ہے ویسا ہی روپ ہو کر بھاسنے لگا ہے جیسے پون سو گندھ سے ملتی ہے اس کا ویسا ہی سوبھاو ہو جاتا ہے جیسے جل جس برن میں ملتا ہے ویسا ہی برن ہو جاتا ہے جو کریا من سے کی جاتی ہے اس کا پھل پورن ملتا ہے من سے بھن شریر کی کریا نشپھل ہے جس اور من جاتا ہے اوہی اور شریر لگجاتا ہے دیکھو سپن میں شریر پڑا رہتا ہے من انیک استھانوں میں چلا جاتا ہے دھرم۔ ارتھ۔ کام۔ موکش ان چاروں پدارتھوں سے جسکی بھاونا درڑھ کرتا ہے اسی کی پراپتی ہوتی ہے کپل دیو نے ست شاستر من کی ستتا سے ہی نرنے کیا ہے کہ پرکرتی کے دو سوبھاو ہیں ایک انولوم دوسرا پرتی لوم پرتی نام ہوتا ہے تب درشٹ بھاو کو پراپت ہوتا ہے اور انولوم پرتی نام سے انتر مکھ آتما کی اور آتا ہے اور اوپاے کوئی نہیں اور بیدانت وادی نے یہ نشچے کیا ہے کہ یہ سب برہم ہی ہے سم۔ دم آدک سے جب من سپن ہوتا ہے تب یہ نشچے ہوتا ہے کہ سب برہم ہے اور بنا برہم گیان کے اور اوپاے ہی موکش نہیں ہوتی اور بگیان وادی کہتے ہیں کہ جب تک بدھی پھرتی ہے تب تک سنسار ہے جب یہ اپنے سوبھاو میں پھرتی ہے تب اس کال میں سروپ استھر ہوتا ہے جب وہ کال آویگا

نوکتش کی پراپتی ہوگی شاستر کاروں نے اپنی بدھی سے جیسا جیسا نشچے دہارا ہے ویسا ہی ان
کو بہاستا ہے سروپ ہیں نہ کوئی مت ہے نہ شاستر ہے سب کا کارن من ہے من کو بس کرنا چاہیئے
نہ نیب کڑوا ہے نہ پہو میٹھا ہے نہ اگنی تیج ہے نہ چندرماں سیتل ہے اپنے اپنے نشچے کے انسار بہاستا
ہے دیکھو نیب کے کیڑے کو پہو اچھا نہیں لگتا ہتی برتا استری کو اپنے بہرتا کے بہوگ ہیں چندرماں
اگنی کے تل دیکھتا ہے چکور اگنی کو بہکشن کرتا ہے جیسی جسکو جس میں بہاونا ہو گئی ہے ویسا ہی ہو کر
بہاستا ہے سب جگت بہاونا ماتر ہے جسکی ورشٹ ہیں بہاوتا ہے وہ ایک دکھہ اور بہرم دیکھتا ہے
جسکو سم دم آدک سادہن سے آتم پد کی پراپتی ہوئی ہے اور من اسی کے روپ ہوا ہے وہ شانت
وان ہے ہے رامچندر جی یہ جگت تمہارے من میں سمرن سے ہوا ہے اسکو من سے تیاگ کرو یہ سکھہ دکھہ
آدک مہا بہرم کے دکہلانیوالے ہیں یہ سنسار اوتر است موہ روپ انربت ہے کا کارن ہے اور مایا
ماتر روپ ہے جب ورشٹا کو ورشٹ سے سنجوگ ہوتا ہے تب بڑے موہ کو پراپت ہوتا ہے ورشٹ
سے ملکر بہرم سے اناتم ہیں آتم ابہمان کرتا ہے اور دیہہ آدک کو اپنا جانتا ہے سنسار روپ بدہرا ہیں بڑست
ہو جاتا ہے اپنے سروپ کی گیان نہیں رہتی اس کا نام ابدیا پد کہتے ہیں جو ورشٹ سے ملا ہے اسکا کلیان
نہیں اس من کا روپ پہرتا ہے اس میں جو جو سنکلپ پہریں اسکو تیاگ دو جب تمہارے من میں
کوئی پدارتھ نہ پہرے گا تب ورشٹا پرش تم سے پرش ہوگا اس سے نربکلپ چدآتما کو پراپت ہو جاؤگے
وہاں جگت کی ستا ہے نہ سکھہ ہے نہ دکھہ ہے اپنے آپ میں پرکاش ہے جب سنسار کی بہاونا ہر دے سے
اٹھ جائیگی نرمل سروپ میں استہر ہوگی اسلئے ورشٹ بہاونا کو تیاگ کر چدآتما کی بہاونا کرو ہے رامچندر جی تمہارا
آتم سروپ ہے تم بدھی آدک کی کلپنا مت کرو جیسے بالک کو شونیہ میں کہیں کہ سنگھہ ہے تو وہ ڈرجاتا ہے ایسے جب
شونیہ شریر آدک میں بچار سے بدھی نہیں باقی رہے میں ہوں یہ اور میں اسکو اپنی کلپنا کے بس سے بہاوا بہاو سبھ
اشبھہ چھن چھن میں پراپت ہوتے ہیں کوئی ست روپ کوئی است روپ ہیں جیسے استری میں ماتا
کا بہاو کرتا ہے کامدیو بدھی دور ہو جاتی ہے اس کارن جیسی بہاونا ہوتی ہے اسی کے انسار پہل ہوتا ہے
ایسا کوئی پدارتھ نہیں جو ست نہیں اور جو است نہیں جیسا کسی نے نشچے کیا ہے ویسا ہی اسکو بہاستا
ہے اس لئے اس سنسار کی بہاونا کو تیاگ کر سروپ میں استہت ہو جاؤ اور پہر کرتی ہو کر تے رہو جیسے
کلا میں پرتبنت باہر سے دیکھتا ہے اس کے بہیتر رنگ نہیں چڑہتا ایسے ہی جو باہر سے ہو ہارتم ہیں

بہاسیں بہاشو ہر وسے ہیں راگ دویش کا اسپرش مت کرو ۞

باٗیسواں سرگ

بیراگ اور گیان سے برہم ستا کو جانتے ہیں

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جب جیو سنتوں کے ست سنگ اور ست شاستر کے بچار سے بچار ہوتا ہے تب سب اور سے برتی نرورت ہو کر سنسار کا منن دور ہو کر بیبک کی برتی اودے ہوتی ہے اور سنسار کی بدھی چھوٹ جاتی ہے اور آتما میں لگ جاتی ہے اور درشٹ اور ششٹ ہوتی ہے جب گیان ہوتا ہے پرم تتو میں جاگتا ہے سنسار سے بیراگ ہو کر من اپنی ستا کو تیاگ کر آتما روپ ہو جاتا ہے جبتک سنسار کی ستا رہتی ہے من نشٹ نہیں ہوتا سنسار باسنا کا جال ہے اسمیں جیو روپی پنچھی پھنسے ہیں جب بیراگ کا موسا اس جال کو کترے جب جیو اس جال سے نکلے بیراگ سے جیو نرمل ہو کر بندھن سے چھوٹ جاتا ہے اور کوئی مت جاتی رہتی ہے جگت کا بھرم دور ہو جاتا ہے ہے رامچندر جی گیانی پرش آکاش روپ ہو جاتا ہے وہ نہ تو اودے ہوتا ہے نہ است ہوتا ہے بچار کرکے پاتا ہے جہاں برہما بشنو رودر استھت ہیں ایسے پرش کا اکار شریر اوپر کو پرگٹ تو دکھلائی دیتا ہے پر وسے ہیں اہنکار نہیں اور بکلپ کے سمہو اسکو نہیں کھینچ سکتے سنسار اسکو دکھ نہیں دے سکتا اور وہ شریر کے ناش میں اپنا ناش نہیں مانتا اور شریر بیسی کی اتپتی میں اپنی اتپتی نہیں جانتا جیسے گھڑے کے ٹوٹ جانے سے آکاش کا بھاؤ نہیں ہو سکتا جب ایسا پد پاتا ہے تب باسنا نشٹ ہو جاتی ہے کوئی بھرم نہیں رہتا جبتک یہ بچار نہ ہو کہ میں کون ہوں جگت کیا ہے تب تک سنسار کا اندھکار رہتا ہے جب سنسار کو بھرم سمجھا اور دیکھا آتما روپ کو پرم آپدا کا کارن جانکر اور جگت کو آتما سے بھن نجانکر اور سب کو آتما روپ جانکر استھت ہو وہ پرش ستھیا دت دیکھتا ہے کہ سب چیتن ستا ہی ہے اننت چدا کاش روپ ہوں اور دیس کال وستو کے پرچھید سے رہت ہوں اور آدی بیادی جرا مرن آدک سے رہت ہوں اور سرب شکت اننت آتما ہوں اور اودیت روپ ہوں اور سب میں بیاپک ہوں نہ میں ہوں نہ یہ جگت ہے کیول برہم ستا استھت ہے اور میں ایک ابناشی پرش ہوں جو ایسے دیکھتے ہیں اور مانتے ہیں وہ ہی سرب بیاپی ہیں ایسے پرش سکھ

دُکھ۔ بھاو۔ ابھاو میں چلائمان نہیں ہوتے کیول برہمہ روپ میں ٹھہرے ہیں انکو گرہن۔ تیاگ کی بدھی نہیں ہوتی ایسے مہاتما پُرش منیشر تم اور پرکاش سے رہت سب کلپنا سے مکت اور اودے است سے رہت سوکشم روپ ہیں ایسے مہاتما پُرشوں کو میرا نمسکار ہے ؀

تیئسواں سرگ

گیانی کے لکشن

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی جسنے آتم پد کا آسرا لیا ہے وہ جیون مُکت ہوکر اُدھار کے جگت کی نیا میں پرارب دھ اُنسار شریر روپی نگر میں راج کرتے ہیں اور لپت نہیں ہوتے سُکھ سے سُکھی و دُکھ سے دُکھی نہیں ہوتے سروپ میں استھت رہتے ہیں رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے منیشر شریر روپی نگر کیسا ہے اور جوگی اس میں باس کرکے کیسے راج کرتا ہی اور سُکھ کیسے بھوگتا ہے بششٹ جی بولے اس نگر کا نگر کا سروپ یہ ہے کہ جو شریر میں پسلی ہیں وہ تو اینٹ سمجھو رودر ماس کو گارا اور استھی کو لکڑی کے استھنب اور رکواڑ اور اُدر کو کھائی اور بکش استھل کو انگن جانو اور نو اس کے دوارے ہیں اور نیتر جھروکے ہیں اس دوارے سے ترلوکی کا پرکاش ہوتا ہے ہاتھ گلی ہیں جس سے لبتا دیتا ہی ناک بڑی کندرا ہی گریوا سکھر مندر کی اور ریکھا مالا ہیں اور جو بھن بھن ناڑی ہیں وہ بھاگ کرنے کے استھان ہیں اور پران بایو آوک سے ناڑیوں میں چہو بچرتے ہیں آتما چیتنا روپی ہیں سریشٹ بدھی رانی استری رہتی ہے جس نے اندری روپی بندن وار باندھ رکھے ہیں ہاتھ پلاش کے سیمے مانو مہا سندر پُشپ ہیں ایسا شریر روپی نگر گیاوان کو مہا سُکھ کا نمت ہے سو بھاگ سُندر روپ ہی شریر کے سُکھ دُکھ سے گیاوان سُکھی دُکھی نہیں ہوتے اگیانیوں کو شریر روپی نگر انت دُکھ دائی ہے اور شریر کے نشٹ ہو جانے سے آپ کو نشٹ ہوا مانتے ہیں اور گیاوان اپنے کو نشٹ ہوا نہیں جانتے اور جبتک شریر رہتا ہی تب تک اسپرس شبد۔ روپ۔ رس۔ گندھ کو گرہن کرتے ہیں شریر روپی نگر کا بھرم سے رہت راج کرتے ہیں اور لوبھ سے رہت ہیں اس لئے شترو اُن کا کچھ نہیں کر سکتا کیونکہ شترو کو ارفقات کرودھ مان موہ آدک اگیان کو اپنے استھانوں میں پرویش نہیں ہونے دیتے نہ ان کے استھانوں میں آپ جاتے ہیں اور دھیان روپی مندر میں بستا اور ایکتا

دونوں استریوں سے سہت رہتے ہیں اور من نے گھوڑے کو بچار کی لگام دیکر اسپر چڑھکر تیرتھوں کو جاتے ہیں اور برہم کے ایکتا روپی سنگم تیرتھ میں اشنان کر کے سدا آنند رہتے ہیں اور بھوگ موکش دونوں سے سمپن ہوتے ہیں جیسے گھڑے کے پھوٹنے سے اکاش کی کچھ نیونتا نہیں ہوتی ایسے دیہہ کے ناش ہونے سے گیانی کے سروپ میں کچھ ہانی نہیں ہوتی سب کریا کا بھوگتا کرتا ہے پرنتو کسی سے لپایمان نہیں ہوتے سدا ایک رس بھگوان آتما دیو میں رہتے ہیں اور سدا ایکتا اور ستا استریوں سے سوبھایمان رہتا ہے اور انند وان بچرتے ہیں انکے نشچے میں جگت کوئی نہیں ہے وہ دھرم ارتھ کام موکش انکو پراپت ہوتے ہیں اور بھوگ بھوگتے ہیں پرنتو انکو پدارتھ دکھدایک نہیں ہیں جیسے سدا شیو جی نے بکھ پان کیا اور دکھدایک نہ ہوا جبتک بھوگوں میں آشکت ہے دکھ کا کارن ہے گیانی پدارتھوں میں چت نہیں لگاتے اور بھوگ کریا میں راگ دویش سے بندھوان نہیں ہوتے باسنا کے سمبندھ نشٹ ہو جاتے ہیں ہے رامچندر جی ان جیوؤں کو بھوگ کی اچھا دین کرتی ہے اس کارن آتم پد سے گر جاتے ہیں اور اناتما میں پرویش ہوتے ہیں چنچل من ہی پرم سد اننت سکھ سے جیوؤں کو گراتا ہے اس من کو تم ہاتھی سمجھکر انکش سے بس کرو تب سدھ پد کو پراپت ہو گے جس کا من لبتو کی دوڑتا ہے وہ سنسار روپی بکھ کا بیج ہوتا ہے اس لئے پہلے من کو تاڑو تب شانتی پاؤ گے اور اس کا تاڑنا کیا ہے بشے سے سنجم کرنا جب سنجم کرنے سے نربان ہوا تب یہ سمان کرنا کہ اسکو سنسار کے پدارتھوں میں بھرماؤ نا تب شستر وبھاؤ کو تیاگ کر متر ہو جاتا ہے اس لئے ہاتھ سے ہاتھ دباکر اور دانتوں سے دانت ملا کر اور انگ سے انگ روک کر اندریوں کو جیت لو اس پرش کے ہردے میں من کا سانپ کنڈل مار کر بیٹھا ہے اور کلپنا کے بکھ سے پورن ہے جس نے اسکو مار ڈالا ہے اسکو میرا نمسکار ہے ٭

چوبیسواں سرگ

چوتھے استھتی پرکرن جوگ بششٹ ہردیو کرت بھاشا کا اگیانی کی درگتی کا برتانت

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اگیانی مہا نرک میں جاتے ہیں اشا کے بان لگتے ہیں اندری شستر مارتی ہیں اندری بڑی وشٹ کر گہنی ہیں جس دیہہ کے آسرے رہتی ہیں اسکو اچھا سے پورن کرتی ہیں انکو تم جیت لو اندری اور من چپل چکشی ہیں جب بشے نہیں ہوتے اور پر کو اڑتی

ہیں جب انہیں جوگ ملتا ہے تب نیچے کو گرتی ہیں جس نے بیراگ کے جال سے انکو پہانسا اسکو یہ نہیں
ستا سکتی گیانوان گیان کے دھن سے بھرپور ہیں کیونکہ انہوں نے اندریوں کو پراجے کیا ہے جس
پرش نے اندریوں روپی شترو کو جیتا ہے وہ پرم سوبھا سے سوبہت ہے جب تک باسنا روپی بیتال
نشچے نہیں پھرتے ہیں تب تک ایک تتو کا ورڈھ ابھیاس کر کے من کو نہیں جیت سکتا بیبیک کے سورج سے
اہنکار نشٹ ہو جاتا ہے اور اندری بس ہو جاتی ہیں اور من متر ہو جاتا ہے آپ راجا ہو کر راج کو بھوگتا
ہے۔ اندری بینیک کی پتی برتا استری ہو جاتی ہیں اور من ستا کی بینا ہیں پالنا کرنیوالا ہوتا ہے اور
چت بس ہو جاتا ہے جب نشچے وان پرش ست شاستر کو بچارتا ہے تب پرم سدھانت کو پراپت
ہوتا ہے۔ اور من اپنے سوبھاؤ کو چھوڑ کر شانت روپ پتا کے سمان پرتی پالک ہو جاتا ہے انس
من کو بیبیک سے بس کرو بیبیک کا کوہاڑا بیبیک سے ترشنا کو کاٹ ڈالتا ہے اور جو من بس میں
نہیں ہوتا وکھ دیتا ہے اہنکار اور ممتا آدک جو اگیان سے نشچے ہو رہے ہیں سب برتھا ہیں انکو
تیاگ کر نشچے کا آسرا لو چلتے پھرتے بیٹھتے کھاتے پیتے من میں اپنے سروپ کا منن کرو اور
اسنت پدارتھوں کی سمرتی کا ابھاو کرو

پچیسواں سرگ

چوتھے استھتی پرکرن جوگ بسشٹ ہردیو کرت بھاشا کا سمبر اور دام بال کٹ راچھس
کا اکھیان

رامچندر نے پوچھا کہ ہے بھگوان دام بیال کٹ کی بارتا بستار سے کہو بسشٹ جی بولے کہ پاتال
میں سمبر نام دویت راجا مایا روپ من کا موہنے والا تھا اس نے اپنی مایا سے اکاس میں نگور چا
جس میں مدر باغ کا سورج چندرما آدک سب رچی اور دینتوں کا راجہ ہو کر سب کو اپنا آگیا کاری کر لیا
جب سمبر کہیں کو جاوے دیوتا اس کی سینا کو مار جاویں اور استھانو نکو لوٹ لے جاویں جب سمبر نے
رکشا کرنے والی سینا بتی رچی اور کرودھ کر کے امراوتی پوری پر چڑھ گیا۔ دیوتا بھی بھیت ہو کر کوئی
سمیر پربت میں بھوانی شنکر کے پاس کوئی بن کوئی سمدر میں جا چھپے سرگ شونیہ ہو گیا سمبر نے
نے سرگ میں اگنی لگا دی۔ اور دیوتاؤں کو ڈھونڈھا جب کہیں نہ ملے تو بڑے بلی راچھش دام بیال

کٹ نام ششمتر وہارن کئے ہوئے مایا سے اُتپت کئے اور وہ وویت دھرم کرم سے رہت تھے ان کو پورب باسنا کرم نہ تھا اور نربکلپ چنماتر اونکا سروپ تھا اور سوبھاؤ ستا میں استھت نہ تھے کیول ایک سنکلپ ماتر کرم روپ چیشٹا اُنھیں تھی ہردے میں انکی باسنا نہ تھی اکاش ماتر سوبھاؤ سے کریا اُنکی ہوتی تھی بنا باسنا کے چیشٹا کرتے تھے نہ اپنا مرنا جینا چاہتے تھے نہ کچھ گیان جیت ہار تھا کیول ششمر کا پرہار کرتے تھے ہے سمبر اُن کو دیکھ کر پرسن ہوا ۔

چھبیسواں سرگ

راچھسوں اور دیوتاؤں کا جُدھ

بششٹ جی بولے دیوتاؤں کی سینا چڑھ کر آتی تھی اور بھاگ جاتی تھی پھر دیوتا بھی سمندر اور پرتول سے نکلکر جُدھ کرنے لگے ایسا جُدھ ہوا مانو پرلے آ گئی بہت دیوتا مارے گئے بہت دیت مارے گئے ۔

ستائیسواں سرگ

راچھسوں اور دیوتاؤں کا جُدھ

بششٹ جی بولے کہ ایسا گھور اور دارن جدھ ہوا کہ دام وغیرہ نے دیوتاؤں کے سموہ کو گھیر لیا اور بہتوں نے پکڑ کر پہتوں میں لیجا کر ان کو چور کر ڈالا استھان توڑ ڈالا دیوتاؤں کا سینا پتی بھاگ گیا اور دیوتا بھی بھاگ گئے دام بیال کٹ کی جیت ہوئی اور دام بیال کٹ جیت کر اپنے سوا گئی پاس پاتال میں گئے سمبر پرسن ہوا اور دیوتاؤں کو ہیل دیکھ کر برہما جی اُن کے پاس آئے اندر آدی نے پرنام کر کے کہا کہ ہے تر لوکی کے ایشر ہم آپ کے شرن ہیں ہماری رکشا کرو کوئی اوپاء ہمکو بتلاؤ برہما جی نے کہا کہ ہے اندر یہ دیت اتو نشٹ نہیں ہوں گے جب اُنکو اہنکار اُتپجے تب مارے جاویں اور تم جیتو یہ دیت مایا کے رچے ہوئے ہیں انکو ہار جیت مرن جیون کا گیان نہیں اُن کا ناش کیونکر ہو جسکو (اہنگ) اور (مم) کا بھان ہو اُس کا ناش بھی ہوتا ہے یہ تو اہنگ مم کو جانتے بھی نہیں سو اہنکار اُپجانے کا یہ اوپاو ہے کہ تم اُن کے ساتھ ایسے جُدھ کرتے رہو کہ کبھی اُن کے سنمکھ کبھی دائیں کبھی بائیں ہو کبھی بھاگ جاؤ جب ایسے بار بار کرو گے تب اون کی جُدھ کی ابھیاس بس سے اہنکار ہردے میں اُپجیگا پھر باسنا بھی پھر آویگی اور اُنکو کرنے نہ کرنے جوگ لبھنو کا گیان ہوگا تب تم اُن کو بس کر لو گے اور تمہاری جیت ہوگی ہے سادھو

جو پرش باسنا سے بندھے ہوئے ہیں اور کارن کارج کے بس ہیں وہ اس لوک میں بس ہو جاتے ہیں اور جو نر باسنا ہیں اور جن کی سرب اشکت بدھی ہے اور کسی بندھن میں نہیں اور ست است میں سم رہتے ہیں وے کسی سے جیتے نہیں جاتے جنکو دیہ کا ابھمان ہے جا ہو وہ سرب گیا تا ہی ہو ایک بالک ہی انکو جیت لیتا ہے پرش کا اپنا سروپ انت آتما ہے جسکو دیکھ آدک میں آتما بدھ تمان ہوا ہی وہ آپ ہی دین ہے جبتک دام بیال کٹ کو جگت کے پدارتھوں میں استھا بھاو نہیں تب تک تم اسکو جیت نہ سکوگے جس کے انتش کرن میں باسنا نہ ہو اس کا جیتنا کٹھن ہے اس لئے وہ اوپا کرنا چاہئے جس سے دام بیال کٹ کے ہردے میں (رہیں) دیہ آدک باسنا پرویش کرے تب تمہاری جیت ہوگی باسنا سے بندھا ہوا گنوان اور بدھیوان ہی ہو ایک جنم دکھ کے پانے والا ہے اسکو بھراج بس کرتا ہے باسنا سے رہت کو کوئی مار نہیں سکتا۔ اس لئے ابھی شستر سے جدھ مت کرو کیول ان کے ہردے میں باسنا اُپت کرو ہے اندر یہ تینوں سمبر دیت کے رچے ہوئے ہیں ان کے ہردے میں کوئی باسنا نہیں جب تک ان کے انتش کرن میں باسنا نہیں پھرے تب تک تم ان کو جیت نہ سکوگے۔

اٹھائیسواں سرگ

پھر جدھ دیتیوں اور دیوتاؤں کا

ہے رامچندر جی برہما جی ایسے کہ کر انتردھیان ہو گئے کچھ کال پیچھے دیوتا سنکھ بجا کر جدھ کرنے چلے اور سنکھ کا شبد سنکر دیت نکلے اور جدھ ہونے لگا دارن جدھ ہوا جس میں دیوتا اور دیت بہت مارے گئے اور دونوں کو بڑا سنکٹ ہوا۔

انتیسواں سرگ

جدھ ہونا اور پرنام دیتیوں کا بھاگ جانا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی دیوتا اور ہیر جوان ہو کر سنگرام چھوڑ چھپ گئے پھر پینتیس برس پیچھے جدھ کرنے لگے کبھی چھپ جاتے کبھی پرگٹ ہو جاتے ارتھات جیسے برہما جی نے اوپا جدھ کا بتلایا

تھا دیوتاؤں نے ویسا ہی کیا دیتوں کو اہنکار پھر آیا اور پھر باسنا بھی پھر آگئی پھر وہ جاننے لگے کہ ہم دام۔بیال کٹ ہیں کسی پرکار ہمارا ناش نہ ہوا ایسے آسا کی پھانسی میں بندھ کر دین ہوگئے اور آپکو دیہہ ماتر میں استھا کرنے لگے اور دیوتاؤں کو اپنا ناش کرتا جاننے لگے اور وہ ہیرج نشٹ ہوگیا اور بُدھ کی نشٹا کر کے سینے سینے جُدھ کرنے لگے اور اہنکار اُتپت ہونے سے اُن کو آپدا اُتپت ہوگئی۔ پرنام تینوں سینا سہت بھاگ گئے اور کندراؤں اور سمدر میں چھپ گئے دیتوں کی ہار دیوتاؤں کی جیت ہوئی دیت پاتال کو بھاگ گئے ٭

تیسواں سرگ

دام بیال کٹ کا پاتال میں جانا اور ملین باسنا کر کے انیک جاتی میں جنم لیتے رہنا

بشسٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی دیوتا پرسن ہوئے اور دام بیال کٹ پاتال میں چلے گئے اور سمبر بھی پاتال میں جا رہا وہاں اُن کے سنتان پوتر پوترہ آدک ہوگئے سہنسر برس ایسے ہی بتیت ہوگئے کٹنب سے شنبہہ بڑھ گیا ایک سمے دھرمراج آیا سب نے کھڑے ہو کر پرنام کیا دام۔بیال کٹ دھرمراج کی بڑائی جانتے تھے دھرمراج کو انہوں نے پرنام نہیں کیا دھرمراج کو کرودھ آیا پھر چاکروں سے کہا کہ انکو کٹنب پروار سہت اگنی میں ڈالدو انہوں نے ڈالدیا پھر وہی ملین باسنا کے کارن کر کے کرانت دیس میں دہنیور ہوئے پھر برو دیس میں مچھ ہوئے ایسے ہی ہاتھی چیل بگلے ہوتے رہے پھر دھنیور ترگٹ دیس میں ہوئے جیووں کو مار کر پاپ کرم کرتے رہے ایسے انیک جنم پائے اب کشمیر دیش کے ایک تال میں مچھ ہو کر جنم لیتے ہیں مرتے ہیں اب تک ان کو شانتی نہیں ہوئی اہنکار۔باسنا۔دُکھ کا مول ہے اس کے تیاگنے سے ہی سکھ ہے اور پرکار نہیں ٭

اکتیسواں سرگ

اہنکار کے دور کرنے کا اُپدیش اور سنسار کا اسَت اور آتما کا ست روپ ہونا

بشسٹ جی بولے ہے رامچندر جی اہنکار ہی سنسار کے برکش کا بیج ہے تم اہنکار کو جتن کر کے دور کرو یہ ہی اُپاے ہے کہ اہنکار کو اسَت روپ جانو اور اپنے آپ کو مکت جانو پھر سکھی ہوگے

دیکھو دام بیال کٹ نے اہنکار کے اپجنے سے کیسی آپدا اور دکھ بہوگے جو اہنکار نہ ہوتا تو کیوں دکھ
ہو گئے رامچندر جی بولے ہے بھگوان ست کا ابھاؤ اور است کا بھاؤ نہیں ہوتا دام بیال کٹ تو است
روپ تھے وہ ست کیونکر ہوئے بششٹ جی نے کہا ست تو است کو پراپت ہوا دیکھتا ہے است ست
کو نہیں دیکھتا اس لئے میں جگتی سے تم کو پربودھ کرتا ہوں کہ جیسے دام بیال کٹ مایا ماتر روپ
است سے ہوئے ایسے ہی ہم تم دیوتا دیت سب سنسار است مایا ماتر ست ہو کر بھاستے ہیں
مول میں کچھہ نہیں جیسے سپنے میں اپنا مرنا است روپ ہی ہے ہے رامچندر جی مورکھوں کو میرے
بچن اچھے نہیں لگتے کیونکہ اُن کے ہردے میں سنسار کا ست بھاو درڑھ ہوگیا ہے اور بنا ابھیاس
کے اپنے نسچے کا ابھاو نہیں ہوتا گیانیوں کے ہردے میں جگت کا ست بھاو نہیں ہوتا کیول برہم
ستا کا بھاو ہوتا ہے اور اگیانی کو جگت ست بھاستا ہے گیانی کے نسچے کو اگیانی اور اگیانی کے نسچے کو
گیانی نہیں جانتا گیانی اگیانی کا نسچے اکٹھا نہیں ہوتا جیسے پرکاش اور تم اور دھوپ اور چھایا اکٹھا
نہیں ہوتے چت کا نسچے جتن سے دور ہوتا ہے گیانی بھی اگیانی کے نسچے کو دور نہیں کرسکتا آتما تو
سربدا است روپ ہے اور سب پدارتھ است ہیں اگیانی کو جگت ست بھاستا ہے اس کارن برہم کا
اسکو نہیں بھاتی پرپاتا ہے جن کچھہ نہیں جیسے سورن میں بھوشن بھاؤ نہیں آتا میں سرشٹی بھاؤ
نہیں اگیانی کو پنچ بھوتوں سے پیارا کچھہ نہیں بھاستا سب جگت است روپ ہے ست وہی ہے
جو شدھ ست بودھ اکاش نرنجن سرب گت شانت روپ اور وے است سے رہت ہے آتما ستا
میں جیسا جیسا کسیکو نسچے ہوگیا ہے ویسا ہی تت کال ہو کر بھاستا ہے اور پربودھ کو ست چداکاش ہو کر
بھاستا ہے جو پرش آتما میں ملے ہوئے ہیں وہ موکش روپ ہیں بہر بہت اُس کے بندھن میں ہیں برہم
اور جگت ایک ہی بستو کے نام ہیں اس لئے سرب کلپنا کو تیاگ کر اپنے آپ میں استھت ہو

بتیسواں سرگ

دام بیال کٹ کا بہوت برتانت اور سنسار کے متھیا ہونیکا برتانت اور شاستر کے بچار کا اپدیش

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگوان دام بیال کٹ کے دکھ کا انت کیسے ہوگا بششٹ جی بولے جب اُن
کو اگنی میں یمراج نے بھسم کر دیا تب دھرمراج کے کنکروں نے پوچھا ان کا اودھار کب ہوگا مہاراج

نے کہا کہ جب یہ تینوں آپس میں بچھڑ جاوینگے اور اپنا سمپورن برتانت شروَن کرینگے تب مکت
ہوں گے پھر رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون وہ برتانت کہاں شروَن کرینگے اور کون سناویگا
بسشٹ جی نے کہا کہ کشمیر دیس میں بارم بار جنم ہوکر پھر جنم کا شریر تیاگ کران کے پاپ نشٹ ہوکر
بدھی نرمل ہوگی تب تینوں آپس میں بچھڑ جاوینگے اور جگتی سے مکت پاوینگے کشمیر دیس میں ایک پربت
کے اوپر ایک نگر بسیگا اُس کا نام پردمن ہوگا اور کنولوں سے پورن ایک سرور ہوگا وہاں ایک راجہ
سری شنکر نام اندر کی سمان کا ایشان کون میں مندر ہوگا اُس مندر میں بیال دیت جنم پاہوکر تنکوں
سے گھونسلا بناکر رہیگا اور سری شنکر نام راجا ہوگا اُس کے مندر میں دام دیت مچھر ہوکر شبد کرتا
اوڑتا پھریگا اور کٹ دیت طوطا ہوکر پنجرے میں رہیگا اُس راجا کا منتری ابر سنگھ نام بدھوان بندھ
اور مکتی کا گیان جاننے والا ہوگا وہ راجہ سے دام بیال کٹ کی کتھا اشلوک بناکر کہیگا تب کٹ پنجرے
میں اپنا پورب بلا برتانت سنکر بچاریگا تب اہنکار شانت ہوکر پرم نربان ستا کو پراپت ہوگا ایسے
ہی ایسے ہی بیال چڑیا شریر اور دام مچھر سنکر مکت ہوں گے ہے رامچندر جی یہ سنسار بھرم مایا ماتر ہی
اور اننت پرکاش روپ بھاستا ہی سو بنا بچار کے سدھ ہورہا ہے بچار کرکے گیان ہونے سے شانت
ہوجاتا ہے جب گیانی پرم پد کو پراپت ہوتا ہی تو بھی مہاموہ میں پھنسکر نیچ سے نیچ پدوی میں
جاتا ہی جیسے دام بیال کٹ مہاجال میں پڑے تھے یہ سب اہنکار کا کارن تھا اہنکاری جیو انکو اپنی
باسنا سے جگت ست روپ بھاستا ہی اس سمندر کو بنا گیان کے کوئی پار نہیں ہوسکتا گیانی مہتھیا
پدارتھوں کو ست اور سکھ روپ جانکر اپنے سروپ کو بھولکر مہادکھ کے جال میں پھنستا ہی ہے رامچندر
جی برہمہ نرویک شاستری مارگ سدھا ہی سنسار نرویک شاستر و کہدائی جسکی بھرانتی اور اچھا پدارتھوں
میں تھے اور بھوگ کی ترشنا ہے وہ بھاگی ہے جسکے ہردے میں پرماتما کا چمتکار ہوا ہی وہ ترلوکی کو پدارتھوں
کو تچھ سمجھکر تیاگتا ہے اس کارن ان سب کو ہردے سے تیاگ دو اور باہر سے اپنا آچار بیوہار کرتے رہو
اسکو مت تیاگو کہ کو کرم کرنے سے شبھ کا رچ بھی اشبھ ہوجاتا جیسے راہو دیت لے کو کرم کرنے سے
سرکٹا اس لئے سرب شاستر کے انسار چلنا سکھ اور کلیان کا کارن ہی سنت جنکی سنگت اور ست
شاستر کے پڑھنے سننے سے بڑا پرکاش ہوتا ہے جو انکا سیون کرتا ہے اندھ کوپ موہ میں گرتا جسکے
ہردے میں بیراگ دھیرج سنتوش اودارتا پرویش کرلے ہیں وہ پرم سمپداوان ہوتا ہی وہی پُرش

ہے پرییت اس کے پشو ہی جس پرش کا شاستر سنجگت آچار اور تیتھا کرم کا نتیجہ ہے اسکو بھوگ کی ترشنا نرورت ہو جاتی ہی انکی سوبھا دیوتا برنن کرتے ہیں اس کارن پرشارتھ کا آسرا کرو تب پرم سدہی کو پراپت ہوگی کوئی لبستو نہیں جو شاستر انسار اودم کرنے سے نکلے جو چرکال ہتیت ہو جائے اور ناوینگ نہ کرے وہ پھل پکا ہو کر ملیگا اور سکھہ ایک ہوگا تم اودار آتما ہو کھڑے ہو اور اپنے پرشارتھ کا آسرا کرو جیسے سنگرام سے شور ما امرپد کی اچھا سے نہیں بھاگتے۔ اس سنساری رن کا پرشارتھ شستر ہے شاستر کو بچار و کہ کرنے جوگ کیا ہے پرشارتھ کو گرہن کرو سب سمپدا آپدا روپ ہیں شاستر کے انسار کرم کرنا سکھہ ایک ہے دکھہ نشٹ ہو جاتا ہی آیو جس گن لکشمی کی بردہی ہوتی ہی

تیئسواں سرگ

پرشارتھ سے سب کچھہ ملنا اور برہم بودھ کا ابھیاس اور ست سنگ کرنے اور اہنکار کا روپ اور اس کے تیاگ کا اپدیش

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی سرب سکھہ دکھہ سمے پاکر اپنے کرموں کے انسار ہوتا ہی ایک دن نندی گن نے ایک سرو ور پر جا کر سداشیو جی کا آرادہن کیا سداشیو جی پرشن ہوئے اور اسی سے اس نے مرت کو جیت نندی گن نام پایا اور ویئت شاستر انسار جتن کر کے دیوتاؤں کو جیت لیتے ہیں اور سمیرت نام رکھیشر نے مرتو راجا کے جگت میں دیوتا دیئت منش آدک سرشٹی اپنے پرشارتھ سے رچی اور بسوامتر نے تپ کے بل سے راجسی سے برہمہ رشی کی پدوی پائی ایک ودھیاگی برہمن اوپمنو نے ایک گرہستی کے گھر پتا سہت جا کر دودھ چاول مشٹان کا بھوجن کیا ایک دن اپنے پتا سے کہا کہ ویسے ہی بھوجن دو پتا نے سانک کے چاول اور آٹے کا دودھ گھولکر دیدیا اس نے بھوجن کیا تو وہ سواد نہ پایا اس نے پھر کہا کہ میں تو ویسی ہی بھوجن لونگا پتا نے کہا کہ ہے پتر وہ بھوجن ہمارے گھر میں کہاں ہیں سداشیو جی کے پاس وہ بھوجن ہیں وہی دینگے تو ہم بھوجن کرینگے تب وہ برہمن سداشیو جی کی اوپاسنا کرنے لگا اور گھور تپ کیا تب شیو جی نے پرسن ہو کر درشن دیا اور کہا کہ جو اچھا ہو بر مانگ برہمن نے کہا کہ وہ وہ چاول دو سداشیو جی نے پرسن ہو کر کہا کہ ایسا ہی ہوگا۔ اور جب تو ہمکو سمرن کریگا ہم تجھکو درشن دینگے دیکھو یہ بھی اپنا ہی پرشارتھ ہوا

اور ساوتری اپنے بھرتا مرتک کو جمراج کو نمسکار اور استھتی کر کے پرسن کر کے پرلوک سے لائی
یہ بھی اپنا ہی پرشارتھ ہوا سو یت نام رکھیشر نے اپنے پرشارتھ سے کال کو جیت کر مرتیو نہ پائے نام
پایا سو ایسا کوئی پدارتھ نہیں جو اودم کرنے سے نہ ملے اور جو اپنا سکھ چاہیے تو آتم بودھ کا ابھیاس
کرے سنسار کے سکھ دکھ سبھی ملے ہوئے ہیں اور آتما سب سکھ دکھ کا ناش کرتا ہے سم اتم سب
بے بھی ہے پھر بھی سم پرم کلیان کا کرتا ہے ابھمان کا تیاگ کر کے سم کا آسرا کرا اور نرنتر بدہی سے
بچار کرو جب جتن کر کے سنتوں کا سنگ کرو گے تب پرم پد پاؤ گے ست سنگ سے اتم نوکا سنسار
سمدر سے پار ہونے کو نہیں ہے سنتوں کی سیوا کرنے سے بھوساگر سے تر جاتا ہے جسکے لوبھ موہ
کرودھ آدک دن دن گھٹتے جاتے ہیں اور یتھا شاستر ان کا کرم ہے اسکو سنت جن اور اچاریہ کہتے
ہیں جگت نہ اپجا ہے نہ آگے ہوگا نہ برتمان ہے ایسا ہی گیان وان کو سدا ایسا ہی نشچے ہوتا ہے اچل چد
آتما میں چنچل چت پھرا ہے اسی لئے جگت ابھیاس رچا ہے جیسے جیسے پھرتا ہے ویسے ویسے
بھاستا ہے جگت اور آتما میں سورج اور کرنوں کی نیائیں کچھ بھید نہیں ہے جب پدارتھ ہیں
اہنگ ابھاو کو جانے گا تب اناتما میں اہنگ بھاو لیں ہو جاویگا تب چدا کاش سے جیو کو ادویت
ایکتا ہوتی ہے اہنگ آدک ورشیہ کچھ سنا نہیں یہ جگت اپنی کلپنا سے بھاستا ہے آتم روپی چندرما
سدا پرکاشت ہے اہنکار کا بادل آگے آگیا ہے اس سے کنول کھلتے نہیں ببیک کی ہوا سے اس
میگھ کو نشٹ کرو نرگت سرگ . بندہ . موکش . ترشنا . گرہن . تیاگ اور سب اہنکار سے ہیں سنسار کے
دکھ سکھ سب اہنکار سے ہیں جتن کر کے اس کا ناش کرو رامچندر جی نے پوچھا کہ نرمل چتنا آتم ستا
میں اہنکار کی اتپتا کہاں سے پرتیت ہوئی بسشٹ جی بولے کہ اہنکار کا چمتکار باستو ہے پرم نہیں
متھیا ہے باسنا بھرم سے ہوا ہے سو جتن سے نشٹ ہو جاتا ہے جب یہ شانت ہوگا کوئی دکھ نہ رہیگا آتما میں
اہنگ کوئی نہیں ہے نہ ورشیہ ہیں سار ہے جب اس کا پھرنا شانت ہوگا اہنکار بھی نشٹ ہو جاوے گا
جب اہنکار نشٹ ہوا گرہن تیاگ کی بدہی بھی شانت ہو جاویگی رامچندر جی نے پوچھا ہے پربھو اہنکار
کا روپ کیسا ہے اس کا تیاگ کیسے ہوتا ہے کب شریر سے نرالا ہوتا ہے اس کے تیاگ سے پھل کیا ہوتا
ہے بسشٹ جی بولے کہ اہنکار تین پرکار کا ہے دو پرکار کا سرشٹ انگی کار کرنے جوگ ہے تیسرے
پرکار کا تیاگنا جوگ ہے ایک یہ نشچے پرم اہنکار ہے اور موکش کا دینہارا ہے کہ میں ہوں اور پرماتما ادویت

روپ ہوں مجھ سے نرالا کچھ نہیں ہے اس میں جیون مکت بچرتے ہیں یہ اہنکار بھی ہے اس نے مکتو
اُپدیش کے نمت کہا ہے باستو میں یہ بھی نہیں کیول اچنت چنماتر ستا ہے اور دوسرا اہنکار یہ ہے کہ
میں سب سے نیارا ہوں اور سوکشم سے سوکشم ہوں ایسا نشچے بھی جیون مکتی کا ہے اور موکش دایک ہے
بندھن کا کارن نہیں تیسرا یہ ہے کہ ہاتھ پاؤں آدک سے اتنا ہی آپکو جاننا ایسا نشچے تچھ ہے اور
بندھن کا کارن ہے اس کو تیاگ کرو یہ پرم شترو ہے اسکے تیاگ سے جو رہتا ہے وہ آتم بھگوان مکت
روپ رہتا ہے وہ پہلے دونوں اہنکار انگیکار کرنے جوگ ہیں کہ موکش کا کارن ہیں رامچندر جی نے پوچھا
کہ تیسرے اہنکار کے تیاگ کرنے والے کا کیا بیوہار رہتا ہے اور کیا بڑائی ملتی ہے بسشٹ جی نے کہا کہ
جب یہ جیواتما کے اہنکار کو تیاگ کرتا ہے تب پرم پد کو پراپت ہوتا ہے مہاپُرش کی سو بھا ہوتی
ہے جب اسکو تیاگو گے اونچی پدوی پاؤ گے جنکا اہنکار شانت وان ہوا ہے راگ دویش
سے وے چلائمان نہیں ہوتی سب ترشنا مٹ جاتی ہے سنسار سمدر کو پار کر جاتے ہیں۔
نشچے جان لو کہ نہ میں ہوں نہ کوئی میرا ہے ؛

چونتیسواں سرگ

بھیم بیاس دت دیتوں کا اُتپت کرنا سمبر کو اور جدھ دیوتاؤں سے اور باسنا کے تیاگ کا برتانت
بسشٹ جی بولے وام بیال کٹ کے جدھ سے بھاگ جانیکے پشچات کئی برس بیتنے پر سمبر نے پایا
سے تین دیت بھیم بیاس دت نام پرم پوتر سُدھ سوروپ آتم روپ آتما کے جاننے والے رچے
اُنہوں نے بھاری شبد کیا جنکو سنکر دیوتا سینا لیکر آئے اور دارُن جدھ ہونے لگا اور پھر نام اُن
دیتیوں نے دیوتاؤں کی کچھ سینا مار ڈالی کچھ بھگا دیئے دیوتا چھیر ساگر پر سری بشنو بھگوان کی
شرن گئے سری بشنو بھگوان نے کہا کہ ہے دیوتاؤ تم یہاں ٹھیرو میں جا کر جدھ کر کے مار آتا
ہوں اور سُدرشن چکر دھارن کر جا جدھ دیا ایسا جدھ ہوا مانو مہا پرلے آ گئی اور سمبر بھاگا بھگوان نے
سودرشن چکر سے اُس کا سیس کاٹ ڈالا اور سمبر بشنو پوری کو جا پراپت ہوا اور ان تینوں دیتیوں کے
انتقش کرن میں بشنو بھگوان نے پرویش کیا اور اُنکی چت کلا کو جو پران سے ملی ہوئی تھی انت
کیا اور بدھ مکت ہوئے جو کہ وہ تینوں دیت نرباسنک تھے۔ اس لیئے دویک کے سمان نربان

ہوگئے ہے رامچندرجی جو باسنا سنجگت پرش ہیں وہ بندھوان ہیں باسنا سے رہت مکت روپ ہیں تم بھی ببیک کرکے نرباسنک ہواست روپ تسنچے ہوجاتے تب باسنا اسکی اور نہیں آتی اور باسنا اور چت ایک ہی بستو ہے جو چت باسنا سنجگت ہے اُس میں انیک پدارتھوں کی ترشنا ہوتی ہے اس سے جو رہت ہیں وہی مکت ہیں یہ برتانت مجھ سے پہلے برہما جی نے کہا تھا جو میں نے سنایا اس سنسار میں سکھی کوئی برلا ہی ہے دکھی انیک ہیں یہ سنسار تیاگنے ہی جوگ ہے۔

پنتیواں سرگ

کا من کے جیتنے اور اس شاستر کے بچار کا اُپدیش اور جگت کے تیاگ اور ست سنگ اور ست شاستر کا بچار اور اُس کی نرورتی کا اوپار

بسشٹ جی بولے ہے رامچندرجی جسنے من کو جیت لیا ہے وہ ہی سکھی ہے اور سورما ہے اُسی کی جے ہے اس سنسار کا اوپار من کا بس کرنا ہے اس میرے شاستر گیان سنجگت کو سنکر بچارے کہ یہ جگت کیا ہے بھوگ سے رہت ہوکر ست سروپ آتما کا ابھیاس کرنا چاہئے بھوگ کی اچھیا ہی بندھن کا کارن ہے اس کے تیاگنے کا نام موکش ہے اور سنسار کو ست جانکر جو باسنا پھرتی ہے سو ہی دکھ ہے اور جب بدھی میں شانتی سہت باسنا ہوتی ہے اُس سے شبھ گن بیراگ دھیرج۔ اودارتا۔ شانت روپ اوتپن ہوتے ہیں جب شبھ باسنا ہوگی تب من بدھی نرمل ہوجائے گی جب من شدھ ہوا شبھ اشبھ اگیان نشٹ ہوجائے گا جب ان شبھ گنوں کی پرم پرا استھت ہوتی ہے پھر ببیک اوتپن ہوتا ہے اس کے پرکاش سے ہردے کے موہ کا تم نشٹ ہوجاتا ہے اور جب ست سنگ اور ست شاستر کا ابھیاس ہوتا ہے تب مہا آنند کا کارن سیتل شانت روپ پرگھٹ ہوتا ہے ست سنگ سے ببیک ہوتا ہے اور ببیک سے سمتا کا امرت برستا ہے اُس سے ان سرب کامنا سے رہت نراوپدر اور شانت ہوجاتا ہے اور شاستر کے بچار سے سنا یہ نشٹ ہوجاتے ہیں پھر جیون مکت ہوجاتا ہے جو پرش ترشنا کے جال سے نکل گیا وہ ہی سورما ہے جسکی ترشنا نشٹ نہیں ہوئی انیک جنم دکھ میں بھرمتا ہے ترشنا کے گھٹنے سے من سوکشم ہوجاتا ہے اور گیانی کا من بھی نشٹ ہوجاتا ہے اگیانی کا من بردہ ہوتا ہے من کسکو کہتے ہیں کہ شدھ چنماتر میں جو چت کلا کا پھرنا

ہوتا ہے اور وہ ہی سمبیدن سنکلپ بکلپ سے ملکر ملین ہوا ہی اور سروپ کو بھول گیا ہے
اُس کا نام من ہے وہ ہی باسنا سے سنسار ہو گی ہے جب چت سمبیدن درشیہ سے ملا اس سے تن
لے ہوگیا چت سمبت کا نام جیو ہوتا ہے اور آتما چیتن اکاس وت الپت ہے من ہی جیو ہی جیو ہی
من ہی من سے نیارا کوئی نہیں اس پرش کے بندھن کا کارن اپنی کلپنا ہی اپنی ہی باسنا سے آپ ہی
سنسار بندھن میں پھنستا ہی بھوگ کی باسنا سنسار کا بیج ہے جب من نرمل ہوتا ہی من کی کلپنا پاپ
باسنا نشٹ جاتی ہی اس لئے باسنا کو تیاگو اگیانیوں کو نشچے ہو رہا ہے کہ انیت آتما میں ہوں جب
اس نشچے کا ابھاؤ ہو اور آپ کو انرت آتما نشچے کر کے جانے اور پرتھم من کا ابھیاس کر کے تب ہردے
میں استھت ہو اس نشچے سے اس نشچے پنچ کا ابھاؤ ہوتا ہی سرب جگت تو نرمل آتما ہی اس سے
جسکو دیہہ روپ کی بھاونا ہوئی ہے اُسی کو لوک میں بندھن ہوتا ہے اور جسکو سروپ میں بھاونا
ہوئی ہی اسکو موکش بھاستا ہی آتما ستا موکش اور بندھن دونوں سے رہت ہی جب من نرمل ہوتا
ہے تب ایسے دیکھتا ہی اور پرکار سے نہیں دیکھتا جب سرب آتما بھاونا ہوئی پھر بندھ موکش بھی نہیں
رہتا جب من کی برتی بھوگ کے سوکشم باسنا سے مکت ہوتی ہی اور ست شاستر کے بچار سے بیراگ
اُتپن ہوتا ہے تب پرم بودھ کو پراپت ہوتا ہے اور ہردے کنول کی پتیائیں کھل جاتی ہے
من سے سب پدارتھ رچے ہیں اُس سے ملکر گیان ہو جاتا ہے اُس کا نام اسمیک گیان ہے
جب درشٹی ہوتی ہے تب اس کا ترت ہی ناش کرتا ہے جب بھیتر باہر سے درشیہ کو تیاگ کرتا
ہے اور من ست بھاؤ میں استھت ہوتا ہی تب پرم پد کو پراپت ہوا کہلاتا ہے جس پدارتھ کا آوانت
نہ ہووا اور مدھ میں دکھلائی دیوے اسکو است روپ جانو سو یہ درشیہ است روپ ہے جب درشیہ
میں آتما بھاونا ہوتا ہی تب درشیہ ہی مکت و ایک ہو جاتا ہے ہے رامچندر جی اپنے سنکلپ بکلپ
کا نام من ہے سو است روپ ہے اور جب آتما میں آہنگ پرتیت ہوتی ہے اور دیہہ آدک میں
[illegible] سو تتو گیان سے کوئی دکھ نہیں رہتا من کی شانتی سے ترشنا
جاتی رہتی ہے اور موہ نشٹ ہو جاتا ہے اور آتما کا پرکاش ہوتا ہے جب پرتھم شبھ گنوں سے
بیبیک ہوتا ہے تب شبھ من سرب سمپد کا دینے والا پرم آنند پاتا ہے اور آتم پرکاش کا سورج
اودے ہوتا ہے اُس کا من نرمان ہو گیا ہے ؀

چھبیسواں سرگ

اگیانی گیانی کا بھید

رامچندرجی بولے ہے بھگون آتما چیتن روپ بشو سے نیارا ہے اُس چدآتما میں بشو کیسے اُتپن ہوا ہے وہ کی بروہی کی نمت ہی مجھ سے کہو بشسٹ جی بولے ہے رامچندرجی جیسے جل میں ترنگ ورشٹی ماترہی ہوتی ہے ایسے آتما میں جگت سنکلپ ماتر ہے آتما نراکار نراسں سرب گت سرب بیاپک ہے پرنتو پچانا نہیں جاتا یہ جگت آتما کے آسرے ہی استھت ہے آتما اُس سے کداچت اسپرش نہیں کرتا آتما سب میں بھرپور ہے پرنتو پرتیشک روپ ہردے میں بھاستا ہے آتما کا دیکھ اندری اور پران میں پرتیبمب نہیں بھاستا سو آتما سرب سنکلپ اور سنگ سے رہت اُس کو گیانی اپدیش کی اہت چیتن ابناشی آتما برہما آدک سنگی کرکے کہتے ہیں سو آکاش سے بھی سوکشم نرمل ہے ابھیاس سے جگت روپ ہو کر بھاستا ہے اور جگت کچھ بستو نہیں گیانی کو آتما گیانی کو جگت دیکھتا ہے آتما سب کا پرکاشنے والا اور سب سوادوں اور کریا سے رہت ہے اپنے سمبیدن پھرنے سے پرش نانا پرکار کے سنکلپ سے بہروجی روپ دیکھتا ہے جب اپنے آپ کو جانتا ہے سب بھرم اگیان نشٹ ہو جاتا ہے آتما ستا ہے جب سمبیدن پھرتا ہے پھرتا آتما ستا کے آسرے بستار ہو جاتا ہے سو سنکلپ روپ ہے جن کو آتم گیان ہوتا ہے وہ شانت روپ آتما کو پا کر آنند کرتے ہیں جن کو پرماد ہے وہ بھٹکتے ہیں اور جنم مرن اپنے کرموں انسار پاتے ہیں ٭

ستائیسواں سرگ

کیول برہم ستا کا ہونا اور جگت کا اسار

بسشٹ جی بولے ہے رامچندرجی آتما سے جگت آپ ہی اپجا ہے کسی کارن سے نہیں پیچھے سے کارن کارج کا بھاؤ ہو جاتا ہے وہ ہی درڑھ ہو کر چت میں بھاستا ہے جیسے جل سے ترنگ اٹھکر لے ہو جاتی ہیں ایسے آتما سے سو بہاؤک جگت اپجکر لے ہوتا ہے یہ پرش آتما روپ چت سے آپ کو دیوتا منش آدک شریر جانتے اور مانتے ہیں ست ہے نہ اسنت جیسے سورن میں

ابہوشن اس لئے تم درشیہ کو تیاگ کر درشٹا میں استھت ہو جس سے شبد اسپرس گندہ آدک کو ست جانتا ہی اسکو آتما برہمہ جانو جو سب میں نرمل بھرپور ہے آتما ستا میں ادویت کچھہ نہیں آتما سے نیاری بستو جو کچھہ دیکھے ہے جب ہی تک ہی جبتک باسنا ہی آتما کو اشٹ نشٹ اکار نہیں اور کرتا کرن کرم تینوں کی ایکتا ہے نہ کوئی آدھار ہی نہ ادھیہ ہی دویت کلپنا کا ابھاو اور اہنگ ا ممتو ہنگ ا آدک کچھہ نہیں کیول برہمہ ستا استھت ہی پہلے گئے نہ کئے سے تکو کیا سدہ ہوتا ہی اور پانی جوگ کو نسا پد پاتا ہی تم آپ کو ہردے میں اکرتا بھاونا کرو اور باہر سے جگت کے کاریہ کرو جب تمہاری برتی استھر ہو جائیگی تب شانت آتما ہوگی سب جگت کے پدارتھ کو جو رہے گا وہ آتما ہے

اٹھتیسواں سرگ

آتما میں بھید گیانی اگیانی کا اور باسنا کے تیاگ میں

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی گیانیوں میں کرتب بھاو ہی دیکھیے اور بہنا آدک تامسی کرم ہی ہو تو ہی سروپ کے گیان سے وہ اکرتا ہے اس نے کچھہ نہیں کیا اور اگیانی جیسا کرم کرتے ہیں ویسا پھل پاتے ہیں کرتب نام گرہن کی اچھا اور باسنا پھرنے کا ہے جس پدارتھ کو ست جانکر باسنا پھرتی ہے اس کا نام ابہو ہوتا ہے شریر کرے انہوانہ کرے جیسی باسنا من میں درڑھ ہو اسکے انسار دیکھتا ہی شبھہ سے سرگ اشبھہ سے نرک دیکھتا ہے گیانوان کے ہردے میں دونو نہیں ان میں کرتب کا ابھاؤ ہے جو کرین ہی کرتب کے پھل کو پراپت نہیں ہوتے سنسار کو است جانتے ہیں کیول شریر کے سپند ماتر ان کا کرم ہے ہردے میں بندھمان نہیں ہوتے پچھلی پرالبدہ سے سکھہ دکھہ کا پھل ملتا ہی پرنتو آتما سے نیارا اس کو نہیں جانتے سب برہمہ ہی برہمہ درشٹ پڑتا ہے اگیانی اپنے آپ کو کرتا مانتے ہیں جن کا من اناتم بھاؤ میں مگن ہے وہ اکرتا ہوتے ہیں اس لئے من کرتا ہے شریر کچھہ نہیں کرتا یہ سب جگت من سے اپجا ہے جس کا من ہٹ گیا اور آتما کا گیان ہو گیا اسکو سب شانت روپ ہی سنسار کے دکھہ اس کو اسپرس نہیں کرتے جیسا من ہوتا ہے ویسی اسدہتا پراپت ہوتی ہے کرم کرنے سے کرتا ہو جاؤ گے گیان وان دکھہ سے چلایمان نہیں ہوتے پرانند

سے لیلا ماتر وستہر تے ہیں ہاتھ پاؤں آدک اندریوں سے کرتا کا نام کرم نہیں من کے کرنے کا نام کرم ہے جب من ناش ہو سب کرم نشٹ ہو جاتے ہیں نہ کوئی بندہ ہے نہ موکش نہ کوئی باندہ ہے بوگ ہی اگیان سے دکھہ ہے گیان سے بین ہو جاتا ہی تم اس متھیا کلپنا اناتما اہنکار کو تیاگ کر آتما میں نشچے کرو اور دہیرج بدہی ہو کر پرکرت اچار کرو تب اسپر تم کچھہ نہ کروگے ॥

اُنتالیسواں سرگ

یہ جگت آتما کا پرکاش ہے بھرم سے بھاسنتا ہے

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون ست چت آنند ادویت نرلکار برہمہ تتو سے رہت جگت ابدیا کہاں سے آیا ہے بشسٹ جی بولے سب جگت برہمہ سروپ ہے برہمہ سکتی برہمہ ستا سنت شکتی ہے اس کارن درشیہ روپ ہو رہا ہے سب پدارتھوں کا بیج اُتپتی کرتا برہمہ ستا ہے پھر رامچندر جی نے پوچھا کہ جو پدارتھ جس سے اُپجتا ہے وہ ہی روپ ہو جاتا ہے تو جو نرلکار آتما سے جگت اُپجا ہے جگت بھی نرلکار چاہیے آتما نرلکار شانت روپ ہی اور جگت لکاروان دُکھہ روپ ہی اس سے کلنک روپ جگت کیسے اُپجا بشسٹ جی نے کہا کہ یہ جگت برہمہ روپ ہے اور نانا پرکار بین جو دیکھتا ہے سو بلتیا نہیں جیسے ترنگ کی سموہ سمدر میں پھرتے ہیں سو بلتیا کچھہ نہیں وہی روپ ہی ایسے ہی آتما میں آتما روپ ہی جیسے اگنی میں تیج اگنی روپ ہی رامچندر جی نے پھر پرشن کیا کہ نردُکھہ برہم سے جو جگت دکھہ روپ اُپجا ہے سو یہ کلنک ہے یہ جو آپ کے بچن ہیں اکاس روپ ہیں اور مجھے اسپشٹ بھاستے ہیں میں سمجھا نہیں بشسٹ جی نے سوچا کہ ابھی انکی بدہی پرکاش پرم کو پراپت نہیں ہوئی کچھہ نرمل تو ہوئی ہے اس لئے سدہانت کا کہنا چاہیے کیونکہ گورو کو چاہیئے کہ پرتھم سم دم آدک گنوں سے ششش کو شدہ کرے پیچھے سرب برہمہ شدہ توہی کا اُپدیش کرے جس سے جگت کی بھاونا دور ہو اور اگیانی سے یہ کہنا کہ سرب برہم ہوئی اُسکو نرک میں ڈالتا ہے جو پربدہ ہے اُسکو بھوگ کی اچھا دور ہو جاتی ہے وہ نشکام ہے اُس کے ہروے سے اودیا کا میل جاتا رہتا ہے یہ بچار کر بشسٹ جی نے اُتر دیا کہ ہے رامچندر جی کلپنا روپ کلنک برہمہ میں ہے اور نہیں سو یہ میں تمکو سدہانت کال میں کہونگا جب تم آپ ہی جانوگے برہمہ ستا سنت شکتی

روپ سرب بیاپک سرب گت ہے اور سب اُسی سے رچے ہیں اور اپنی شکتی سے پرتھوں کو گڈہا
اور بیل ہیں پاشان اور پاشان ہیں بیل اور بن کے پرتھی کو اکاش اور اکاش کو پرتھی کرتا ہے
یہ بچتر روپ ورشیہ تم سے کہا ہے چت سمبیدن پھرنے سے وہی جگت روپ ہو کر بہاستا ہی سب
ہیں وہی ایک روپ ہی جو ایک روپ ہے تو ہر کہہ شوک اشچرج کس کا مانئے اسی کارن تم کو سمتا
بھاو الٹھا ہے اور دیس کال بستو یہ جگت بھاسنا ہے اُن کا پرچے ہونا بھی بھاستا ہے اور وہ
اپنے سوبھاؤ میں استھت ہی کیونکہ یہ ورشیہ اُنکو اپنے سروپ کا ابھاش پھرتا ہوا دکھلائی دیتا ہی
جو کچھہ ورشیہ پرتیچ ہے وہ سب چت سمت کے سپند کلا سے پھرتا ہے اور نا نا پرکار دیس کام
کریا درب ہو کر بہاستے ہیں اسکو آتما ستا کسی اپاد سے نہیں رچتی سو بہاوک پھرنے سے پھرتی ہی
آتما اور جگت میں سمدر اور ترنگ کی نیائیں کچھہ بھید جیسے دودھ گھی کا روپ ہے گھٹ پرتھی کا
ایسے جگت آتما روپ ہی آتما میں نہ کوئی کرتا ہے نہ بھوگتا ہے نہ کوئی مرتا ہے نہ اُتپت ہوتا ہے
کیول آتم تتو ساکشی اپنے آپ سوبھاؤ ستا میں استھت ہی یہ جگت آتما کا پرکاش ہے کسی کارن
کارج سے نہیں ہوا آتما میں سمبیدن پھرتا ہے تب جگت ہو کر بہاستا ہے جب لے ہوتا ہی تب
جگت نہیں بہاستا جگت نہ ست ہے نہ است کہیں پرگھٹ دکھتا ہے کہیں چھپا ہوا ہے جگت
برکش ہے اسمیک گیان اُس کا بیج ہے شبھہ اشبھہ پھول ہیں آسا بیل ہے دکھہ سکھہ پھل ہیں
بھوگ جڑا ہیل ہیں ترشنا کی لتا اُن سے کھڑی ہوئی بہاستی ہیں ایسے برکش سنسار روپی
کو بیبک کی کوہاڑی سے کاٹ کر مکت ہو ⁂

چالیسواں سرگ

سب برہم ہے کارن کارج کا بھید کلپنا ماہر ہے

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون یہ جیو برہم سے کیونکر اُتپت ہوئے ہیں اور کتنے ہیں بسشٹ
جی بولے کہ شدھ برہم تتو کی برتی چیتن شکتی نرمل ہے جب وہ پھرتی ہے تب سنکلپ روپ
ہو باورتن سے ہو کر من روپ ہوتی ہے سو من سنکلپ ماتر جگت کو رچتا ہے سو آتم ستا کا
چمتکار ہی ہولیش شر یہ کچھہ نہیں سنکلپ ماتر بھرانتی سے دیکھتے ہیں اس بھرانتی روپ جگت میں

کوئی چھوا گیانی ہیں کوئی گیانی سب آدی بیادی دُکھہ سے سنجگت ہیں ان ہیں گنوان بھی ستوگنی ہیں راجسی بھی ہیں رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون برہمہ تتو تو انیت نراکار روپ ہی اس کا ایک انس ایک استھان کیسے ہوا بسشٹ جی بولے اس کرکے اتہاس کرکے اُپجتے ہیں بھرانتی ماتر ہے یہہ شاستر رچنا بیوہار کے نمت ہی پرمارتھ تو کچھہ نہیں اودیا اور است کلپنا ماتر ہے سو کلپنا کچھہ بستو نہیں نہ کچھہ ہوگی اس میں شبدارتھ آدک جگتی بیوہار کے نمت ہے شانت روپ آتما ہی ہے اور کچھہ نہیں کارن کارج کا بھید ہوتا ہے ایک ادویت میں شبد کیسے ہو اور ارتھ کیسے ہو جو بودھوان ہیں اُن کو سب برہمہ ہی برہمہ بھاستا ہے برہمہ سے بھن کچھہ نہیں جو اُس سے بھن دیکھتا ہی وہ مہتا اگیان کے بکلپ ہیں اگیانیوں کو ورشٹی دوش سے ست ہو کر بھاستا ہے سدھانت کال میں جو تم سے ایک اتہاس کہونگا تمکو بھی ورشٹی اُپجیگی اور اگیان ناش ہونے کے پشچات ست است کو جانوگے اور سدھا بچار سے بھرانتی نشٹ ہوگی نرمل پرکاش ستا تمکو بھاسیگی اس میں سنشے نہیں ॥

اکتالیسواں سرگ

اودیا کے ناش کا اُپدیش اور برہم کی ستا

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون آتما برہمہ روپ ہے سب وہی پرکاش روپ ہی تو اس ادویت تتو میں کلپنا کہاں سے آئی بسشٹ جی بولے میرا کہنا یتھارتھ ہی جسکے ہردے میں پرویش کیے اسکو آتم پد میں پراپت کرتا ہے پرنتو گیان ورشٹی سے جب تمہارا ہردا نرمل ہوگا جب تم میرے بچنوں کے تات پرج کو جانوگے گیانوان کو سدا پرمارتھ ادویت ستا بھاستی ہی اچھا آدک کلپنا آتما میں نہیں آتما ہی جگت روپ ہی جب آتم بودھ ہوگا جانوگے شدھ آتم ستا کے آسرے سمبید نا بھاو پھرتا ہے اسی کا نام اودیا ہے سو دو روپ رکھتی ہی ایک اُتم ایک ملین جو اسپند کلا اودیا سے ناش کے نمت پرورت ہوتی ہی وہ اُتم ہے اور اسی کا نام ودیا بھی ہے اور جو سنسار کے اور پھرتی ہی وہ اودیا ملین ہی سو ودیا سے اودیا کا ناش کرو بچار سے اس کا ناش ہوتا ہی تب معلوم نہیں ہوتی کہ کہاں گئی۔ جیسے دیپک سے تم مایا نے سنسار کو باندھ رکھا ہی اور ست ہو کر بڑے بڑے بدھوانوں کو بھرما رکھا ہی پر آتما ابھید روپ ہے جس نے سنسار مایا کو جانا ہے وہ پُرش اُتم ہے جسکو جگت است نشچے ہوا ہے وہ پُرش مُکت بھاگی ہی

سب جگت برہم روپ ہے جسکو اس میں است بدہی ہے اور برہمہ میں ست بدہی ہے وہ سنسار کے دکھہ میں نہیں ڈوبتا اس لئے آتم گیان سے ابدیا کا ناش ہوتا ہے یہ ابدیا درڑہ ہوکر استہت ہوئی ہے اس نے تت پد کو گھیر لیا ہے سو تم کچھہ بچار نہ کرو کہ ابدیا کہاں سے آئی اس کے ناش کا ہی بچار کرو جب یہ نشٹ ہو جائیگی تب اسکی اُتپتی اور کارن کا سچ کو بھلی پرکار جان لوگے ۞

بیالیسواں سرگ

سنسار کی باسنا اور ابدیا کے ناش کا اُپاء

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی اودیا کے روگ کی اوشدہی بتلاتا ہوں کہ جو امرت برہمہ روپ ہے وہ سرب بیاپی چیتن پرکاش آد انت سے رہت ہے جب وہ چیتن پرکاش اسپند روپ ہو کر پھرتا ہے تب تیج پرکاش چیتن روپ چت کلا جگت کو چیتنے لگتا ہے جب جگت پھرتا ہے یہ اسپند روپ بھی ابھید ہے آتما ہیں چت شکتی ہے آتما ادویت ہے آپ سے آپ اس ہیں چت کلا ورشیہ جگت آتی ہے جیسے بایو ہیں سو بھاوک اسپند ہوتا ہے اسپند اور نسپند دونو بایو کے روپ میں جب چلتا ہے بایو بہاستا ہے جب نہیں چلتا ہے دکھائی نہیں دیتا آتما سے بھن کچھہ نہیں چت شکتی دیش کال کریا درپ کو جیسے جیسے دہیان کرتی ہے ویسی ویسی ہو کر بھاستی ہے اُس کے پشچات نام سنگھیا ہوتی ہے اپنے سروپ کو بھولکر ورشیہ سے تن میں ہوتی ہے تو بھی سروپ سے بھن نہیں ہوتی ہے شریر کا نام دکشیترگ، ہوتا ہے شریر کو اندر باہر جاننے سے کشیترگ ہوتا ہے سو کشیترگ چت کلا آہنگ بھاو کی بھاسنا کرتی ہے اس اہنکار سے آتما سے نیارا روپ دہرتی ہے پھر اہنکار میں نشچے کلپنا ہوتی ہے اُس کا نام بدہی ہوتا ہے اہنگ بھاو سے جب نشچے سنکلپ کلپنا ہوتی ہے اس کا نام من ہوتا ہے پھر ہی چت کلا من بھاو کو پراپت ہوتی ہے جب من میں انیت بکلپ اُٹھتے ہیں جب شبد سپرش روپ رس گندہ کی بھاونا سے اندری پھر آتی ہیں پھر ہاتھہ پاؤں پران سمیت دیہہ بھاس آتی ہیں۔ ایسے دیہہ کو پاکر جیو جنم مرن کو پراپت ہوتا ہے ابدیا باسنا سے دکھہ پاتا ہے اور کرموں سے سنسار اکار دہارتا ہے اور آپ کو کارن کاریہ مان کر اہنگ بھاو کو پراپت ہوتا ہے سو یہ من دیہہ اندری روپ ہوکر استہت ہوتا ہے اپنا روپ بھول جاتا ہے پرچھن بھاو کو گرہن کرتا ہے ایک سروپ ہے وہ ہی پہرنے سے نانا پرکار

ہے کہیں من کہیں بدھی کہیں اہنکار کہیں تیان کہیں پریالیئی کرتی کہیں مایا کرم بدیا ابدیا اچھا کہلاتا ہے اور ترشنا سے دکھ پاتا ہے تم جتن کرکے پار ہو جاؤ سنسار کی بھاونا جیو کو نشٹ کرتی ہے کرم سے سنسار کا برکش بڑھتا ہے اور کلپنا سے اپنا باستو روپ بھول گیا ہے اور استا سے دکھ پاتا ہے یہ بھوگ پرم شترو ہے اپنا اودہارا بھیاس اور بیراگ کے بل سے کرو۔

تینتالیسواں سرگ

جیو کی اوتپتی پرماتما سے سنسار کی بھاونا سے

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جیو پرماتما سے پھر کر سنسار بھاونا کرتے ہیں کوئی پہلے کوئی پیچھے اپجتے ہیں اور انیک اپجتی ہیں برہم ستتا سے پھرتے ہیں اور اپنی باسنا سے بندھی ہوئی ہیں جیسے سمدر کی ترنگ ایسے ہی مرتے جنمتے ہیں جنکو آتم بودھ ہوا ہے وہ ہی کلیان روپ ہیں جس نے اپنے سروپ کو جانا اور سنسار کے پدارتھوں سے رہت آتما کی اور وہ وڑادہ سے پاکر آتم پد کو پراپت ہو کر پھر جنم نہیں پاتا کوئی انیک جنم بھوگ کر گیان سے برہما جی کے لوک کو جاتے ہیں پھر پرم پد پاتے ہیں کوئی پھر سنسار میں گرتے ہیں ایسے ہی اپنی باسنا میں جنم لیتے ہیں جب سمست اسپند ہوتی ہے اپجتے ہیں جب نسپند ہوتی ہے لے ہوتے ہیں آتما ستا سے جی اپجتے ہیں اور لے ہوتے ہیں جتنے جیو ہیں سب ہی سمے پاکر اپنے سروپ میں لے ہو گئے۔

چوالیسواں سرگ

جگت کا مایا مات ہونا اور اوتپتی برہما جی اور سرشٹی کی

رامچندر جی بولے ہے بھگون جب جیو آتم سروپ میں استھت ہے تو پھر ہاڑ ماس سے بھرا ہوا دیہہ کیوں ہوا بسشٹ جی بولے کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ جو کچھ شریر آدک استھاور جنگم جگت دیکھتا ہے سب ابھاس مات ہے سپن کی نیائیں اگیان سے بھرم بھاستا ہے یہ جیو سنسار موکش سے پہلے سرب داست روپ دیکھتے ہیں ان کی سنسار بھاونا است نہیں ہوتی اکار سرب دا است اندر نکلتے ہیں اور جیووں کے انیک اکار چنچل روپ چھن بھنگر ہوتے ہیں جہاں من ٹھہرتا ہے

نکلا چپا اور پایا جاتا ہے ویسا کار
وہاں ہی دھار رہا ہے اور جگت بھی تن روپ ہوتا ہے اور جب نکلا چپا اور پایا جاتا ہے
آوک سب سے رہت آتم تتو اپنے آپ میں استھت ہے وہ اپنی لیلا شکتی سے لیلا کرتا ہے جگت
روپ ہوا ہے اس سے جیو کے اتنے نام ہوئے ہیں باسنا سہت روپ ہوئی چت کلا چپل روپ من
ہوئی اور وہ شبہ کلپنا کے سنگ ہوئی اسی چت کلا نے مانسی شکتی ہو کر پہلے اکاش کی بہاونا کی اور
سو چہرہ بیج روپ شبد کے سنکھہ میں ہیں گریہ دہرم ہے جیسے بالک تنرت کا اُتپت ہوا ہوتا ہے ایسے
اکاش پول روپ پھر آیا پھر اسپرس بیج کے سنگھہ چت کلا ہوئی تب پون پھر آیا جب پنج تن ماترا
اُتپن ہو گئیں تب من کے تن کے ہونے سے اگنی اُپکر ٹرا پر کاش ہوا پھر پانچوں تت ہوئے
پھر استھول بہاونا سے جل پرتھوی اکاش ہوئے اہنکار کلا سے جگت اور بدھی روپی بیج سے
سم چت روپ ہوئے اور آٹھویں جیو ستا ہوئی ان آٹھوں کا نام پریشٹک ہوا اُس آتم ستا میں یتر
بہاونا کر کے اسی چت ستا نے بڑا استھول شریر دیکھا جیسے بیج سے برکش پھول ہونے سے رس
ٹپکتا ہے ایسے نرمل اکاش میں برتی اپنند روپ ہوئی ہے برہما جی نے اپنے چیتن سمینیں میں
تیبر بہاونا کی اُس سے استھولتا کو پراپت ہوئے اور برہما کا شریر اُتپن ہوا ایسی باسنا اور کلپنا
من سے شریر اُتپن ہوا ہے اور برہما جی کبھی پرکاش میں رہتی ہیں کبھی کلپنا نتر دھا سکہ اگنی میں کبھی
بشنو کی نابھی میں ایسی ہی لیلا کرتے ہیں اور پنج تتوں کو رچتے ہیں اور لیلا کر کے بچتر روپ پرجا
کو اُتپن کرا ایسے سرشٹی ہو گئی ہے اور دہرم - ارتھ - کام - موکش چار پدارتھ اُس کے سادھن رچے
پھر ان میں بدھی بھی اپنند رچی کہ یہ کرم کرنے کے جوگ ہے ان کے انسار پھل کی رچنا کی اور ایسے
بچتر تارچی ایسے سرشٹی پھرنے کی دڑھتا سے استھر ہوئی ہے سروپ میں نہ کچھہ اُپجا ہے نہ کچھہ
نشٹ ہوتا ہے ۞

پنتالیسواں سرگ

سرشٹی کا برہما جی کے سنکلپ سے ہونا

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی من کے پھرنے سے سرشٹی بھاستی ہے یہ برہمانڈ سپن کے
تل سنکلپ ماتر ہے من کا پھرنا اس کا کارن ہے من نے اپنے رہنے کا استھان یہ شریر رچ لیا ہے

انسا آپ ہی وکھی ہوتا ہی اور پرنا سب کی شکتی ہے اور من ہی اسکی شکتی ہے اور چت کلا بہار روپ ہار کر اوروں سے [illegible] ہوئی ہی اس [illegible] کے انسار آپ کو برہما کا شریر دیکھا اس نے کلپنا روپ ویوتا دیت نشٹ استھاور جنگم روپ جگت رچا ہی جب سنکلپ مٹ جائیگا سرشٹی بھی نشٹ ہو جائیگی نہ کوئی اپجا ہی نہ مرتا ہے اگیان سے سب پدارتھ بکار سنجگت بھاستے ہیں گیان درشٹی سے برہما سے لیکر ترن تک بھرم ہیں یہ دیکھ مایا سے رچا گیا ہی اور من کے منن سے اسٹ روپ ست کی نیائیں دکھتا ہے اس متھیا جگت کی ترشنا تیاگ کر سکھی ہو جاؤ جو مورکھ میری بچنوں کو نہ مانکر درشیہ کو سکھ روپ جانکر پریت کرتے ہیں اگیانی ہیں جگت کے ناش ہونے سے آتما ناش نہیں ہوتا گیانوان کو کوئی پدارتھ جگت کا گرہن کرنا جوگ نہیں ہے ٭

چھیالیسواں سرگ

دھن ست آدک سے ہرکھہ وان نہ ہونا چاہئے

بسشٹ جی نے کہا ہے رامچندر جی دھن ست استری پوتر آدک کو اندر جال سمجھکر سوک نہ کرنا چاہئے جو ایک چھن میں دکھلائی دیکر نشٹ ہو جائے اس کا ہرکھ سوگ برتھا ہی بدھیوان انکی اچھا نہیں کرتے اس لئے تم گیانوانوں کی نیائیں شاستر انسار بیوہار کرو ہرکھ سوگ سے رہت ہو کر جو پراپت نہ ہوا اچھا مت کرو جنکی بدھی میں اپنا سروپ نشچے ہوا ہی کسی پدارتھ کی اچھا نہیں کرتے جو ست اسٹ کے مدھ میں بھاو ہی اس کا آسرا کرو درشیہ پدارتھ کو گرہن نہ کرو انکی آسا چھوڑ کر پرم پد کو پراپت ہو کر آتما میں استھت ہو جاؤ۔ راگ دویش سے رہت سب کرو جسکو پدارتھوں کی اچھا نہیں اسکو کرم کا اسپرس نہیں ہوتا کنول کی نیائیں سدا نرلیپ ہے نراچھا کو مکتی کی بھی اچھا نہ ہو تو بھی مکتی روپ ہے اس وجہ سے آپ کو نیارا جان کر آتم پد میں استھت ہو جاؤ یہ بودھ کہا ہوا میر آتلوار کی دھار سے بھی تیکشن اید یا کے کاٹنے کو ہے جیون مکت ہو کر اچار کرو بھوگ میں دین نہ ہونا چاہئے گیانی پرما تما میں رہ کر کسی بستو کی اچھا نہیں کرتے پراربدھ سے جو پراپت ہوتا ہے اسی میں بچرتے ہیں راگ دویش نہیں کرتے نہ لکشمی پا کر پرسن نہ وار و ربیں دکھی سم بھاو رہتے ہیں بالمیک جی بولے رامچندر جی کا

نربل چت بودھ کے امرت سے سنپل اور پورن ہوا۔

سنتالیسواں سرگ

سرشٹی اور برہمانڈوں کا برنن

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون برہما جی کی اتپتی کئی پرکار سے شاسترنے کیسی کہی ہے میرا یہ
سندیہہ دور کرو لبششٹ جی نے کہا کہ کئی لاکھ برہما اور انیک بشنو اور رودر ہوئے اور کئی برہمانڈ ہوئے
ہیں اور ہونے ہیں اور ہوں گے سو کبھی سداشیو سے سرشٹی ہوتی ہے کبھی برہما سے کبھی بشنو سے کبھی
منشر راج رچ لیتے ہیں کبھی برہما کنول سے کبھی جل سے کبھی انڈ سے اتپن ہوتے ہیں کبھی کسی برہمانڈ میں
اندر کے تین نیتر ہوتے ہیں کبھی بشنو کبھی سداشیو ہوتے ہیں کبھی سرشٹی میں پربت اپجتے ہیں کبھی
نشش کبھی برکش کبھی مرت کا ہی ہوتا ہے کبھی پاشان کبھی مرتکا کبھی سورن ہے پد ہی ہوتی ہے
ایسے ہی انیک پرکار سرشٹی کی اتپتی ہوتی ہے اور کئی سرشٹیوں میں چودہ لوک کسی میں کئی لوگ
ہوئے ہیں کسی میں برہمانڈ نہیں ہوتے ایسی سرشٹی چدا کاش برہمہ تتو سے پھری ہیں اور لین ہوتی
ہیں آتما سرشٹی کا آوانت کچھ نہیں جیسا یہ برہمانڈ برہما سے بنا ہے ایسے انیک ہوگئے ہیں اور ہونگے
جب آتم سروپ ورشٹی سے دیکھو گے تب کوئی بکار نہ بھاسیگا نہ جگت ست کبھی جاویں نہ است یا ستو
ہیں برہمہ جگت میں کچھ بھید نہیں اودیا سے بھن ہو کر بھاستے ہیں بچار سے نورت ہو جاتے ہیں سب آتما
سروپ ہی کبھی برہم تتو سے پرتھم برہمہ اکاش اپجتا ہے اس سے برہما اپجتا ہے تب اس کا نام اکاشج یا پوجا۔
جل جا۔ پرجاپتی۔ پارتھوجا۔ اگنی جا یہ سب نام برہما کے ہیں کبھی پرتھم پون اپجتا ہے اس سے برہما ہوتا ہے
وہ یا پوجا کہلاتا ہے کبھی پرجاپتی سے ہوتا ہے ایسے ہی سمجھو یہ اتپتی برہما کی پنچ بھوت سے ہوئی ہے جب
چار تتو پورن ہوتے ہیں پانچواں تتو ست سے بڑھتا ہے اس سے پرجاپتی اپجکر جگت کو رچتا ہے کبھی برہمہ
تتو سے آپ ہی آتا ہے ادبھات برہما جی اپجکر پرش بھاونا سے پرش روپ ہوتا ہے اس کا نام سویمبھو ہوتا
ہے کبھی بشنو کی نابھ سے کبھی پیٹھ سے کبھی نیتر سے اتپن ہوتا ہے مول سبا یا ماترسین کی بنائیں منتھیا
وید کہا ستا ہے شدھ ستا کا ابھاس سمبیدن پھرتا ہے تب وہ جگت روپ ہو کر بھاس آتا ہے کبھی شدھ اکاش
ہی منن کرتا ہے اس سے سورن کا انڈا ہوتا ہے انڈ سے برہما اپج آتا ہے کبھی پرش بشنو دیو جل میں

بیج ڈالتا ہے اس سے کنول اُگتا ہے اُس کنول سے برہما پرگھٹ ہوتا ہے کبھی سورج سے سرشٹی پھر آتی ہے اس پرکار بچتر روپ رچنا برہم سے ہوتی ہے پھر لے ہوجاتی ہے مول میں کچھ نہیں ایسے بھرانتی کرکے چوبیہہ تتو سے جگت بھاستا ہے وہ برہم روپ ہی ہے کوئی دوسری بستو نہیں برہما سے لیکر چیونٹی تک دیکھ لو۔ کبھی ست جگ۔ کبھی دواپر۔ کبھی ترتیا۔ کبھی کل جگ آتا ہے ایسے ہی کال چکر پھرتا ہے آتما سرب شکتیمان ہے جو شکتی اس سے پھرتی ہے وہ اسی کا روپ ہو کر بھاستی ہے جس کے نشچے میں اسّت روپ جگت بھاستا ہے وہ پُرش پھر سنساری نہیں ہوتا گیانوان کی درشٹی میں سرب برہم کا نشچے ہے اگیانی کو جگت ست بھاستا ہے سو یا سناسے اُپچکرنٹ ہونار ہتا ہے برہم اُتپتی اور ناش سے رہت ہے ؛

اٹھتالیسواں سرگ

واسو برہمن کی کتھا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی جنکا چت یوگ اور ابھیاس میں لگا ہوا ہے نانا پرکار راجس تامس ساتک کرم کرتے ہیں اور آتما کی شانتی نہیں کرتے ترشنا چھوڑے تو آتما درشٹ پڑے جس نے اہنکار کو شریر سے نکال دیا ہے اور اندریوں کو بس کر لیا ایسے پُرش آتم درشٹی جگت کے پدارتھوں میں اسکت ہوتے ہیں پرنتو جنم مرن نہیں پاتے یہ سنسار چکر واسو کے برتانت کی نیائیں ہے تم ہی سب بیوہار کرو پرنتو ہردے سے کچھ اچھا نہ کرو آتما میں استھت رہو رامچندر جی نے پوچھا کہ وہ چکر واسو کا برتانت کیسے ہے بسشٹ جی بولے کہ مگدیس میں ایک واسو نام برہمن تھا تپسوی تھا کدمب کے برکش پر بیٹھ کر تپ کرتا تھا اس کے تپ کا کارن یہ ہوا کہ سربویا نام رکھیشر ایک پربت پر رہتا تھا واسو پتر اس کا اس کے پاس رہتا سربویا نے شریر تیاگ دیا واسو پتا کے شوگ میں رودن کرنے لگا وہاں اور شٹ شریر سے ویدی ہی اُس لئے دیا کہ آکاش بانی سے کہا کہ ہے رکھیشر کے پُتر تو بُدھیوان ہو کر کیوں رُدن کرتا ہے یہ سنسار است روپ ناشوان ہے تو پتا کے مرنے کا شوگ مت کرو جو جنما ہے مرت ہوگا واسو نے بالی شنکر دھیر جوان ہو شاستر انسار پتا کی کریا کر کے سدھی کے نمت تت پر کا اودم کیا اگیانی عقا اسکو سب پر تہو دی اشٹھ پرتیت ہوئی۔ سوچا کہ کدمب کے اوپر بیٹھ کر تپ کروں اور کرنے لگا اور اپنے

ملکھہ کا مالش کاٹ کر ہوم کرنے لگا تب دیوتا کا مکھہ جو اگنی ہے اس نے بچارا کہ برہمن کے ملکھہ کا مالش میرے مکھہ میں نہ آوے تب شریر دھارن کر برہمن کے پاس آکر کہا کہ ہے برہمن جو تیری بانچھا ہو سو مانگ۔ داسور نے پوجن اگنی کا کر کے کہا کہ ہے بھگون پران آہوتی کے پون شریر برسے میں نے تپ کرنے کے نمت اودم کیا ہے سو دوسرا پوتر استھان کوئی نہیں ہے میں چاہتا ہوں کہ اس برکش کے شکھا پر ٹھہرنے کی مجھہ کو سامرتھہ ہو جاوے۔ یہاں بیٹھہ کر تپ کروں اگنی دیوتا نے کہا ایسے ہی ہوگا۔ اور اگنی دیوتا انتردھیان ہو گیا ؛

اونچاسواں سرگ

داسور کی کتھا میں پتلی کا بیراٹ سروپ

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی داسور کدمب کی شاکھا پر جا بیٹھا وہاں ایک یہ چرتر دیکھا کہ ایک پتلی ہے جس کا شیام آکاش سیس ہے اور پاتال چرن میکھہ روپی استر اور گوار رنگ شریر کا ہے سمندر کیلاس اس کے بھوشن ہیں پران روپی پھرنے سے پرکاشت ہے موہ روپی شریر اور دوم بھاستے ہیں سورج چندرما اس کے کنڈل پون پران پانو سمیت ہاتھہ سمدر اس کی آرسی ہے ایسی پتلی دیکھی ؛

پچاسواں سرگ

داسور کا تپ اور دیوی کی کتھا

ہے رامچندر جی اس کے اوپر بیٹھکر برہمن تپ کیا کرے ایک سمے اگیان سے اس نے پھل کی اچھا کر کے من سے ہی جگ کا آرمبھہ کیا اور دس برس تک مانسی جگ کی اس کا انتش کرن شدھہ ہو گیا اور نرمل چت ہو گیا اور بیت بھاو دور ہو چت سنکلپ سے رہت ہوا ایک دن اس نے ایک دیوی پرم منوہر کو دیکھکر پوچھا کہ ہے دیوی تو کون ہے یہاں کس لئے آئی ہے دیوی بولی ہم اس بن کے دیوتا بیلا کرتے پھرتے ہیں تم سے میرا یہ پرے اوجن ہے کہ میرے کوئی پتر نہیں ہے میں دکھی ہو کر تمہارے پاس آئی ہوں تم میرا پرے اوجن پورن کرو۔ اور جو تم مجھہ کو پتر نہ دوگے تو میں اگنی میں بھسم ہو جاؤنگی بسشٹر نے مسکان کر کے دیا ستے اس کے ہاتھہ میں پشپ دیکر کہا کہ ہے سندری تو جا ایک مہینے میں تجھہ کو سندر پتر ملیگا

پرنتو تینے جو کہا کہ پتر نہ ملیگا۔ تو بھسم ہو جاؤں گی۔ اس لئے اگیانی پتر ہوگا۔ وہ یوں بولی ہے منیشر میں یہاں رہکر تمہاری سیوا کرونگی۔ منیشر نے کہا ہے سندری تو اپنے گھر کو جا اور وہ چلی گئی اور سمے پاکر اس کے پتر اتپن ہوا جب وہ بالک دس برس کا ہوا تب اسکو منیشر کے پاس لاکر کہا کہ ہے بھگوان آپ کلیان مورتی میرا تمہارا دونوں کا پتر ہے میں نے سب بدیا اسکو پڑھائی ہے اور یہ جانتا ہے۔ پرنتو گیان پراپت نہیں ہوا کرپا کرکے اسکو گیان اپدیش کرو اس پتر کو مورکھ رکھنا اچت نہیں ہے۔ منیشر بولے۔ کہ تم یہاں اس کو چھوڑ جاؤ۔ وہ چھوڑ گئی اور چلی گئی سو بڑے جتن سے اس کو گیان کی پراپتی ہوئی۔ اور نانا پرکار کے گیان او ابھیاس اور درشٹانت بیک سناکر بید بید انگ کا اپدیش کیا۔ کہ وہ شانت آتما ہوا۔

اکیانواں سرگ

داسور کا اپنے پتر کو کتھا سنانا

بسشٹ جی بولے کہ میں بھی کیلاش اُسنے گنگا جی کے اشنان کو رشیوں کے منڈل کو چلا جاتا تھا۔ جب میں اس برکش کے پاس آیا میں نے یہ شبد سنا کہ ہے پتر بدھیوان کون ہے تشنو کے نروین کے نمت تجھکو میں اشچرج اکھیان کہتا ہوں کہ ایک راجہ پراکرمی ترلوکی میں نام آنکٹ ہوئی نتھہ نام بڑا الکشمی وان جگت کا عجیب چھپال ہے او جگت کے راجہ اس کے بس میں ہیں اُس کے تین ۳ شریر ہیں وہ سب سمبت میں پورن ہو رہے ہیں۔ اُن تینوں وبھوں سے جگت میں اوتم مدہم ادہم روپ ہو کر پھیل رہا ہے او اکاش سے اُتپن ہوا ہے اور وہاں ہی شریر سے استہت ہے اور پرم اکاش میں ایک استھان اپنے او بیان کے کارن رچا ہے اور پربت کے سکھر میں موتی کی بیل رچی ہے اور اس میں سات باولی دو دیپک بنا تیل اور باتی کے جلتے ہیں وہ تیل اور تیج روپ ہے کبھی نیچے کبھی اوپر نگر میں بھرمتے ہیں استھان کے نو دوار کئے ہیں۔ اس میں بہت برکش لگائے ہیں۔ پانچ دیپ دیکھنے کے نمت کئے ہیں بڑے استھمب ہیں۔ ان میں اور چھوٹے استھمب اور نگر کی رکشا کیلئے سینا رچی ہے نانا پرکار کے پکشی ہیں اُن شریروں سے بچرتا ہے اور لیلا کرکے ایک استھان سے دوسرے استھانوں میں چینشٹا کرتا ہے کبھی اچھا ہوتی ہے تو چنچل جت سے بھوشنت نگر کو رچکر اس میں استہت ہوتا ہے اور بیٹھکر پھر وہاں سے اُٹھ آتا ہے کبھی گندھرب نگر رچتا ہے جب اچھا کرتا ہے کہ یہ

اِچھیں اُتپن آتا ہے اور اپنی اِچھا سے مرجاتا ہے کبھی روتا ہے اور کہتا ہے کہ میں کیا کروں۔ اگیانی ہو
ہوں اور بیہل ہوتا ہے اور کبھی آپ کو سکھی مانتا ہے اور چلتا پھرتا ہے اور اُچت روپ ہوکر نگھ میں
استھت ہے ۔

باونواں سرگ

داسور اور اُس کے پتر کا اکھیان

ہے رامچندر جی جب ایسے داسور نے کہا تو پتر نے پوچھا کہ وہ راجا کون ہے اور کیسا نگر رچا ہے جو بہوشت
نگر میں رہتا ہے رہنا تو برتمان کال میں ہوتا ہے یہ بروہ کیونکر ہوسکتا ہے داسور نے کہا کہ یہ سنسار
است بستار سے دیکھتا ہے اور جیسے استھت ہے میں تجھ سے کہتا ہوں جو شدھ اچنت چنماتر چدا کاش ہے
اس سے جو سنکلپ اٹھا ہے اس سنکلپ کا نام شو ہے وہ آپ ہی اپجتا ہے آپ ہی لین ہوجاتا ہے۔ اور
سب جگت اسی کا روپ ہے سو بہت بستار سے بھاستا ہے اور اس کے اُپجنے سے جگت اُپجتا ہے اور
نشٹ ہونے سے نشٹ ہوتا ہے برہما بشنو رودر اندر آدک سب اس کے انگ ہیں۔ شونیہ اکاش میں اس
نے یہ جگت روپی نگر رچا ہے اور پرتی بھاش کے انوسندان سے وہی چت کلا برہمانڈ کو پراپت ہوئی
ہے اور چودہ لوک جو رتن کئی وہ بستار سمیت لوک ہیں۔ بن سنگت پربت آدک کریڑا کے استھان
ہیں۔ اور جو دیپک بنا تنبل بانی کے کہے وہ سورج چندرمان ہیں جو جگت روپی نگر میں نیچے اوپر جاتی
ہیں پاپ سے نرک میں سوپن سے سرگ میں چلے جاتے ہیں اور جگت میں سنکلپ کرکے جو کریڑا کے
کے نمت اس نے گن رچے ہیں وہ وہ جیو ہیں۔ کوئی دیوتا ہوکر سرگ میں رہتے ہیں کوئی منش ہوکر مدھ لوک
میں رہتے ہیں پون روپی پرواہ سب جنتر چلتے پھرتے ہیں ہاڑ روپی انہیں لکڑی ہیں کوئی جر کال میں
کوئی شیگھر نشٹ ہوجاتے ہیں سیس پرتش شام بستر ہیں اور کان ناسکا نیتر جیہا اور لنگ۔ اندری
کدا یہ نو دوارے ہیں ایسی نرنتر پون چلتی ہے سیت اوشن روپ پان اپان ناک آنکھ آدک اس کے
جھروکے ہیں ہاتھ اسکی نگر کی گلی ہیں پانچ دیپک پانچ اندری ہیں۔ اہنکار اس میں یکش ہے یہ
استھان اہنکار اتینت ہے بہت ہوتا ہے یہ روپی گن ہیں سو اہنکار روپی یکش سمیت بھیرتے ہیں
جب پاست روپ ہا کر پھر نتوست ہوکر اس کے ساتھ کریڑا کرتے ہیں اور بہوشت نگر یہ ہے کہ جو اپنا

کوئی پرش چن سوچتا ہے کہ یہ کارج اسپرکار کروں گا اور پردیس میں جاؤنگا۔ جیسے دھیان کرتا ہی ویسے بہاس آتا ہی اور اس میں جا پراپت ہوتا ہی جبتک کہوٹی باسنا ہی تب تک انیک دکھہ ہوتے ہیں اور یہ دشٹ من اہنکار استھول ہوجاتا ہی اور سنکلپ کے مٹ جانے سے شیگھر ناش ہوجاتا ہے جب تو سنکلپ کا ناش کرے گا تب شیگھر کلیان ہوگا اپنا سنکلپ اٹھکر آپ ہی دکھہ ایک ہی سمپورن جگت آتما کی سناسی اُتپت ہوتا ہی اور نشٹ ہوجاتا ہی بچار کئے سے یہ سنسار نہیں رہتا جب من میں بچار ہوتا ہی تب سنسار نشٹ ہوجاتا ہی شونیہ کے ہیں نے جو تین شریر کہے اُتم مدہم اَدہم وہ ساتک راجس۔ تامس یہ تین گن دہہ بیں ہیں۔ یہ ہی سب جگت کا کارن ہیں جب تامسی سنکلپ سی ملتا ہے تب نیچ روپ پاپ کر کے مہا کہنتا کو پراپت ہوتا ہی اور مرت پاکر کیڑے آدک جون میں جنم پاتا ہی جب راجسی سنکلپ سے ملتا ہی استری پتر آدک میں اشٹہنہ کرتا ہے۔ اور پاپ کرم نہیں کرتا وہ مرت پاکر شریر منش کا پاتا ہے جب ساتک بھاو میں ملتا ہی تب دہرم اور گیان کو پراپت ہوتا ہے اور موکش پد کی بھاونا ہوتی ہی اور سنسار ورتی کو تیاگ کر من سے من کو بس کر کے اور درشیہ کو نرورت کر کے بنانت آتما ہوتا ہے ہے پتر بنا اس کے اور کوئی اوپاے نہیں چاہے تو سہنسر برس تک تپ کرے اتھوا سمدر اور اگنی میں کیوں نہ پرویش ہوجائے اور سدا شیو۔ برہما۔ وشنو برہسپتی بھی اپدیش کریں تو بھی کلیان کے نمت اور کوئی اُپاے نہیں اس لئے سنکلپ کو اُپاے سی متاؤ ست است پدارتھ سب سنکلپ ماتر ہیں سنکلپ کے دور ہونے سے نشٹ ہوجاتے ہیں ؏

تریپنواں سرگ

داسور کا اپنے پتر کو سمجھانا

داسور نے کہا کہ ہے پتر چت سمبیدن درشیہ کی اور پہرنے کا نام سنکلپ ہی سروپ سے ہو کر چت درشیہ کی اور پہرتا ہی تب سنکلپ کی بروہی ہو کر وہ ہی جگت جنجال رچتا ہی جب تو اس پد کو چاہیگا ہیں اور تو کی جب بھاونا ہوگی تب آپ سی آپ اپنے سروپ میں استھت ہو جائیگا سنکلپ سے بتا گئی ہیں کچھ بھی نہیں ہوتا اس درشیہ پرپنچ سے اُلٹا سمجھنا کہ نہیں ہوں نہ جگت ہے جس پرش نے اس درشیہ جگت کا ست بھاو سنکلپ ناش کیا ہی وہ شانت روپ ہوتا ہی داس

پاکر اُس کو برہما کے اُپدیش سے آتم گیان ہو گیا اور جتنے بہرم ہوئے تہے سب شانت ہو گئے اور بدیہہ مکت کے پد کو پہونچ گیا پہر چیہ کال تک سمیر پربت پر اوڑتا رہا پہر سنکلپ سے رووَر ہو گیا پہر بچارا کہ یہنے اگیان سے اتنے بہرم دیکہے مایا بڑی پربل ہے کہ میں ہی شُدہ چیتن ہوں اور بشو میرا ہی سروپ ہے اور پہر جانا کہ اِس بشو میں میرے ہی شریر ہیں اُنکو جاکر جگاؤں اور اپنے ہی سنکلپ سے اُٹھکر اپنے استہانوں کو چلا پہلی اُس نے سنیاسی کے شریر کو آکر دیکہا اور چیت شکتی سے اُسکو جگایا اور سنیاسی نے جانا کہ مجہہ کو رووَر نے جگایا ہے اور پہر وہ اور سنیاسی دونوں چلے اور جہیوٹ کے استہان میں آئے اور جہیوٹ کو چیت شکتی سے جگایا تب وہ اور سنیاسی اور جہیوٹ تینوں چلے پہر بچار کیا کہ ہم نے اتنے شریر کیونکر پائے کہ آدمیں ایک پرماتما سے میں سنیاسی ہوا ہوں اور پہر اسی پرکار جتنے شریر دہارے مہتیا تہے باسنا کر کے اتنے جنم پاکر جب برہما کا ہنس ہوا جب گیان کی پراپتی ہوئی ایسے بچار کرتے ہوئے وہاں سے چلے اور چیتن اکاش میں آئے پہر برہمن پہر راجہ کی سرشٹی میں گئے راجہ کو جگایا ایسے ہی جتنے شریر دہارے تہے سبکو جگایا اور اُن سے ہی نشچے ہوا کہ ہم ساروں ہی چیتن روپ ہیں اور اگیان کے بہرنے سے رہتے ہیں پہر اُنکو سارے شریر الگ الگ دکہلائی دئے پرنتو چیشٹاہوں کی ایک سی ہی دیکہی اور اُن کا نام ہی سب رووَر ہی بہاسنے میں آیا ہے رامجی یہ سمپورن بشو اگیان کے بہرنے سے دکہلائی دیتے ہیں گیان سے دیکہئے تو کچہہ ہی نہیں ہے سب کا سمیدن اور نشچے ایک ہی سا ہے اور ایک ہی شانتی روپ ہے سو گیان وان سب بشو کو اپنا ہی سروپ دیکہتے ہیں اگیانی بہن بہن جانتے ہیں پہرنے کا نام سنسار ہے نہ پہرنے میں کیول آتما سروپ ہے سو پہرنا چہوڑ دو اور چیت کو مارو پہر بشو بہی اپنا سروپ ہے اور کچہہ نہیں بنا آتما کے کوئی پدارتہ سِدہ نہیں ہوتا رامچندر جی نے پوچہا کہ جہیوٹ برہمن سے لیکر جو شریر سپنے میں ہوئے اُن کے اوپرانت کیا ہوا بسشٹ جی بولے کہ جب وہ شریر سپنے کے اکٹہے ہوئے رووَر نے اُن سے کہا کہ تم اپنے اپنے استہانوں کو جاؤ اور کچہہ کال تک بہوگ بہوگو پہر تم میرے گن ہوکر مجہکو پراپت ہو گے اور مہا کلپ میں تم سب ہی بدیہہ مکت ہو گے سو وہ سب اپنے استہانوں کو گئے اور انتردہیان ہوئے اب بہی تاروں کا اکار دہارے ہوئے کبہی کبہی مجہکو اکاش میں دکہلائی دیتے ہیں رامچندر جی نے پوچہا کہ ہے بہگون سنیاسی سے آدی لیکر وہ سب شریر ست کیسے ہوئے اور اُنکی سرشٹی کیسے ست ہوئی بسشٹ جی بولے آتما سب کا اپنا آپ شُدہ چیتن اور اکاش اور ابہو روپ ہے اس میں جیسے دیس کال بستو کا نشچے ہوتا ہے ویسے ہی بنجاتا ہے جیسی جیسی پہرنا ہے ویسے ہی آگے ہو جاتا ہے اور جو تم کہو کہ سنیاسی کا انتہکرن شُدہ تہا اور

اونچ اور نیچ جنم کیسے پائے شدہ انتشکرن ہیں ایسے جنم نہیں چاہئیں سو اس کا اُتر یہ ہے کہ سمبیدن ہیں
جیسا پھرتا ہوتا ہے ویسا ہی ہو بھاستا ہے جیسے ایک پُرش کا انتشکرن شدہ ہوا اور اُسکو من میں پھرے
کہ ایک شہر پر میرا بیوہار ہووے اور ایک شہر پر میرا بیہار کا ہووے اُسکو دونوں پہلے پُرے شہر پر بھاستی ہیں
اور جو یہ کہو کہ بُرا کیوں بنا بھلا ہی بنتا اس کا اُتر یہ ہے کہ جیسے پہلے پنڈت کے گھر پتر ہووے اور وہ باسنا
کر کے چور ہو جاوے تو اسکو دکھ ہوتا ہے ایسے ہی پھرنے سے اونچ نیچ ہوتے ہیں جب ابھیاس اور کرم جوگ
ہوتا ہے تب پُرش شدہ ہوتا ہے ابھیاس اور منتر جاپ اور چت کے استہت کرنے کو یوگ کہتے ہیں
اس کا رن جیسی جیسی چنتا ہوتی ہے ویسی ہی سدہ ہوتی ہے پرنتو اگیانی کو نہیں ہوتی جیسے کوئی لبتو
نکٹ پڑی ہے جو اُسکی بھاونا نہیں تو وہ ہی دور ہے سنکلپ ہی شدہ چت ہی ہوتا ہے ایک سہنسر باہو
ارجن راجہ تھا ایکدن اُس کے منمیں سنکلپ ہوا کہ میں میگھ ہو کر برسوں اس سنکلپ کی ورڑھتا سے نشچے
ہو گیا کہ میں میگھ ہو کر برس رہا ہوں سو جو جوگیشر ہیں اُن کا جیسا سنکلپ ہوتا ہے ویسا ہی سدہ ہوتا ہے
مورکھ اننیک بھرمے ہوئی ہیں سدہ سے مہاں نیچ گتی پاتے ہیں رامچندر جی نے کہا کہ آپ نے اُس سنیاسی کے سوائے
اور بھی کوئی ویسا ہی دیکھا ہے بسشٹ جی بولے کہ میں نے اُتر دشا کے جین ناچین نگر میں ایک بڈھی دیکھی
تھی جس کا دوار ایند تھا ایک سنیاسی اُس میں چھہ ہزار برس کی سمادھی کا ابھو کر کے اکیس دن سے بیٹھا ہوا تھا
اور دوارے پر اُس کے چیلے باہر بیٹھے ہوئے تھے اور اُس نے انیک جنم ہی پائے تھے اور اُسنے پرتکش اپنی سرشٹی دیکھی
تھی ایسا ہی ایک اور سنیاسی پورب کلپ میں دیکھا تھا اتنا سنکر راجا دسرتھ نے کہا کہ ہے مہاراج جو تم کہو تو
میں اپنے نوکر کو چین ناچین میں بھیجکر اُس سنیاسی کو جگوا دوں بسشٹ جی نے کہا کہ وہ سنیاسی اب برہما کا
ہنس ہو کر برہما کے اپدیش سے جیون مکت ہو چکا ہے اور وہ شریر اُس کا مرتک ہو گیا ہے اُس میں اب جیو نہیں
سو اُس کو کیا جگانا ہے ایک مہینے پیچھے اُس کے چیلے دوارے کو کھولیں گے اور نگر کے لوگ اُس کو دیکھیں گے
تم بھرم کیوں کرتے ہو یہ بشو سنکلپ ماتر ہے اور جو تم کہو کہ ایک ہی سے کیوں کر ہوئے ہو سنو کہ جیسے یہ بسشٹ
اور رکھی اور راجہ جو سنساری ہیں سو کئی بار ایک سا شریر دھارتے ہیں کئی بار بلکش ایسے ہی نارد اور بھرگو
آدک رکھی ایسے ہوں گے یہ سنسار برہما سے لیکر پاتال تک من کا ہی رچا ہوا ہے آتم ستھیا ہے جب یہ چت
کا باہر دھارتی ہے تب سنسار اور دیس کال ہو بھاستا ہے اور جب انتر مکھ ہوتی ہے تب آتم پد پراپت
ہوتا ہے جاننا چاہئے کہ دیکھا اور اندریوں سے مکھ ہی دکھ ہوتا ہے تم اس گیان روپ پھر نہیے بت ہو جاؤ

اور پھر نے سے ہی یہ ودیھ اوستھا پراپت ہوتی ہے ایک ادویت آتما میں نانا بھو کا اگیان سے بھاش ہونا
ہے جیسے چندرماں ایک ہی اور نیتروں کے دوش سے بہت بھاستے ہیں رامچندرجی نے پوچھا ہے بھگون
میں تین مون کو جانتا ہوں ایک بانی مون دوسرا اندریوں کا مون تیسرا کشٹ مون ارکشٹ کرکے من
اور اندریوں کو بس کرنا چوتھے سکھپت مون کو نہیں جانتا وہ بستار سے کہو بسشٹ جی بولے کہ وہ پہلے
تین مون تپسیوں کے ہیں اور چوتھا سکھپت مون گیانیوں اور جیون مکتوں کا ہے اُن کے بھید سنو بانی مون
کچھ بولنا نہیں دوسرا مون سمادھی کا کہ نیتروں کو موندلیں کچھ دیکھیں نہیں تیسرا ہٹ کرکے سمادھی میں
استھت ہونا اور من اور اندریوں کو ٹھیرانا اور ایک اور مون بھی ہے کہ جس سے اندریوں کی چیشٹا سے رہت
ہو جاتے ہیں چوتھا سکھپت مون وہ ہے کہ بانی اور اندریوں سے چیشٹا کرنا اور آتما سے بھن کچھ اور نہ دیکھنا
اتھوا ایسے جاننا کہ نہ میں ہوں نہ جگت ہے یا یہ نشچے کرنا کہ سب میں ہی ہوں سو یہ مون سب سے اُتم ہے
ہے رامچندرجی شاستر کی بدھی سے ہی آتما کی سدھی ہوتی ہے اور شدھ سے رہت رہنے سے ہی آتما کی
سدھی ہوتی ہے سو آتم پد میں استھت ہونا بھاری مون ہے یہ سکھپت مون سنسار دویت روپ پھرنے سے
سکھپت ہونا اور آتم پد میں جاگتے رہنا اور ایسے نشچے کرنا کہ نہ مجھے جاگرت ہے اور نہ سپن اس مون کو تریاتیت
کہتے ہیں یہ پد انادی اور اننت جرا سے رہت اور شدھ اور نردوش ہے اور گیانی اندریوں کے روکنے کی بھی اچھا
نہیں کرتا اور اندریوں میں بچرنے کی بھی اچھا نہیں رکھتا ہے رامجی تمہارا سروپ اوم ہے تم (اوم) کو انگیکار
کرکے (اوم) میں استھت ہو جاؤ رامچندرجی بولے کہ یہ جو کہا کہ سب رودر تھے یہ کیونکر مانو کیونکہ وے تو ایک ہی
چت تھے وے سب رودر کیونکر ہوئے جیسے دیپک سے دیپک ہوتا ہے بسشٹ جی بولے ایک ساورن ہے دوسرا نرآورن
جس کا انتشکرن شدھ ہے نرآورن ہے جس کا ملین انتشکرن ہے وہ ساورن ہے شدھ انتشکرن میں جیسا نشچے
ہوتا ہے ویسا ہی تات کال شدھ ہو جاتا ہے اور ملین انتشکرن کا پھرنا شدھ نہیں ہوتا شدھ نرآورن
تو آتما سرب بیاپی ہے اور جو ان کا نشچے ہوتا ہے سو ستت ہے رامچندرجی بولے ہے بھگون سداشیو کی چیشٹا تو
ملین ہے کہ رنڈوں کی مالا گلے میں دہارتے ہیں اور بھبوتی لگا کر شمشان میں بہوہار کرتے ہیں اور استری اُن کے
بانویں انگ میں رہتی ہے آپ کیونکر کہتے ہو کہ اُس کا شدھ انتشکرن ہے بسشٹ جی بولے کہ شدھ اور اشدھ تو اگیانی کو ہیں
شدھ میں برتی اور اشدھ میں نبرتی گیانی اپنے آپ میں کریا کو نہیں دیکھتے اُن کو شدھ اور اشدھ سے راگ دویش
نہیں ہوتا ایسا ہی سداشیو جی کو بھی گرہن تیاگ نہیں ہے جو سوبھاوک چیشٹا ہوتی ہے سو ہووے وہ کیسے ہوتی

رہت نہ اوپرم آتما ہیں وشنو بھگوان چار بھجا دھاری سنسار کی رکھشا کے لئے شدھ چیشٹا سے اوتار دھار کر دھرم کی رکھشا کرتے اور پاپیوں کو مارتے ہیں یہ آوڑ پڑنا ہوا ہی جو کریا سو بھاوک ہو اُس کریا کا انکو راگ دویش سی گرہن تیاگ نہیں اور اُس کا ابھمان نہی نہیں ایسی ہی یہ کریا انکو بندہن میں نہیں ڈالتی یہ سنسار پہرتے ہی ماتر ہی جب پہر تیسے رہت ہوگے سنسار ہی نہ بہاسیگا اور آتما سے بہن کچھہ نہ دیکھیگا ورش آورش پہرنا نہ پہرنا بدیا ابدیا یہ سب اپدیش ہی کے نمت کہے گئے ہیں آتما میں کچھہ کہا نہیں جاتا ایک ہی اُس میں دویت ابھاؤ ہی ہی رامجی جب جیسے اُپشم انتر مکھہ پرنام پاتا ہے تب چیتن ہی نہیں کہا جاتا اور تب اس سے ہی ادیک پرنام پاتا ہی اور نہیں بہی کہا نہیں جاتا ایسا آتما تمہارا آپ سروپ ہی اور ایسا شانت پد ہے جس میں پانی کو گم نہیں کہ اُس کو جیوں کا تیوں کہے آتم روپی سورج کے ساکشات کار ہونے سے ورشیہ روپی اہنکار کا ابھاؤ ہوجائیگا یہ سنسار چت کا چمتکار ہے تم بودھ میں استہت ہو جاؤ ۔۔

ساٹھواں سرگ

شیو برہما وشنو کا ایک روپ ہونا اور پرانوں کے استہت ہونے سے موکھش کا ہونا اور باسنا کے نشٹ ہونے سے سنسار کا ابھاؤ اور بتیا کی کتھا

بسشٹ جی بولے ہے رامجی سدا شیو سنگھتا اور برہما سنسار کی اُتپتی وشنو پالنا کرتے ہیں یہ تینوں ایک روپ ہیں اُنکی چیشٹا سو بھاوک ہی نہ وہ دویش کر کے تیاگ نہ راگ کر کے انگیکار کرتے ہیں ہی رامجی بودھ میں ہی جاگرت ہے ایک جاگرت تو سانکھہ مارگ سے ہوتی ہے دوسری جوگ مارگ سے سانکھہ سے ست است کا بچار ہوتا ہے کہ میں آتما چیتن ہوں اور سب متھیا ہی اور جوگ پرانوں کے استہت کرنے کو کہتے ہیں جب پران ٹھیر جاتے ہیں من ہی ٹھیر جاتا ہے اور من ٹھیر جاتا ہے جب پران استہت ہو جاتے ہیں دونوں کا آپس میں سمبندھ ہے رامچندر جی بولے ہے بھگون جو پران کے ٹھیرنے سے مکت ہو سکتی ہے تو مرتک پُرش کے پران ٹھیر جاتے ہیں وے سب کے سب مکت ہونے چاہئیں بسشٹ جی بولے یہ جیو جیسی باسنا کرتا ہی اُس کے انوسار شریر کو تیاگ کر اکاش میں استہت ہوتا ہے اُسیکا نام مرنا ہی سو باسنا سی پہر اُسکو سنسار بہاس آتا ہے جب پران کی باسنا نشٹ ہو جائے تب جیون مکت ہوتا ہی گیانی کی باسنا نشٹ ہو جاتی ہی اس لئے وہ جنم مرن سے رہت ہو جاتا ہے اور جوگ سے چت پران باگوا استہت ہو جاتی ہے باسنا کا

ناش ہو جاتا ہے اور سنساری پدارتھوں کا ابھاو ہو جاتا ہے اور شانت آتما ہیں نہ بندھ ہی نہ موکھش بندھ
موکھش بھی چت کی جگتی سے ہوئی ہے چت کے اودے ہونے کا نام بندھ ہی اور شانت ہونے کا نام
موکش ہے جو تم ایک مہورت ہی چت کی شانتی کرو تو تم کو آتم پد کی پراپتی ہو جائے چت کی باسنا سے
بڑی بڑے بھرم دکھلائی دیتی ہیں ہی راجی مندراچل پربت میں ایک بیتال تھا بھیانک اور منشوں کا کھانے والا
ایکدن اُس کے من میں آیا کہ کسی کو بھوجن کروں پرنتو وہ کسی سمے سادھو کا سنگ بھی کیا کرتا تھا اُس کے
پربھاو سے اُسنے بچارا کہ میرا آہار تو منش ہے پرنتو منش کا آتا پرم ہتیا ہے اس کارن جو منش اگیانی ہوا کریں
انکو کھایا کروں اُتم پرشوں کو نہ کھایا کروں ایکدن رات کو بھوگ کا باہر سے نکلا سنجوگ سے نگری کا راجا ملگیا
اُس سے کہا کہ میں تجھ کو کھا جاؤں گا راجہ نے کہا جو تو اپنا رسی میرے نکٹ آویگا تیرے شیش کے ٹکڑے ٹکڑے
ہو جائینگے بیتال نے کہا کہ میں نے پرتگیا کری ہے اگیانی کو کھاتا ہوں گیانی کو نہیں مارتا جو تو گیانی ہے
میرے پرشنوں کا اُتر دے ایک یہ کہ جس میں برہمانڈ روپ انو ہی وہ سورج کون ہے دوسرا جس میں اکاش روپی
انو اڈرتی ہیں وہ پون کون سی ہی تیسری جس میں سپنے کی برکھش کی سمان اور کچھ نہیں نکلتا وہ کون برکھش
ہے چوتھی وہ پرش کون ہی جو سپنے میں سپنا دیکھتا ہی اور پھر بھی ایک ہی رہتا ہے پر نام کو پراپت نہیں ہوتا ۔

اٹھوال سرگ

بیتال کے پرشنوں کا اوتر

راجہ بولا کہ برہمانڈ روپ انو کا سورج وہ ہے جس سے سب پرکاشوان ہیں تات پرج یہ کہ آتما ہی جس میں انت
سرشٹی استھت ہی اور جیسی یہ سرشٹی ہے ایسی ہی سب سرشٹیوں کو جانو یہ سرشٹی ست ہے تو سب
سرشٹیاں ست ہیں جو یہ سپن ماتر است ہے تو سب است ہیں سو ہے بیتال تو کس آتما کو ڈھونڈتا ہی
اور پوچھتا ہے آتم ستا سے کال ستا اور اکاش ستا سب سنکلپ سے اودے ہوئی ہیں سنکلپ کے
ہوئے پر سب لے ہو جاتی ہیں سو وہ سورج برہم کا سورج ہی اُس سے کچھ بھن نہیں اور اسی میں کیلے
کے برکھش کی نیائیں باہر اور بھیتر لپٹا ہوا آتما استھت ہے اور آتما سے بھن کچھ سار نہیں نکلتا اور وہ پون
برہم ہی جس میں برہمانڈ کے انو اڈرتی ہیں اور چت کلا پھر نیسے انت برہمانڈوں کا بھاش ہوتا ہی اسکو
سپنا کہتے ہیں سو یہ بھی اس سے کچھ بھن نہیں ایک ہی روپ رہتا ہے اور وہ ایسا سوکھشم سے سوکھشم ہی اور

استھول سے استھول ہی کہ جس میں سمندر اچل پربت بھی الو کے تل ہو جاتا ہے اور جس میں بالی کو تم نہیں وہ ہاتھ آپ میں استھت ہی وہ اندریوں سے پایا نہیں جاتا ہی مورکھ بیتال تو کس کو کہتا ہے تو تو آتما ادویت انند روپ ہی جب راجہ نے پورا پورا اتر اس کے پرشنوں کا دیا تب وہ بیتال وہاں سے چلکر ایکانت استھان میں بیٹھ کر بچارا کہ ایسی جھوٹے سنسار سے کیا پرپوجن ہے اور ایک رس دھیان لگا کر آنند پد میں ٹھیر گیا ہے رامچندر جی نسچے کرو کہ اس آتما میں برہمانڈ ایک الو کے تل استھت ہی تم اسی نربکلپ آتما میں استھت ہو جاؤ

باسٹھواں سرگ

بھاگیرتھ کو ترتل رکھیشر کا اپدیش

بسشٹ جی بولے ہی رامچندر جی جیسے راجہ بھاگیرتھ اپنے پرشارتھ سے گنگا جی کو برہم لوک میں سے لایا ایسا تم بھی شبھ کارج کرتے ہوئے سنسار میں بچرو راجہ بھاگیرتھ بڑا اودار چت جاچک کی کامنا پورن کرنیوالا سب منتر بھاو کہنیوالا سدا اُدیمی بیٹھے میں ایک سار سمجھنیوالا تھا رامچندر جی نے پوچھا بھاگیرتھ گنگا جی کو سرگ سے مرت لوک میں کیوں لایا بسشٹ جی بولے اُس نے ایک سمے اپنی پرجا کو دیکھا کہ بیٹھے مارگ کو چھوڑ کر برے مارگ میں لگی ہی تب وہ ادھین دیوتاؤں برہما آدک کا کر کے گنگا جی کو لانے کے نمت منتر جپنے لگا اور ایک دن گنگا جی کی سرگ سے مرت لوک میں آئی ایک دن راجہ نے سنسار کو متھیا بچار گھر سے نکل ترتل رکھیشر کے پاس جا یہ پرشن کیا کہ ہی مہاراج وہ کون سا سکھ ہے جس کے پانے سے جرا اور مرن کے دکھ دور ہوتی ہیں اور یہ سنسار کے سکھ بہتیرے شوبھنیک ہیں اور اُن کے نام پرنام ہیں دکھ کیوں ہی رکھیشر بولے کہ ایک دن گے ہی جانا جوگ ہی جس کے جاننے میں شانت پد پراپت ہوتا ہے راجہ وہ دن گیا ہی تم گیان ہی گیان ہی سے جرا مرن دیکھتا ہی گیان ہونے پر اندھکار دور ہو جاتا ہے آتم انند کے جاننے سے اتما دیکھ اندری آدک میں ابھمان نہیں رہتا سب سنشے نرورت ہو جاتے ہیں آتم ستا سروگت اور نت اور است ادوی روپ استھت ہی راجہ بولا کہ میں یہ سب جانتا بھی ہوں پرنتو مجھکو شانتی نہیں ہوتی رکھیشر بولے ہے راجہ دیہہ اندریوں کا کداچت ابھمان نہ کرو اور استری پتر آدک کو کبھی میں آپکو وکھی مت کرو سم چت اور ایک رس سکرچت کو آتم پد میں لگا کر اپنی ہستی کو بیچ نہ جانے دو اگیانی کا سنگ چھوڑ کر ہمیشہ گیانی کا بچار کرتے رہو اہنکار مم تم کو تیاگو آپ سے آپ آتم پد پاؤ گے آتما سرب کے سرب آنند ہی راجہ بولا ہی مہاراج یہ اہنکار تو جب

کال سے وہ دیہہ میں رہتا ہے اسکو کیسے تیاگ کیا جائے رکہی بولے اہنکار پر جتن سے نورت ہوتا ہے پہلے بہوگ اور بہوگوں کی باسنا سے رہت ہوجاؤ اور بار بار اپنے سروپ کی بہاونا کرو اس جتن سے اہنکار جاتا رہیگا تب تم کو سروپ آتما ہی بہاسیگا اور شانت ہوجاؤگے

ترسٹھواں سرگ

راجہ بھاگیرتھ کا پرم پد میں استہت ہوتا

بسشٹ جی بولے اس اپدیش رکہیشر سے راجہ اٹھکر اپنے گہر کو گیا اور گورو کے اپدیش کو ہردے میں دہار کر راج کا کاج کرنے لگا اور من سے آتم بچار میں لگا رہا تہوڑے کال پشچات راجہ نے اگنی استوم جگ آرنبھ کیا دہن کے تیاگ کرنیکو اگنی استوم جگ کہتے ہیں تات پرج یہ ہے کہ راجہ نے تین دن میں ساری دہن کا تیاگ کردیا اور سب پشرج ہاتھی گہوڑا آدک بانٹ دیئے جب شتر و چڑہ آئے اور سب دیس لیلیا اور راجہ کسی بن مندر میں وہیں آئے اس سمے راجہ کے پاس کیول ایک دہوتی اور انگو چہا رہگیا تہا راجہ نہیں بچہرنے لگا اور شانت آتما میں استہت ہوگیا تہوڑے کال پیچہے پہر اپنے دیس میں آیا اور اپنے شترؤں سے بہیکہہ مانگنے لگا تب شترؤں اور لوگوں نے راجہ کی پوجا کرکے کہا کہ ہے بہگون تم اپنا راج لے لو راجہ نے راج کی اچہیا نہیں کی اور پہر ترتل رکہیشر کے پاس گیا رکہیشر نے اسے آتما جانکر پوجا کی راجہ نے گورو کو آتما جانکر پوجا دونوں بچاونا سے رہت شانت آتم پد میں استہت ہوئے سرگ لوک سے سدہیوں اور اپشراؤں نے بہوگوں کے لوبہ دکہلائے انہوں نے درشٹی بہی نہیں کی ہے رامچندر جی تم بہی پرم پد میں استہت ہوؤ

چونسٹھواں سرگ

راجا بہاگیرتھ کو اپنا اور دوسرے ایکدیس کا اکہنڈ راج ملنا اور راجہ بھاگیرتھ کا گنگا جی کو بہومنڈل میں لاتا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی ایک دیس کا راجہ مر گیا تہا منتری اسکے ایک بدہیمان راجہ کو ڈہونڈ رہے تہے بہاگیرتھ بہکشا مانگتا اس دیس جا نکلا منتری نے راج چنہ اسمیں دیکہہ کر کہا کہ تم اس راج کو انگیکار کرو اور راجکو اکہنڈ راج پراپت جانو راجہ نے اکہنڈ راج جانکر گرہن کرلیا اور راج میں پرورت ہوا سب دیسوں کے منتری اور پرجا آئے راجہ کے پہلے دیس کا منتری بہی آیا اور کہا کہ ہے راجہ تمہارے شتر و مارے گئے اس دیس کا

بہی تم انچہت راج کرو کہ انچہت بستو کا نیاگنا سرشٹ نہیں ہے راجہ نے اُس دیس کے راج کو بہی انگیکار
کر لیا پھر راجہ نے پچھلا برتانت اپنے پر کھاؤں کے بہسم ہونیکا کپل منی کے شراپ سے سنکر راج اپنے منتری کو
سونپ کر کیلاس پربت پر جا کر ستر برس تک تپ کیا جس کے پھل سے گنگا جی مدہ منڈل میں آئی ہیں
وہی گنگا جی ہیں جو شبو کے چرن سے پرگھٹ ہوئی ہیں پھر راجہ بہاگیرتھ سم چت اور شانت پد میں راگ دویش
اور سنکلپ سے رہت ہو کر اچل پد کو پراپت ہوا۔

پچینسواں سرگ

راجہ سکہر دہوج کی کتھا

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی بہاگیرتھ والی ورتی سب دکھوں کا ناش کرتی ہے ایسی ہی ورتی سے
بچھر وہی راجہ ایک راجہ سکہر دہوج نامی سات منونتر کے نیت ہونے پر دواپر کی چوتھی چوکڑی میں ہوا
ہے اور پھر بہی وہ سنسار میں جنم پاویگا وہ راجہ ایشرج سے پورن ہی کرنیوالا تہا رامچندر جی نے پوچھا
ہے بہگون ایسا بدھ یکت راجہ کیونکر پھر جنم پاویگا بسشٹ جی بولے کہ جیسے ایک سمدر میں کئی ترنگ سمان
اور کئی آدہی کی بلکش بہاؤ سے اٹھتی ہیں ایسے آتم سمندر میں پھرتی ہیں جو سمان پھرتی ہیں انکی چیشٹا اور
آدہی کی اور ہوتی ہے پرنتو اکار سب ایک ہی سے دکھلائی دیتے ہیں اسی پرکار راجہ سکہر دہوج کا بہی اکار ہوا
وسو وہ سکہر دہوج جیسا اوپر کہا گیا ہے جمبودیپ کے مالو دیس میں راجہ ہوگا جب وہ راجہ سولہ برس کا تہا تب
ایک سمے اکھیٹ کو نکلا اور اکھیٹ کرکے جو اپنی باٹکا میں آیا تو وہاں سندر پہول اور استری دیکھکر اچھا استری
بواہ کی ہوئی منتری نے جانکر اس کے بواہ کا جتن کرکے چوڑالا نام ایک راجہ کی کنیا سے بواہ شاستر وکت کروا
دیا رانی سے اتی سنیہ رکھتا تہا ایک سمے راجہ منتریوں کو راج کاج سونپ رانی سہت ہمین بچھرنے لگا اور
دونوں یوگ اسکے پاس سیکھنے لگے اور دونوں پورن کلاؤں میں پورن ہوگئے پرنتو رانی بدھیمان تھی وہ شیگھر
ہی سب کلا کو جان لیتی تہی اور پھر راجہ کو سکھلا دیتی تہی

چھبیسواں سرگ

رانی چوڑالا کا گیان کو پراپت ہوتا

بسشٹ جی بولے ہے رامجی جب راجہ اور رانی کی برہ اوستہا ہوگئی ان کو بیراگ اُتپن ہوگیا اور

سنسار ہی بھوگوں کو متھیا جانکر بچار کیا کہ اب ہمکو وہ جتن کرنا چاہیے جس سے سنسار کی نروِرت ہو اور آتم گیان والے سنتوں کے نکٹ گئی اور آتم گیان کی بارتا چرچا کرنے لگی سنتوں کے آتم شدہ آنند سروپ کے اُپدیش سے رانی آتم پد میں ایسی استہت ہوئی کہ اسکو اپنے شریر کی سُدہ نہ رہی اور بچار میں رہتی تہی اور سب سنسار اور اندریاں وشے آدک اور سنکلپ بکلپ سے رہت ایسے جاننے لگی کہ میں ستا ماتر اور اچھید اور نرمل ہوں مجھ میں آہنگ اور توہنگ اور دویت شبد کوئی نہیں اور میرا جنم مرن بہی نہیں ہے سنسار اور دیوتا رانکہش آدک سب ہی آتم روپ ہیں اور آتما سے بہن کچھ بہی نہیں ہے ٭

سنتھواں سرگ

رانی چوڑالا کا پرانایام اور یوگ میں استہت ہونا اور سدہیوں کے وشے میں بششٹ جی بولے ہے رامجی چوڑالا جاننے لگی کہ میں شانتی روپ اپنے آتم سو بہاؤ میں ٹہیر گئی ہوں میری ساری دکھ مٹ گئی ہیں راجہ سکہ دہوج چوڑالا کی یہ وشا دیکھکر اشچرج وان ہو کہنے لگا کہ ہے رانی اب تو پہر جوبن اوستہا کو پراپت ہوئی ہے کوئی بڑا آنند ملگیا ہے اتہوا تم نے امرت پان کیا ہے چوڑالا بولی ہے راجن جو کچھ دیکھتا ہے سو کلپت ہے اس سے رہت بنس کنچن بدہی کو پاکر میں نے آتما میں بسرام کیا ہے راگ دویش سے رہت ہوگئی ہوں جو کچھ دیکھتا ہے اور جانا جاتا ہے اور چینتا کیا جاتا ہے سب متھیا سپن وت ہے جہاں من اور اندری نہیں ہیں پنچ سکیتن اور اہنکار بہی وہاں نہیں اور جو سب آدہار سب کا آتما ہے میں نے اُس کے امرت کو پان کر لیا ہے اس لئے سمیر اکدا چت ناش نہ ہوگا نہ کچھ بہے ہوگا راجہ بولا کہ تو پرتکش بستو کو متھیا اور ادرشٹ کو ست کہتی ہے اور کہتی ہے کہ میں وکہتی ہوں یہ بچن تیری برتہا ہیں جو تیرا چت اپنے میں پرشن ہے تو ایسی ہی بچہ یہ کہکر راجہ اُٹھ کھڑا ہوا رانی سوگوان ہو سوچ کرنے لگی کہ راجہ نے میری استہتی آتم پد میں نہیں پائی اور میرے بچنوں کی سار نہ جانی رانی نے پہر اپنے نشچے کو راجہ پر پرگہٹ نہ کیا ایک سمے رانی جوگ میں استہت ہو اکاش اور پاتال کو جانیکی منسا کے پرانایام کرنے لگی یہ سنکر رامجی نے پوچھا کہ ہے بھگوان یہ سنسار سنکلپ سے اُتپن ہوا ہے وہ کون سا پرانایام ہے کہ جس سے اکاش کو اوڑتی اور نیچے کو آتی ہیں اور گیانی اسکو سدہ کرکے اس میں کیسے لیلا کرتے ہیں بششٹ جی بولے تین پرکار کی سدہی ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ وہ بستو مجھکو ملے اُس کے نمت تو اگیانی جتن کرتے ہیں دوسری دکھ دور ہونیکو یہ چنتا مہا اگیانی کو رہتی ہے تیسری یہ کہ جو کرم میں کرتا ہوں اُس کا مجھکو پہل ملے یہ بچار کر نیو الا اگیانی ہے ہے رامجی

جوگ کرکے اسی پرکار سدھ ہوتی ہیں کہ وہ بسن کال لبتو کریا اُنکے آدہین ہوجاتی ہیں (کریا لکھہ ہیں گٹکا
رکھنے کو کہتے ہیں) اس سے جہاں جہاں چاہے وہاں چلا جائے اور آنکہوں میں انجن ڈالنے سے جسکو چاہے
دیکھہ لے اور کھڑگ ہاتھہ میں لیکر سمپورن پرتھوی کو بس کرلے یہ کریا پدارتھہ ہے اب جس پرکار سدھ
ہوتی ہے وہ بستار سے سنو کہ ایک کنڈلنی شکتی ادہار چکر میں نابھی کے تلے اُسمیں سرپنی کا سا کنڈال
ہے اور باسنا ہے اُسمیں مکھہ ہے اور جتنی اسکی ناڑی ہیں وہ سمٹی نہیں ہیں جب اُس کنڈلی میں من
ہوتا ہے تب من ہوکر پرگھٹ ہوتا ہے اور جب نشچے ہوتا ہے تب بدہی پرگھٹ ہوتی ہے اور جب اہم بہاؤ
ہوتا ہے آہنکار پرگھٹ ہوتا ہے جب سمرن ہوتا ہے چت پرگھٹ ہوتا ہے جب اسمیں سپرش کی اچھا ہوتی
ہے تب پون پرگھٹ ہوتی ہے ایسے ہی پنچ تن ماترا اور چاروں انتہ کرن پرگھٹ ہوتی ہیں اور جتنی ناڑی
ہیں وہ سب کنڈلنی سے پرگھٹ ہوتی ہیں اور آتما کا ہی پرگھٹ ہونا اسی سے جانا جاتا ہے آتما سروبتر سمان
ہے پرنتو پرگھٹ ساتک گُن میں ہی دیکھی جاتی ہے جب یہ جیو کنڈلنی شکتی میں استھت ہوکر پون کو استھر
کرلیتا ہے تب جو کچھہ ستھیر پران پایو ہے سب اُس کے بس ہوجاتی ہیں اور جو اُس کے بس نہیں ہوتے
تو اُسکو آدہی بیادہی روگ اپجتے ہیں رامچندر جی نے پوچھا کہ آدہی بیادہی کیسے ہوتی ہے بسشٹ جی بولے
دکہہ من کی پیڑا کا نام آدہی ہے اور دیہہ کی پیڑا کا نام بیادہی ہے آدہی تب ہوتی ہے جب اسکو سنکلپ ہوتا
ہے کہ مجہکو سکھہ ملے اور وہ نہ ملے دکھہ پاتا ہے تب ہوتی ہے جب کوئی تپ کف آدک بکار شریر میں ہوتا ہے
اور دُکھہ پاتا ہے اور جب من اور شریر کا دکھہ اکٹھا ہوتا ہے تب آدہی بیادہی دکھہ اکٹھے ہوجاتے ہیں اور
جب یہ دونوں نیارے ہوتے ہیں تب دکھہ بھی نیارے نیارے ہوتے ہیں گیانی کو دونوں نہیں ہوتے یہ
جوگ کلا میں نے بستار سے نہیں کہی کیونکہ پورب کے گیان کرم کا پرسنگ رہجاتا ہے اور جتنی
کلا ہیں سب کو جانتا ہوں پرنتو وہ سب کلا گیان مارگ کے روکنے والی ہے رامجی باسنا چار پرکار کی
ہوتی ہے ایک سکھپتی دوسری سپن تیسری جاگرت چوتھی ناش باسنا ہے استہاور جونی کو سکھپت
باسنا ہے اور برکش کو سپن ہے کہ انکو باسنا کا گیان ہی نہیں اور جنگم جیو منش دیوتا آدک کو جاگرت باسنا
ہے جو باسنا ہی میں لگے رہتے ہیں یہ تینوں باسنا اگیانیوں کو ہی ہوتی ہیں ناش باسنا کیول گیانیوں
ہی کو ہوتی ہے کیونکہ انکی باسنا ناش ہوجاتی ہے جب باسنا ناش ہوئی سنسار ہی نہیں رہتا اور جب
کنڈلی شکتی سے باسنا پھرتی ہے تب بیج تنا ہوا سنسار دیکھتا ہے سنسار کا بیج ہی باسنا ہے جیو جیسی باسنا

کرتا ہی ویسا ہی پھل ہوتا ہی تم باسنا کا تیاگ کرو یہ بڑا جتن ہی جیسے سورج سے اندھیرا جاتا رہتا ہی گیان سے سنسار کا اندھیرا دور ہوجاتا ہی آدھی بیادھی روگ من سے ہوتے ہیں رامچی نے پوچھا کہ آدھی تو من سے ہوتا ہی بیادھی جو شریر سے ہوتا ہی وہ من سے کیسے ہوتا ہے بسشٹ جی بولے کہ بیادھی دو پرکار کی ہی ایک چھوٹی دوسری بڑی چھوٹی شریر کو کوئی دکھ ہوا اسے چھوٹی کہتے ہیں استھان اور چت سے دور ہو جاتی ہی اور بڑی جنم مرن کے روگ کو کہتے ہیں وہ بنا گیان کے شانت ہوئے دور نہیں ہوتا اس کارن کہا ہی کہ آدھی بیادھی دونوں من سے ہی ہوتی ہیں رامچی بولے کہ بیادھی من سے کیسے ہوتی ہی بسشٹ جی بولے جب چت شانت ہوتا ہے کوئی روگ نہیں رہتا جو کچھ باہر اگنی سے پکتا ہی جب اسکو پرش بھوجن کرتے ہیں تب بھیتر کنڈلنی سو پرانڈ کا سے ملی ہوئی ہی وہ اور دوان پون اور وہ نکلہ پسرتی ہی اور اپان پون اس سے نیچے کو پہرتی ہی اور اودان آپان کا آپس میں ورودھ ہی ان کے آپس میں رگڑنے سے اگنی اوپر نکلتی ہے اور ہردے کمل میں استھت ہوتی ہی تب باہر کی اگنی کا پکا ہوا بھوجن بھولی اگنی سے پھر پکتا ہی اور سب ناڑی اپنی اپنی بھاگ کے اسکو لیجاتی ہیں اس سمے بیر جوالی ناڑی بیرج کہ کے رکھتی ہی اور سودھر دالی رودھر کو کے رکھتی ہی اور جب راگ دویش کی کنڈلنی شکتی میں ہٹکتا ہی تب سب ناڑی اپنے استھانوں کو چھوڑ دیتی ہیں جس سے ان ہی بھیتر نہیں پک سکتا اور اس کچے رس سے روگ اٹھتا ہے ہی رامچی آدھی بیادھی جب ہوتی ہی جب تک باسنا نہیں ہوتا جب چت شانت ہوتا ہے تب روگ کوئی نہیں ہوتا تم باسنا رہت ہو آتم پد میں استھت ہو جاؤ رامچی بولے آپ نے کہا کہ منتروں سے ہی روگ دور ہو جاتا ہی سو وہ کیسے دور ہوتا ہی بسشٹ جی بولے کہ پہلے پرش کو شردھا ہوتی ہی کہ اس منتر سے روگ دور ہوگا اور پن اور کریا اور دان اور سنت جنوں کے سنگ یا جاپ سے چت بھاونا سہت جب کرتا ہی تب بیادھی روگ نرورت ہو جاتی ہیں ہے رامچی جوگیشر کا کرم الو اور استھول ہی وہ سنو کہ جب یہ پران اور اپان کنڈلنی شکتی میں استھت ہوتی ہی تب انکو بس کر کے جوگی گمبھیر ہوتا ہی جیسے مستک میں پون ہی جیا اس پرکار پون کو استھت کر کے جوگی کنڈلنی سکھنا میں پرویش کرتا ہی تب برہم رندھر میں جاکر ٹھیرتا ہی وہاں ایک مہورت تک چت استھت ہو اکاش میں سدھیوں کو دیکھتا ہے سکھنا کے بھیتر جو برہم رندھر ہے جب اسمیں پورک ہی کنڈلنی شکتی استھت ہوتی ہی اتہوا ریچک پران باہر کے بیرون سے دو اودش انگل تک مکہ سے باہر اتہوا بھیتر اتہوا اوپر ایک مہورت تک ایک ہی باس استھت ہوتی ہی تب اکاش میں سدھیوں کا درشن ہوتا ہی رامچی بولے ہی بھگوان جب برہم رندھر میں چوٹکا جاکر استھت ہوتی ہی تب کیسے درشن ہوتا ہی کیونکہ درشن تو نیتروں سے ہوتا ہی سو نیتر اندر یا

وہاں نہیں ہوتیں بششٹ جی بولے کہ پرتھوی والوں کو آکاش میں پچھی والے ان نیتروں چرم درشٹی سے نہیں دیکھتے پرنتو یہہ درشٹی سی نرمل بدھی کے نیتروں سے دکھلائی دیتی ہیں جیسے سپن میں چرم نیتروں کے بنا سب پدارتھ دکھلائی دیتے ہیں پرنتو سپن کے پدارتھ جاگرت میں نہیں دیکھتے اور نہ کچھہ اُس سے ارتھ سدھ ہوتا ہے اور سدھیوں کے سماگم کی چیشٹا جاگرت میں بھی استھر پرنیت ہوتی ہے مکھہ کے باہر جو دوادش انگل تک اپان کا استھان ہے اس میں ریچک پرانایام کا ابھیاس ہوتا ہے جب چر پرنیت پران استھر ہوتا ہے تب اور نگروں اور دشا کے استھانوں میں پراپت ہو سکتا ہے رامچندر جی بولے ہے بھگون جو پدارتھ چنچل روپ ہیں وہ کیونکر استھر ہوئے ہیں بششٹ جی بولے جیسی جیسی بستو ہے ویسی ویسی اُسکی شکتی بھی سو بھاوک ہوتی ہے جیسے یہ آد جگت کے پھرنے سے بنتی ہوتی ہے ایسے ایک یگ آتما میں سو بھاو شکتی کا پھرنا ہوتا ہے یہ جو دیا ہے سو است روپ ہے جو کہیں بسنت روپ بھی ہو کر بھاستی ہے تو ایسے ہی جیسے بسنت رُتمیں سرو کال کے پھل پھول کہیں کہیں دکھلائی دیتے ہیں اور یہ بھی اکیمبر بنتی ہے جو اس درڈھر کی شکتی ایسی ہو جائے پرنتو سروپ سے سب ہی برہم روپ ہے اور دویت کچھہ نہیں کیونکہ برہم تت ہی اپنے آپ میں استھت ہے بیوہار کے ہنت ہی نانا کلپنا ہوئی ہے باستو میں دوئیت کچھہ نہیں راجی نے پوچھا ہے بھگون سو کھشم رندھر سے استھول کیسے نکل جاتی ہے اور انو سو کھشم روپ ہو کر استھول بھاو کیسے پراپت ہوتی ہے بششٹ جی بولے ہے راجی جیسے لکڑ کے دو ٹکڑوں کو گھسے تو ان سے سو بھاوک اگنی پرگھٹ ہوتی ہے ایسے ہی ناش کا کمل جو اور میں ہے اس کے مدھ میں ہردو کمل ہے اور اُسمیں سورج اور چندرماں کی استھتی ہے اُس کمل کے بھتیر دو کمل ایک نیچے اور ایک اوپر ہیں نیچے والے میں چندرماں اوپر والے میں سورج ہے اُن کے مدھ میں کنڈلنی شکتی ہے اس کنڈلنی سے پرنو شبد اودے ہوتا ہے ہے رامجی سب کی ادھشٹان آد شکتی ہے جو ہردے کمل میں براجمان ہے اور اسی ہردے کمل میں کنڈلنی شکتی ہے اور اسمیں سے جو سو بھاوک بایو نکلتی ہے سو کومل روپ ہے وہی پون نکلکر دو دو روپ ہوتی ہے ایک پران دوسری اپان سو آپس میں ملکر سوبرن روپ ہو جاتی ہے ارتھات آپس میں رگڑنے سے اگنی پرگھٹ ہو کر آکاش میں اودے ہوتی ہے تب سب اور سے بھیتر پرکاش ہوتا ہے جیسے سورج نکلنے سے پرکاش ہوتا ہے وہی پرکاش گیان روپ ہے اور اس تیج سے ہی جب جوگی کی برتی ایک بھاؤ ہو جاتی ہے اور سب پدارتھ کا گیان ہو آتا ہے اور جو ہردے کمل سے اپان روپ سنتیل پون نکلجاتی ہے اسکا نام چندرماں ہے اور جو پران روپ اوشن پون نکلتی ہے اسکا نام سورج ہے سورج

اوش چندرماں ستیل ہے وہ دونوں سی ملا ہوا ہی بدیا اور ابدیا ست اور است روپ جگت نہیں دونوں سے
ملی ہوئی ہیں سب چیت اور پرکاش اور ابدیا اور اترایئن اور سورج اور اگنی آدک نام بدہیمانوں نے نرمل بھاؤ
سے رکہے ہیں اور است اور جڑ اور بدیا اور تم اور دکشائن آدک مارگ یہ چندرماں روپ سی ملین بھاؤ کہے
گئے ہیں رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون اگنی سورج روپ جو پران بایو سے ہی اس سے ستیل جل روپ
چندرماں اپان روپ کیسے اپتن ہوتا ہے اور اپان جل چندرماں روپ سی سورج کیسے اُتپن ہوتا ہی بسشٹ
جی بولے سورج چندرماں پرسپر کارن اور کارج روپ ہیں کارن اور کارج ہی دو پرکار کے ہیں ایک تو کارج
ست روپ پرنام کرکے ہوتا ہے اور دوسرا بناش روپ پرنام کرکے ہوتا ہی کارن سے جو کارج ہوتا ہے وہ
ایسے ہوتا ہے جیسے بیج کے نشٹ ہونے کے پیچھے انکر ہوتا ہے اور اُسیکو بناش روپ نام کہتے ہیں جو کارن
کارج کی بھاؤنا میں اندریوں سے پرتیکش پاؤ سے اس کا نام ست روپ پرنام ہی جو کارج میں اندریوں سے
پرتیکش نہیں بھاستا جیسے راتری میں دن اور دن میں راتری وہ بناس روپ پرنام کہلاتا ہی جیسے
پرتیکش پرمان ہے اس پرکار ایک بناش سبھاؤ ہی کارن روپ ہے جگتی والے جو کہتے ہیں کہ اپنے
سمبو تبھی کرتب نہیں بنتا سو اس ارتھ کی اوگیا کرتے ہیں وی اپنے ابہو کو نہیں جانتے کیونکہ انہو کی جگتی
انکو نہیں آتی یہ ابھاؤ پرمان ہی پرتیکش پرگھٹ ہوتا ہی جیسے اگنی کے ابھاؤ سی ستلتا اور سیتلتا کے ابھاؤ میں
اوشنتا ہوتی ہی اور دونکے ابھاؤ میں راتری اور اگنی سے جو دہواں نکلتا ہی وہی میگھ بنجاتا ہی یہی کارن
ست روپ پرمان سے چندرماں کا کارن اگنی ہی کو کہا جاتا ہی اور اگنی ہی ناش ہوکر ستیل بھاؤ کو پراپت
ہوتی ہے اس لئی بناش پرمان سے اگنی کو چندرماں کا کارن سمجھتے ہیں اور سات سمدروں کا جل پان کرکے
بڑوا اگنی دہوئیں کو نکالتی ہے اور وہی دہواں میگھ کو پراپت ہوکر جل کے برسنے کا کارن ہوتا ہے اور سورج
جو بناش کی ارتھ چندرماں کو پان کرتا ہی اور اماوس پرینت بار بار بھکشن کرتا رہتا ہی اور پھر سکل تیجہ اوگیرن کرتا ہے
اپان بایو چندرماں روپ ہلکے اگر جھاگ رہتا ہی اور وہ جل گنگا روپ چیت شر میں جاتا ہے تب وہ جل کلانوپ
اپان اور سورج روپ پران میں پہرنیکو پراپت ہوتا ہی اس پرکار ست روپ پرمان سی جل اگنی کا کارن ہوتا ہی اور جب
جل کا ناش ہوجاتا ہی تب وہ اوش بھاو اگنی کو پراپت ہوتا ہی اسیکا نام بناش پرمان ہی اور ایسے ہی جل اگنی کا
کارن کہلاتا ہی اور اگنی کے ناش ہوئی چندرماں اُتپن ہوتا ہی اسیکا نام بناش پرمان ہی اور چندرماں کے ابھاؤ ہونے
پر اگنی اُتپن ہوتی ہے اُس کا نام ہی بناش پرمان ہی جیسے اندھیرے کی دور ہونیسے پرکاش کے ابھاؤ سے اندھیرا ہوتا

ہے اسکے مدھ میں جو بکلش روپ ہے سو بدھیمان ہی اسے نہیں جان سکتے وہ اندھیرے اور پرکاش دونوں روپ
سے یکت ہے جو انکے مدھ میں ہے وہ آتم روپ ہے اور اسی میں استھت ہونا چاہئے چیتن اور جڑ دونوں روپوں سے ہوت
پُھرتے ہیں جیسے دن اور راتری تم اور پرکاش سے پرتھوی میں چیشٹا کرتے ہیں ایسے ہی چیتن اور جڑ روپ سورج
اور چندرماں دونوں روپ کر کے جگت ہے نرمل روپ جو پرکاش چیدروپ ہے اسی کا نام سورج ہے اور جڑ روپ تم روپ ہے
اور وہی چندرماں کا شرور ہے جب نرمل چیتن روپ سورج آتما کا درشن ہوتا ہے تب سنسار کے دکھ روپ جو تم
ہیں سو نشٹ ہو جاتے ہیں جیسے آکاش میں سورج نکلنے سے رات جاتی رہتی ہے اور جڑ چندرماں روپ دکھ
جب دیکھتے ہیں تب چیتن روپ سورج نہیں دیکھتا اسنت کی بھائیں سمجھا جاتا ہے اور جب چیتن کی اور دیکھتے
ہیں دکھ نہیں دیکھتا کیول چیتن پد پراپت ہو جیسے دویت سے رہت نربان بھاؤ ہوتا ہے اس لئے سنسار کے
دیکھنے کا کارن دونوں ہیں جیسے دیپک بنا اگنی کے پرکاش نہیں ہوتا ایسے ان دونوں کے بنا آتما نہیں دیکھتا
جب چت پھرتا ہے تب چیتن کو جگت بھاستا ہے اور پھرنا جگت سے ہوتا ہے پھر جیسے رہت اچنت چنماتر نربان
ہوتا ہے جب باہر سے استھول روپ اپان پھرتا ہے تب اوشن روپ پران میں جا کر استھت ہوتا ہے اور جو ہردے
سے نکلکر پران اوشن روپ باہر دوادش انگل پرینت جاتا ہے تب چندرماں کا منڈل اپان کو پراپت ہوتا ہے سو
اپان شیتل روپ ہو کر جیسے درپن میں پرتبنب ہوتا ہے اُن کا پرتبنب پڑتا ہے جہاں سورج کلا روپی چندرماں
کو سورج گرس لیتا ہے رام جی تم اس مدھ بھاؤ میں استھت ہو جاؤ جب اپان پرانوں کے استھان میں
آکر استھت ہوتا ہے اور پران روپ ہو کر اودے نہیں ہوتا وہی شانتی روپ بھاؤ ہے تم اسی میں استھت ہو
اور ساتوک مارگ جو گیشوروں کا سو کرم سے ہی یکت ہوتے ہیں اور دکشائن مارگ کرم کرنیوالوں کا ہے سو اس سے
پھر سنسار بھاگی ہوتے ہیں ان کے مارگ میں جو شبد ہے اسی میں استھت ہو جیسے پرم اوتم پد پراپت ہوتا ہے

اٹھسٹھواں سرگ

چوڑالا رانی کا راجہ کو یوگ ابھیاس کا اپدیش کرتا

بششٹ جی بولے اے رام جی چت ست انند روپ ہے اس میں ایک بھاؤ استھر رہتا ہے اودیا کو ناش کرتا ہے
اسی پرکار یوگ ابھیاس سے چوڑالا رانی سب شکتیوں سے سنجگت ہو کر آٹھوں سدھیوں کو پراپت ہوئی ایک
رات کو جب راجہ سو گیا وہ آکاش کے سب استھانوں میں بچری اور رانی چنچل کا ہی روپ دھار کر سب

رشاؤں اور لوکوں میں پھر کر جہاں راجہ سوتا تھا ایک چھن میں آکر راجہ کے پاس سو رہی راجہ نے کچھہ جانا
پرنکال اٹھکر اشنان اور نت کرم کر راجہ کو مٹھے بیٹھے بچنوں سے تت کا اپدیش کیا اور جگت کے ابکار سمجھائی
پرنتو راجہ کو کچھہ گیان نہوا رامچندر جی بولے ہے بھگون وہ رانی تو سب شکتیوں سے سنجگت اور جگ کلا میں چتر
اور گیان کلا میں تدروپ تھی اور راجہ بھی بڑا موڑھ نہ تھا پھر اسکو رانی اُپدیش کیوں ورڑھ نہوا بسشٹ
جی بولے جیسے موتی میں بنا چھید کے دھاگا نہیں جاتا راجہ کو رانی کا اُپدیش ورڑھ نہوا جبتک پرش آپ بچار
کرکے ورڑھ ابھیاس نہ کرے تب تک برہما کو بھی اُپدیش کا پھل نہیں ہوتا یہ آتما کیول آپ ہی سے جانا جاتا ہے
نہ اندریوں سے رامچندر جی بولے کہ جب آپ ہی دیکھتا ہے تو گورو اور شاستر کیوں اُپدیش کرتے ہیں بسشٹ
جی بولے کہ آتما بچار کے نیتروں سے دیکھہ سکتا ہے آتما کسی اندری کا وشے نہیں وہ آپ ہی مول روپ ہے اور یہ ساری
اندریاں کلپت ہیں اور جو یہ کہو کہ تم بھی اندریوں سے اپدیش کرتے ہو اس کا اُتر اس درشٹانت سے سمجھہ لو ایک
پرش کو انت ویش نام بہت دہنوان تھا پرنتو کرپن بڑا تھا اور دہن کی ترشنا میں دن رات لگا رہتا تھا
ایک سو چنتامنی کے ڈھونڈھنے کو گھر سے نکلا اور ڈھونڈھتا ڈھونڈھتا وہاں پہونچا جہاں گھاس پھوس پڑا ہوا
تھا تین دن پیچھے اسکو چار کوڑی پھر آٹھہ کوڑی پائیں پھر اسکو چنتامنی چمکتی ہوئی دیکھی اور اسی لیکر بڑا ہرکھ
مان اپنے گھر کو آیا سو ہے رامجی گورو اور شاستر کا اُپدیش کھوج لگا دینے کے لیے کوڑیوں کی نیائیں اس کھوج سے
چنتامنی روپ آتما ملتا ہے وہن تپ کرم سے آتما نہیں ملتا اپنے آپ ہی سے پاتا ہے جب راجہ رانی کے پاس سے اٹھکر
اشنان کو گیا تب اُس کے من میں بیراگ اُپجا اور سنسار کو متھیا اور اسار جانے لگا اور بہت سا دان کیا اور سوچنے
سوچتے راجہ کے من میں آیا کہ تیرتھوں کو جاؤں اور چلد یا پھر کال پیچھے تیرتھ اشنان کر کے آیا اور رات کو رانی
کے ساتھہ شین کیا اور رانی سے کہا کہ مجھے یہ راج دکھدائی دیکھتا ہے اس لئے تپ کرنے بن کو جاتا ہوں رانی نے
کہا کہ تمہاری اوستھا ابھی تپ کرنے کی نہیں ہے ابھی راج ہوگئے کا سمے جب برّدھ ہونگے جب ہم تم بن جاوینگے
رانی نے بہتیرا سمجھایا راجہ کا چت بیراگ سے نہ ہٹا اور دوسری رات کو راجہ سب کو سوتا ہوا چھوڑکر گھر گ
ہاتھہ میں لے بن کو چلا آیا اور بارہ دن تک جاتا اکرتا ہوا بنمیں پھرتا ہوا ایک بن میں پہونچا اور ایک جھونپڑی بنا کر
پھل پھول لگائے اشنان ترکال سندھیا کرے جاپ اور دیوتاؤں کا پوجن کرکے کال ویتیت کرنے لگا اُدھر رانی
آدھی رات کو جاگی اور راجہ کو نہ پایا تو جوگ میں استھت ہوا کاش کو اُڑی اور دیہہ کو انتر دھیان کرلیا اور آکاش
سے دیکھا کہ راجہ چلا جاتا ہے چاہا کہ راجہ کو روکوں پرنتو بھوشت کو بچار کر جانا میرے اور راجہ کے ملاپ میں ابھی

بہت کال سہتا ہی ہیر انس کا وشم ملاپ ہوگا اور وہ میری اپدیش سے جاگیگا اور رانی اپنے گہر میں آکر سورہی
پراتکال اُٹھکر منتریوں کو کہدیا کہ راجہ ایک تیرتھ کو گیا ہی درشن کر کے پھر آویگا تم اپنی کام کرتے رہو ایسے ہی اٹھارہ
برس تک رانی راج کیا اُدہر راجہ تپ میں مہا دربل ہوگیا رانی نے سوچا کہ اب راجہ کو دیکھنا چاہئے اور آکاش
کو اڑی بنوں اور پربتوں میں دیکھتی ہوئی دراچل پربت کے بنیں پہونچکر سمادہی لگاکر دیکھا کہ وہ ایک
استہان میں تپ کر رہا ہی اور دیہہ دربل ہوگیا ہی سوچی کہ راجہ تپ سے کلیش پا رہا ہی اور یہ سروپ کے پرلوبہی
بہی جڑ ہے اب ہوسکے تو کسی پرکار یہ اپنی سروپ کو پراپت ہو جائے پرنتو میرے شریر سے اسکو گیان نہوگا اس
لئے برہمچاری کا سروپ دہار کے راجہ کے نکٹ پہونچی راجہ نے کہڑا ہوکر نمسکار کری اور پوچھا آپ کس کارن
یہاں آئی ہو وہ بولے کہ ہی راجہ ہم انیک تیرتھ کرتے آئے ہیں تم کو دہن ہی تمکو نمسکار ہی تم نے جوگ کے نمت بہی
کچہہ کیا ہی اتہوا نہیں راجہ بولا کہ ہی دیو تم تو سندر دکہلائی دیتے ہو میری استری کے ہی انگ ایسے ہی تہے پرنتو
آپ تو تپسی دکہلائی دیتے ہو میں کیسے کہوں کہ وہ ہی ہو تم کسکی پتر ہو یہاں کیسے آئی ہو اور کہاں جاؤگے دیوتا
بولے کہ ہی راجہ ایک سمی نارد منی سمیر پربت کی کندر میں سمادہ لگاکر بیٹھے جب سمادہی سے اُترے تو بہوشنوں کا
شبد سنا اور گنگاجی کے پرواہ میں مہا سندر اور بسی آدک اپسرا اشنان کرتی دیکہی نارد جیکا بیبیک جاتا اور نارد
جی کا بیرج اسکہلت ہوکر ایک پیپل کے پتر پر پڑا اور نارد جی نے وہ بیرج ایک مٹکے سورن میں رکہا اور اوپر سے
دودہ ڈالدیا اور پہر چلوا ایک کو نیکی اور کر دیا اور منتروں کا اچارن کر کے آہوتی دیکر پوجن کیا ایک مہینے پیچھے
مٹکے سے ایک بالک اُتپت ہوا اس بالک کو نارد جی برہما جی کے پاس لیگئے اور انکو نمسکار کری سو وہ بالک
میں ہی نارد جی کا پتر اور برہما جی کا پوترا ہوں اور سرشتی میری ماتا اور گایتری میری ماوسی ہے اور برہما جی
نے مجھے اشیرباد دیا ہے کہ تو سرگیہ ہوکر شیگھر ہی اپنی سروپ کو پراپت ہوگا اور جو میں کمنہ سی اپجا تہا میرا نام کمنہ
رکہا گیا ہی یہ سنکر راجہ نے پوچہا کہ ہے دیوتا ایسے برہم بیتا نارد من کا بیرج کیونکہ گر گیا دیوتا بولے کہ جبتک
شریر ہے گیانی ہوا تہوا اگیانی شریر کا سوبہاو دور نہیں ہوتا اتنا ہی بہید ہے کہ گیانی دکہہ کو دکہہ نہیں مانتا
سکہہ کو سکہہ نہیں مانتا اگیانی کو دکہہ سکہہ کا ہر کہہ شوک ہوتا ہی راجہ بولا کہ بیرج کیسے گر جاتا ہی دیوتا بولا کہ ہے راجہ
جب چت باسنا سے بہٹکتا ہی تب اُسکی ناڑیاں بہی بہٹکتی ہیں اور اپنے استہانوں کو تیاگنی لگتی ہیں اس سمی بیرج
والی ناڑی سے سوبہاوک ہی بیرج نیچے کو چلا جاتا ہے راجہ بولا سوبہاوک کسکو کہتے ہیں دیوتا بولا کہ آدی پرماتم
شدہ چیتن ہیں جو پہرتا ہے اُس چیتن ماتر شکتی کے اُٹھنے سے پرپنچ بنگیا ہی اور اُس میں آدیتی ہوگئی ہی کہ یہ

گھٹ ہی پٹ ہی یہ اگنی یہ جل ہی ایسے ہی یہ نیتی ہی کہ بیج اوپر سے نیچے کو آتا ہی راجہ بولا کہ دکھ سکھہ کیسے
ہوتا ہی اور انکا ابھاو کیسے ہوتا ہے دیوتا بولا کہ چاروں انتشکرن اور اندری وشے ہیں ابھمان ہونیسے دکھی
سکھی ہوکر ان کے دکھ سے دکھہ سکھہ سے سکھہ یہ سب اگیان سی ہے گیان سے اُس کا ابھاو ہوتا ہی وشے کے ابھمان سے
رہت ہونے کو ہی گیان کہتے ہیں جب ایسے نسچے ہو کہ نہ وشے آدک ہی اور نہ میں ہوں اُن سے نہ میں کچھہ کرتا
ہوں تب سکھہ دکھہ نہیں دیکھتا کیونکہ سنسار کا دکھ سکھہ کیول اپنی بھاونا سے ہوتا ہی جب باسنا سے رہت ہوجاتا
ہے دکھ سکھہ نشٹ ہوجاتے ہیں دیوتا بولا کہ ہے راجہ اب تم کہو کون ہو اور کیا کرم کرتے ہو اور کس نمت یہاں
آئے ہو راجہ نے کہا کہ میرا نام سکھر دھوج راجہ ہی اور راج کو تیاگ کر یہاں تپ کرنے لگا ہوں تتکال سندہیا اور
جپ کرتا ہوں توبھی شانتی نہیں ہوتی مجھے وہ اوپاؤ بتلاؤ جس سے میرے دکھہ دور ہوں دیوتا بولا کہ تم راج
کو تیاگ کر تپ کے گڑھے میں پڑ گئے ان مرگ چھالا اور پھولوں سے کداچت شانتی نہیں ہوتی تم اپنے سروپ
میں جاگو تمہارے دکھہ دور ہوجائینگے پہلے بھی برہماجی سے پوچھا تھا کہ کرم سریشٹ ہی اتھوا گیان برہماجی نے
کہا تہا کہ گیان کے پانے سے کوئی دکھہ نہیں رہتا سب انندوں کا آنند گیان ہی پرنتو اگیانی کو کرم ہی سریشٹ
ہے کیونکہ پاپ کرم سے نرک اور شبھہ کرم سے سورگ پراپت ہوتا ہی سروپ کی پراپتی نہیں ہوتی شبھہ کرم کرنے
سے توبھی سورگ تو ملتا ہی جیسے جب پٹ کا بستر نہ ملے تو کمبل ہی سریشٹ ہی ننگے سے تو بھلا ہی اس لئے چاہیے
کہ نرباسنک ہوکر اپنے سروپ میں جاگو نرباسنک ہی مکتی ہے اور باسنا سہت رہنا بندھن ہے دگے ہی کی بھاونا
کرنی ہی نرباسنک ہی اور دگے آتم سروپ کو کہتے ہیں جسکو جانکر کچھہ نہیں رہتی بنا آتمک گیان کی کبھی
شانتی نہوگی جب باسنا دور ہوگی تب شانت پد پراپت ہوگا راجہ بولا کہ ہے دیوتا میں نے بڑا دکھہ پایا ہی کرپا کرکے مجھے
شانتی پد کو پراپت کرو دیوتا بولا کہ تمکو سنتوں کا سنگ کرنا چاہئے نرباسنک ہوجاؤگے جیسے میں تمکو اپدیش
کروں ہردے میں دچار کرلو جو ہردے میں دچار نہ کروگے ایسے جانو جیسے ڈال پر بیٹھا کوا اپنی ہی ٹاپ ٹال
کرتا ہی اور اپنا سبھاو نہیں چھوڑتا تم طوطے کی نیائیں ہوجاؤ جیسے وہ سیکھتا ہی تم بھی سیکھو راجہ بولا کہ تم کہو
وہ کرو لگا رہا ہوں ورشٹانت ایک پنڈت کا کہا ہے جسنے چنتامنی جھوٹی پائی تھی ۔۔

اونہتر واں سرگ

چوڑالا کا اپدیش راجہ کو ہاتھی کے درشٹانت سے

دیوتا بولے کہ بندھیاچل پربت کے بن میں ایک ہاتھیوں کا راجہ بڑا بلوان تہا مہاوت نے کسی جگتی سے بس کرکے

سنگلی سے باندھ رکھا تھا اور آپ ایک برچھہ پر داؤ لگائے بیٹھا ہو تو اسکے اوپر چڑھ بیٹھے ہاتھی نے بل کر کے سنگل توڑ ڈالے اور وہ برچھہ جس پر مہاوت بیٹھا تھا گر پڑا اور مہاوت ہاتھی کے چرنوں میں گر پڑا ہاتھی نے من میں بچارا کہ یہ تو بیر اشترو پرنتو مرتک سمان ہے اسکو کیا ماروں اور اس کو مارنے سے کیا کارج سدھ ہوگا اور بن کو چلتا ہوا اور مہاوت اُٹھکر اپنے سوبھاو کے انوسار ہاتھی کے پیچھے چلا اور دیکھا کہ ہاتھی برچھہ کے نیچے سوتا ہے اور اُس کے پیر پکڑنے کو جمیں چاروں اور کھائی بنائی اور اُس کے اوپر کچھہ گھاس ڈالدیا ہاتھی جب سوتا اُٹھا اور کھائی کے اوپر گیا کھائی میں گر گیا اور مہاوت نے سنگلوں سے باندھ لیا ہاتھی ہائے ہائے کر کے کہنے لگا کہ میں نے بیوشت کو بھی نہ جانا نہ بچارا ہے راجہ اگیانی بیوشت کا بچار نہیں کرتا اس لئے دُکھہ پاتا ہے ؎

ستروان سرگ

رانی چوڑالا کا گیان اُپدیش راجہ کو

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی راجہ بولا ہے دیوتا ان دونوں اکھیانوں کا تاتپرج مجھہ سے کہو دیوتا بولا کہ تم اپنی بدھی کو ٹھیرا کر میرا اپدیش سنو کہ ہاتھی کیا تھا اور چنتامنی کیا تھی تیری سب پہلے تیاگ کا نام چنتامنی ہے جسکو تیاگ کہتے ہیں دُکھہ پایا اور دوار وری رہا اور جس کریا کا تینے ارنبھہ کیا ہے وہ کانچ کی من ہے دیکھو بڑا بادل بایو سے ناش ہو جاتا ہے چھوٹا رہجاتا ہے اور پون کے ٹھیرنے سے وہی چھوٹا بادل بڑا ہو کر سورج کو چھپا لیتا ہے سو بادل کیا ہے سنچت کرم اور پون کیا ہے بیراگ کہ تینے بیراگ سے راج کا تیاگ کیا پرنتو اہنکار کو نہ تیاگا تاتپرج یہ کہ ابھیمان کر کے کریا کا ارنبھہ کر لیا گیان کی چنتامنی اگیان کے کانچ سے چھپ گئی جب تو گیان آتما کو جانے گا جب آتما آپ سے آپ دکھنی لگیگا جس کا آتما میں درڑھہ ہو جاتا ہے اسکو آتما سے بھن کچھہ نہیں دکھتا اور آتما بہت سگم ہے تو جو اُپدیش کو مان کر اپنے بھرم کو نورت کر سو تو ہاتھی ہے اور اگیان تیرا مہاوت ہے اور آسا تیری سنگل ہے جس میں بندھہ کر تو مہا دکھی ہے اور بیبیک اور بیراگ تیرے بھیانک دانت اُن سے جب تینے آسا کی سنگل کاٹ دی جب اگیان کا مہاوت تیرے چرنوں میں پڑا پرنتو تینے دھوکھا کھایا کہ اسکو مار ہی نہ ڈالا کہ پھر وہ اٹھکیا اور تجھکو پھانس لیا جو تپ آدک کریا کا تینے ارنبھہ کیا ہے وہی کھائی ہے جس میں گر کے مہا دکھہ پراپت ہو گیا ہے جو تو ست سنگ اور شاستروں کے بچار کی سار جانتا اور بیوشت کا بچار کرتا تو دُکھی نہ ہوتا تینے سب تیاگ تو کیا پرنتو کریا کا ارنبھہ کر کے پھنس گیا بیراگ اور بیبیک سے اس سنگل کو توڑ سکیگا بیبیک سے بیراگ

ہوتا ہے اور بیراگ سے بببک اُتپن ہوتا ہے جب ایسے نشچے کرے تو ببیک سے بیراگ اپجتا ہے ॥

اکہتروال سرگ

رانی چوڑالا اور راجہ کا سمباد

دیوتا بولا کہ ہے راجہ تیری رانی چوڑالا نے تجھے اُپدیش کیا تھا تم نے نہ آدر کیوں کیا تھا میں سب کچھ جانتا ہوں پرنتو اپنے مکھ سے کہو راجہ بولا تم کیسے کہتے ہو کہ سب تیاگ نہیں کیا میں نے تو راج استری ایشرج سب تیاگ کر دیا ہے دیوتا بولے کہ راج میں تیرا کیا تھا جیسا ایشرج راج کا آگے تھا اب بھی ہے پھر تم نے تیاگ کیا کیا جو تیرا ہو اُس کا تیاگ کر کے نردکھ پد کو پراپت ہو جا راجہ نے کہا کہ آج سے میں نے پھل پھول بن جو میرے ہیں تیاگ کر دیئے اب میں سرب تیاگی ہوا یا نہیں دیوتا بولے اب بھی سرب تیاگی نہیں ہوا یہ تیرے نہیں ہیں پہلے بھی تھے اب بھی ہیں راجہ نے کہا کہ مرگ چھالا اور کوٹی میری ہیں میں نے انکو بھی تیاگا۔ دیوتا بولے اس میں بھی تیرا کچھ نہیں راجہ نے لاٹھی کنڈل آدک جو بستو تھیں سب میں آگ لگا کر بھسم کر دی ॥

بہتروال سرگ رانی چوڑالا کا اپدیش راجہ کو تیاگ کے میں

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی راجہ نے سب جلا کر دیوتا سے کہا کہ اب میری پاس کچھ نہیں رہا ایک ماس ہاڑ ہیں انکو بھی تم کہو تو جلا دوں دیوتا بولا کہ اہمان کو چھوڑ کا یہ جو الا ہے تیاگیگا تب سرب تیاگی ہوگا دیہ کے تیاگ سے کیا سدھ ہوتا ہے دیہ اور کی پریری ہوئی چیشٹا کرتی ہے آپ سے پر نہیں کرتی اس کو پریرنے والے کا تیاگ کر راجہ بولا وہ کون ہے دیوتا بولے جس کا نام چت اور پران اور دیہ ہے اسکو تیاگو کیونکہ یہ سب بکار چت سے دکھلائی دیتے ہیں جیسے سانپ بل میں بیٹھا ہو بل کا کچھ دوش نہیں سانپ کے نکلے میں بس ہے جسکو ڈستا ہے اس کا ناش ہوتا ہے اس کے ناش کا اُپاء کر اور آتما میں ایک ہے نہ دوئیت ہے سب اور سے اسی چت کا تیاگ کرنا اُچت ہے جب اس کا تیاگ کریگا امر ہو جائیگا اور جو چت کا تیاگ نہ کریگا پھر دیہ دھارکر دکھ بھوگیگا اور دیہ کا بیج چت ہے جب چت چل جائیگا دیہ بھی نہ رہیگی چت اسنکھ سنسار کے دکھوں کا کارن ہے یہ دھرم اور بیراگ اور ایشرج چت کے چلے ہوئے ہیں جب چت پن کر یا میں لگتا ہے تب پن ہی پراپت ہوتا ہے جب پاپ کریا میں لگتا ہے پاپ پراپت ہوکر ادھرم اور وار رور ہوتا ہے اس لئے جنم مرن کے دکھ نہیں ٹلتے چت کو تیاگ کرنے

سب دُکھہ نشٹ ہو جاتے ہیں سو سرب تیاگ کر تو سرب آتما ہو کر سمپورن برہمانڈ کو اپنے آپ میں دیکھیگا اور سرب بیاپک ہو جائیگا جب نشچے کریگا کہ سب میں ہی ہوں مجھہ سے بھن کچھہ نہیں یہ سب نام چت کے ہیں چت من اہنکار جیو مایا جب چت ہی بس ہوتا ہی جب نرباسنک ہوتا ہی جبتک چت پھرتا ہے سرب تیاگ نہیں ہوتا چت کا پھرنا بند ہونا ہی تیاگ ہی سو چت کو تیاگ شانت پد پراپت ہوگا یہ چت جڑ بھی ہے اور چیتن بھی ہے اسیکا نام چت جڑ گرنتھی ہے جب یہ گانٹھہ کھلجاتی ہی تب اپنے آپ کو جیوں کا تیوں جانا جاتا ہی وہہ کے نشٹ ہونیسے چت نشٹ نہیں ہوتا چت کے نشٹ ہونے سے وہہ نشٹ ہو جاتی ہی ؛؛

ستہترواں سرگ

چت کے مارنے کا اُپدیش کمبھہ دیوتا کا

بشسٹ جی بولے جب اس پرکار کمبھہ دیوتا نے کہا راجہ سکھر دھوج نے پوچھا کہ میں چت کو استھر کیسے کروں کمبھہ دیوتا بولا کہ چت کا روکنا ہی بہت سوگم ہے پرنتو ویرگھ ورشٹی کو اور اگیانی کو کٹھن ہی راجہ بولا کہ مجھکو تو بہت ہی کٹھن ہی تم پہلے چت کا روپ برنن کرو دیوتا بولے کہ اس چت کا روپ باسنا ہی جب باسنا نشٹ ہو تب چت بھی نشٹ ہو سو تو چت کے بیج کو ہی ناش کر کہ جو پھر نہ اُپجے راجہ نے پوچھا کہ اس کا بیج کیا ہے اور اُس کا برکھش اور پھول کیا ہی کیسے کاٹا جاتا ہے دیوتا بولے کہ چیتن روپی برکھش نرمل ہی اسمیں ہم بھاو بیج ہی اُس اہنکار سمبیدن دیہہ اور اندری ہو کر پہلے ہیں اور اسمیں جو نشچہ ہے وہ ہی بُدہی ہے اور بُدہی میں جو نشچہ ہے کہ یہ میں ہوں یہ سنسار ہی وہ ہی جیو اہنکار ہی اور اہنکار اس برکھش کا بیج ہے اس بیج کا ناش کرو راجہ بولا کہ اہنگ جو کھڑا ہی وہ کیسے اُپجتا ہے دیوتا بولے کہ شدھ چیتن میں اہنگ کا پھرنا درش روپ متھیا سمبیدن سے ہوا ہی اس اہنگ بھاو کو نشٹ کرو کہ تم کو شانتی پد پراپت ہووے راجہ بولا وہ کون سی لتو ہی جو جلانے جوگ ہے اور کونسی اگنی ہیں وہ جلائی جاتی ہے دیوتا بولے کہ تم اپنے سروپ کو بچارو کہ میں کیا ہوں اور یہ سنسار کیا ہی اس کا ورتہ بچار کرنا ہی اگنی ہے اور متھیا اناتما رتہات دیہہ اندری آدک اہنکار کو باستو روپ بچار کر اگنی میں جلاؤ تب کیول چن ماتر ہو جاؤ گے راجہ بولا کہ میں راج پرتھوی پربت آکاش اور بہاس اندری من آدک سے رہت آتما ہوں پرنتو اہنگ کا کلنک مجھکو لگا ہوا ہے میں اسکو دور نہیں کر سکتا دیوتا بولے کہ تو اہنگ کو تیاگ اور اپنے سروپ کو جان کہ کون ہی راجہ بولا کہ یہ میں جانتا ہوں کہ میرا سروپ آتما اندر روپ ہے

پرنتو یہ نہیں جانتا کہ یہ اہم بہاؤ کی کہاں سے کلنکتا لگی ہے سو تم اسکے ناش ہونیکا اوپائے بتلاؤ دیوتا بولا کہ کارج بنا کارن کے نہیں ہوتا تم کہو کہ آہنکار کا کارن کیا ہے جب میں اُتر دونگا راجہ بولا کہ آہنکار کا کارن شدہ آتما ہے اور شدہ آتما میں جو جاننا ہوا ہے سو جاننے ماتر میں جاننے کا اوتھان ہوا ہے کہ ورش کی اور لگا ہے سو ایسا جاننا ہوا رتھات جمیدن ہی آہنگ کا کارن ہے دیوتا بولا کہ اس جاننے کا کارن کیا ہے جس کا کارن ست ہوتا ہے کارج ست ہوتا ہے سو کارن اُس کا بھرم ہے راجہ بولا کہ ہے دیوتا جاننے کا کارن وِدّھ آدک ورش ہے کیونکہ جاننا تب ہوتا ہے جب جاننے یوگ بستو آگے ہوتی ہے اور جو بستو ہی نہیں ہوتی تو جاننا ہی کچھ نہیں جاننے اُس کے جاننے کا کارن وِدّھ آدک ہوئی ہے دیوتا بولا کہ یہ وِدّھ آدک متھیا بھرم سے ہوئے ہیں اُن کا کارن تو کوئی نہیں راجہ بولا کہ وِدّھ کا کارن تو تیکش ہے جو کہاتا پتیا ہے اور پتا سے اسکی اوتپتی ہے تم کیسے کہتے ہو کہ یہ بنا کارن اور متھیا ہے دیوتا بولے کہ بیٹے کا کارن کون ہے پتا ہی متھیا ہے کیونکہ پتا کا کارن کیا ہے راجہ بولا کہ ہے بھگون پتر کا کارن پتا کا کارن پتامہ ہے ایسے ہی پرم پرا سب کا کارن برہما پرتیکش جانا گیا ہے دیوتا بولے کہ برہما سے لیکر اور سب سرشٹی سنکلپ سے ہی رچی ہوئی ہے ایسے ہی وِدّھ بھی بھرم سے دیکھتا ہے جب بھرم دور ہوگا کیول آتما ہی دیکھیگا راجہ بولا کہ اب تینے جان لیا سنسار متھیا ہے کیول سنکلپ ماتر ہے جو کچھ ہے سب آتما ہی ہے میرے نشچے میں آتما ست ہوا ہے دیوتا بولے کارن کارج دوئیت میں ہوتے ہیں سو است ہیں جو بستو ناشوان ہے وہ است ہے آتما ادوئیت ہے اور سب میں بھرپور ہے جب ادوئیت ہے پھر کارن کارج کس کا ہووے راجہ بولا کہ میرا سروپ آتما ہے اور میں نرمل ہوں اب میرا بھرم نشٹ ہوا ؂

چوہتروال سرگ

راجہ کا بے ہو جانا ادوئیت میں

دیوتا بولے کہ آتما کا آونت نہیں وہ اننت ہے اپنے سروپ سے کبھی نہیں گرتا وہ بھوگ اور بھوگتا دونوں نہیں یہ بھی دوئیت میں ہوتا ہے آتما میں کرم بھی نہیں آتما سب کا آدہے اور نرمل ہے راجہ بولا کہ مجھے اب دوئیت بھاؤ نہیں میں ہی آتما ہوں میرے میں اب پھرنا کوئی نہیں اب میرا نمسکار ہے ؂

پچہترواں سرگ

راجہ سکھردہوج اور کمبھہ دیوتا کا سمباد

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی سکھردہوج کو کمبھہ کے اُپدیش سے پربودھ ہو گیا اور نربان پد میں استھت ہو گیا راجہ نے ایک پرشن کیا کہ آتما تو ایک ہے اسمیں درشٹا اور درش کہاں سے اُپجا ہے دیوتا بولے کہ سنسار تھاور جنگم سب مہاپرلے تک ہے پیچھے کیول آتما ہی شیش رہتا ہے جو نرادھار ہی آنندروپ ہے اُسمیں اہنگ تو سنگ نہیں وہ پرمانوں سے جانا نہیں جاتا کیونکہ وہ اندریوں کا وشے نہیں اور من کی چنتا سے رہت یہ جگت پھر جیسے دیکھتا ہے پھر لے کے اُپرانت ہو جیسے کیول شدھ آتما ہی رہتا ہے راجہ بولا کہ آتما میں پھرنا اور سمبیدن کہاں سے آیا دیوتا بولا کہ پھرنا ہی آتما کا چمتکار ہے جیسے پون میں سپند اور نسپند دونوں شکتی ہیں جسکے من میں سنسار بھاونا ہے اسکو دکھدائک بھاستا ہے جسکے ہردے میں اُتم بھاونا ہوتی ہے ویسا ہی بھاستا ہے آتما سے کچھ بھن نہیں آہنگ تو منگ سب آتما کے آسرے ہیں آتما کیول ایک رس ہے جو کچھ درش ہے سو آتما میں نہیں وہ چت سے رچی ہے کارن کاج کس کا ہو آد انت مدھ میں وہی آتما ہے جو کچھ دیکھتا ہے سو بھرم ماتر ہے دیس کال اندریاں سب میں سے جانی جاتی ہیں آتما میں دیس کال کچھ نہیں ہے راجہ یہ سنسار سمبیدن ماتر ہے اور سمبیدن چت شکتی کا چمتکار ہے اور یہی چت شکتی برہما ہو کر استھت ہوئی اور سنسار کو دیکھنے لگی ہے انترمکھ ہونے سے سب آتما ہی دکھائی دیتا ہے باہر مکھ ہونے سے سنسار دکھلائی دیتا ہے

چھہترواں سرگ

دیوتا اور راجہ کا سمباد آتما میں بانی کو گم نہ ہونا

دیوتا بولے سنسار آتما میں نہیں کیول شدھ آتما میں جو آہنگ اُٹھا وہی سنسار ہے سو آہنگ کا چمتکار نہ ست ہے نہ است نہ بھیتر نہ باہر شونیہ ہے نہ اشونیہ ہے اپنے آپ میں استھت ہے اور سنسار کا پرویشنا بھاؤ ہے سو آتما میں سنسار او رے است نہیں اور یہ بھی آتما کو نہیں کہہ سکتے کہ وہ کیول اپنے آپ میں سو بھاؤ کے استھت ہے کیونکہ اُن میں (جو ہلو ہو پیچھے ناش ہو جاوے) بانی کو گم نہیں آتما شدھ نرلکار کیول شانت روپ ہے آتما میں کسی شبد کی پرورتی نہیں اور آتما کریا سے اکرتا ہے اور چن سے رہت ہے اس لئے آتما کسیکا کارن اور کاج نہیں اجنما ہے اس میں استھت ہو سنسار دور ہو جائے گا

ستہتروال سرگ

آتماہی تت ہے باسنا سے باسنا نشٹ ہوئی ہے

ودیوتا بولا کہ نانا پرکار کی سنکھیا چت نے کلپی ہیں تو چت سے رہت ہو جائیگا تب نانا اور ایک کی سنکھیا نہیں رہیگی سب بسم ہی جب یہ درڑھ ہو جائیگا آتماہی دیکھیگا اور چت نشٹ ہو جائیگا اور چت کے نشٹ ہوئے پر کیول مہاشدھ اکاش کی نیائیں ہو کر نردکھ پد کو پراپت ہوگا جو مکت روپ ہے راجہ بولا کہ چت کے نشٹ ہونے کا اُپا کہو ودیوتا بولا یہ چت نہ کسی کال کا ہے اور نہ کسی کو ہے اور نہ یہ دیکھتا ہے سو چت ہے ہی نہیں جو چت تجھکو دکھتا ہے اسے آتماہی جانو کیونکہ آتما سے بھن کچھہ نہیں آتما اُپت ہے اور چت ہی باسنا روپ ہے جب باسنا ہوتی ہے بہاستا ہے جو آگے سرشٹی بھی نہیں تو باسنا کسکی ہو اور چت بین سنسار کی استھتی کیسے ہووے اس لئے چت کچھہ نہیں یہ سب آتما کا چمتکار ہے آتماہی اہنگ توہنگ آدک شبد کوئی نہیں یہ شبد جب ہوتی ہیں جب چت ہوتا ہے اور چت جبتک ہے تب تک باسنا ہے جب نرباسنک ہو جاتا ہے تب کوئی کلپنا نہیں رہتی جہاں پرے ہیں سنسار نشٹ ہو جائیگا آتماہی رہیگا سنسار میں ستہتا کرنی موڑ کہتا ہے ؎

اٹہتروال سرگ - آتما کا سربگیہ ہونا

راجہ سکھر دہوج بولے کہ اب میرا موہ نشٹ ہو گیا ہے اہنگ توہنگ شبد میرے میں کوئی نہیں ہے کیول نربان پد کو پراپت ہو گیا ودیوتا بولے کہ آہنگ اُچار سے اُپجا ہے بچار سے نہیں رہتا یہ لیشو سمبیدن میں ہے جب سمبیدن انترمکہہ ہوتی ہے تب سرب لیشو لین ہو جاتا ہے سمبیدن ہی موکش اور بندھن کا کارن ہے ایسے ہی بہت پرکار کہا ہے تات پرج یہ ہے کہ آتماہی سربگیہ ہے پہلے برنن ہو چکی ہے دوبارہ نہیں لکھی گئی ہے ؎

اناسیوال سرگ - گیان اگیان کا برنن

راجہ بولا کہ جو کچھہ تم کہتے ہو سب ست ہے اور میں بھی ایسے ہی جانتا ہوں ودیوتا بولا کہ آتما چیتن ماتر ہے کارن کاریہ کسیکا نہیں اپرتیک اور آتما اکریہ اچت اور نرس ہے پہر جو شبد ہے وہ کاریہ کارن کس کا ہووے سو آتما سروپ ہے اور کارن تب ہوتا ہے جب کریا ہوتی ہے پرش اگیان سے نانا پرکار کی کلپنا کرتا ہے اور

اگیان نہ جاننے کو کہتے ہیں جسکو جاننا کہتے ہیں وہ پرم آتما ہے اُس کے نہ جاننے سے باسنا روپ چت ہی سب کچھہ اگیانی کلپتے ہیں جب تو سمیک درشٹی سے دیکھیگا تب سنسار بھرم تیر نورت ہو جائیگا اور آہنگ تو بنگ نشٹ ہو جا نیسے چت کا پھرنا نشٹ ہو جاتا ہے راجہ بولا اگیان کیا ہے اور کیسے ناش ہوتا ہی دیوتا بولا ایک گیان ہے دوسرا اگیان گیان تو پدارتھوں کو یتھارتھ جاننا اور ایک گیان ہی اگیان ہے جیسے مرگ ترشنا کے جل کو دیکھکر استھا کرلی اور اسی میں شانتی جاننا یہ گیان پھر اگیان ہے کیونکہ سمیک درشٹی سے نہیں دیکھا گیا تات پرج یہ کہ جو سمیک ورش سے نشٹ ہو جائے سو اگیان ہے اگیان کا کارن چت ہے جو پدارتھ چت سے اودے ہوئے ہیں چت ہی سے نشٹ ہو جاتے ہیں سو چت سے چت کر ناش کرنہ تو ہے نہ میں ہوں نہ اندریاں نہ سنسار کیول شدھ آتما ہی ہے ؛

اسیواں سرگ

راجہ کا شانت ہونا کمبھ دیوتا کے اُپدیش سے

جنم پاتا ہے اور گیانی کو اشیش کی اچہا نہیں ہوتی پہر جنم نہیں پاتا جنم کا کارن باسنا ہے جب شریر کے چہوٹنے کا
سمے آتا ہی جب جو باسنا درڑہ ہوتی ہے جس کا سمبراو بہاش ہوتا ہے وہی انت کال میں دکہلائی دیتا ہی اور
کوئی پدارتھ نہیں بہاستا وہی دیکہتا ہی جس پدارتھ کی باسنا ہوتی ہی اُسی کے انوسار شریر دہارتا ہی اور جب
دیہہ چہوٹتا ہی ایک مہورت تک سکہپتی کی نیائیں جڑ رہتا ہی اسکے پیچھے چیشٹا ہوتی ہے تب باسنا کے انوسار
دکہلائی دیتا ہی اور جانتا ہی کہ یہ میرا شریر ہے اور میں اُتپن ہوا ہوں کئی ایسا ہی کہتے ہیں کہ وہاں اُسے
چہن میں جگت کا انبہو کرتے ہیں اور کئی ایسے ہوتے ہیں کہ چرکال تک جڑ رہتے ہیں اور چرکال پیچھے اُنکو چیتنتا
پہُرتی ہی پہر اُس کے انوسار وہ سنسار بہرم کو دیکہتے ہیں اور کئی سنسکاروان ہوتے ہیں اُنکو شیگہر ہی ایک
چہن میں چیشٹا ہوتی ہے اور جانتے ہیں کہ میں اس ٹہور ہوا ہوں اس ٹہور جنما ہوں یہ میری ماتا ہی یہ پتا ہی
اور ایک مہورت میں جاگ کر بڑے ٹہیکلوں اور پرلوک اور یمراج کے بہونکو دیکہتے ہیں اور جانتے ہیں کہ
کہ مجہے لئے جاتے ہیں اور میرے پتروں نے میرے پنڈ کئے ہیں اور اسے میرا شریر بہسم ہوا ہے اور پہر وہ دہرمراج
کو دیکہتا ہی اسکے پاس جاکر کہڑا ہوتا ہی اور پُن اور پاپ دونوں کی مورتی دہارتا ہی اور پہر دہرمراج چترگپت
سے پوچہتا ہی کہ اُس نے کیا کرم کئے ہیں اور یہ جو پُنوان ہوتا ہی تو سرگ کا بہوگ بہوگ کر پہر جونی میں ڈالا جاتا
ہے اور جو پاپی ہوتا ہی تو پہر اسکو نرک میں ڈالتے ہیں ایسے ہی جنموں کو دہارتا ہے اور جس جون میں جاتا ہی جانتا
ہی کہ میں اس جون میں ہوں اور جو اکسمات شریر پرتکش کا پاتا ہی تو ماتا کے گربہ میں جاتا ہی کہ یہاں میں نے
جنم لیا ہی اور یہ میرے ماتا پتا ہیں جب باہر نکلتا ہی بالک ہی جوبن اوستہا کو پراپت ہوکر پہر بڑا ہوتا ہے ایسے ہی جنم
دہار دہار کر دکہہ پاتا ہے سو چت کے سنجوگ سے اتنا بہرم دیکہتا ہے آتما سی بہن کچھ نہیں چت کے استہر ہونے
سے تمہارا بہرم مٹ جائیگا ॥

ایک سو چودہ سرگ

کرم باسنا کے انوسار شریر کا ملنا اور آتما کا ملنا

بشسٹ جی بولے ہے رامجی پہر ستی ... اسکے کا وہ کرم ہوا اب تو رتی والے کا کرم سنو کہ جسکو بہومکا پراپت ہوئی

اور آتم پد پراپت نہوا اُسکے پاپ سب وگدھ ہو جاتے ہیں جب اُسکا شریر چھُٹ جاتا ہے تب باسنا کے انوسار وہ شوبھ
آکار ہوکر پھر اپنے شریر کو پھر بڑے پرلوک کو دیکھتا ہے اور وہاں سرگ کے سُکھ بھوگتا ہے اور دیوتاؤں میں کریڑا
کرکے بھوگوں کو بھوگ کر سنسار میں اُتپن ہوکر پھر موکش کو پراپت ہوتا ہے یہ سب جگت سنکلپ ماتر ہے۔ اور
سنکلپ کے انوسار ہی بھاستا ہے اور سُکھ دُکھ پاتا ہے آتما کی اور آتا ہے تب اس کا سنسار بھرم مٹ جاتا ہے اور
تریا پد ملتا ہے یہ وشو پھرنے ماتر ہے پھرنا مٹ جانے پر وشو نہیں دیکھتا اپنے سروپ میں استھت ہو جاتا ہے ٭

ایک سو پندرہ سرگ

اپنی اپنی سرشٹی کا سنکلپ ماتر ہونا

بششٹ جی بولے کہ بارم بار کہتا ہوں کہ سرشٹی سنکلپ ماتر ہے جیو جیو کی سرشٹی اپنی اپنی ہے ایک
سرشٹی تو ایسی ہے کہ انکا سنکلپ ایک ہی دکھلائی دیتا ہے ایک ایسی ہی ہے کہ ایک دوسرے سے
بھن نہیں ہے پرنتو سماتا کرکے ایک ہی دکھلائی دیتی ہے ایسی ایسی سرشٹی ہوتی ہے اور لین ہو جاتی
ہے ادھشٹان جیوں کا تیوں رہتا ہے برہم اور آتما آدک سب پھرتے ہیں ہوتے ہیں شبد اور ارتھ
کی بھاونا ہے وہ تب ہی تک بھاستے ہیں جب وہ نورت ہو جاتی ہے تب سپند بھاستا ہے نہ ارتھ کیول
شدھ چیتن آتما ہی شیش رہجاتا ہے کوئی پدارتھ بنا آتم ستا کے نہیں ست است سب میں آتما ہی
ہے تینوں کال میں گیانوان سم ہے آتما ہی دکھلائی دیتا ہے آتما سے بھن جو دیکھے وہ متھیا ہے ٭

ایک سو سولہ سرگ

اہنکار سے بندھن ہونا اور نہ ہونے سے مکتی کا ہونا

بششٹ جی بولے یہ وشو سُپن سمان ہے اس کا آتما میں دیکھنا متھیا ہے آتما جگت سے رہت ہے اور جگت روپ دیکھتا
ہے اہنکار تو ہنگ سب بھرم سے سدھ ہوا ہے رام جی بولے ہے بھگوان آپ نے کہا کہ تو ہنگ آدک اہم پرینت
اور آتما سے آدک تو ہنگ پرینت سُپن سپنا کی نیائیں متھیا ہیں اور جو انہوں سے دیکھو تو آتما روپ ہیں اہم
سُپن سپنا سے ہیں اتھوا ہمارا اہنگ آتما ہے بششٹ جی بولے آتم درشٹی آدک میں اہنگ بھاونا کرنی سُپن
سپنا کے تل ہے اور ادھشٹان چنماتر میں درشٹی اور اہنکار سے رہت اہنگ بھاونا کرنی آتم روپ ہے

سو اودھشٹان شدھ اور اننت روپ چت سے رہت پرم برہم ہے اس میں اگیان سے درشیہ دکھتا ہے بچار سے درشیہ کچھ بستو نہیں ہاں جس کے آسرے یہ کلپت ہے سو وہ اودھشٹان ست ہے جیسے سیپ کے جاننے سے روپے کی بدھ ہی جاتی رہتی ہے رامجی بولے کہ ہے بھگون آپ نے کہا کہ برہما اور رودر آدک اور اتپتی اور سنگھار کرنے پرینت سب بشو بھرم ماتر ہے کرپا کر کے یہ کہو کہ اس جاننے سے کیا سدھ ہوتا ہے کیونکہ یہ تو پرتکش دکھائی دیکھتا ہے بششٹ جی بولے جو تم دیکھتے ہو سب ہی سمیک درشٹی سے آتم روپ ہے اور اسمیک درشٹی سے بشو ہے سو درشٹی کا بھید ہے جس نے آتما کو جانا ہے اس کو درشیہ بھی آتما روپ ہی ہے اگیانی اپنے سنکلپ سے آپ ہی بندھمان ہوتا ہے درشیہ کو تیاگ کر آتما میں استھت ہو رہو یہ بشو بھرم ماتر ہے ست کا ابھاؤ اور است کا بھاؤ نہیں ہو سکتا است بستو جبتک ہی دکھتی ہے جبتک اسکو نہیں جانا جاتا۔ اودیا پدارتھ بدیا سے ہو جاتے ہیں جبتک چیتن ہے تب تک مرتا اور جنم بھی پاتا ہے جب جڑ ہوتا ہے تب شانتی پراپت ہو کر مکت ہوتا ہے اہنکار کا ہونا ہی بندھن ہے اور اور نہ ہونا مکتی ہے ؀

ایک سو سترہ سرگ

سنسار کا متھیا اور ناشوان ہونا

بششٹ جی بولے سنسار متھیا ہے استھول درشٹی کا آکار دیکھ رہے ہیں نراکار سے نہیں جانتے سمیک درشٹی پھیلنے اور نہ پھرنے میں آتما ہی دیکھتے ہیں گیانی کو دویت میں کچھ نہیں جگت بھاستا ہے سنسار کی بھاونا کر لینے نہ کرنیوالوں کی سب چنتیا بے ارتھ اور دکھدایک ہے اگیانی سنسار کو شنکر ہی ست مان لیتا ہے آتما ست ہے نہ است نہ جڑ نہ چیتن نہ پرکاش اور نہ تم نہ شونیہ نہ اشونیہ نہ شاستر نے جو بھید جڑ چیتن کے کئے ہیں اس جیو کے جگانے کو کئے ہیں ؀

ایک سو اٹھارہ سرگ

جوگی جب شریر چھوڑتا ہے جو بھوگوں کی اچھا رہتی ہے تو سرگ کے بھوگ کر دھنوان کے گھر جنم لیتا ہے اور بھومکاؤں کا برتانت

رامجی بولے ہے بھگون بھومکا پرسنگ سے جو کچھ سار آپ نے کہا ہے سنا اب بھومکاؤں کا لچھن کہئے اور

یہ بھی بتلایئے کہ جوگی کا شریر جب چھوٹتا ہی اور سرگ کے بھوگونکو بھوگتا ہے تب پھر اسکی کیا اوستھا
ہوتی ہے بشسٹ جی بولے جس جوگی کو بھوگ کی بانچھا ہوتی ہے وہ سرگ میں جاکر بھوگ بھوگتا ہے
جب اسکو اور بھی بھوگنے کی اچھا ہوتی ہے تب وہ مدھ منڈل منش لوک میں پوتر استھان اور دھنوان
کے گھر جنم لیتے ہیں اور تھوڑے کال پیچھے پچھلا سنسکار پھر آتا ہی اور آتما کی اور پھر چت ہوجاتا ہے اور دن
بدن بڑھتا جاتا ہی اور اگیانی کا سنگ نہیں کرتا اور اُس کے دمبھ گرب راگ دویش بھوگ ترشنا سو بھاو
ہی چھوٹ جاتی ہیں اور شانتی کو پراپت ہوجاتے ہیں اس نشچے کو پاکر وہ پرن اور آشرم کے دھرمونکو یتھا
شاستر کرتا ہوا سنسار سمدر کے پار کے نکٹ پہنچ جاتا ہی پرنتو اتنا ہی بھید ہے کہ وہ پار نہیں ہوجاتا اور
اسی کو تیسری بھومکا کہتے ہیں ایسا پرش موکھ کو پراپت نہیں ہوتا یہ سب بھومکا برہم روپ ہیں اتنا ہی بھید
ہے کہ تین بھومکا تو جاگرت اوستھا ہیں اور چوتھی سپن اور پانچویں سکھپتی اور چھٹی تریا اور ساتویں تریا
تیت ہی پہلی بھومکاؤں میں سنسار کی ستا بھاستی ہی اسی لئے جاگرت اوستھا ہیں اُنکی سنگیا کی گئی اور
دوسری چاروں میں سنسار کا ابھاؤ ہی اور اسی لئے وہ جاگرت سے بلکشن ہیں اور اس اوستھا میں وہ پرش
استھاور جنگم کو جانتا ہی اور نام اور روپ کو گرہن کرتا ہی اور ہردے میں راگ دویش کو نہیں دھارتا کیونکہ وہ
بچار کے سبب کچھ جانتا ہی پرنتو وہ سنسار کے اتینت بھاؤ کو نہیں جان سکتا اور نہ سنسار کو برہم
سروپ جانتا ہی کیونکہ اُس کو سروپ کا ساکشاتکار نہیں ہوا ان تینوں بھومکاؤں سے سنسار کی تچھتا کہلائی
جاتی ہی پرنتو پرنتا نہیں ہوتی جب انکو پاکر شریر چھوٹتا ہے تب دوسرے جنم میں اسکو گیان ہوتا ہے جب
ورتہ شدھ ہی ہوجاتی ہے تب گیان اُپجتا ہے سو پہلی تین بھومکا والا دھرم آتما ہوتا ہے اور پرشوں میں سریشٹ
اسکا لکشن یہ ہی کہ وہ نرآہنکار اور اسنگی ہوتا ہے اور کسی پدارتھ کی اسکو ترشنا نہیں رہتی آتم پد کی اچھا
سدا ہی رہتی ہے اور پرکرت اچار میں شاستر یکت بچرتا رہتا ہے رامچندر جی بولے کہ ہے بھگون پہلے
آپنے کہا ہی کہ جب جوگی شریر چھوڑتا ہے ایک مہورت میں اسکو جگ پرتیت ہوتا ہے سو یہ کہو کہ ایک
مہورت میں کیسے جگ پرتیت ہوتا ہے بشسٹ جی بولے کہ یہ جگت برہم روپ ہی جیسے اکھ میں مدھرتا ہی
ایسے ہی برہم میں جگت ہے آتم ستا سے ہی سرب ست ہی جو اس سے بھن دیکھے تو است ہے جو ست است
کو جانتا ہو اسکو دونو تل ہیں اور دونو کا بھاسنا سمان ہے یہ بشو دھرم سے سدھ ہوا ہے جیسے کسی
پرش کو سپنا آتا ہے اور ایک چھن میں بڑا کال بیتا ہوا دیکھتا ہے ایسے ہی یہ سروپ کے پرماد سے کئی

بھرم دیکھتا ہے اور سروپ کے جانے بنا بھرم کا انت نہیں ہوتا جب سنکلپ پھرتا ہے تب اودیا سے یہ پرش آپکو بندھ جانتا ہے اور سنکلپ سے رہت آپکو مکت جانتا ہے اور آتم سروپ میں نہ بندھ ہے نہ موکش ہے نہ بدیا نہ ابدیا سروپ کی بھاونا سے سنسار بھاونا جاتی رہتی ہے اور آتما پھرنے نہ پھرنے میں ایک ہی ہے کیونکہ اس میں دوسرا کوئی نہیں سب پدارتھ بھاونا میں ہیں جیسی بھاونا کرتا ہے ویسے ہی سدھ ہوتی اور بھاستی ہے اور سکھیتی میں ہی سنسار کا ابھاؤ ہو جاتا ہے پھر تریا میں کیسے بھان ہوا اور سروپ سے اتر کر اناتم میں ابھمان کرتے ہیں کو پرباد کہتے ہیں کہ میں ہوں یہی اگیان ہے جس سے دکھ ملتے ہیں اگیان نشٹ ہوئے سنسار کے شبد اور ارتھ کا ابھاؤ ہو جاتا ہے سنسار کا بیج ہی آہنکار ہے برہم ایک سروپ ہے اور بھید ان سو بھاؤ ہے اس سو بھاؤ سے نانا پرکار رشو بھاستا ہے پرنتو آتما سے کچھ بھن نہیں آتم روپ ہی ہے سمیک درشٹی کو ایک آتما ہی بھاستا ہے اگیانی کو نانا پرکار کا جگت بھاستا ہے تات پرج یہ ہے کہ پدارتھوں کی بھاونا تیاگ کر آتما میں استھت ہو جانا چاہئے ؏

ایک سو اوئیں سرگ

شبھ اشبھ کرموں کا پھل اور ادویت ہونا آتما کا

رامچندر جی بولے ہے بھگون جب اس سنسار کا بیج آہنکار ہوا تو متھیا سنسار جو ابدیا ہی بد بان دکھتا ہے بھرم روپ ہوا اور جو بھرم روپ ہوا تو یوگ اور شاستر اور شرتی سمرتی کیوں کہتے ہیں کہ اس کا شبھ پنڈ کرکے ہوتا ہے اور جو اشبھ ہوتا ہے تو آپ کیونکر کہتے ہو کہ یہ بھرم سے ہوتا ہے بششٹ جی بولے کہ میرا کہنا ست ہے اور جو کچھ ہوا ہے سو چت شکتی پھرنے سے ہے اور اسی سے وہی برہم روپ ہوتا ہے اور سب میں پدارتھ کا منوراج ہوا ہے کہ یہ آکاش ہے اور یہ پون ہے یہ کرتب اور یہ اکرتب یہ ست ہے اور یہ است ہے سو جبتک منوراج ہے تب تک سرب مرجادا ایسے ہی ہیں اور جگت کی مرجادا بھی کہنے بید کہتا ہے کہ یہ پدارتھ شبھ ہے اور یہ اشبھ ہے آتما میں کچھ دویت نہیں یہ مایا روپ جگت میں مرجادا ہے اور یہ مرجادا بھی بید میں نیتی سے نشچے ہوئی ہے کہ یہ شبھ کرم ہیں ان کے کرنے سے سرگ ملیگا اور یہ اشبھ ہیں ان کے کرنے سے نرک ملیگا ویسے ہی پرش باسنا کے انوسار سکھ دکھ بھوگتا ہے یہ اچت شکتی نیتی ہو کر سرب بھاوک میں ہی پھری ہے پرنتو آتما کو سدا سروپ میں نشچے ہے اور اسی لئے وہ بندھمان نہیں ہوتے یہ بید سب کی نیتی ہے جیسا کوئی کرم کرے ویسا ہی پھل ملتا ہے اور کرموں کے انوسار شریر ملتا

ہے جب تک اہم بھاونا پراپت نہ ہو بید کے انوسار شبھ کرم کرنے چاہئے دھرماتما پرشوں کو اُسی باسنا کے انوسار بھاستا ہے اور دھرماتما ہی دو پرکار کے ہیں ایک سکامی دوسرے نشکامی پاپ روپی کامنا والے جو دھرم کرتے ہیں سو وہ سورگ بھوگ کر پھر گرتے ہیں اور جو نشکام ایشر ارپن کرم کرتے ہیں انکا انتہکرن شدھ ہوتا ہے اور انکو گیان کی پراپتی ہو جاتی ہے جیسا سنسار میں نشچہ ہوتا ہے ویسا ہی دیکھتا ہے اسی لئے پنڈ کے ہی شریر پر ہوتا ہے کیونکہ یہ ہی آدھیتی ہیں نشچے ہوا ہے سو جو نشچہ ہوا ہے ویسا ہی ہوتا ہے سو جگت بیوہار بھی تو ایسے ہی ہے پرنتو پرمارتھ سے کیول نربکار اور ادویت آتما ہے اور شریر اس کے ساتھ نہیں پھر جگت کیسے ہو؛

ایک سو بیس سرگ

راجہ بلی اور برہسپتی کا اتہاس

بششٹ جی بولے ہے رامجی ایک اتہاس برہسپتی اور بلی راجہ کا سنو جو کلپ بیتیت ہونے پر دوسری پرلو میں ایک بڑا پراکرمی راجہ بلی ہوا ایک سمے اس کی سبھا میں چرچا ہوئی کہ جنم کیسے ہوتا ہے اور مرن کیسے راجہ نے برہسپتی جی سے پوچھا کہ جب یہ پُرش مرجاتا ہے اُس کا شریر بھسم ہو جاتا ہے پھر کرموں کے پھل کیسے بھوگتا ہی اور بنا شریر وہ کیسے آتا جاتا ہی برہسپتی بولے کہ اس جیو کو کوئی دیہہ نہیں یہ جیو نہ جنمتا ہے نہ مرتا ہی سدا اچیت روپ ہے یہ سروپ کے پرماد سے آپکو دیہی جانتا ہے کہ میں اُنکو بھوگتا ہوں اور جنمتا ہوں اور مجھے اتنا کال ہوا ہی یہ میری ماتا پتا ہیں اور پھر ہی آپ کو مرتک ہوا جانتا ہے یہ سب بھرم سے سپنے کی نیائیں دیکھتا ہے اور جب مرتا ہے جانتا ہے کہ میرا شریر پنڈ سے ہوا ہے اور اب میں دُکھ اور سکھ بھوگونگا اور شریر کو باسنا سے اپنے ساتھ دیکھتا ہے ہے راجہ جب پرمارتھ سے اُس کے ساتھ شریر ہی نہیں تو جنم مرن کیسے ہو سروپ کے پرماد سے دیہہ دھاری کی نیائیں استھت ہوا ہے اور اس دیہہ سے ملکر بھاونا کے انوسار پھل بھوگتا ہے اور جیسی بھاونا ہوتی ہے ویسا ہی شریر دیکھتا ہے ایسے ہی آپکو جنمتا مرتا دیکھتا پھرتا رہتا ہی آتما جیوں کا تیوں سوبھاوک استھت ہے اور اس جیو میں بشو ہے اور بشو میں جیو نہیں جیسے تل میں تیل ہے اور تیل میں تل نہیں اور بشو ست ہی نہیں اور است ہی نہیں ست تو اس کارن نہیں کہ چل روپ ہے است اس کارن نہیں کہ ہرتان بھاستا ہے تم اسکی بھاونا ترک کرو آتما میں جیو اور اہنکار مٹھیا ہیں

جب تک شاستر کی من میں چلتا ہے تب تک سنسار کی نورتی نہیں ہوتی جب ورشیہ کے پھرنے اور اہنکار سے جڑ ہو جاویں تب آتم پد کی پراپتی ہوتی ہے آتما نہ کہیں جاتا ہے نہ آتا ہے نہ مرتا ہے نہ جنمتا ہے جب اس سے چیت اور چت کا سمبندھ مٹ جاوے تب آنند روپ ہو جاتا ہے چیت ورشیہ کو کہتے ہیں اور چت اہنکار سمبوت کا نام ہے برہم آتما اور شوپد ہے جس میں بانی کو گم نہیں اور انہو تر باح پر ہنی تم اوسی میں استھت ہو جبتک بھاؤ ابھاؤ پھرتا ہے تب تک اس کو جیو کہتے ہیں جب پھر نامٹ جاتا ہے جیو سنگھیا مٹ جاتی ہے اور یہ جیو شوپد آتما کو پراپت ہو جاتا ہے ؛

ایک سو اکیس سرگ

راجہ بلی اور برہسپتی کا سمباد

جبتک ہر دے میں سنسار کی ستا ہے تب ہی تک جیسے کرم کرے گا ویسے ہی شریر دھارے گا کیونکہ چت نے جس پدارتھ کو ست جانا ہے اسی پدارتھ کا سنسکار استھت ہو جاتا ہے چت اگیان سے اپجا ہے جیسی جیسی بھاونا سے یہ پرش کرم کرتا ہے ویسا ویسا چت کی پرتھوی پر بیج اگتا ہے اور سکھ دکھ ہوتا ہے اور گیانی آکاش وت ہے آکاش میں بیج کیسے اُپجے بیج تو بھاونا سے اگیان روپی پرتھوی میں اگتا ہے راجہ بلی بولے کہ جو چت ہوا تو مرتک ہوا اسی انہوں نے بھاونا سے ہوتا ہے سو یہ چت مرتک ہوا اور اسکی پرانم میں بھاونا ہوئی تو پھر اس کا شریر کیسے ہوتا ہے برہسپت جی بولے کہ چندوان آدک کیا ہے اور اس کے ہردے میں بھاونا ہو تو وہی بھاونا کرم روپ ہو جاتی ہے اور جو ہردے میں بھاونا نہو اور کسی باندھو نے اسکے نمت چندوان کیا تو بھی اسکو بھاس آتا ہے جو اگیانی جیو ہیں جنکو اتم میں آتم پد ہی سے ان کے کرم کہاں گئے ہیں جو وہ کرم کرتے ہیں وہی انکی چت روپی بھومی میں اگتے ہیں انکی شریر کی سنگھیا کیا ہو ایک باسنا روپی شریر گیان بنا پن وت دھارتے ہیں راجہ بلی بولے کہ یہ تو میں نے جانا کہ جسکو مس کچھن کی بھاونا ہوتی ہے وہ وہی اس کچھن پد کو پراپت ہوتا ہے اور جیسی بھاونا ہوتی ہے ویسا ہی سروپ ہو جاتا ہے جب سنسار کی باسنا نورت ہوئی مکت ہے ؛

ایک سو بائیس سرگ

چت ہی سے سنسار کا ہونا بھرم ہے

بششٹ جی بولے کہ ہے رام جی جبتک چت ہے تب ہی تک سنسار ہے جب چت نشٹ ہو جائے تب

ساری بھرم مٹ جاتے ہیں یہ جیت ہی است ہی اور یہ بشو ہی است ہی جیسے اکاش ہیں نیلتا بھرم سے بھاستی ہے ایسے آتما میں بشو بھرم سے ہے گیان کی ساتویں بھومکا سے چت نشٹ ہوجاتا ہے جس ہیں سے تین کہی گئی ہیں چار کہنے کو رہی ہیں جسکو پہلی تین بھومکاؤں میں ایک ہی پراپت ہوئی ہے اسکو مہاپرش جانو کیونکہ اس سے مان موہ نرت ہوجاتے ہیں اور کرپا چت سنگ دوش سے نہیں لگتا راگ دویش سے رہت سم ہوجاتا ہے ؛

ایک سو تیئیس سرگ

جاگرت اور سپن سکہپتی کے لکشن اور تریا پد کا برتانت

بسشٹ جی بولے جب تیسری بھومکا میں ورڑہ پورن ہوجاتا ہے تب ورڑہ ابھیاس سے چوتھی بھومکا اودے ہوتی ہے اور پھر اگیان نشٹ ہوجاتا ہے اور سمیک گیان اودے ہوجاتا ہے جسکو یہ چوتھی بھومکا پراپت ہوجاتی ہے اس کے ناناپرکار کے بھید اور بھاؤ جاتے رہتے ہیں اور جگت سپناسا دیکھنے لگتا ہے سب کلپنا ناش ہوجاتی ہیں رامچندر جی بولے کہ تت کا سمرن اور پدارتہ کی بھاونا اور ناشوان پدارتہوں کو ست جاننا جاگرت اور پدارتہوں میں بھاؤ ابھاؤ کی ستا ہونی اور جگت کو متیا بھاونا ماتر جاننا سپن ہے اور جس میں جاگرت اور سپن دونوں لے ہوجاویں وہ سکہپتی ہے جو گیان بھاو سے بھید کی شانتی ہوجائے اور جاگرت اور سکہپتی اور سپن تینوں کا ابھاو ہوجائے وہ تریا ہے چوتھی بھومکا والا سنسار کو سرد کال کے میگھ کے تل جانتا ہے اور پانچویں بھومکا والا نرمل اکاش دیکھتا ہے اسکو سنسار کا بھان ہی نہیں ہوتا اسکی چیشٹا سو بھاوک ہوتی ہے اور کسی پدارتھ کی بھاونا نہیں رہتی دوئیت کلپنا نشٹ ہوجاتی ہے کیول ایک برہم ستا دکہتی ہے ہے رامجی اتہا سے سنسار اچھا ہے اتہا ہی کارن سنسار کا ہے جب وہ نشٹ ہوا برہم ہی برہم دیکھنے لگتا ہے وہ سب اہنکار اندری آدک سے اتیت رہتا ہے کوئی بکار کرودہ موہ آدک اسپرش نہیں کرسکتا ؛

ایک سو چوبیس سرگ

تیسری سے چھٹی بھومکا تک برتانت

بسشٹ جی بولے تیسری بھومکا تک جاگرت ہے اور چوتھی بھومکا میں جاگرت اوستھا سپن کے تل دکہتی ہے اور پانچویں بھومکا والا سنسار سے سکہپت ہوتا ہے چھٹی بھومکا والا تریا پد میں استھت ہوتا ہے سدیو اکریا بان

ہے سب کچھ پا اسمیں دیکھتی بہی ہیں پرنتو ہردے سے شونیہ کسی سے اسپرش نہیں کیونکہ وہ سب پدارتھوں میں آتم بہاو رکھتا ہے اور گرہن تیاگ سے اتیت کیول شانت روپ رہتا ہے گیان کا پرکاش ہوکر باہر بہیتر سے ایک رس رہ کر اپنے کو گیانی نہیں جانتا سنسار کی بہاونا سے رہت ہے اس پد کے کہنے کو گم نہیں کوئی برہما کہتے ہیں کوئی چیتن کوئی آتما سنسار ساکشی کہتے ہیں اور کال والے اسکو کال اور ایشر بادی ایشر سانکہہ والے پرکرتی آدک سنگیاؤں سے کہتے ہیں یہ سب اسی کے نام ہیں اس سے بہن نہیں اس پد کو سنت جن جانتے ہیں چھٹی بہومکا والے کو جیو بہاو جاتا رہتا ہے ؛؛

ایک سو پچیس سرگ

ساتویں بہومکا کا برتانت

بشسٹ جی بولے کہ جب ساتویں بہومکا پراپت ہوتی ہے تب آپ کو آتما ہی جانتا ہے اور بہوتوں کا گیان جاتا رہتا ہے کیول آتما ماتر ہوتا ہے اور ورش کا گیان نہیں رہتا دیہہ سہت ہوا تہوا بدیہہ اسکو آتما ہی دیکھتا ہے وہ جیون مکت ہے اس پد کو وہی جانتا ہے ؛؛

ایک سو چھبیس سرگ

بہومکاؤں کا برتانت اور باسنا کے تیاگ ہیں

بشسٹ جی بولے ہے رامچندر جی ان سات بہومکا سے گیان کی پراپتی ہوتی ہے اور کسی سادھن سے نہیں ہوتی تیسری بہومکا تک سب کامنا نورت ہوجاتی ہے اور ایک آتم پد کی کامنا رہتی ہے جب اس اوستھا میں شریر چھوٹ جاتا ہے تب اور جنم پا کر گیان کو پراپت ہوتا ہے اور جب چوتھی ملکر روپ کی پراپتی ہوجاتی ہے شریر چھوٹنے پر پھر جنم نہیں پاتا اور پانچویں بہومکا والا سکھپت کی نیائیں ہوتا ہے اور چھٹی بہومکا ساکشی روپ تریا پد ہے ساتویں تریاتیت انملاج پد ہے اس سب کہنے کا تاتپرج یہ ہے کہ باسنا کا تیاگ کرو اور اچت پد کو پراپت ہو ترشنا کی سنگل سے پرش بندہا ہوا دکہ پاتا ہے اس سنگل کو کاٹنا چاہئے اس ترشنا کے کئی نام ہیں ترشنا۔ اوبلاکہا۔ اچھا۔ پھرنا۔ سنسرنا۔ آدک جب یہ ترشنا دور ہو جائے تب آتم سروپ ہو جائے اور ترشنا کے نشٹ ہونے کا اوپائے ارتھ کی بہاونا کرتا ہے پنچ ارتھ کی بہاونا سے آتم پد کی پراپتی ہو اور باسنا رہیگی اور سنکلپ نشٹ ہوجائیں گے ؛؛

ایک سو ستائیس سرگ

باسنا کے تیاگ اور پنج ارتھ کے دھارنا میں

رامچندر جی نے پوچھا کہ پنج ارتھ کی بھاونا سے باسنا نشٹ کیسے ہو جائیگی اور آتم پد کی شگرہی کیسے پراپتی ہوگی کہ باسنا تو چرکال کی جہت میں استھت ہے اور جبتکہ باسنا نشٹ ہوگی جیون مکت کیسے رہے گا باسنا کے نشٹ ہونے پر شریر تو رہیگا ہی نہیں بسشٹ جی بولے کہ پنج ارتھ کے دھارنے سے سنشے دور ہو جائیں گے آتم پد کی پراپتی ہوگی موہ پنج اکشر کے تین ارتھ ہیں ایک یہ کہ پنچ بھوتاتک شریر سے تیرا سروپ بلکش ہے دوسرے ارتھ یہ کہ شریر جڑ اور تم روپ ہے تیسرے یہ کہ سروپ ہوں اور ہم سے پرے ہوں جب جان لیا کہ میں آتما ہوں اور دیکھ آدک اناتما ہے تب دیکھ سے بلکہ ابھلاشا کیسے رہیگی چوتھا یہ کہ ابھاؤ ہے کہ نہ میں ہوں نہ کوئی جگت ہے جب ایسی جانا تب ابھلاشا کس کی اچھا رہیگی جو تم آپکو آتما دیکھ سے بلکش جانوگے تو بھی ادویت تم سروپ شریر کی ابھلاشا نہ رہیگی دیکھ تم روپ اور تم آرت ہرن ہو اور تہات اکاش روپ ہو تمہارا اسکا کہاں سنجوگ ہوگا تب آپکو پرکاش روپ جانوگے تب سنسار کا تم نہ دیکھیگا اور شریر کی چیشٹا سوبھاوک ہوگی اور تم میں کچھ چیشٹا نہ ہوگی جو کچھ شریر کی پرالبدھ ہے سو ارش ہوتی ہے اچھا کچھ نہیں رہتی اس لئے چت کو آتم پد میں رکھو اور سوبھاوک بنا اچھا چیشٹا کرو اچھا ہی دکھدایک ہے اچھا نشٹ ہونے پر گیانوان تم یا پد کہتے ہیں اور جب جاگرت اور سپن اور سکھوپتی کا ابھاؤ ہو وہ ہی تم یا پد ہے اہنکار کے ناش ہونے پر آنند ہی آنند ہے اہنکار کا تیاگ کر کے سروپ میں استھت ہو رہو جس نے کرم کا تیاگ کیا اور اہنکار سہت ہے اس کے پن اور پاپ کچھ بنے ہوئے ہیں جسمیں اہنگ بھاؤ نہیں وہ چاہے کرم کرے انہوا نہ کرے اور پنچ اپکو اکرتا جانے وہ بندھن میں نہیں سنسار مقتیا کے تیاگنے میں کچھ جتن نہیں جب پرپنچکو مقتیا جانا تب بھی کوئی کریا بندھن نہ کرینگے اور چیشٹا سوبھاوک ہوگی راگ دویش جاتا رہیگا اور جب ست پد پراپت ہوگا تب آتم سمرن ہوگا اور اسکو شوپد کہتے ہیں سو پرم پد اور ارتھ سے رہتا اور کنول چنماتر ادویت پد ہے اسمیں اہنگ تم کا تیاگ کر کے استھت رہو اور سنسار اسی کا نام ہے کہ میں ہوں اور یہ میرا ہے جب یہ نہ ہے سروپ میں استھت ہوتا ہے

ایکسو اٹھائیس سرگ آہنکار کے تیاگ میں

بسشٹ جی بولے آتما ادویت ہے جسکو ایک اور دو نہیں کہہ سکتے اور اپنے آپ سوبھاؤ میں استھت ہے رامچندر

جی نے پوچھا کہ آپ کہتے ہیں کہ آہنگ مم پھرنے کا تیاگ کرو اور اسنگ ہوا ہوا اسنگ نشٹ کرم سے ہوتا ہے انہوا
سو کرم سے بششٹ جی بولے کہ یہ تم ہی کہو رامجی بولے کہ ہے بھگون سب کا تات پرج یہ ہے کہ سب کا مول
سمبوت کا پھرنا ہے جب اس کا ابھاؤ ہوا تب شیش آدی آتما ہی رہتا ہے اور جبتک چت سے سمبندھ ہے تب
تک سنسار ہیں جنم مرن پاتا ہے جب چت سے رہت ہوا تب پرم برہم ہے وہ شُدھ پد شانت اور آنند روپ ہے
اور چنماتر ہیں جو آہنگ کا اوتھان ہے وہی کرم والے پُرکھ کا کارن ہے جبتک اناتما سے ملکر کہتا ہے کہ
میں ہوں یہ ہی سنسار کا کارن ہے بششٹ جی بولے کہ اسی پرکار کرم کا بیج سوکھشم سمبوت ہی جب
تک سمبوت ہی تب تک کرموں کے بیج کا ناش نہیں ہوتا اور کرموں کا بیج اچھا اور ترشنا اور اگیان اور چت
اور گرہن اور تیاگ کی بدھی اتیادک بہت سنگیا ہیں اور جبتک اگیان ہے اچھا کا ناش نہیں ہوتا اور کرم
بھی ناش نہیں ہوتے پرنتو یہ بھید ہے کہ اگیانی کو بھاستا ہے کہ یہ اچھا اور یہ کرم ہے اور گیاوان کو سب
برہم ہی ہے ہم دیکھتا ہے اگیانی کو کرم بھاستا ہے اس لئے بندھمان ہوتا ہے اسی کا نام تیاگ ہے کہ کرم سو کرم
بدھی جاوے اور اس کا نام تیاگ نہیں ہے کہ کریا کو ہی تیاگ دیں بڑا اپادھی آہنکار ہے جس کا اہنکار نشٹ ہوا
ہے وہ پُرش کرم کرتا ہی سو بھی اس نے کچھ نہیں کیا اور اہنکار سہت کو سب کرم لپیت ہو رہے ہیں کیسا ہی تیاگی
بھی ہو جائے ؀

ایک سو اونتیس سرگ

اہنکار کے نشٹ کرنے میں

بششٹ جی بولے ہے رامچندر جی آہنکار جب سیرت ہو تب ہی اسکو انرت ہے آہنکار ہی دُکھ کا بیج ہے
رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون جو لبتو است ہے وہ نہیں ہوتی اور جو ست ہے اس کا ابھاؤ نہیں ہوتا
آپ یہ کیسے کہتے ہیں کہ اہنگ سمبیدن کا ناش کرو جو تو ست بھاستی ہے سمبیدن کا ناش کیسے ہو بششٹ
جی بولے کہ ہے رامجی آتما میں اہنکار ایسے ہے جیسے رسی میں سانپ دیکھتا ہے سو مِتھیا ہے آتما میں آہنگ
تو اہنگ کا شبدارتھ کوئی نہیں اگیان سے بھاستے ہیں گیان سے لین ہو جاتے ہیں جس نے اہنکار کو تیاگ
کرا اور کرم کرتا ہوا بھی کہتا ہے کہ میں نہیں کرتا وہ بھی اکرتا ہے اور وہی پُرش پرم نربان پد کو پراپت ہوتا
ہے اور آتم سدا اپنے آپ میں استھت ہے اور جو پُرش گرہست میں ہو کر آہنکار سے رہت ہے اسکو بن باسی
جانو جو بن باسی آہنکار سہت ہے وہ سدا نگر باسی ہے وہ ایک گڑھے سے نکلکر دوسرے گڑھے میں پڑا ہے

یہ جیو اُنشکا م کرم تب ہی ہوتا ہے جب اُسکی اہم بید ہنا نشٹ ہوتی ہی پرش پر جتن اُسی کا نام ہے کہ اپنے کو ناش کریں اور آپ ہی آپ رہجاویں ارتہات اپنے آپکو جاننا یہ ہی اہنکار ہے آتما کو ہی ست جانو اور اپنا ابھمان نہ کرو سب پدارتھ است ہیں تم اہنکار کے ناش کا جتن کرو اور نشچے کرو کہ نہ میں ہوں اور نہ جگت ہے اسی کا نام گیان اسیکو پرم برہم اور بیمیک پد کہتے ہیں ؛

ایک سو تئیس سرگ

بدیا دھر کا برتانت اور درشٹانت

بسشٹ جی بولے جسکے من سے میں اور میرے کا ابھمان گیا وہ ہی شانت ہی اور یہ پرتھم جب بنتا ہی جب جگت بنتا ہے جب آپ ہی نہ بنے تو جگت کہاں ہے آہنکار کا تیاگی ہی سب کا تیاگی ہی کریا کے تیاگ کا نام سرب تیاگی نہیں اہنکار کے تیاگی کو سپنے میں بھی سنسار نہیں دیکھتا سنسار کا بیج اہم بہاؤ ہے جب اسکا ناش ہوگا جنم بھرم بھی مٹ جائیگا اُسیکا تیاگ کرنا چاہئے کیا تو اُنکی چنیتا دیکھنے ہی مانرہے اسکو کو بھی جگت کی ستا اور بندھن نہیں ہوتی گیانی جانتا ہے کہ یہ کرم شریر کے ہیں آتما کے نہیں آتما اہنکار کے میل سے ڈھکا ہوا ہے میل کے دور ہونے پر نرمل آتما دیکھنے لگیگا اہنکار سہت کرپا کرکے آپکو سکھ ماننا مورکھتا ہی شدھ آتما میں آتما برہم بنا کار نرجن اتیادک نام اہنکار سے ہی چلے گئے ہیں آتم کیول ستا مانترا اُبھرے اور ست است کی نیائیں استہت ہی انتہا تیاگنے کے پشچات شانت روپ آتما ہی رہجاتی ہی ہے رامچندر جی ایک سمے میں سمیر پربت کی سکھر پر گیا وہاں بھشنڈ جی بیٹھے تھے اُن سے میں نے پوچھا کہ ایسا ہی کوئی پُرش ہے جس کی آیو بڑی ہو اور وہ گیان سے شونیہ ہو بھشنڈ جی بولے کہ ہے منیشر ایک بدیا دھر تھا جسکی آیو بڑی تھی اور اُسنے بہت سی بدیا پڑھی تھی اُس نے جپ تپ نیم آدک سکام کرکے اور چار جگ پرینت بہت بھوگ بھوگے تھے جب چوتھے جگ کا انت ہوا تب اسکو بیراگ اپجا اور سب بھوگوں کا تیاگ کرکے لوکا لوک پربت پر گیا اور بچارتا ہوا میرے پاس آیا اور مجھسے پوچھا کہ اتنے کال تک میں نانا پرکار کے بشیونکو بھوگتا رہا ہوں پرنتو مجھکو شانتی نہیں ہوئی تم کرپا کرکے اپدیش کہو کہ میں نے سنسار میں بہت دکھ پایا اور میں نے بھکشا مانگنے والوں والدریوں کو بھی اور بڑے بڑے ایشرج والوں کو بھی بھشم ہوتے دیکھا اور بھشم دونوں کی ایک سی ہو جاتی ہے کسی میں ادھکتائی نہیں ہوتی اور جو یہ کہو کہ تو سکھی دیکھتا

ہے بھجے کیا دکھہ ہے تو ہے بھگون یہ دکھہ دیکھنے میں نہیں آتا پر نتو میرے کو جلاتا رہتا ہے پرہا کے لوک میں اپنے بڑے سکھہ دیکھے ہیں پر نتو وہاں بھی دیکھی رہا ہوں وہاں بھی ناشوان اور اَشتی رہتے ہیں اور وے بھی اس سے جلتے رہتے ہیں ہے بھگون وہ کونسا سکھہ ہے جس کا ناش نہیں اور جس کے پانے سے پھر دکھی نہوں مجھہ کو اندریوں نے بڑا کشٹ دے رکھا ہے اور بس میں کر لیا ہے تمہاری سرن ہوں کرپا کر کے مجھے اپائے بتلاؤ اور اس کے آپدا کے سمدر سے پار لگا لو؛

ایک سو اکتیس سرگ

بھسنڈجی کا اُپدیش آہنکار کے نشٹ میں

بھسنڈجی بولے کہ ہے بدیادھر اب تو جاگا ہے جو اُپدیش میں کرتا ہوں اسکو جان کر انگیکار کرو اندریوں کے سکھہ اگمایا ہے اور دکھہ کے بھرے ہوئے ہیں اُن سے رہت پرم سکھی ہوتا ہے جو کچھہ تم کو سکھہ روپ درشٹی میں آئے اس کا تیاگ کرو تجھے پرم سکھہ پراپت ہوگا سب دکھوں کا مول اہم بھاؤ ہے اہنکار کے ناش ہونے سے آپ سے آپ شانتی ہوجائیگی اور سنسار نِشٹ ہوجائیگا سو تم آہنکار کے بیج کا ناش کرو اور نر اہنکار استھت ابھاؤ ہوجاؤ؛

ایک سو بتیس سرگ

بھسنڈجی کا اُپدیش آہنکار کے نشٹ میں

بھسنڈجی بولے ہے بدیادھر یہ گیان برہم بدیا شاستر کے سُننے اور آتم بچار سے اپجتا ہے سو آتم گیان کی اگنی سے سنسار کے بر کھش کو جلاؤں اس کے ناش کرنے سے سنسار بھرم مٹ جائیگا اور آتم بچار سے پرم پد ملیگا یہ سنسار اہنکار کے بیج سے اُپجا ہے جب اس بیج کا ناش ہو جائیگا پھر سنسار ہی نہ اُپجیگا ہے سادھو تم کیول شُدھ پرم تت میں استھت ہو رہو اور درشّ کا تیاگ کرو نہ بدہی ہے نہ میں ہوں جگت آتم پد سب آتم ہے؛

ایک سو تینتیس سرگ

بھسنڈجی کا اُپدیش آتما کے چمتکار میں

بھسنڈجی بولے ہے بدیادھر بیج بھی آتما ہی کا چمتکار ہے اور آتما شُدھ چیتن ہے وہ سنتا مانتر اپنا آپ ہے اور وہ آبھاس

توہنگ سے رہت ہے اور انمت ماتر ہے اور ست سروپ ہوا ست کی نیائیں استھت ہے تو اس جڑ اور چیتن سے ابود بھان پور ہو تو ابودہ ہوگا شانت ہوگا اور جڑہ چیتن سنبندھ گرنتھی پرمارتھ چیتن کے آگے آنند رہتا ہے بدہی اور شسٹ ہے تو بھی ان کے بھیتر ہی رہتا ہے اس جڑہ چیتن کا کارن روپ وہ ہی برہم ہے انپنتی بھی اسی سے ہوتی ہے اور ناش بھی جب ایسے جانوگے جو کچھ رہے گا وہی تیرا سروپ ہے اور جب تیرے بھیتر اس جڑہ اور چیتن کا اسپرش ہی نہوگا تب سب کے بھیتر جو چیتن ہے وہ برہم ہی تجھ کو بھاسیگا سب بشو اور آتما کا چمتکار ہے آتما ہیں اگیان سے بشو کو دیکھتے ہیں وہ کداچت آتما سے بھن نہیں ہیں اور جگت اور برہم اور آتما اور اکاش دیشا اور کال سب اسی انت کی سنگیا ہیں اور وہ ہی شدھ چیتن اکاش ہے جس کا چمتکار ہے ۞

ایک سو چوںتیس سرگ

آہنکار کے نشٹ کرنے میں اپدیش

بسشٹ جی بولے ہے بدیادھر یہ سب جگت آتما سے اتپن ہوا ہے اور آتما ہی میں استھت ہے جو تو اس پد کو پانی کی اچھا کرتا ہے تو یہ نشچے کر کہ نہ میں ہوں نہ یہ جگت ہے سب کا کرتا سنکلپ ہی ہے اور سب کلپنا ماتر ہے اور اہنگ توہنگ کے نشٹ ہونے سے ستتا ہی پرم پد رہتی ہے یہ جگت بچار سے لین ہو جاتا ہے یا ستو میں برہم اور جگت میں کچھ بھید نہیں نام ماتر دو ہیں سنکلپ کے ساتھ بلکہ یہ چت جیسی بھاونا کرتا ہے ویسا ہی اپنا روپ دیکھتا ہے سروپ سے بھن کچھ نہیں بھاونا سے اور کا اور دکھلائی دیتا ہے سو ہے بدیادھر سب بھرمول کو تیاگ کر شدھ چیتن میں استھت ہو اہو ہم

ایک سو پینتیس سرگ

برہم ستتا کا اپدیش بدیادھر کو

بسشٹ جی بولے ہے بدیادھر جب یہ آتم پد کو پراپت ہوتا ہے تب اسکی اوستھا ایسی ہوتی ہے کہ نگن شریر ہو اور شستروں کی بر کھا ہو پھر بھی دکھی نہ ہو اور اسندرا پشپ اکنٹھ سے لگیں تو بھی ہرکھ نہ ہو ہے بدیادھر جبتک آتم پد کا ابھیاس نہ کرے جبتک سنسار سے سکیت کی نیائیں نہیں ہوتا ابھیاس سے ہی آتم پد کی پراپتی ہو جاتی ہے تب دوندھ بھی تک شریر کے دکھ اسپرش نہیں کرتے اور وہ کیول شانت پد میں استھت رہتا ہے آتما کے ساتھ لگا ہو نے پر سب پرپنچ ہی آتم روپ بھاستا ہے آتما نہ جنما ہے اور نہ مرتا ہے اور گنوں کے ساتھ اوستھا

کو پراپت ہوا اور شٹی میں آتا ہے گیانی اس جگت کو اپنے پرشارتھ سے پار کر جاتے ہیں ہے سادہو تم آتم
پد پانے کا جتن کرو آتم تت سب میں بیاپک ہے اور سب سے انیت ہے پرنتو اُس کے جاننے سے
انتش کرن ستیل ہو جاتا ہے اور سب تاپ نشٹ ہو جاتے ہیں یہ سب پدارتھ برہم سروپ ہی ہیں اور
جو برہم سروپ ہوئے تو من اور آہنکار کلنگ آدک بھی وہی ہوئے کیسکو سکھ اور دکھ نہیں ہے بدیا دہرم
جب تو تیرا آہنکار اور نش سنکلپ ہوگا تب تجھکو سب وستہاؤں میں آتم سروپ ہی بہاسیگا ہے سادہو
جس پُرش نے بچار کر آتم پد پانیکا جتن کیا ہے وہ اوش اسکو پاویگا ہتا پر جتن کے بکتی کدا چت نہ ہوگی آتم
سروپ میں دکھ سکھ کوئی نہیں ہے وہ کیول شانت ہی شانت پد ہے نہ کوئی کرتا ہے نہ بھوگتا ہے کیول
برہم ستا استہت ہے ؃

ایک سو چھبیس سرگ

جگت کا سنکلپ ماتر ہونا

بسشٹ جی بولے اپنے انبھو کا چندرماں ہی امرت کا برسانے والا ہے آتم سروپ امرت کی بھاونا کرو کہ جنم مرن کے
بندھن سے مکتی ملے جب آتم ستا میں آہنگ اُٹھتا ہے تب جگت پھیل جاتا ہے جب سمبوت آہنگ سے
رہت ہوتی ہے آتم روپ ہو جاتی ہے اور جگت بھرم مٹ جاتا ہے سب پدارتھ آتما روپ ہیں بچار سے چت
کی ملنتا دور ہو جاتی ہے کہ پرشارتھ سے جگت کا ابھاؤ کرو دو بھاگ تو ست سنگ اور کتھا سننے میں بتیت
کرو تیسرا بھاگ شاستر کے بچار میں اور چوتھے بھاگ میں آتم گیان کا آپ ہی ابھیاس کرو اس اُپاو سے ابدیا
نشٹ ہو جائیگی اور استہرا اور روپ پد کی پراپتی ہوگی بدیا دھر بولا ہے بھگون چار بھاگ ہیں ایسے اوپاے
جو اشبدا روپ پد پراپت ہوتا ہی سو کیسے ہوتا ہے اور نام اور ارتھ کے ابھاؤ ہوئے پرشیش کیا رہتا ہے بسشٹ
جی بولے سنو دستے تو سنے کو گیانوالوں کا سنگ کرنے اور نردوش پرشوں کی ٹہل کرنے سے ادھ بھاگ
ابدیا کا نشٹ ہو جاتا ہے اور تیسرا بھاگ من سے اور چوتھا بھاگ ابھیاس سے نشٹ ہو جاتا ہے اور جو یہ بھی نہ
کر سکو تو جیسے چت ابلا کہا کرکے انسکت ہووے اُسیکا تیاگ کرو ایک بھاگ ابدیا کا تو اس سے ہی نشٹ ہو جائیگا
اور تین بھاگ شاستر کے بچار سے اور اپنے جتن سے رہنے رہنے نشٹ ہوں گے اور جو ست سنگ اور شاستروں
کا بچار اور اپنا جتن ہووے تو ایک ہی بار ابدیا نشٹ ہو جاتی ہے پیچھے جو شیش رہتا ہے اس میں نام اور ارتھ
سب ہی است روپ ہیں اور وہی اجر اور انت ایک روپ ہے سنکلپ کے اپجنے سے پدارتھ بہاستے ہیں اس

سنکلپ کے لین ہونے سے لین ہو جاتے ہیں یہ جگت سنکلپ سے رچا ہے یہاں بہت سے ورشٹانتوں سے یہ تات پرج نکالا ہے کہ جگت سنکلپ ماتر ہے اور سنکلپ ہی میں یہ سرشٹی ہے ۞

ایک سو سینتیس سرگ

اندر کا پتاانت اور اندر کے پتروں کا نربان ہونا اور سنسار کا سنکلپ ماتر ہونا

بھسنڈ جی بولے ہے بدیادھر ایک سمے اندر کسی کل بچ کے ہت نال کمل میں پڑ گیا وہاں اُس کو ناپر کار کے جگت دیکھنے لگے اور اسکی یہ اچھا ہوئی کہ میں برہم تت کو پراپت ہو جاؤں اور ایکانت میں بیٹھ کر سمادھی لگا دی تب اسکو بہیتر اور باہر ساکشاتکار ہوا اور نشچے ہو گیا کہ سرب برہم ہی ہے اور اندریوں کے ساتھ بلکہ گنتوں کو بھوگتا وہ ہی ہے اگیانی کو وہ دور دکھلائی دیتا ہے گیانی کو نکٹ ہی وہی ہے کیول شانت روپ پاس اور دور وہی ہے دوسرا کوئی نہیں اور اندر اس نشچے سے جیون مکت ہو گیا اور نربان پد کو پراپت ہو گیا پھر اندر کے ایک بڑے سوربیر پتر نے دیتوں کو جیت کر تر لوکی کا راج کیا اور گیان پد کو پراپت ہو کر نربان ہو گیا پھر اُس کا پتر بھی ایسے ہی راج کر نربان ہوا سب سے پچھلے اندر کے پتر کو یہ ہماری سرشٹی بھاس آئی اور وہ بھی برہم دھیانی ہوا اور اہنگ بشو کا اندر وہی ہے سو اسپر کار بشو کی اُتپتی سنکلپ ماتر ہے باستو میں کچھ نہیں اس بشو کا بیج ہی اہم ہے ہے بدیادھر تو بھی یہ بھاؤنا کر نہ میں ہوں نہ جگت پھر آتما ہی شیش رہے گا ۞

ایک سو اٹھتیس سرگ

اہنگ سے سنسار کا ہونا

بھسنڈ جی بولے ہے بدیادھر جب اہنگ اُٹھتا ہے تب آگے سرشٹی بنکر دکھتی ہے جب اہنکار جاتا رہتا ہے تب بشو بھی کچھ نہیں دکھتا کیول شدھ آتما ہی دیکھتا ہے اہنگ کے ہوتے سے اندر کو دکھ ہوا اور آتم بچار سے اہنگ کا ناش ہو جاتا ہے گیان کی اگنی سے اہنگ کے برکش کو جلا کر آتم پد جیوں کا تیوں دکھتا ہے اگیان سے جگت بھاستا ہے اہنگ اور تم ہی سنسار کا نام ہے "جب وہ نہ ہیگا سنسار کا ابھاؤ ہو جاویگا یہ سنتے ہی بدیادھر نربان پد کو پراپت ہو گیا اور سمادھی میں استھت ہوا بشسٹ جی بولے ہے رامچندر جی اتنا کہہ کر بھسنڈ جی چپ ہو گئے اور میں آکاش مارگ سے اُڑ کر اپنے گھر میں آیا اس بیرے اور بھسنڈ جی کے سمباد کو چوالیس جگ

بیٹھتے ہیں تات پرج یہ ہے کہ پھر نے کو تیاگو جو کچھہ سوائے آتما کے دیکھتا ہے سب متھیا ہے ۞

ایک سو انتالیس سرگ

اہم سے جگت بھرم کا ہونا

بسشٹ جی بولے ہے رامجی تم اہم رہت ہو ہو سنسار کا بیج اہنگ ہے اور باسنا سے شبھہ اشبھہ کرم کا سکھہ اور دکھہ پھیل رہا ہے گیان اودے ہونے سے جگت بھرم نشٹ ہوتا ہے سب ارتھوں کا کارن یہ انتہا ہے جب یہ چنتا مٹے تب دکھہ دور ہو اور آتم پد کی پراپتی ہو ۞

ایک سو چالیس سرگ

آتما اور جیو کا درشٹانت

بسشٹ جی بولے ہے رامجی سنسار سنکلپ ماتر ہے یہ سرشٹی آتم سروپ میں ہی بستی ہے کہیں لین کہیں اتپن کہیں اکٹھی کہیں بھن بھن ہوتی ہے پرنتو مجھکو پرتیکش دیکھتی ہے یہ بشو کیلہ کے برکہش کی تل کچھہ سار نہیں دیکھنے ماتر ہی سندر ہے اور اکاش روپ ہی رامجی بولے ہے بھگون تم کہتے ہو کہ سرشٹی پرتیکش مجھے اڑتی دیکھتی ہے سو یہ میں نہ سمجھا کہ آپ کیا کہتے ہو بسشٹ جی بولے کہ پنچ بھوتک شریر میں پران استھت ہیں اور پران میں چت اور چت میں اپنی اپنی سرشٹی ہے جب یہ پرش شریر کو تیاگ کرتا ہے تب لنگ شریر جو باسنا اور پران بایو ہے وہ اڑتا ہے اسی لنگ شریر میں بشو ہے اور سو ہم کہتے ہیں ورشٹی سے مجھکو اڑتی دیکھتی ہے اکاش کی بایو سے جسکا روپ اور رنگ کچھہ نہیں ہاں مجھے پرتیکش دکھلائی دیتی ہے اسی کا نام جیو ہے باستو میں نہ کوئی آتا ہے نہ جاتا ہے لنگ شریر کے سنجوگ سے آتا جاتا جنمتا مرتا دیکھتا ہے اپنی باسنا کے انوسار آتما میں بشو کو دیکھتا ہی جیسی باسنا ہوتی ہے ویسا ہی بشو دیکھتا ہی یہ پرش آتم سروپ ہی لنگ شریر کے ملنے سے اس کا نام جیو ہوا ہے اور یہ آپکو پرچھن جانتا ہی باستو میں برہم روپ ہی آہنکار کے سنجوگ سے پرچھن ہوا ہے جب آہنکار روپ چت نشٹ ہو جاتا ہے تب آتما اکھنڈ روپ ہو جاتا ہے جبتک آہنکار نہیں جاتا تب ہی تک جگت بھرم کو دیکھتا ہے اور باسنا سے بھٹکتا پھرتا ہے باسنا کی سرشٹی اپنی اپنی چت میں ہے جب یہ شریر کا تیاگ کرتا ہے تب اکاش میں اڑتا ہے اور پران

بایو اڑ کر اکاس سے ملجاتی ہے وہاں اس کو اپنی باسنا کے انوسار سرشٹی بہاس آتی ہی استہول
ورشٹی سے لنگ شریر نہیں بہاستا یہ سوکہشم ورشٹی سے دیکہا جاتا ہے باسنا اور اہنکار کے تیاگ سے بشو
دکہلائی نہیں دیتا اور کیول نرلکلپ برہم ہی بہاستا ہے ایسے پرش کے پران بہی نہیں اٹہتے وہیں
لین ہو جاتے ہیں کیونکہ اس کا چت اچت ہو جاتا ہے یہ بشو سنکلپ ماتر ہے گیانی کو کچہہ دیکہتا ہی اور
اگیانی کو آتما کے پرماد سے لبتار سے دیکہتا ہے جب یہ پرش سوتا ہے اسکو شبہہ اشبہہ میں کچہہ راگ
دویش نہیں ہوتا تب اسٹ میں راگ اور انسٹ میں دویش ہو جاتا ہے سو جبتک بشو میں گرہن اور تیاگ
کی بدہی ہی جو سر بگیہ ہی تو بہی مورکہ ہے آتما میں استہت ہونے سے کلیان ہوتا ہے جب سمبوت پہرنے
سے رہت ہو جاتی ہے تب اس کو سروپ کا ساکشات کار ہو جاتا ہے سو تم پہرنے کا تیاگ کرو رامجی
بولے ہے بہگون اس جیو کا سروپ کیا ہے اور یہ جیو اکار کو گرہن کیسے کرتا ہے اور اس کا ادہشٹان پرماتما
کیسے ہے اور اس کے رہنے کا استہان کیا ہے بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی یہ جیو شدہ اور پرم آتم روپ
نرلکلپ اور چنماتر پد ہے جب اس کو اچہا ہوئی کہ میں ہوں اور اس کو چت سے سمبندہ ہوا سو چت کا سنجوگ
ہوا اور اسی کا نام جیو ہے سو جیو نہ سوکہشم نہ استہول نہ شونیہ نہ اشونیہ نہ تہوڑا نہ بہت ہے وہ کیول اسمنت ماتر
ہے سروپ وہی ہے باستو میں اسمیں کوئی شبد نہیں ہو کوئی شبد ہے سو پرت یوگی سے ملا ہوا ہی اور
اور وہ اودیت ہی پرنتو چت کے سنجوگ سے جیو ہوا ہے اور جیو کا ادہشٹان پرم آتم تت چیتن کاش نرلکلپ
شدہ ہے اسمیں جو سمبوت پہری ہے اوسی کا نام جیو ہے اسکو بیراٹ بہی کہتے ہیں اور اس کا شریر منومی ہے
جو آدپرم تت سے پہرا ہے اور وہ اوستہا کو پراپت نہیں ہوا اور راگ دویش سے رہت من اور کرموں اور دیہوں کا
بیج ہے سب میں جاپک ہے اس کے سنکلپ سے یہ سب رچے ہیں او پنچ گیان اندریوں اور اہنکار اور من اور
سنکلپ ان آٹہوں کا اسنے اکار دہارا ہوا ہی اور اب بہی ان اکاروں کو اسنے گرہن کر رکہا ہی اور پرم ارتہہ کو تیاگ
کر پہرنے سے جو اکار اپنت ہوئی ہیں اور اسنے انکو گرہن کیا ہی اسی کا نام پرلنگٹکا ہے جیسے جاگرت شریر کو تیاگ
کر سپنے کے شریر کا انگیکار کرتا ہی ایسے شدہ چنماتر نرلکلپ اودیت کو تیاگ اس جیو نے باسنائی شریر کو انگیکار
کیا ہے پرنتو اس نے باستو سروپ کا کچہہ تیاگ نہیں کیا اور سروپ سے وہ گرا نہیں وہ شدہ اور نرلکلپ بہاؤ
کو تیاگ کر کے بیراٹ بہاؤ ہو گیا ہے اور اسی پرکار آگے اس پرش نے چاروں بید گیان سے رچے ہیں اور
نیتی کو پہنچے کیا ہے نیتی کا ارتہہ یہ ہے کہ یہ پدارتہہ ایسے ہو یا ایسے ہو اور دیش۔ کال۔ وستا آدک ہو تو گئے

اس پرش کے اتنے نام ہیں ایشر بیراٹ آتما پرمیشر اتیادک اس جیو کا سروپ باسنا روپ ہے شریر کے
دھارنے سے اسے باسنا روپ کہا گیا ہے باستو میں اُس کا روپ شدھ اور نرلکار اودیت ہے اسی جیو نے
بیراٹ روپ ہوا ہے یہ جیو اس چت کے سمبندھ سے تچھہ ہو گیا ہے باستو میں پرم آتم سروپ ہے جیسے مہا
اکاش کے سنجوگ سے گھٹ اکاش ہو جاتا ہے ایسے ہی بیراٹ پرماتما نے پھرنے سے سرشٹی رچی ہے اور
اس میں اہم پرتیتی کری ہے جیسے سپن میں اپنا مرنا دیکھتا ہے ایسے یہ آپ کو درشنیہ دیکھتا ہے درش میں
بیراٹ ہے اور آتما میں اس کا ابھو ہے آپ ہی یہ اپجا ہے آپ ہی لین ہو جاتا ہے یہ جیو چیتن اور نراکار
روپ ہے پرنتو جب یہ اپنے سنکلپ سے آپ کو درش سنجگت دیکھتا ہے تب مہا آپدا کو پراپت ہو جاتا ہے
جب دویت سے رہت نرلکلپ ہو کر دیکھتا ہے تب شدھ اور چیتن آتم پد کو پراپت ہوتا ہے پرم آتما ہی سب کا
ادھشٹان ہے اور سب کے بھیتر باہر استھت ہے ہے رامجی تم اس سمبیدن کو تیاگ کر کے دیکھو کہ سرو تر
سرو تر ہی پرماتم روپ ہے جب تمہارا پھرنا نورت ہو گا جب تم کو شدھ آتما ہی پرکاسیگا۔

ایک سو اکتالیس سرگ

گیان اور گیان بندھ کے لکشن

بسشٹ جی بولے ہے رامچندر جی یہ پرم آتما پرش پھرنے کر کے جیو سنگیا کو پراپت ہوا ہے پرنتو اپنے سروپ
کو نہیں جانتا اسی لئے بارم بار دکھ پاتا ہے اور پرماد کے دوش کو کلپتا ہے اور درش کو اپنا آپ جانتا ہے
جو اپنا روپ سمرن ہے تو درش میں ہی اپنا روپ بھاسے اور اپچار سے بھن نہیں بھاستا جیسے سپنے والے
کا روپ ہے پرنتو ندرا کے دوش سے نہیں جان سکتا اور جب جاگتا ہے جانتا ہے کہ میں ہی تھا آتم سروپ جاننے
سے اس اپر پنچ لبتو کا ابھاؤ ہو جائیگا شونیہ اشونیہ جڑ چیتن سب کچھ آتما ہی پورن ہے نشچے کس کا کریں
اور تیاگ کس کا انبھو سے سب پدارتھ سدھ ہوتے ہیں مورکھ آتما کو نہیں جانتے اگیانی جیو مایا کے جل میں پھنسے
ہوئے ہیں جب باسنا کو تیاگیں تو مکت ہو کر دیکھتا ہے جیو سنگیا ہوئی جب اپنے آپ کو جیوں کا تیوں جان لے
پھر پھر ہم ہے سو اہنکار کے تیاگنے سے ایسا پد ملتا ہے ہے رامجی اپنے باستو سروپ میں جو نرگن ہے گنوں کا سنجوگ
اوپاوہی سے دیکھتا ہے جب نرگن اور سرگن کی گانٹھ ٹوٹ جاتی ہے کیول اودیت تت اپنا آپ بھاستا ہے جو
اناما اور دکھ سے رہت ہے جس کے جاننے سے پھر کچھ جاننا نہیں رہتا گیان بندھ سے اگیانی اچھا ہے کیونکہ

اگیانی ست سنگ اور شاستروں سے گیانوان ہوجاتا ہے گیان بندہ سے سنتوں کا سنگ اور شاستروں کا شروَن نہیں ہوتا وہ اندھا ہی رہتا ہی رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون گیان بندہ اور اگیان کا لکشن کیا ہی اور گیان بندہ کا پھل کیا ہی بسشٹ جی بولے کہ گیان بندہ اسکو کہتے ہیں کہ جسنے شاستروں کے شروَن کرنے سے آتما کو نت شدھ اور گیان سروپ اور تینوں شریر سے بھن جانا ہی اور ایسا ہی آپکو مانتا ہی پرنتو بشیوں کے بھوگنے کی اُسکو سدا ترشنا رہتی ہے اُسکو گیان بندھ کہتے ہیں اور بودہ پپلی ہے اور کرم پھل کے بچار سے رہت ہے بھلے بُرے کا بچار نہیں کرتا اور بودہ میں بچرتا ہے پرنتو مکھہ سے شبھہ کو نروپن کرتا ہی وہ شاستر پپلی ہے کہ پھل کے لئے کرتا ہے ارتھات شاستر انوسار وہ اپنے آپ کو آتم مانتا ہے پرنتو بشیوں سے بندھایمان ہے اسی لئے ایسے پرش کو ارتھ شکتی بھی کہتے ہیں کہ ایک پرورتی مارگ ہے ایک نورتی مارگ پرورتی مارگ سنسار مارگ ہی اور نبرتی آتم گیان مارگ ہی جو نبرتی مارگ کو وچارتا ہے اور پرورتی مارگ میں بشیوں اور اندری کو بشیوں کی باچھا کرتا ہے اور سروپ کا ابھیاس نہیں کرتا وہ بھی گیان بندھ کہلاتا ہی جو سرتی انوسار کرم بھی کرتا ہی پرنتو پھل کی کامنا رکھتا ہے اتھوا آتما میں ترپت بھی ہے اور بسی کی اچھا بھی کرتا ہی اور آپکو آتم بھی مانتا ہے اتھوا آتم تت کا نروپن بیتھارتھ کرتا ہی اور اسمیں آپ آہنت نہیں اتھوا جسنے سدہی اور الشرج کو پایا ہے اس لئے آپ کو بڑا جانتا ہے پرنتو آتم گیان سے رہت ہے ان سب کو گیان بندہ کہتے ہیں جو ودھیان سے گیا نکی پراپتی ہے اُس سے شانتی کا پرکاش ہوتا ہے اور جبتک شانتی کی پراپتی نہو تب تک آپکو بڑا نجاننا چاہیے بڑائی گیان سے ہے جبتک گیان نہ اُپجے آتما پرائن ہونا اور ابھیاس کرنا اور شبھہ بیوہاروں کو پرانوں کی رکھشا کے نمت کرنا چاہیے اور یہ ہم جگیاسو سنسار سمدر سے مکت ہونے کو ہے آتم پرائن ہونے سے سب دُکھ مٹ جاتا ہے سو اُس پد کی پراپتی کو یہ ہی اوپا ہے کہ ست شاستروں کو سمجھ بارم بار ابھیاس کریں اور بشیوں کو مہتیا جان کر بیراگ کریں ॥

ایک سو بیالیس سرگ

اہم بھاؤ اور گیانی اگیانی کا برتانت

بسشٹ جی بولے کہ گیان نشٹا اُس کا نام ہے جو گورو اور شاستر سے آتم نشچے بنے اسمیں آہم بلپرتی کے اِستھت رہے اور جگیاسو ہوکر گیانوان ہو اسی گیان نشٹا سے پرم پد کی پراپتی ہی اور جب ایسی

پراپتی ہوئی کرموں کے پہل کا گیان نہیں رہتا اوسکی باسنا کی گانٹھ ہی ٹوٹ جاتی ہے بودہ وہ ہی
ہے جسکے پانے سے پہر جنم نہو اور جنم کا ہونا سنسار ہے بمکہہ ہو جانیسے اور باسنا نشٹ ہو جانیسے ہی وہ سنسار
کے کسی پدارتھ کو ست نہیں جانتا ایسے ہی کو پنڈت کہتے ہیں یہ جیو پرماتم روپ ہی سنسار کے پہرنیسے رہت ہوکر
آتم پد پاتا ہے چت کے سمبندھ سے اسکا نام جیو ہی جب چت کا تیاگ کرے تب ہی آتما ہو جائے جسکو آتم سکھہ پراپت
ہو جاتا ہے وہ لچھمیوں کے سکھہ کی اچھا نہیں کرتا اسی کو گیانی پرش کہہ سکتے ہیں ہیرچت اس کے موڈہ ہیں
سو اندریوں کو من سہت بس میں کرو اور سمبیدن پہرنیکا تیاگ کرو تب آتما ساکشات کار ہوگا سنسار کا اور پرماتم
نت ہے اور انت بہی وہی ہے جیسے سورن گلاوے تو بہی سورن ہے جو نہ گلاوے تو بہی سورن ہے ایسے ہی جب
سرشٹی کا ابہاو ہو جاتا ہے تو بہی شیش آتما ہی رہتا ہے آدمیں بہی آتما ہی تہا مدہ میں بہی اور انت میں بہی
پرنتو گیانی کو دیکہتا ہے اگیانی کو نہیں دیکہتا سب آتما کا ہی چمتکار ہے جیسے جنتر کی تپلی تاگے سے چیشٹا کرتی
ہے ایسے ہی شریر کی چیشٹا پرالبدھ سے سوبہاوک ہوتی رہیگی اور ابہمان نہ ہوگا جبتک اہنکار ہے تب ہی تک
جیو کو شریر یاتر ہی کا گیان ہوتا ہے اسی لئے سکہہ دکہہ ہوتا ہے اسی لئے وہ جیو کہلاتا ہے اور بیراٹ پرش
جو پہلے کہا گیا ہے سو ایشر ہے وہ سب شریر اور انتش کرنونکا گیاتا ہے اور سب ملنگ شریر کا ابہانی ہے اور وہ
سب کو اپنا آپ جاننے والا ہے تب ہی اہنکار کرکے وہ تچہہ سا ہوا ہے اہم پہرنیسے جیو کہا جاتا ہے سو یہ پہرنا درش
میں ہوا ہے اور درش پہرتے ہیں جیسے پہولوں میں سوگندہ اور تلوں میں تیل آتما میں پہرنیسے درش اور پہر
اہنکار سے دیہہ اندری آدک بشٹو کی رچنا ہے سب درش اسمیں اہم پہر سنکلپ کرکے پہرتا ہے اسی کارن اسکی
جیو سنگیا ہوئی ہے وہ پہرنا دور ہو تو آتما ساکشات کار ہو سب پرپنچ مٹہیا ہے بچار سے نہیں رہتا جو پرش
اندریوں کے بشے کی چیشٹا کرتا ہے سوئی بندہ ہے اہلیا کہا ہی دکہد ایک ہی راجہ بہی باسنا جو رکہتا ہو والدری
پہرے ہے اور والدری ہوا اور گیانوان ہو وہ چکرورتی راجہ جانو سنکلپ سے رہت کریا کرتا کو کرتا مت جانو
وہ نرابہمان ہے اسکو شبہہ اشبہہ کرم دونوں سمان ہے چیشٹا گیانی اگیانی کی ایک سی ہے اگیانی اہنکار
سہت کرتا ہے اسی سے دکہہ پاتا ہے گیانی نرہنکار کرکے اپنے سروپ میں استہت ہوتا ہے اور سب سنشٹ
ہو جاتے ہیں ہے رام جی جو تم کون روپ نرمل چکر ہے وہاں ہی اہم پرہم اٹہتا ہے اور وہیں سے برتی پہیل کر اور
پنج اندریوں کے چہید سے نکلکر بشے کو گرہن کرتی ہے اوسان اندریوں کے است انست بنا بشے کی پراپتی
میں یہ راگ دویش کو مانتا ہے اور سروپ کے گیان سے کشٹ پاتا ہے بودہ ہونے پر پہرم سنسار مٹ جاتا

ہے تب آہنکار ہونے سے مکت ہی اور آہنکار سے بندھ ہی گیانوان کا چت ست پدارتھ کو پراپت ہوتا ہے اسلیئے
اسکو آہنکار نہیں رہتا اور اُس کا پھر جنم نہیں ہوتا اور اگیانی جنمتا مرتا ہے جب سنسار سے برکت انترمکھ آتم پرائن
ہوگے تب ہی آہنکار دور ہو جائیگا کیونکہ آتما ہی بہاسیگا پرم نربان پد پلیگا ۞

ایک سو تینتالیس سرگ

منکی رشی کا اکھیان

بششٹ جی بولے ہے رامجی سنسار باسنا روپ سے منکی رشی کی نیائیں ترجاؤ منکی رشی نے مہا گھور تپ
کیئے تھے ایک سمے میں اکاش میں تھا تمہاری پتامہہ راجہ اج نے مجھے یاد کیا میں اکاش سے اترتا تھا مارگ
میں مانے ایک نرجن بن مہا شونیہ ریت کے تھل کا دیکھا وہ سمے گریکھم رت کے مدھیان کا تھا ریت تپتا تھا
چلنے والے کے پیر جلے جاتے تھے اس بن میں میں نے ایک منش بہت دکھت آتا ہوا دیکھا جو ہائے ہائے کرتا ہوا
پچھہ مارگ آگے کو گیا اسکو ایک لاچوں کا گاؤں دیکھا جہاں پانچ سات گھر تھے وہ اس سہارے پر کہ اس
گاؤں میں مجھکو شانتی ہوگی اور چھاؤں میں بیٹھونگا شیگھر شیگھر چلنے لگا میں نے اس سے کہا کہ ہے مارگ کے میت
اس گاؤں کے رہنے والوں کا کداچت سنگ نہ کرنا کہ وہ بڑے نردیی دکھدایک ہیں انکی سنگت بڑی دکھ
روپ ہے وہ آپ ہی کے بشئے کی ترشنا کی اگنی میں جلتے ہیں تجھکو کیسے شانتی دینگے ہے منتر سانپ کے
بل میں بسنا اچھا اگیانی کا سنگ اچھا نہیں بشئے جیوؤں کی پریت ہی مکھ کے تل ہے تو اگیانیوں کا سنگ
نہ کر کیونکہ اگیانی بچارے کے سور چلے دیکھنے کو بادل ہیں جیسے تیل پر اگنی ڈالے تو جلاتی ہے ایسے ہی بیراگ کو کھانے
والے بدی سکے ناش کرنیوالی انکی سنگتی ہے سو ہے سادہو تو انکا سنگ کر جنکے سنگ سے تیرا تاپ مٹے وہ مجھسے
بولا کہ ہے بھگون تم کون ہو تمہارا نام کیا ہے تمہاری بچنوں سے مجھکو شانتی ہوتی ہے میں بہت تیرتھوں اور
بہا تک استھانوں میں پھرا ہوں مجھکو شانتی نہوئی اب گھر کو چلا ہوں اب گھر سے بھی چت برکت ہوگیا ہے
یہ سنسار تپتا ہے اور جو مجھے پوچھو کہ تو کون ہے سو میں پانڈو رکھی کی کل میں ہوں میرا منکی نام ہے برہمن
ہوں تیرتھ یاترا کرنے کو گھر سے آیا ہوں اس سنسار کو اسار جانکر میں اوداسین ہوا ہوں اب تمہاری سرن
ہوں تم سے میرا کلیان ہوگا میں نے کہا میں بششٹ ہوں کہ میرا اکاش میں گھر ہے راجہ اج نے یاد کیا ہے وہاں
جاتا ہوں اب تم سنئے مت کرو تم نے گیان مارگ کو پایا ہے یہ سنکر اس کے نیتروں سے جل بہنے لگا اور

میرے چرنوں میں گر پڑا اینے کہا کہ ہے منی اب تو چنتا مت کرے میں تجھے پرم شانتی ویکر جاؤں گا جو کچھہ پوچھنا ہو پوچھہ لے میں تجھے اپدیش دونگا ؀

ایک سو چوالیس سرگ

منکی رشی کی پرارتھنا بسشٹ جی سے

منکی بولے کہ ہے بھگون یہ سنسار اسار ہی اور منکھو نکی بدہی لشٹ ہو نکی اور وہ ہاوتی ہے اور جتنے بہوگ ہیں انکو بہوگتا ہی پر تو شانتی نہیں پائی الٹی ترشنا ہی بڑہتی رہتی ہے یہ وہ جڑ جڑی بہاؤ کو پراپت ہو جاتی ہے اور ترشنا نہیں مٹتی سنسار کے سکھوں کا پرنام دکھہ ہے سو میں سنسار کے سکھہ کو نہیں جانتا ہوں منی تمہاری سرن آیا ہوں میرے بوے کے اگیان کا ناش اپنے اپدیش سے کرو ؀

ایک سو پینتالیس سرگ

باسنا ترشنا کے ناش میں

بسشٹ جی بولے ہے ساوہو سمبیدن اور بہاونا باسنا کلپنا یہ چاروں انرتھہ کے کارن ہیں ان کے ابہاؤ ہونے پر کلیان ہوگا اور جتنے کچھہ شبد اور ارتھہ ہیں انکا وستہان چیتن ہے اور سب شبد اس کے آسرے ہیں اور سب وہی ہے جب تو ایسے جانیگا تیری ترشنا نشٹ ہو جائیگی اور آہنگ اور سمبیدن کے پھرنے سے سنسار بہاستا ہے اور جب سنسار ہوا نانا پرکار کی باسنا پھرتی ہے اور سنسار نہیں مٹتا ہو ساوہو اس پھرنیکو تیاگ کر اپنے آپ میں استہت ہو جا باسنا کے ساتھہ سنسار ہی سو تم باسنا کا ناش کرو کر سمبیدن پہرے آتما میں جگت کچھہ ہوا ہی نہیں کیول پر بار تہہ ستا ہی آتم پد کے جاننے سے پر بار تھہ ستا ہی بہاسیگی جیا نبول باسنا کا ابہاؤ ہو جاتا ہی جو کچھہ آتما سے باہر دیکھتا ہے اسکو بھرم ماتر جانو جتنے استہاور جنگم ہیں سب آتم سروپ ہیں جو پر اتم سروپ نہ ہوں تو بہاشیں ہی نہیں درشٹا روپ جیوا نہو کرتا ہی سو ایک اودیت روپ ہی پر اتم سروپ سے کچھہ بھن نہیں ہے ساوہو ایسے نشچے کر لو کہ سرب برہم سروپ ہی اتہوا آپ کو جان لو کہ میں کچھہ نہیں جب تو نہ ہوگا تو کہاں سے ہوگا اہنگ کا ہونا ہی بندہن ہے اہنکار کے دور ہوتے سے برہم ہی رہجائیگا باسنا کے انوسار انیک جنم ہوئی ہیں سو باسنا ہی سنسار کا بیج ہے باسنا کے دور ہوتے ہی سب ایکتا ہو جاتی ہے اتا اور ورشٹ

کا سنجوگ کچھ نہیں آتما ادویت ہے اور سب درشٹی بودھ ماتر ہے جو جڑ ہے جو چیتن نہیں ہو سکتا نہ کوئی
جڑ ہے نہ چیتن آتما ہی بھاونا سے جڑ اور درشٹی ہو بھاستا ہے پرنتو جب اس کے بودھ سے ایک ادویت
روپ ہو جاتا ہے تب جانتا ہے کہ بھن کچھ نہیں سب وہ ہی ہے جب اہنکار نشٹ ہو جاویگا سنسار بھی
نشٹ ہو جاویگا سو اہو باسنا کا تیاگ کر کے آتم پد میں استھت ہو جاؤ اور چت کی برتی کا ہی نام سنسار
ہے اس میں پریتی کرنی اور اس کو ست جاننا ہی انرتھ ہے ۞

ایک سو چھیالیس سرگ

باسنا کے تیاگ سے پرم پد منکی رشی کو ملنا

بششٹ جی بولے ہے ساوہو یہ جگت باسنا سے بندھا ہوا ہے باسنا دور ہو تو جگت کا ابھاؤ ہو تم دھن ہو جو
آتم پد کی اچھا ہوئی جنے آتم پد کے پانے کی اچھا نہیں کی وہ پشو سمان ہے برہم لوگ سے اور ترن تک
اندریوں کے بشے کے ہو گئے ہے شانتی نہیں ہوتی انہیں سکھ کدا چت نہیں ہی گیانی سدا ہی شانت روپ
رہتے ہیں تم بھی باسنا کو تیاگو اور اہنکار کو دور کرو اور اہنکار ہی بندھن کا کارن ہے جس سے استری اور کٹنب
اور دھن دور ہوتے ہیں سو بجلی کا سا چمتکار ہے اپنے ابھاؤ میں پرنام اہم پد ہی رہجاویگا یہ جگت سمبوت ماتر
ہے اسمیک درشٹی سے پدارتھ ستا ہی دکھتی ہے اسکی اگیان سے جو بشو بھاستا ہے اسکو ہی گیانوان برہم شبد
کہتے ہیں اور سکا اودھشٹان اسی پر آتم سروپ کو دیکھتے ہیں تم اسی میں ایکتر ہو رہو جیسے اکاش انیک گھٹ کے
سنجوگ سے نہیں بھاستا ہے جب گھٹ ٹوٹ جاتا ہے تو ایک ہی اکاش رہجاتا ہے ایسے ہی اہنکار کو دور کرو سب
پدارتھ ایک ہو جائیں گے سب کی پدارتھ ستا ایک برہم پد ہے ہے سادہو سب پدارتھ دکھ کے دینے والے ہیں ان
کے گئے جانے سے شوک مت کرو جیسی بھاونا ہوتی ہے ویسا ہی روپ ہو کر دکھتا ہے باستو میں بشو کچھ نہیں
شدھ پرماتما کا پانا ہی سادھن ہے ایسے بشو سپنے وت کا ہر کہ شوک کرنا نرارتھک ہے جب سمبیدن اٹھ جاتا ہے
تو سب بشو اپنا آپ ہی ہو جاتا ہے اس اہنکار کا ہونا ہی بشو ہے جب آہنکار نشٹ ہو تب سب شبد ارتھ نہیں
دکھتی ہوں میں تا ہی ہوں یہ سرگ ہے یہ رنگ ہے انیادک سب پدارتھ تنا میں پھرتے ہیں سب کا اودھشٹان
آتما ہے اس سے سب آتما سروپ ہے جو درشٹی سے رہت ورتتا ہے اور اگے ہے سے رہت گیا تا ہے اور نہ بودھ
بودھ ہے اور اچھا سے رہت اچھا ہے سو اکار بھی وہی ہے اور نرا کار بھی ہے اور کنچن بھی وہی ہے اور اکنچن

ہی وہی ہے گیانی آتم گیان کو پاکر ایسے بچرتے ہیں انکو جگت کا بھان کداچت نہیں ہوتا وہ نراہنکار پدکو پراپت ہو چکے ہیں ہے سادہو جو کچھ بشو دیکھتا ہے سب آتم روپ ہی ہے ہے رامجی جب جینے اس پرکار کہا منگی رشی پرم پدکو پراپت ہوگیا سمہ ہے رامجی ایسے ہی تم بھی سروپ میں استہت ہو۔

ایک سو سینتالیس سرگ

اچھلاکھا ہی کارن بندھن کا ہونا

بسشٹ جی بولے کہ ہے رامچندر جی یہ بشو آتما کا چمتکار ہے اور سب وہی چنماتر روپ ہے اسی کو اپنا سروپ جانو جب جگت اسی میں لے ہو جاتا ہے آتما کے پرماد سے جیو دکھ پاتے ہیں یہ جیو سرب آتم روپ ہی اسکو اندر بولا اور ودھیہ سے کچھہ سمبندہ نہیں ہے انکی کریا میں جو بھان کرتا ہے اسی سے بندھان ہوتا ہے جیسے ناؤ میں بیٹھے ہوئے پرش کو ندی کے تٹ کے برچھہ چلتے دکھا کرتے ہیں ایسے ہی من کے بھرم سے آتما میں چت اور ودھیہ اندر دیکھتے ہیں آتم تت ہی ایک اکھنڈ ہے دوئیت کچھہ نہیں جکو ئی ایسے وہارے نرنجن روپ ہو جائے یہ شریر چت کے پھرنے سے ہے ایسے ہی جیو میں چت ہی اور پرماتما میں جیو ہے دوئیت کچھہ نہیں جب اپنا اہم بھاؤ دور ہو جائیگا تب سپند ہوا تھوا اسپند ساوہی میں استہت رہے اتھوا راج میں دونوں تل ہو جائیں گے ابلا کہا کو دور کرنا چاہئے یہ ہی بندھن میں ڈالتی ہیں۔

ایک سو اٹھتالیس سرگ

باسنا اور آہنکار کے نشٹ میں

رامجی نے کہا کہ ہے بھگون کئی کہتے ہیں کہ بیج سے انکر ہوتا ہے کئی کہتے ہیں انکر سے بیج ہوتا ہے کوئی کہتا ہے کہ جو کوئی کرتا ہے سو وہی کرتا ہے کئی کہتے ہیں کہ جب کرم کرتے ہیں تب جنم پاتے ہیں کرم ہی سے سب کچھہ ہوتا ہے اور کسی کے ادہین نہیں اور کئی کہتے ہیں کہ جب ودھیہ ہوتی ہے تب کرم کرتے ہیں کئی کہتے ہیں کہ کرموں سے ودھیہ ہوتی ہے کئی کہتے ہیں کہ ودھیہ سے کرم ہوتے ہیں کئی پرش پر جتن کو مانتے ہیں سو جیسے ہو وہ کہو بسشٹ جی بولے ہے رامجی جتنی کریا اور کرم ہیں یہ سب بکلپ جال بھرانتی ماتر ہیں کیونکہ آتم سروپ اپنے آپ میں استہت ہی دوسرا کچھہ ہوا ہی نہیں سمبیدن پھرنے سے سب کچھہ دیکھتا ہی سمبید نہ ہونے سے کچھہ نہیں رہتا کرم

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون تم نے یہ جگت جال چدروپ ہو کر ایک استھان میں بیٹھ کر دیکھا اتھوا سرشٹی میں پھر کر بششٹ جی بولے رامجی میں اننت اور آتما اور سرب شکتی اور سرب بیاپی اور چد اکاش ہوں مجھ میں جانا اور آنا کیا میں نے ایک استھان میں بیٹھ کر یہ سرشٹی میں نے لوگیا کی آنکھوں سے دیکھا ہی جیسے سمدر ترنگ اور بدبدہ اور جل کو اپنے آپ میں ہی دیکھتا ہے ایسے ہی میں بھی اپنے آپ میں ہی جگت کو دیکھتا ہوں رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون اس شبد کرنے والے نے پھر کیا کیا بششٹ جی بولے وہ اکاش شریر دہار کے میرے نکٹ آئی جیسے میں اکاش دیو تہا ویسے ہی اسکو بھی دیکھا پہلے پہلے تو میں نے اسکو اکاش میں اس لئے نہیں دیکھا کہ میرا آدہوتک شریر تہا جب چت پد ہو کر میں استھت ہوا تب میں نے اسکو دیکھا کہ میں بھی اکاش روپ ہو گیا اور وہ بھی اکاش روپ ہی اور جتنے جگت جال میں نے دیکھے تھے وہ بھی اکاش روپ ہی تھے سری رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون تم بھی اکاش روپ تھے اور وہ بھی آدرچن اور بلاس جب ہوتا ہے کہ جب شریر اور اس میں اندری اور ہردے میں پران ہوتے ہیں تم دونوں نراکار تھے تمہارا بولنا اور دیکھنا کیسے ہو کیونکہ بولنا او لوگن روپ نمسکار کر کے ہوتا روپ درشن کو کہتے ہیں اور او لوک اندریوں کو اور نمسکار من کے پھر نیکوم اب کہئے کہ ان تینوں کے بنا تمہارا بولنا کیسے ہوا

بشسٹ جی بولے جیسے سپنے میں روپ ورلوک اور نمسکار اور شبد اور پاٹھہ ہوتے ہیں سو اکاش روپ ہوتے ہیں ایسے ہی ہمارا دیکھنا اور بولنا آپس میں ہوا ہے جیسے سرشٹی تینے اکاش میں دیکھی ہے ایسے ہی یہ سرشٹی ہے جیسے اسمیں شریر ہیں ایسے ہی اسمیں ہمارے تمہارے شریر ہیں یہ جگت اکاش روپ ہے سُپن سرشٹی تہیا ہی جو کچھہ ہے سو انہو روپ ہے اس سے بھن کچھہ نہیں ہے ہے راجی جب وہ کانتا شبد کرنے والی سپنے دیکھی تب اس سے میننے پوچھا کیونکہ میرا اسکا سنکلپ ایک ہی ہوگیا تہا جیسے سپنے میں سپنا ہوتا ہے جیسے سپنے کی سرشٹی اکاش روپ ہوتی ہے ایسے ہم تم سب اکاش روپ ہے کچھہ ہوا نہیں دیرگہہ کال کا سپنا ہے اس لئے اسمیں درڑھہ بیوہار اُتپن اور پہلے بہاستی ہے اب ساکار اور نراکار کو سنو کہ ایک چت ہی دوسرا چیت چت شدہ چہنماتر کا نام ہے اور چیت ورش پہرنے کا نام ہے اور جس چت کو ورش سمبندھہ ہے اُس کا نام جیو ہے اور جس چت کو اگیان سے دویت سمبندھ ہے اور اناتما میں آتم ابہمان ہے ایسا جیو ساکار روپ ہے اور اُس کے سپنے کی سرشٹی اکاش روپ ہے اور جو شدہ چہنماتر اچیت ہے اور نراکار بہاستا ہے اس کا سپنا ابہاش روپ جگت اکاش کیوں نہو اور چدا کاش نراکار روپ ہے جیسے سپنے میں جگت اکرتم ہوتا ہے ایسے ہی یہ جگت بہی ہے نہ اس کا کوئی نمت کارن ہے اور نہ سموائے کارن آتما ادویت ہے اس کو ورش کا کارن کیسے ہو اور نہ کوئی کرتا ہے نہ ہوگتا ہے نہ کوئی جگت ہے اور نہیں کہنا بہی نہیں بنتا گیانی پاکہان کی مون ہی استہت ہے اور جب پرکرت اچار آبنتا ہے تو اسکو بہی کرتا ہے ؛

ایک سو اکیاسی سرگ - اگیان گیان اور ایک کامتا کا برتانت

رامچندر جی نے پوچھا ہے بہگون وہ جو تمہارے نکٹ اکاش روپ کانتا آئی وہ شریر بنا انیک اکشر کیسے بولی بشسٹ جی بولے سپنے میں جو شریر ہوتا ہے سو اکاش روپ ہوتا ہے اسمیں اکشر کداچت نہیں بول سکتا ایسے ہی اکاش روپ آتما میں شبد کداچت نہیں ہوتا اور جو سپنے کے شبد ہوتے تو نکٹ بیٹھے ہوئے پرش ہی سُنتے اور جو ہوا بہاستا ہے سو بہرانتی ماتر کیول چہنماتر اکاش کا کہن ہے ایسے ہی جگت بہرم ماتر ہے پرتیکش دیکھتا ہے رامچندر جی نے پوچھا ہے بہگون جو یہ جگت سُپنا ہے تو جاگرت کیونکر کہتا ہے اور جو آتوست کی بنیائیں کیوں دیکھتا ہے بشسٹ جی بولے ہے راجی ایک مرو ہیمیک ہے دوسرا ادرہ سمیک ہے تیسرا اتیبر سمیک - سمیک سنکلپ کے پرنام کو کہتے ہیں مرو سمیک یہ ہے جیسے کوئی پرش

استھان میں بیٹھا ہوا منوراج ہے کسی بیوہار کو رچتا ہے اُس کو جانتا ہے کہ سنکلپ ماتر ہی ہے اور جیسے
نٹ سوانگ دھارتا ہی اور جانتا ہے کہ وہ سوانگ ست نہیں اور وہ کیول اپنے سروپ ہی کو ست جانتا ہے
اور اپنے سروپ کو نہیں بھولا مدہ سمیک یہ ہے کہ جیسے کسی کو سُپن میں سرشٹی دیکھے سُپن کال میں اُسکو
ست جانتا ہے اور اس سے آگے ہوئی کو است جانتا ہے کیونکہ سویا ہوا شیگر ہی اُٹھتا ہے اور جو سویا ہو
جاگے نہیں اُس کا نام نیبر سمیک ہے جنکو آتم ہی کا پرماد نہیں ہوا انکو یہ جگت مرد و سمیک ہے کیونکہ
اپنی لیلا ماتر کو وہ است جانتے ہیں اور جنکو آتم ہی سروپ کا پرماد ہوا ہے وہ پہر شیگر ہی جاگ اُٹھتے
ہیں تب اُنکو جگت کداچت ست پرتیت نہیں ہوتا اور جن کو پرماد ہوا ہے اور پہر وہ جاگے نہیں اُنکو یہ
جگت ست بھاستا ہے کیونکہ اُن کے چِت کی برتی کا پرنام نیبر ہو گیا ہے اور اسی کارن گیانی کو یہ جگت
سُپن جاگرت ہو کر دیکھتا ہے جگت کا کارن ہی اگیان ہے جب گیان ہوا جگت بھرم نشٹ ہو جاتا ہے
اگیانی جیوؤں کی مکت نہیں ہوتی مرتے ہیں اور چِت ہی میں جگت پہر آتا ہے اپنی باسنا کے انوسار
نانا پرکار بیوہار جیسا کہ یا سہت ہو کر بھاستے ہیں اور کلپ پرنیت سب کہیا جیوؤں کی انت باہک ہوتی
ہیں جیسے ہماری ہیں اور سپنے کے پدارتھ بھی ست ہیں کیونکہ برہم ستا سرب آتمک ہے پر وہ ہوتے
ہی سپنے کے پدارتھ بدہان دیکھتے ہیں کہ سپن سنکلپ برہم جاگرت کے تُل ہیں جیو جیو کے اپنی اپنی سرشٹی
ہے پرنتو سب کا ادہشٹان آتم ستا ہے اور سب سرشٹی آتما ہی کا انہو ہے ایک آتما سے انیک سرشٹی
پرکاشتی ہیں پرنتو سروپ سے بھن کچھ نہیں اور جو جو سرشٹی کو ست جانکر بچہرتے ہیں سو موکہش بارک سے
شونیہ ہیں اور جو انت باہک شمر یہ جو گیشر ہیں انکو سرشٹی کا گیان ہوتا ہے باستو میں سرشٹی ہی نراکار
اکاش روپ ہے جنکو آتما کا پرماد ہوا ہے ان کو جگت بھاستا ہے اور سمیک گیان سے برہم اودیت
دیکھتا ہے اور اسمیک گیان سے اودیت روپ جگت ہو بھاستا ہے ہے راجی میں نے اس دیوی سے
پوچھا کہ تم کہاں سے آئی ہو اور کون ہو کہاں تمہارا استھان ہے اور یہاں کیوں آئی ہو دیوی بولی
کہ ہم روپی مہا اکاش کے الوانو کے چھید میں جہاں تم رہتے ہو اور تمہارا یہ جگت ہی اس میں ہے اور تمہاری
سرشٹی کا جو برہما ہے اس کا سمبیدن روپی گیان ہے اور اُس نے یہ جگت رچا ہے اور اس تمہارے جگت
میں جو پرتھوی ہے اور اُس کے اوپر سمدر ہے اور سمدر کے اوپر دیپ ہے اس کے آگے سوبرن کی پرتھوی
ہے اور پہر لوکالوک ہیں اس لوکالوک کے پربت کے سکھر پر سات جوجن کا تالاب ہے اس میں اتر دشا کو

ایک سلا سو برن کی پڑی ہے اس کے سکھر پر برہا تنتو بیٹھے ہیں اس کے اوپر ایک سلا ہے اس میں رہتی ہوں اور سب کٹمب میرا وہاں ہی رہتا ہے اور ایک بُڈھا برہمن بید پاٹھی اس میں رہتا ہے اس نے مجھکو اپنے بواہ کے نمت اپنے من سے رچا ہے اب میں ہی جوان ہوئی ہوں پرنتو وہ برہمچرج میں رہتا ہے میرے ساتھ بواد نہیں کرتا ایکانت میں بیٹھا بید پڑھا کرتا ہے اسکا بیوگ ہے ۞

ایک سو بیاسی سرگ - بدیادہری کا برتانت

بدیادہری بولی ہے منیشر مجھکو ہی بہرتا کے بیوگ سے بیراگ اُپجا ہے اور یہ جگت مجھکو متہیا بہاستا ہے اور میرے بہرتا کو اب تک آتم پد پراپت نہیں ہوا وہ ابہی من کے استھر کرنیکا اوپا کر رہا ہے اب ہم دونوں ہی بیراگ سے سمپن ہوئے ہیں اور پرم پد پانے کی اچھا ہے سو تمہاری سرن تمہیں بہاو سے اُپدیش کے نمت آئی ہوں سو تم میرے بہرتا کو گیان اُپدیش کر کے شیگھر ہی من کی استھتی کرو ۞

ایکسو تراسی سرگ - بدیادھری کا برتانت برہم بدیا کے ابہیاس میں

بسشٹ جی بولے میں بدیادھری کے بچن سن اکاش میں آسن رچکر اس پر جا بیٹھا اور ایک آسن اوپر بہگت کا سنکلپ سے رچکر اسکو بٹھلا کر پوچھا کہ ہے دیوی تو کہتی ہے کہ سلا میں ہماری سرشٹی ہے بدیادھری نے اپنی سرشٹی کا سب برتانت کہا پرنام یہ پرنام یہ تات پرج نکلا کہ انما ہے اسکا کوئی انت نہیں جان سکتا جب سمیدن پھرتی ہے تب جانتا ہے کہ یہ جگت ایشر کی ستیا ہے اور جب پھرنے سے رہت ہوتا ہے تب جانا نہیں جاتا کہ جگت کہاں گیا اور بولی کہ تم چلو ہماری سرشٹی کو سلا میں دیکھو اور وہ مجھکو اکاش مارگ میں لے چلی اور ہم دونوں اکاش مارگ میں اڑے اور چرکال اڑتے اڑتے چلے گئے اور ہم کو وہ لوکالوک کے پربت اور سلا دیکھے میں نے کہا ہے دیوی یہ تو سلا ہے سرشٹی کہاں ہے بدیادہری بولے کہ مجھکو تو پرتکش دیکھ رہی ہے اُس کا سنسکار پورب کا میرے ہردے میں ہے اُسی سے مجھکو پرتکش بہاستی ہے اور تمہارے ہردے میں اسکا سنسکار جو نہیں تم کو نہیں بہاستی کیونکہ جس کا ابہیاس ہوتا ہے سو پدارتھ اوش پراپت ہوتا ہے اور وہی بہاستا ہے ایسا کوئی شاستر یا کلا نہیں جو ابہیاس سے نہ ملجائے اور سدہ نہ ہوجائے پدمیں پہرنے سے آجیووں کے شریر اپنت بالک ہوئی

ہیں۔ ارتھات جو اکاش روپ شریر تھے جب انہیں پرباد کر کے ورشٹ ابھیاس ہوا تب وہی آدہبھوتک
ہو کر بھاسنے لگی کیونکہ جب بھاونا الٹ کر جوگ کی دھارنا کر کے ابھیاس کرتا ہے تب آدہبھوتکتا ناس ہو جاتی
ہے اور انت باہک پرگھٹ ہوتی ہے اور اس سے اکاس میں پکشی کے تل اڑتا پھرتا ہے اور آتما میں جس
پدارتھ کا ابھیاس کرتا ہے سو سدھ ہو جاتا ہے جو بالک اوستھا سے ابھیاس ہوتا ہے برودھ اوستھا تک
رہتا ہے جیسے پن پاپ سے اور پاپ پن سے نشٹ ہو جاتا ہے سب پدارتھ ناش ہو جاتے ہیں ابھیاس
کا ناش کبھی نہیں ہوتا گیان کے روپ کو برہم چرچا کا ابھیاس پرم سندر اوشدھی ہے اور سنسار سمدر کے ترنے
کو اچھی نوکا ہے ابھیاس سے شیگھر ہی آتم پد ملتا ہے بارم بار چنتیا کرنے کا نام ابھیاس ہے ؛

ایک سو چوراسی سرگ آدہبھوتک جگت کا پرتیکش ہونا

پدیا دھری بولی سب پدارتھ ابھیاس سے سدھ ہوتے ہیں جب تمہارا سنکلپ بھی میرے سنکلپ کے
ساتھ ملیگا تب تم کو بھی اس سلا میں سرشٹی دکھے گی یہ سرشٹی میری انت باہک سریر میں ہے ہمارا
سب کا آدہبھوتک انت باہک ہے اور انت باہک میں سب کی ایکتا ہے جیسے سمدر میں ترنگوں کی
ایکتا ہوتی ہے بششٹ جی کہتے ہیں کہ جب مجھ سے اسنے سدھ جگتی کہی تب میں پدم آسن باندھکر شبوں
کو چھوڑ کر اپنے آدہبھوتک کا بھی تیاگ کر نرانتر شدھ بودھ کا ابھیاس کیا اور مجھ کو بودھ کا انبھو ہو گیا
اور اسی انبھو میں مجھ کو وہ سلا اکاش روپ درشٹی میں آئی اور پرتھوی آدک تت کوئی نہ دیکھا کیول اودیتیہ
اکاش آتم تت ماتر اپنا آپ ہی دکھلائی دینے لگا اور مجھ کو سلا میں سرشٹی بھی بھاسنے لگی سو جب
سروپ میں جاکر دیکھیں تب سب بھرم مٹ جاویں آتما سدا پرتیکش اور شریر آدک گیان سے
پرتیکش بھاستے ہیں سب جیووں کا واستو روپ برہم ہی ہے ان میں آدہبھوتتا انت باہک روپ ہوا
ہے اور اس کے انتر آدہبھوتک دیکھنے لگا ہے اور بھرم سے آدہبھوتک کو اپنا جانتے ہیں اور اپنے انبھو
روپ کو جو سدا نراکار نرگن سروپ ہے نہیں جانتے اور سنکلپ سے ہی جو یہ آدہبھوتکتا ورشٹ ہوئی ہے
سو متھیا اودیا انتی سے بھاستی ہے انت باہک ابناشی ہے اس کا کسی لوک میں کبھی ناش نہیں ہوتا اور
واستو میں بودھ سروپ سے بھن کچھ نہیں اپچار سے ست بھوست ہو کر بھاستی ہے تاتپریہ یہ کہ
یہ آدہبھوتک جگت ہے سو اپرتیکش ہے آتما سدا پرتیکش ہے ؛

ایک سو پچاسی سرگ - آتما اور دیوی اور سلا کی سرشٹی میں

بشسٹ جی بولے جب میں اس سلا کو پوروہ درشٹی سے دیکھتا تھا برہم سروپ بہاستی تھی اور جب
سنکلپ درشٹی سے دیکھتا تھا جگت اور پرتھوی اور سمدر آدک دیکھتے تھے پھر اس دیوی نے سلا میں
پرویش کیا اور سنکلپ روپی شریر کو چھوڑ دیا ہم دونوں جہاں اُسکا پھرنا تھا جا پہنچے - اور دیوی نے مجھہ سے
کہا کہ تم نے اُن سے یہ کہنا کہ مجھکو یہ لے آئی ہے اور اس کو جو تم نے بواہ کے نمت اُپجایا تھا پھر تم نے جگس لئے
اُس کا تیاگ کیا ہے اور جب سے اُسکو بیراگ اُپجا ہے تب سے یہ پرم پد کی اُپچار کہتی ہے اور یہ کہہ کر اُس نے اپنے
بھرتا کو کہا کہ جاگو بشسٹ جی آئے ہیں جب وہ سمادھی سے اُترے اور اُن کے پران ناڑیوں میں آئے اور
سب اندریاں کھل گئیں اور مجھکو دیوی کے سنگھہ دیکھہ کر (اوم) کا اُچار کرکے سنگھاسن پر بیٹھے اور رشی
اور منی آکر پرنام کر استتی کرنے لگے بید کا پاٹھہ ہونے لگا اور اُن برہما جی نے مجھہ سے کرپا کرکے کسل پوچھی اور
کہا کا تیرو ورسیبی آئے ہو میں نے کہا کہ یہ تمہاری دیوی مجھہ کو لے آئی ہے اور جیسے دیوی نے مجھہ سے کہا
تھا وہ سب کہہ دیا برہما جی بولے ہے بشسٹ میں اجر امر اودے است سے رہت ہوں میری کوئی استری
ہے نہ میں نے کسیکو اُتپن کیا ہے اور آد اور شدہ چدا تما چماتر ہے اور اُس کا چن جو آہنگ ہو کر پھرا ہے اُسکا نام
او برہا ہے وہ ہی میں ہوں اپنے آپ میں ہی میری آہم پرتی ہے اور اُس میں جو آد سنکلپ کا پھرنا ہوا ہے
اُس میں جگت بھرم رچا ہے اور اُس جگت بھرم میں مرجادا ہوئی ہے اور سنکلپ کا جو ونشتا یہ پرم شکتی
ہے سو ہی اسد ہہ ہے اور اس مرجادا کو سبھنہ چوکڑی جگت کی بتیت ہوئی ہے اور اب کلجگ ہے اور کلپ
اور مہا کلپ کی مرجادا پوری ہو گئی ہے اس لئے مجھکو اب پرم چدا کاش میں استہت ہونیکی اچھا ہوئی ہے
اس لئے میں اسکو ہیں جانکر تیاگا ہے کیونکہ یہ میری اچھا باسنا روپ ہے جب باسنا کا تیاگ ہو تب ہی نربان
پد ملتا ہے اب اس چت کلا کو انت باہک شکتی پیدا ہوگئی ہے اور انت باہک شکتی سے اکاش میں پھری
ہے اور سنسار سے برکت ہوئی ہے اور اکاش مارگ میں اسکو تمہاری سرشٹی بہاس آئی ہے اور پرم پد کی
اچھا سے تمہاری شکتی اسکو پراپت ہوئی ہے اور تمہارے سرن ہو کر تمکو یہاں لے آئی ہے اب اس کو
ہی بیراگ اُپجا ہے اور یہ جگت سنکلپ سے ہوا ہے باستو میں کچھہ ہوا نہیں میں چدا کاش میں استہت
ہوں اور یہ برہم شکتی ہے جس نے جگت رچا ہے سو یہ ہی اجر امر ہے نہ کدا چت اُپجا ہے نہ ناش ہوگا

جگت جال ہو کر آتما بھاستا ہے جگت کے اودے اور استت سے آتما تو کچھ کلیش نہیں ہوتا وہ ایک ہی رہتا ہے یہ ہماری سرشٹی میں ہے اور ہم چیتن کہیں ہیں آکاش چیتن آتما سلا ہو کر بھاستا ہے سب آتم ستا ہی دیکھتے ہیں اور برہم ستا سب میں بیاپک ہے جیسے ہماری ایک سلا میں سرشٹی بستی ہے یہ جگت سنکلپ سے ہی پھرتا ہے اور باستو نہیں نہ کوئی سنکلپ ہے اور نہ کوئی پرلے برہم اپنے سوبھاؤ میں استھت ہے برہم میں جگت ست ہے نہ استت ہیں اس برہم کا کنچن برہما ہوں ایسے ہی سب اور سرشٹی ہیں یہ جگت سنکلپ سے ہی پھرتا ہے اور باستو میں نہ کوئی سنکلپ ہے اور نہ کوئی پرلے برہم اپنے سوبھاؤ میں استھت ہے برہم میں جگت ست ہے نہ استت ہیں اس برہم کا کنچن پرہاتما ہوں اور یہ جگت میرے ہی سنکلپ سے اُتپن ہوا ہے اور اب میں سنکلپ کو نربان کرتا ہوں جب یہ نربان ہوگا جب جگت کا ابھاؤ ہو جائیگا ہے منیشر یہ تمہارا شریر بھی سنکلپ سے بھاستا ہے تم اپنی سرشٹی میں جاؤ ایسا نہو تمہارا شریر بھی یہاں نربان ہو جاوے اور پھر برہماجی نے دیوی سے کہا کہ اب تو نربان ہو جا اور اپنے آپ میں بودھ آدک کو بھی لین کر۔

ایک سو چھیاسی سرگ۔ برہماجی کا اردھ ماترا میں استھت ہونا

بششٹ جی بولے ہے رامجی برہما پدم آسن باندھکر سب منشوں سنجگت اوکار منکار کو چھوڑ کر اردھ ماترا میں استھت ہوا اور سمپورن جگت جال کو بسمرن کر دیا اور دیوی بھی آسن باندھکر برہماجی کے نشچے میں لین لگی جب ایسا ہوا تو منش پاپ کرنے لگے استری دُراچارنی ہونے لگیں سب جیووں نے دھرم تیاگ دیا کامی پُرش بہت ہو گئے اور استری اور پُرش میں سنکھا ایک دوسرے سے نہیں رہی کام۔ لوبھ موہ آدک دویش بڑھ گئے شاستر کی مرجادا تیاگ کر سب ان ایشر بادی ہو گئے اور برکھا بند ہو گئی کال پڑ گیا درشٹ جن و برہمن پاتر ہونے لگے چور چوری کرنے لگے راجہ ندبرا پان کرنے لگے جیو دکھی ہونے لگے راجہ انیائے کرنے لگے دھرم چھپ گیا اگیانی راج کرنے لگے گیانی اور پنڈت اُنکی ٹہل اور سیوا کرنے لگے درجنوں کی مان اور پوجا ہونے لگی پنڈتوں کا نرآدر ہونے لگا جب ایسی دشا ہو گئی تب پرتھوی نے اپنی ستا کو تیاگ دیا کیونکہ برہما کے سنکلپ میں تھی جب اس نے اپنے سنکلپ کو کھینچ لیا پرتھوی نرجیو ہو گئی دھول اڑنے لگی نگر نشٹ ہونے لگے پرتھوی کے ناش کا سمے نکٹ آ گیا اور

چھپنا نکل گئی بہوت باس ہونے لگے پرتھوی ہی ناش ہونے لگی پربت کانپنے لگے بہو کمپاں ہونے لگے سمدر نے اپنی مرجادا کو تیاگ دیا پربت کندرا سے نکلکر پرتھوی کو ناش کرنے لگے راجہ اور نگر باسی بھاگنے لگے تیکشن بیگ سی جل بہنے لگا اسی پرکار بڑے بڑے اوپدرو ہونے لگے اور پرلے کے وکہہ سے جیتنے لوکپال تھے سب سمدر کے مکھہ میں آپڑے اور انکو مچھہ بھکشن کر گئے ؛؛

ایک سو ستاسی سرگ بیراٹ روپ اور سنکلپ روپ جگت کا برتانت

بسشٹ جی بولے جب اس برہما بیراٹ نے اپنے پران کو کھینچا تب بایو جلکر اپنی مرجادا کو تیاگ کر ناش ہونے لگا اور دیوتا نرآدہار ہوگئے سری رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون سنکلپ روپ جو برہما ہا سو وہ بیراٹ آتما ہے اور سب جگت اسکی دیہہ ہے بھومنڈل پاتال سرگ نرک کون کون اس کے انگ ہیں اور سنکلپ روپ انگ کیسے ہوتے ہیں کیونکہ سنکلپ تو اکاش روپ ہوتے ہیں اور جگت تو پنچ اکار درشٹی میں آتا ہے اور جو جس سے اپجتا ہے سو ویسا ہی ہوتا ہے پھر یہ جگت برہما کے انگ کیسے ہیں بسشٹ جی بولے کہ اس جگت سے پہلے کیول چنماتر تھا اس میں جگت ست تھا اور نہ است کیول امنت امنت ماتر اپنے آپ میں استھت تھا اور ایک وو شبد سے رہت ہے اور اس کا درشن سے اسی پرکار سمبندھ ہوا ہے اور اس کے ابھو گرہن سے جو نشچے ہوا ہے اس کا نام بدہی ہے اور اس سے جو پرنت ہوا سو من ہے اور من کے پھرنے سے ہی جگت کی درشٹی ہوئی ہے شدہ چنماتر میں جو چیت ہے وہی برہما برہما روپ دھارتا ہے اور اس کے پھرنے میں ہی جگت آکھڑا ہوتا ہے ارتھات اس سنکلپ روپ جگت کا وہی بیراٹ ہے پرنتو وہ اکاش روپ ہے یہ جگت اکار بھرم سے بھاستا ہے یہ جگت آتما کا چمن ہا تم بھی نربا سنک ہو کر اپنے پرکرت اچار کر کرو اتھوا اکرم وپرنتو کرنے اور نہ کرنے کا سنکلپ نہ کرو اور پرم موں میں استھت ہو جاؤ ؛؛

ایک سو اٹھاسی سرگ سنسار کا بھرم سے سنکلپ ماتر ہونا

رامچندر جی نے پوچھا کہ بندھ اور موکھش جگت اور بدہی نہ ست ہے نہ است اور وے بھی نہیں ہوا اور است بھی نہیں ہوتا تو یہ کہو کہ یہ سنسار بھرم کیسے اپجتا ہے اور انبھو کیسے ہوتا ہے بسشٹ جی بولے

کہ جو کچھہ استہاور جنگم دیکھتا ہے اُس کے ناش کا نام مہاپرلے ہے اُس کے پیچھے جو رہتا ہے سو کیول آتما
ہے جسمیں بانی کو گم نہیں آتما اپنے بہاو کو لیکر چیتن کہن ہوتا ہے اُسی کا نام برہما ہے سو وہ چدروپ ہے چدانو
اپنے بہاو کو لیکر اودے ہوا ہے اُس نے چیت نام ورش کو جب دیکھا ہے تب اس سے اس کا انہو متہیا ہو گیا ہے
جیسے کوئی سپنے میں اپنے مرنے کو دیکھتا ہے وہ متہیا ہے ایسے ہی چدانو درشٹی کرکے ورش کو دیکھتا ہے سو وہ
درشٹی ہی متہیا ہے چدانو اپنے سروپ کو دیکھتا ہے جو کیول نراکار روپ ہے پرنتو آسنگ ہے جو ایسا بیج درڑہ
ہوتا ہے اس سے اپنے آپ سے نکلکر ورش کو سنکلپ سے دیکھتا ہے جیسے بیج سے انکر نکلتا ہے ایسے ہی
سنکلپ کے پھرنے سے دیس اور کال و دیہہ درشٹا درشن درشی آدک ہوتا ہے باستو میں کچھہ نہیں جہاں
چدانو بہا ہے وہ دیس ہے اور جس سمے بہا ہے وہ کال ہے اور جو بہان ہوا ہے وہ کریا ہے اور جو بہان کا
گرہن ہوا ہے سو دیہہ ہے اور دیکھنے کو برتی دوڑتی ہے وہ نیتر ہیں اور دیکھتے ہے جسکو دیکھتے ہیں وہ بہی
شونیہ ہے اور دیکھنے والے بہی شونیہ ہیں ارتہات سب اسّت ہیں جب چدانو میں سروپ کی برتی پہرتی ہے
جب چکشو اندری اور جب سننے کی برتی پہرتی ہے سروتر ہو کر استہت ہوتی ہیں ایسے ہی سب اندریاں
ہوتی ہیں پہلے یہ چدانو سے رہت پہرا اور سمپورن جگت ہی تدروپ تہا اب بہی وہ کہن اکاش روپ
ہے اور سنکلپ سے اپنے آپ میں اُس نے پنڈ گہن کو دیکھا ہے اور پہر شریر اور اندریاں دیکھتی ہیں اور
شبد روپ جو برتی پہرتی ہے اس کا نام من ہوا ہے اور جب نشچے آتمک بدہی ہو کر استہت ہوئی تب
چدانو میں یہ اہنکار ہوا جب اہنکار سے چدانو کا سنجوگ ہوا تب اس نے دیس اور کال کا پرچھند اپنے میں
دیکھنا اور آپ کو ایسا جانا کہ اس دیس میں بیٹھا ہوں اور یہ میں نے کرم کیا ہے اور اسی کا نام کہم آسنکار ہوا
ہے جو دیس کال کریا اور دیہہ کے ارتہہ کو بہن بہن کرکے گرہن کرتا ہے ارتہات اکاش ہو کر اکاش کو گرہن کرتا
ہے ہے راجی آدی پہرنے سے چدانو میں انت واہک شریر ہوا اور پہر سنکلپ درڑہ کے ابہاس سے آدہوبک
بہاسنے لگا اور اہم کی پرتیتی ہوئی اسی اہم سے دیکھتا ہے کہ یہ میرا شریر ہے اور یہ میری اندری ہیں اور
جگت اور بہاو ابہاو کو گرہن کرتا ہے سب سنکلپ ماتر ہے پرباو اور اپرباو کا بہید ہے جو اپرباو ہے
وہ سدا انند روپ اپنشر سو تنتر ہے اسکو یہ جگت اور وہ جگت اپنا آپ ہی بہاستا ہے اور پرباو ہی کچھہ
اور سدا دکہی ہیں باستو میں تت سے بہن کچھہ ہوا نہیں اور آدی پرش کا شریر بہی نہیں کیول
آتم ستا چداکاش روپ ہی ہے یہ سب ترلوکی آپ چدانو میں استہت ہے کہ جس کا آدی اور انت اور

بدھ نہیں دیکھتا تو بھی وہ ایک چاول کے سمان نہیں ہے بچار سے پرمارتھ سنتا ہیں کچھہ انکی ستا نہیں یہ ورشٹی میں بھی آتے ہیں پرنتو آتم ستا ہی اس پرکار بہاسے ہے اور اسی کا نام بیراٹ ہے اور اسی کا نام جگت ہے دونوں میں کچھہ بہید نہیں ؏

ایک سو نواسی سرگ آد بیراٹ کے شریر کا برنانت

بششٹ جی بولے ہے رامجی آد بیراٹ برہم ہے اُس کا چھوٹا شریر یہہ جگت ہے اور اس چیتن شریر کا کنچن برہمارُوپ ہوا ہے برہما نے سنکلپ سے انڈا رچا اُس کو پھوڑا تو اوپر کا بھاگ اوپر آگیا اور نیچے کا نیچے کو گیا سو برہما کا چرن تو پاتال ہوا اور اوپر کا سر ہوا اور مدہ بھاگ اور اور دسوں دشا کمش استہل ہا تہہ سمیرآدک پربت ماتنس پرتہوی سمندر اندریاں سب ندیاں ناڑی اسی پرکار سب انگ اسکی ہو کر جگت بیراٹ کا شریر ہوا رامجی بولے ہے بہگون میں نے یہ تو مانا کہ یہ جگت تو برہما ہی کا شریر ہوا پرنتو یہ کہو کہ برہما برہم لوک میں کیسے بیٹہا ہے اپنے شریر سے بھن ہو کر بششٹ جی بولے کہ یہ کیا آشچرج ہے جو تم دہیان لگا کر بیٹہو اور اپنی مورتی کو اپنے سروے میں چکمہ استہت ہو جاؤ تو ایسا ہی بنجاوے جیسے پرش کو سپنے میں جگت بہاستا ہے ایسے برہما کا ایک شریر یہہ برہم لوک میں بہی ہوتا ہے برہما اور جیو میں اتنا ہی بہید ہے کہ جیو بھی اپنے سپنے کی سرشٹی بکہراٹ سے پرنتو اسکو پرماد سے دیکھتا نہیں اور برہما سدا اپرمادی ہے اسکو سب جگت اپنا شریر بہاستا ہے دیوتا سدہ کنر بہوت پشاچ آدک سب جنگم استہاور سنکلپ سے سب جگت رچا ہوا بیراٹ ہے بیراٹ ہی میں استہت ہے سب اسی کے انگ ہیں جو جگت ہے تو بیراٹ ہی جو بیراٹ ہے تو جگت ہی اور جگت برہم اور بیراٹ تینوں ایک ہی ہیں اس لئے سمپورن جگت بیراٹ ہی کا شریر ہے بیراٹ اور آتما میں کچھہ بہید نہیں جگت سنکلپ سے رچا ہے ؏

ایکسو نوے سرگ بششٹ جی کا پچھلا پرسنگ پرہم پوری کا

بششٹ جی نے پورب پرسنگ سنایا کہ میں برہم پوری میں برہما کے پاس بیٹہا تہا جب نیتر کہولکر دیکھا تو جانا کہ مدہیان کا سمے ہے دہیان وہی پرے کا برتانت کہا ہے جو اوپر آچکا ہے اس کا

میں مجھکو یہ بشنو چلی ہوئی بیل کی سمان دیکھتا تھا پر تو گیان سے جنکا اگیان نشٹ ہوا ہے وہی سکھی ہوتے ہیں جب شیو جی کیلاس کے نکٹ اگنی جا پہونچی تب سے شو جی نے اپنے نیتر سے اگنی پرگھٹ کی جس سے سارا برہمانڈ جلنے لگا اور پربت اڑنے لگے اور اندر آدک دیوتا اپنے استھان چھوڑ کر برہم لوک کو چلے اس سے جیووں کو جو کشٹ ہوا کہا نہیں جاتا ہ

ایک سو اکانویں سرگ ۔ مہا پرلے کا برتانت

بشسٹ جی بولے کہ اس پرلے میں اگنی سے سب جل گئے اور پھر موسلا دھار برکھا ہوئی جس سے سب استھان ستھیل ہو گئے اور جل ایسا چڑھ گیا کہ پربت تیرنے لگے پر تو سب ٹھور برہم ہی دکھائی دیتا تھا اور جب میں سنکلپ کی اور دیکھتا تھا تب مہا پرلے دکھلائی دیتی تھی اور برہم لوک تک جل چڑھا ہوا دکھلائی دیتا تھا یہ دشا دیکھ کر مینے بڑا اسچرج کیا ہ

ایک سو بانویں سرگ ۔ باسنا کے مٹ جانے سے موکھش کا ہونا

بشسٹ جی بولے کہ جب ایسا ہوا مینے برہم پوری کو دیکھا برہما جی اور سب دیوتا پدم آسن لگائی ہوئی سمادھی میں بیٹھے ہیں پھر ایک مہورت پیچھے سوائے سورج کے سب انتردھیان ہو گئی اور پرلے ہو گئی جب تک برہما کی باسنا تھی تب تک سرشٹی تھی جب اسکی باسنا نشٹ ہو گئی تب سرشٹی نہ تھی تات پرج یہ ہے کہ جب باسنا نشٹ ہوئی انت باک اور اودہ بہوتک شریر نہیں رہتا برہما کی سکھوپتی میں لین ہو جاتا ہے اور جاگرت میں اتپن ہو جاتا ہے اور کہئے کہ اس شریر کے ناش کا نام مہا پرلے ہے سو ایسے بھی نہیں کیونکہ ہر ایک پونے پر شریر کا ناش ہوتا ہے تب پھر لوک دیکھتا ہے اور جو یہ کہو کہ یہ پرتھی ماتر ہے اور اسی کا نام مہا پرلے ہے سو ایسے بھی نہیں کیونکہ سمرتی اور پوران سب کہتے ہیں کہ مہا پرلے میں کچھ نہیں کیول آتم ستا ہی باقی ہے اور جو برہم لوک کو بھی پرتھی ماتر کہو تو سمرتی شاستر کا کہنا بیارتھ ہوتا ہے اور جو ان کا کہنا بیارتھ ہو تو اس کے کہنے سے برہما کا بھی کیسے اتپن نہ ہووے اور جو کہو کہ جیسے آگ والا آگ کو سکیڑ لیتا ہے ایسے ہی استھول بھوت سکشم کر اپنے سوکھشم کارن میں لین ہوتے ہیں اور اسی کا نام مہا پرلے ہے سو ایسے بھی نہیں کیونکہ سوکھشم

بھوت کے رہتے ہوئے مہاپرلے نہیں رہتی جو تم کہو کہ سمپدن جو اگیان ہی اور جس میں اہم پھرتا ہے اس کے مٹنے کا نام مہاپرلے ہے تو یہ بھی نہیں کیونکہ مورچھا میں اُس کو گیان ہوتا ہے پر تو پھر جو سرشٹی بھاستی ہی اور مرنک ہوتی ہے سو بڑی مورچھا ہے تو اسمیں بھی پنچ بھوتک شریر بھاستا ہے اور پھر آگے جگت بھاستا ہے اس لیے اس کا نام بھی مہاپرلے نہیں اور جو تم کہو کہ جب تک یہ پنچ بھوتک شریر ہے تب تک یہ جگت ہی اس کا ابھاؤ تب مہاپرلے ہے سو یہ بھی نہیں کیونکہ جب شریر کو تیاگتا ہے اور اسکی کرپا نہیں ہوتی تو یہ پشاچ جاکر ہوتا ہے اور اس کا شریر ندروپ ہوتا ہے اور پھر چھتری اور کی سنگھیا نہیں رہتی اس لئے دیہہ کا نام بھی مہاپرلے نہیں ہی اس سے بھرجے کا نام بھی مہاپرلے نہیں ہے کیونکہ مہاپرلے اُس کو کہتے ہیں کہ جس میں سب کا ابھاؤ ہو جاتا ہے اور سب کا ابھاؤ جب ہوتا ہی کہ باسنا نشٹ ہوتی ہے اس لئے باسنا کے نشٹ کو گیانی نربان کہتے ہیں جیسے جب تک ندرا ہے تب تک سپنے کا جگت بھاستا ہی جب جاگتے ہیں تب سپنے کے جگت کا ابھاؤ ہو جاتا ہے ایسے ہی باسنا کے نشٹ ہونے پر جگت کا بھی ابھاؤ ہو جاتا ہے باسنا ہی ابھاس مانز ہے اور جو تم کہو کہ باسنا کیوں ہے سو جو کچھ بھاستا ہے سو وہی اپنے آپ بھاؤ میں استھت ہے سوئی بھاو ہے او تہاں ہونیکا نام بندھ ہے اور مٹنے کا نام موکش ہے جو پھرتی بہتر لکھہ ہوئی تو بندھن ہے اور جو پھرتی انتر لکھہ ہوئی تو مکت ہی پھر اس میں کیا چھن ہو اس لئے نرباسنک ہو رہو جب تم آتمک ہو او تہاں استھت ہو گے تب پرم نربان پد کو پراپت ہو گے ۔

ایکسو ترانویں سرگ برہما جی کا انتردھیان مہاپرلے کا برنن

بششٹ جی بولے جب برہما جی انتردھیان ہو برہم پد میں نربان ہوئے تب بارہ سورج نے برہم پوری کو جلا دیا اور پھر وہ سورج بھی نربان ہو گئے سمندر نے اچھل کر برہم پوری کو ڈبو دیا اور جل ہی جل ہو گیا ایسا ہونے پر ایک پرش مہا بھیانک اور شیام روپ پانچ مکھہ دس بھجائیں تین نیتر والا ہاتھ میں ترسول لیے نکلا جیسے اُسے مہا رودر جانکر پرنام کیا رامچندر جی نے پوچھا کہ وہ رودر کون تھا اور بھیانک ترسول لیے ہوئے تھا اور کس کا بھیجا ہوا آیا تھا اور اس نے کیا کیا پھر کہاں گیا اور اس کے ساتھ کوئی اور بھی تھا بششٹ جی بولے کہ اہنکار کا چھوڑنا اور سشٹی اہنکار ہونا جوگ ہے سرب آتما کی پرتی کا نام

شٹی آہنکار ہے اور اسی کا نام رودر ہے اور اسکی گرشن مورتی اس لئے ہی کہ وہ اکاش روپ ہے اور پانچ
مکہہ گیان اندریوں کی شٹا ہے اور دس کو کرم اندری جانو اور رج تامس ساتک تین نیتر سمجھو اتہوا
بہوت بہوشت برتمان اتہوا رگ یجر شام تینوں بید سمجھو اتہوا من بدہی چت کو اتہوا اوم کی تینوں ماترا
تینوں کو جانو اور شریر اس کا اکاش اور ستر لوکی کو اس کے ہاتہہ میں ترشول جانو اور چدسموت سے وہ
پہرا تہا اور اس کا ہی پیچا ہوا تہا اور پہر اسی میں لین ہو گا جو کچہہ اس نے کیا وہ سنو کہ اسنے جب نیتر اور
پرانوں کو کہینچ لیا تب سب جل اسکے مکہہ میں چلا گیا اور وہ رودر اکاش روپ تھا اسکا کوئی اکار نہ تہا
پہر انتی سے وہ دیکہتا تہا مدہ میں سب آتا تہا جو اکاش ہوکر بہاستا ہے رامچندر جی بولے کہ وہ تت کسکے
آسری ہوتے ہیں اور ان کا پہرنا چلنا اور ناش کیسے ہوتا ہے بسشٹ جی بولے کہ اکاش میں میگہہ اور سورج
کسکے آسری ہوتے ہیں جیسے یہ سنکلپ کے آسری ہیں ایسے ہی برہمانڈ بہی سنکلپ کے آسری ہیں اور
سنکلپ آتما کے ہی آسرے ہوتا ہے سو یہ جگت اور تت آتم ستا کے آسری استہت ہیں پرم سروپ سے بہن
کچہہ نہیں سب بہرم مانتر ہے آتما ہی میں جگت ہے جگت کو متہیا جانکر اسکی باسنا کو تیاگو ۰

ایک سو چورانویں سرگ رودر اور دیوی کالی کا نرت

بسشٹ جی بولے ہے رامجی اس رودر کی پرچہائیں شام روپی بڑہتی جاتی ہتی میں بڑا اشچرج کر رہا
تہا انتے میں وہ پرچہائیں نرت کرنے لگی اور اس سے ایک استری نکلی جس کا وریل شریر تہا اور اونچا
اکار اور کرشن برن تین نیتر تہی ہیجا اونچی گریوا گلے میں رودر اگنی اور رنڈوں کی مالا پڑی ہوئی
ہاتہوں میں ترشول اور کہڑگ اور بان اور اوکہل اور موسل آدک لئے ہوئی ایسا بہیانک روپ میں نی
دیکہکر بچار کہ یہ کالی بہوانی ہے اور میں نے اسکو نمسکار کری کبہی اسکی دو ہی بہجا کبہی سہنسر بہجا ہو جاتی
ہتی کبہی ایک بہجا بہی نہیں رہتی تہی کبہی سر پاؤں نہیں رہتے تہے پرنتو نرت کر رہی ہتی اور جیوں
جیوں نرت کرتی تہی شریر اس کا استہول دکہلائی دیتا تہا اور جب وہ نرت کرتی تہی سارا ہی برہمانڈ
نرت کرنے لگتا تہا اسکے روم روم میں برہمانڈ تہا اور اس کے شریر میں اکاش نیچے اور بہر تہوی اوپر کو دکہلائی
دیتا تہا اور سب دیوتا سدہ اس میں دیکہتے تہے اسی پرکار انت سرشٹی اس دیوی کے شریر میں دکہتی
ہیں جب میں اسے سنکلپ سے دیکہتا تہا تب سرشٹی دکہلائی دیتی تہی اور یہ دونوں ہمکو دکہلائی دیتی

تھی جب آتما کی اور دیکھتا تھا کیول آتما ہی بھاستا تھا اس بھیرو کی یہ بھیروی شکتی تھی اور یہ دونوں ہمکو دکھلائی دیتی تھی اس پرکار سے رودر اور کالی بھوانی کو دیکھا ہے رامجی ایسی دیوی تمہاری سہائک ہو جو سرب شکتی پرماتما کی ہے اور سب برہمانڈ اس کے آسرے ہیں چھن میں وہ انگشت پرمان ہو جاتی تھی اور چھن میں وہ بڑی دیرگھ اکار کو دھارتی تھی اور تمام سب جگت میں جو کریا ہوتی تھی سو اس کے آسرے ہوتی تھی اور کہیں جدا ہوتے تھے اور نانا پرکار کی کریا اسی دیوی کے آسرے ہوتی ہیں ؎

ایک سو پچانویں سرگ۔ جگت چیتن آتما کا کنچن ہونا

رامچندر جی نے پوچھا کہ وہ رودر اور کالی کون تھے اور اُس کے ہاتھ میں شستر کیا ہے اس کے شریر میں سرشٹی نے کیسے پرویش کیا وہ کہاں سے آئی تھی کہاں کو گئی اس کا اکار کیا تھا بششٹ جی بولے نہ کوئی رودر ہے نہ کالی نہ کوئی پرش نہ استری نہ بنک نہ برہمانڈ ہے کیول چداکاش ہی ہے اور سنکلپ سے اُپجی ہے یہ اکار بھاستے ہیں آتم پدست اور پرکاش روپ ابناشی ہے اپنے آپ میں استھت ہے رودر دیوتا کا اکار جو بھاستا تھا سو چیتن آتما ہی ہو کر بھاستا تھا چیتن ستا اپنے سروپ کو نہیں تیاگتی اور اکار ہو کر بھاستی ہے جیسے پونڈے کے رس میں مدھرتا نہ ہو تو اس کو کوئی رس نہیں کہتا ایسے ہی آتم ستا میں چیتنتا نہ ہو تو چیتن کوئی نہ کہے اور جو آتما چیتنتا کو تیاگے تو پرنامی ہووے اُسکو چیتن نہیں کہہ سکتے وہ اپنے سوبھاؤ میں استھت ہے اسی لئے کہا گیا ہے کہ جو کچھ بھاستا ہے سو آتما کا کنچن ہے ؎

ایک سو چھیانویں سرگ۔ شیو اور کالی میں کچھ بھید کا نہ ہونا

بششٹ جی بولے چداکاش سو سدا اپنے آپ میں استھت ہے اور وہ ہی رودر نرت کرتا تھا اور وہاں کوئی اکار نہ تھا اس روپ کو مجھ سا کوئی دیکھ سکتا ہے باستو میں وہ روپ پایا ماتر چیتن ستا کے آسرے ناچتی تھی رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون پہلے تم نے آتم تت کو اودویت کہہ کر کہا کہ یہ جگت پرماد سے کلپت ہے اور سب کلپت کے انت میں ناش ہو جاتا ہے اور اودویت ستا ہی رہ جاتی ہے اور پھر کہا ہے کہ چیتنتا کر کے جگت روپ بھاستا ہے اور پرلے کے انتر یہ کالی کیسے بھاسی بششٹ جی بولے کہ نہ کوئی چیت ہے نہ کوئی چیتنتا ہے کیول آتم ستا ہے آپ میں استھت ہے چیتن گھن پرم نرمل شانت روپ شیو

تت رو در اکار کو دھارے ہوئے درشٹی میں آتا ہے دوسرا کچھ نہیں چیت اور چیتنے والا سب آتما ہی
کر کے بہاستے ہیں آتما ایک اور ادویت چیتن ہے وہ ابناشی ہے چنماتر نرلکلپ روپ ہے شاستر کا بڑا
سدھانت یہی کہ موہن درشٹی میں پھر کے تل اسمت رہیں اور نرلکلپ ہو رہیں اور اچار میں پرورت رہیں
اور سدا آتم نشچے کو دھارے رکھیں اور اسی کا نام پرم موہن ہے رامچندر جی نے پھر وہی پرشن کیا جو ۱۲۲ و ۱۲۳
سرگ میں ہے اور بسشٹ جی نے پہلے کی ہی سمان اتر دیئے ہیں جو پہلے سرگوں میں لکھے گئے ہیں زبات
پرمسنج یہ نکلا ہے کہ شیو اور کالی روپ میں کچھ بھید نہیں ہے وہ ایک ہی ہیں اور نانا پرکار ناموں اور
انیک روپوں سے پرگھٹ ہیں کالی کے ارتھ جگت کے ناش کرنے کے ہیں سو جب یہ سروپ کی اور آتی
ہے جگت کا ناش کرتی ہے جب تک شیو سے جدا ہے تب ہی تک جگت کو رچتی ہے اور جہاں یہ ہوئی ہاں
ہی جگت ہے اور یہ شکتی چدا کاش سے جدا نہیں اور جب شیو کی اور آتی ہے تب شو روپ ہو جاتی
ہے اور جگت کا ابھاؤ ہو جاتا ہے ہے رامجی جب تمہاری چت شکتی تمہاری اور آوے تب جگت بھرم نشٹ
جاوے اسی چت شکتی نے جگت بھرم کو بیچ رکھا ہے اور جو شیو ہے نرمل شانت روپ اجر امر اچنت
چنماتر ہے رامچندر جی بولے کہ ہے بھگون تم نے کالی کے انگ کی دو سرشٹی دکھی بتلائی وہ آتما میں
ست ہے یا است بسشٹ جی بولے یہ کالی ویوہی آتما کی کریا شکتی ہے اس لئے یہ آتما میں ست ہے
اور باستو میں آتما میں کچھ نہیں جو کچھ دیکھتا ہے سب چدا کاش برہم روپ ہیں سب پدارتھ چت کے
پھرنے سے ہی دیکھتے ہیں جس کا سنکلپ شدھ ہوتا ہے اسکی منوراج کی سرشٹی دیس اور کال سے
پرکاش ہوتی ہے سو سنکلپ روپ ہی ہوتی ہے جب تک چت سپند پھرتا ہے تب تک جگت سب
پھرا ہے اور جب چت نسپند ہوتا ہے تب جگت کی سنتا نہیں بھاستی ہے یہ سب جگت کریا شکتی
نے آتما میں رچا ہے جب تک یہ کالی کریا شکتی شیو سے جدا رہتی ہے تب تک نانا پرکار کے جگت رچتی
ہے اور کلیش کو پراپت ہوتی ہے اور جب شیو کی اور آتی ہے تب شانت روپ ہو جاتی ہے پھر کرتی
سنگیا اس کی نہیں رہتی وہ ادویت تت میں ادویت روپ ہو جاتی ہے اب سنو کہ شیو کیا ہے اور
شکتی کیا ہے یہ سب جیو شیو روپ ہیں اور اس کے چت کا پھرنا شکتی ہے جب تک اچھا سے جگت شکتی باہر
کو پھرتی ہے تب تک بھرم کا انت نہیں آتا اور نانا پرکار کے بکاروں کا ابھیو ہوتا ہے کدا چت شانتی
نہیں ہوتی جب چت شکتی الٹ کر ادھشٹان کو دیکھتی ہے تب جگت بھرم دور ہو جاتا ہے اور پرم

شانتی ملتی ہے آتما اور چت سمبوت ہیں کچھ بھید نہیں اچھا شکتی شو روپ کے ساتھ ملی ہوئی رہتی ہے
رامچندر جی نے پوچھا کہ یہ جو پرمیشری کالی شکتی ہے یہ شو سے ملکر شانت کیسے ہوئی بشسٹ جی
بولے کہ دیوی پرماتما کی اچھا شکتی ہے اور جگت ماتا اس کا نام ہے جب یہ چت شکتی شو پد میں لین
ہو جاتی ہے تب آتم تت کے ساتھ وہ تدروپ ہو جاتی ہے یہ چت کلا جب تک بٹنے کی اور رہاوتی
ہے تب تک اپنے باستو سروپ میں پراپت نہیں ہوتی اور جب باستو سروپ کو پراپت ہوتی ہے
تب بٹنے کی اور رہاوتی ہے یہ سنسار پرم چت سمبوت ہیں ورڑھ ست ہو کر استھت ہوا ہے اور سنسار
کے سکھ کا تیاگ نہیں کر سکتا جب آتم سکھ پراپت ہو گا تب اسکو تیاگ دیگا ؀

ایکسو ستانویں سرگ بشسٹ جی کا سلا میں انیک سرسٹی اور مہا پرلے کا دیکھنا

بشسٹ جی بولے جب وہ کالی نرت کر کے انتردھان ہو گئی تب شیو اکیلے رہ گئے اور اکاش کے دو کھنڈ ایک
نیچے اور ایک اوپر دیکھنے لگے اس میں رودر نے نیتروں کو پھیلا کر دیکھا اور پران کو کھینچا اسکے کھینچتے ہی
اوپر نیچے کے کھنڈ اکٹھے ہو گئے اور رودر نے برہمانڈ کو انتر مکھ کر لیا کیول رودر ہی رہ گئے پھر ایک
چھن میں الکا غنہ پر انگشت مانند ہو گیا پھر چھن میں سوکھشم انو ہو گیا یہ وشا میں ودھ ورشٹی سے دیکھتا رہا
وہ رودر ہی نشٹ ہو گئے اتنے میں سورن کی سلا پڑی دکھی میں نے بچارا کہ یہ سرشٹی ایک کونہ سلا میں
تھی تو اور بھی سرشٹی ہو نگی اور میں دیکھنے لگا تو میں نانا پرکار کی سرشٹی کو دیکھا اور جب لو وہ ورشٹی
سے دیکھتا تھا تب سرب برہم ہی بھاستا تھا اور سنکلپ ورشٹی سے دیکھتا تھا تو انت سرشٹی دکھتی تھیں
اور چرم ورشٹی سے سلا ہی پڑی دکھتی تھی اور میں سلا کے کونہ میں چلا وہاں مجھے انت سرشٹی دیکھی
کہیں رامچندر جی راون کو مارتے دیکھے کہیں سری کرشن کہیں پانڈو کی سبھا ایسے ہی بہت چرتر دیکھی
رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون میں پہلے بھی ایسا ہی ہوا ہوں اتھوا اور کسی پرکار کا بشسٹ جی نے کہا
کہیں تو ایسے ہی کہیں لکشن والے کہیں چوتھے بھاگ کے لکشن والے رام ہوئے ہیں اور تم ہی آگے کو
ہونگے اور میں بھی ہوں گا پرنتو تم میں اور اتیں آتمتت بھن نہ ہو گا اور سنکلپ سے بھن کے تل بھکش پرو
بھاسیں گے یہ جگت چیتن کا بلاش ہے اور چت کے پھرنے میں انت سرشٹی بھاستی ہیں یہ جگت سپنے کی

کی سرشٹی کی ارنبھہ پرنام سے کچھہ بنا نہیں آتم سدا اپنے آپ میں استھت ہے ۔

ایک سو اٹھانویں سرگ ۔ سرشٹی کی اُتپتی آتم بھاؤ پھُرنے سے

بسشٹ جی بولے اس پرکار میں نے سرشٹی کو دیکھا اور درش بھرم کو تیاگ کر اپنے باستو سروپ میں استھت ہوا چنماتر آتما کسی استھان میں سمبیدن ابھاش پھُری ہے اور اسی سمبیدن سے جگت ابھاسے رامچندر جی بولے ہے بھگون تم چداکاش روپ اپنے آپ میں استھت تھے اس میں سرشٹی تم کو کیسے پھُری بسشٹ جی بولے باستو میں کچھہ اُپجا نہیں پرنتو جیسے سرشٹی ہوئی اسکو سنو اور سرشٹی کی اُتپتی جیسے پہلے کہہ چکے ہیں کہہ کر کہا کہ باستو میں کچھہ نہیں چت کلا میں ہوئے کی نیائیں دکھلائی دیتی ہیں جیسے سپنے کی سرشٹی دیکھتی ہے اور جب وہ سرشٹی دیکھی مجھکو پورب سروپ اپنا ہو لگیا جیسے سکھپتی میں مجھکو اپنا سروپ بھول جاتا ہے اور جب شریر اور اندریاں مجھکو اپنے ساتھ بھاسیں تو ان میں میں نے اہم کی پرتیتی کر کے شبد اوم کا اچارن کیا جیسے بالک ماتا کے اودر سے اُتپت ہو کر شبد کرتا ہے جب میں آدھبوتک درشٹی سے دیکھتا تب مجھکو ستاہی دکھتی تھی اور جب انت باہک سے دیکھتا تھا انت برہمانڈ دکھلائی دیتے تھے اور جب آتم درشٹی سے دیکھتا تھا تب ادوئت اپنا آپ ہی بھاستا تھا یہ ہی روپ ابلوک منسکار متھیا ہے اور بھرانتی سے بست دیکھتا ہے باستو میں کچھہ نہیں جب مجھہ کو پرتھوی کی دہارنا ہوئی تب پرتھوی مجھکو شریر ہو کر بھاسنے لگی کیونکہ میں بیراٹ آتما تھا نانا پرکار کے استھان اپنے اوپر میں نے دیکھے اور راجسی ساتکی تامسی جیووں کی کریا ہوتی ہیں ان سب کا اُدھار میں ہو گیا اور پورب پچھم آدک دشاؤں کی سنگھیا مجھہ میں سمبیدن پھُرنے سے ہوئی ۔

ایک سو ننانویں سرگ ۔ جگت کا سنکلپ ماتر ہونا

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون تم کو جو پرتھوی کا انبھو ہوا اور اسمیں جگت اُتپن ہوا وہ سنکلپ روپ تھا اتھوا من سے اُپجا تھا اتھوا ادھبھوتک روپ تھا بسشٹ جی بولے سب جگت سنکلپ روپ ہے اور ادھبھوتک کی سمان بھاستا ہے پرنتو کیول چداکاش اپنے آپ میں استھت ہوا سو چداکاش میں ہوں جو کدا چت اُپجا نہیں اور ناش نہ ہوگا اور سدا ادوئت اور اچنت اور چنماتر روپ ہوں

اور میرے ہی سنکلپ کا نام من ہے اور میرے ابھیاس کا نام سنکلپ ہے اور اسی کا نام برہما اور اچھا ہے اور اسی میں جو جگت استھت ہے سو آکاش روپ ہے کچھہ بنا نہیں جسکو ست اور است کہتے ہو وہ شبھہ اور اشبھہ روپ جگت من ہی میں استھت ہے اور سب آکار نراکار روپ ہے اور بھرانتی سے پنڈاکار بھاستے ہیں من کا رچا ہوا جگت کیسے ست ہو اور من کا نربان کرنا ہی پرم شانتی ہے اور کوئی اوپا نہیں سب کلیشوں کا کرتا من ہے رامچندرجی نے پوچھا کہ آپ انت برہمانڈ کی پرتھوی ہوکر استھت ہوئے ہو تو کہو کہ کچھہ اور روپ بھی ہوئے یا نہیں بششٹ جی بولے کہ جب میں انت برہمانڈ کی پرتھوی ہوکر استھت ہوا جل کی دھارنا کری تب جل روپ ہوکر پھیلا اس میں برکھش پھل پھول آدہوا اور سمدر اور ندیوں کے پرواہ ہوکر بہنے لگا ایسے ہی استھاور جنگم سرب جگت میں میں ہی استھت ہوا اور اپنے سروپ کو نہ تیاگا اور میں گندھ ہوکر پھولوں میں پرویش ہوا اور میگھ ہوکر آکاش میں بچرا

دو سو سرگ سرشٹی کا سنکلپ ماتر ہونا اور سرب برہم روپ ہونا

بششٹ جی بولے جیسی بھاونا کری ویسا ہی کریا سدھ ہونے لگی اور سب جگت میں میں ہی پھیل رہا ہوں رامچندرجی نے پوچھا کہ جو تم جگت کی کریا کا انبھو کرنے لگے اور جل روپ ہوکر اور اگنی روپ ہوکر رہے انکو سکھہ اور دکھہ ہے تم نے انبھو کیا یا نہیں بششٹ جی بولے جیسے چیتن پرش سپنے میں پدارتھوں کو دیکھتے ہیں سو سپنے میں تو نہیں ہوتی تدرا کے دوش سے نہیں جان سکتے اور جب جاگتا ہے تب سب سرشٹی سپنے کو اپنا آپ ہی جانتا ہے ایسے ہی یہ جگت اپنے سروپ میں ہے نہیں جب تو وہ سروپ میں جاگوگے تب پدارتھ بھاؤ جاتی رہینگے اور سب جگت تو وہ سروپ بھاسیگا اور میں انت باہک شریر سے آکاش میں اڑتا پھرتا ہوں جسکو انت باہک شریر پراپت ہوتا ہے اسکو کوئی آورن نہیں ہوسکتا کیونکہ سب اسی کے انگ ہوتے ہیں اسی لئے مجھکو شدھ آتما میں سپنا ہوا ہے اور پورب کا سروپ مجھکو نہیں بھولا مجھکو سب جگت اپنا سروپ بھاستا ہے پھر کہید کیسی ہو جسکو اتی باہک شکتی پراپت ہوتی ہے وہ سمرتھ ہوتا ہے کہ جہاں چاہے چلا جاوے سرشٹی سنکلپ ماتر ہے سب برہم سروپ ہی

دو سو ایک سرگ سب کچھہ برہم کا نام ہوا گیان سے پدارتھوں کا بھن ابھن بھاسنا

بششٹ جی بولے پھر میں نے پون کی دھارنا کا ابھیاس کیا اور سب برکھش اور تاروں نکھشتروں

ندی آدک میں میرا باس ہوا اور میرے ہی آدہار سے سب کو رس پہنچتا تہا اور جتنے پدارتھ اور دیوتا اور ک
ہیں سب میں ہوں اور جتنے پنچ بہوت ہیں سب مجھ میں پہرے ہیں میں ہی چیتن شریر میں ہوں اور
وہ تت بہی چیتن شریر ہی ہیں سب کا سرب آتما استہت ہے دوسرا کوئی نہیں ایک ایک انو میں
اننت سرشٹی دیکھتی ہیں اگیان درشٹی والوں کو بہن پدارتھ بہاستے ہیں سب کچھہ برہم ہی کو جانو
برہم اور سرشٹی میں کچھہ بہید نہیں ۔۔

دو سو سرگ جگت کے سنکلپ روپ ہونیمیں اور ایک پرکھ کا برنانت

بسشٹ جی بولے پہر میں سنکلپ کو کہینچ اور انتر مکہہ ہوا اپنی کٹی کے اور آیا اس کٹی میں ایک پرش بیٹہا
دیکہا اور میں بچار سے جانا کہ یہ کوئی مہا سدہ ہے اس نے میرا شریر مرتک جانکر گرا دیا ہے اور میں کٹی کے
سنکلپ کو تیاگ دیا اور میں اڑا آکاش میں مجھکو پہر اس سدہ کے دیکھنے کی اچھا ہوئی اور پہر آیا تو کٹی سہت
اس سدہ کو نہ دیکھا اس کا یہ کارن ہے کہ کٹی جو اس کی آدہار بہوت تہی سو میرے سنکلپ میں تہی جب میرا
سنکلپ نربان ہو گیا وہ کٹی گر پڑی سدہ بہی گر پڑا اسکو گرتا دیکھکر میں بہی اس کے پیچہے چلا اور چلتے چلتے
ساتوں دیپوں کے پار ویس سمندر جو جن پرتہوی تہی وہاں وہ سدہ ویسے ہی آسن باندہے ہوئے
اس پرتہوی پر آ پڑا یہ شریر پران سے ہی ہلتا چلتا ہے جب پران ٹہر جاتے ہیں تو شریر ہلتا چلتا نہیں
اس لئے کا شریر ویسے ہی رہا جیسا کٹی میں تہا میرے من میں اس سے کچہہ چرچا کرنے کی آئی پرنتو وہ
سمادہی میں تہا میں میگہہ روپ دہارکر اس کے شریر پر برکہا کرنے لگا اور گرجکر بڑا شبد کیا وہ نہ جاگا پہر میں نے
اولے برسائے جب اس نے نیتر کہولکر دیکہا تب اپنے شریر کو تیاگ کر اس کے آگے استہت ہوا اس سمے اسنے
سمادہی کہولی اور اس کے پران اور اندری اپنے اپنے استہانوں میں آئیں میں نے کہا کہ ہے سادہو تو کون ہے
اور کہاں بیٹہا اور کیا کرتا ہے اور کس نمت کٹی میں استہت تہا وہ بولا کہ میں اپنی پراکرت بہاؤ میں استہت
ہوں سب کچہہ کہونگا جلدی نہ کریں سمرن کر لوں اور پہر سمرن کرکے تہوڑا دیر میں بولا کہ ہے برہمن مجھہ
پر چہما کرو کیونکہ سنتوں کا شانت سوبہاؤ ہوتا ہے مجھہ سے بڑی اوگیا ہوئی ہے اب میرا نمسکار ہے
یہ سنسار ندی کا بڑا پرواہ ہے اور چت کے سمندر سے نکلتا ہے اور جنم مرن اس کے دو کنارے ہیں اور
راگ دویش ترنگ ہیں اور بہوگ کی ترشنا کا چکر پہرتا ہے اور میں نے اس میں بڑا دکہہ پایا ہے دیو استہانوں

میں بھی گیا اور دیو بھوگ ہی بھوگے شانتی ہوئی اس جگت کو اسا ہجانکر میرا چت پرکٹ ہوا ہے اور اپنا انبھو روپ گیان سمبوت سے سار اجانا اسی لئے اب میں اسی میں استھت ہوا ہوں سب بشئے استری پتر اور لوگ بکھہ ہیں اور سروپ سے ہٹانیوالے ہیں وہہ ایک ندی ہے اسمیں بدہی مچھلی ہے جب وہ باہر کو سر نکالتی ہے تب ہی بھوگ کا بگلا اسکو کہا جاتا ہے ارتہات آتم مارگ سے شونیہ کردیتا ہے اور بھوگ کے چور لوٹ لیتے ہیں اب جاگا ہوں وہ چور مجھے نہیں لوٹ سکتے شریر جو ناشوان ہے اسکے لئے اودم کرنا پرم آپدا کا کارن اور اہم کی پرتیتی نہ کرنی ہی پرم سکھہ کا کارن بالک ورجوبن اور برودہ تینوں وستہا کھیلنے اور کام اور چنتا میں بیت ہو جاتی ہیں اور مر جاتے ہیں پرم پد نہیں ملتا یہ آیو بجلی کا سا چمتکار ہے جب آتم گیان کی برکش کی چھایا میں بیٹھے گا تب ہی شانت اور سکھی ہوگا یہ سنسار مایا ماتر ہے اس میں شانتی کداچت نہیں ہوتی بڑا اشچرج یہ ہے کہ جو پدارتھ سکھہ دایک نہیں اسکی چاہنا کرتے ہیں اور جس وشے کو سکھہ روپ جانتے ہیں وہ روگ کا مول ہے جس کو یہ استری جانتا ہے وہ سرپنی بکھہ کی بھری ہوئی ہے جس کا کاٹا کبھی نہیں جیتا لما اسی پرکار بہت کچھہ وشے کی نندا کی ہے اور اس کا اسار روپ ہونا کہا ہے) اسی کارن مجھہ سے تمہارا شریر گر گیا ہے میں نے کہا کہ ہے سادھو مجھہ سے بھی تمہارا گرنا بنا بچار کے ہوا ہے کیونکہ میں بنا بچار ہی اٹھہ گیا تھا اور یہ کٹی میرے انت باہک سنکلپ میں تھی مجھہ سے گر گئی اور تم بھی گر گئے جو بیت گیا اوسکی چنتا کیا کیجے ہے سادھو اب تم کو جہاں جانا ہے جاؤ اور میں بھی جاتا ہوں یہہ کہہ کر ہم دونوں اکاش مارگ کو اڑے اپنے اپنے استہان کو چلے گئے اور میں نے بہت سے استہان دیکھے مجھہ کو کسی نے نہ جانا؛

دوسو تین سرگ۔ ادہ بہوتک وانت باہک وپشاچ شریروں کا برتانت

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون آپ نے اکاش مارگ میں کیسے شریر سے سدہ کا سماگم کیا آپکا پنچ بھوتک شریر تو پرتھوی پر پڑا تھا اور وہ پرتھوی میں انوروپ ہو چکا تھا بسشٹ جی بولے کہ انت باہک شریر سے میں بچرتا تھا مجھکو کسی نے دیکھا نہیں میں نے سب کو دیکھا رامچندر جی نے پوچھا کہ انت باہک شریر اندریوں کا بشیا نہیں پھر تم نے سدہ سے آتم چرچا کیسے کی اور اس کو تم نے کیسے دیکھا بسشٹ جی بولے کہ سدہ کو جیسے اس نے دیکھا کہ میرا ست سنکلپ تھا اور مجھے یہ چاہنا ہوئی کہ سدہ مجھکو دیکھے اور چرچا کرے

اور اس کا بھی سنکلپ میری ہی آیا تب میں نے جانا اور اُسنے مجھکو دیکھا جو دونوں سدھ ہوں اور اُن کا
سنکلپ بھن بھن ہو تو ایک دوسرے کو نہیں جان سکتا پر تو کیکا بیش سنکلپ ہو تو دوسرے کے
سنکلپ کو جانتا ہے اس کا سنکلپ میرے دیکھنے کو نہ تھا اور میرا جو درڑھ سنکلپ تھا اس لئے سدھ کے سنکلپ
کو میرے سنکلپ نے کھینچ لیا اس لئے اُسنے بھی مجھکو دیکھ لیا اور جو انت باہک ہیں اُنکو تینوں کال کا گیان ہوتا ہی
پر تو جب بیوہار میں لگتا ہے اسکو بھول جاتا ہے اور بیتان ہی کا اسکو گیان ہوتا ہے اسی لئے اُسنے میرا شریر
بھی ڈالدیا تھا کیونکہ وہ سمادھی کے بیوہار میں لگا ہوا تھا اور میں استھان کی چنتا میں کرتا ہی گر گئی میرا جو ہوا
میں لگا انت باہک شریر بھول گیا رام چندر جی نے پوچھا کہ پشاچ شریر اور اُسکی جاتی اور کیا روپ کیا ہوتی
ہے اور رہنے کا استھان کون سا ہے بسشٹ جی بولے کہ پشاچ کا آکار نہیں ہوتا کہیں تو آکاش کی سمان
شونیہ ہوتے ہیں اور پرچھائیں کی نیائیں بھی دکھتے ہیں اور کہیں میگھ اور کاگ روپ ہو کر رہتے ہیں اور
سب کو دیکھتے ہیں انکو کوئی نہ دیکھتا ہے نہ جان سکتا ہے سیت اور گرمی سے انکو دکھ بھی ہوتا ہے اور وہ
کر وہ وہ آدک آکار بھی ہوتے ہیں اچھے ہو جن کی بھی اچھا کرتے ہیں اور سنگھ نگر اور برکھش اور ور کند استھان
میں بھی وہ رہتے ہیں اور من میں پرویش کر لیتے ہیں اور منتر اور پاٹھ اور دان آدک سے بس بھی ہو جاتے
ہیں ادھم ادھم کشٹ ہوتے ہیں جو اُتم ہیں وہ دیوتاؤں کے استھان میں رہتے ہیں مدھم مُنشوں کے استھان
کنشٹ نرک کے استھانوں میں رہتے ہیں اور انکی اُتپتی اچنت اور چنماتر سے ہوتی ہے سب کا اپنا آپ ہی چیتن
ستا کلپ برکھش کی نیائیں جیسی بھاونا ہوتی ہے ویسا ویسا پدارتھ ہو جاتا ہے نہ کہیں پشاچ رہتے
اور نہ کہیں جگت ہے ہما کا شریر انت باہک اور کیول آکاش روپ ہے اسکے درڑھ سنکلپ سے ہی آدھ ہو بھوتک
دکھتا ہے پاستو میں تو کچھ اپجا نہیں نہ تم ہو اور نہ میں ہوں نہ جگت ہے سب برہم روپ ہی آتما کے پرماد
سے سنسار بھرم ہے سب کچھ آتما روپ ہی ہے پھر راگ دویش کس کا ہو ؂

دوسو چار سرگ ست سنگ اور ست شاستر کے بچار سے بندھن کا چھوٹنا

بسشٹ جی بولے میں چدآکاش روپ ہوں انت باہک شریر سے پھرتا تھا مجھے کوئی نہیں دیکھتا تھا میں
سب کو دیکھتا تھا اور جب میں نے چاہا کہ مجھکو کوئی دیکھے میں تو ست سنکلپ تھا ترت ہی مجھے دیکھنے لگے کسی
نے مجھے جل سے پوجا کسی نے پون سے کسی نے بہت رشیوں کے مدھ میں سب کے ساتھ بیوہار کرنے

لگا بہت کال پیچھے بھاؤنا کی ورِدّھی سے پہنچ ہوئک شریر مجھکو دکھلائی دیا اور پہلے سب برتانت کو بھول گیا اور اوہ بہوتک مجھہ میں وردّھ ہوگئی ہاستو میں نہ تو یہ اُپجا ہے نہ جگت آتما کو کداچت کلیش نہیں ہوتا گیان سے جگت بھرم دور ہو جاتا ہے اگیان کے دور کرنے کو اس مہارامائن کا بچار کرنا چاہئے جس کے ہی سنسار بھرم مٹ جاتا ہے آتم پد کی اچھا والوں کو سدا سنتوں کا سنگ کرنا اُچت ہے جو اس شاستر کو چھوڑ کر اور شاستر میں جی لگاتے ہیں مہا مورکھ ہیں ؟

دوسو پانچ سرگ گیان اگیان کے بھید سے جگت اور آتما میں بھید کا ہونا

بسشٹ جی بولے ادویت تت میں جگت بھرم سے بھاستا ہے جگت اور برہم میں بھید نہیں ہے سمیک درشٹی اور اسمیک درشٹی کا بھید ہے سو میں سدا ہی اپنے سو بھاؤ میں استھت ہوں اور ایک ہی رس ہوں جب یہ پُرش اناتما میں اہم ابھیمان کرتا ہے تب آپ کو لکار وان جان کر جنمتا مرتا مانتا ہے اور ابھیمان تیاگنے پر آتما مانتا ہے نہ جنمتا ہے نہ مرتا ہے آتما کو کداچت مرتیو نہیں جو اسکو مرتیو ہو تو ہم کے مرنے سے سب جگت ہی مرجاوے شریر کے ناش ہونے سے آتما کا ناش نہیں ہوتا شریر کے وکدہ ہونے سے آتما وکدہ نہیں ہوتا سو مجھے نہ جنم ہے نہ مرن نہ دکھ کا شوک نہ سکھ کی اچھا آتما میں بسشٹ نام میرا روپ ہے نت بدھ بودھ روپ ہوں یہ سب جگت آتما ابھو روپ ہے کیونکہ یہ پرماتما کا سروپ ہے آتم ستا میں جیسا جیسا نشچے ہوتا ہے ویسا ہی ادھشٹان روپ بھاستا ہے دھرماتمک پُرش ست اور است کے بدھ میں برہم کو مانتے ہیں اور ایک چارباک ملیچھ ہیں جو چاروں تتوں سے سرشٹی کی اُتپتی مانتے ہیں بودھ مت والے کہتے ہیں جو کچھ بستو ہے وہ بودھ ہے اور اُس کے ابھاؤ ہوتے ہی شونیہ ہو جاتے ہیں ایک مت والے انیک برہمن اور ہاتھی اور گؤ اور سوان گھوڑا سورج آدک میں بھن بھن پرتیت کرتے ہیں گیانوان سب میں ایک ہی برہم ستا کو بیاپک مانتے ہیں ہاستو میں تو ایک ہی ہے اپنے اپنے نشچے کے انوسار بھاستا ہے رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون جگت و پاتال اور بھوتل اور سرگ میں بدھمان کون ہیں جنکو پورب کے بچار سے ساکشاتکار ہوا ہے اور وہ آتم سروپ کا کیسے نشچے کرتے ہیں بسشٹ جی بولے جتنا جگت ہے اندریوں کے بشے کی ترشنا سے جلتا ہے اور است میں ہار کھا کر نشٹ میں شوک کرتا ہے میرے مت میں تو دیوتا دیا دھر آدک کوئی ہو آتم پد سے بمکھ ور گندہ کیسے

کھڑے ہیں اور کوئی کوئی جیون مکت اور گیانوان بھی ہیں جیسے دیوتاؤں میں برہما۔ بشنو۔ رودر سدا ہی آتم آنند میں مگن ہیں اور چندرما۔ اگنی۔ بایو۔ اندر۔ دھرم راج۔ برن۔ کبیر۔ برہسپتی۔ شکر۔ نارد۔ گج سے آدیکر اور سپت رشی۔ وششٹ۔ پرجاپتی۔ سنک۔ سنندن۔ سنت کمار اور سناتن بھی جیون مکت ہیں اور سدھوں میں کپل منی اور دینتوں میں ہرنکشپ۔ پرہلاد۔ بلی۔ بھیکشن۔ اندرجیت آدک۔ منشوں میں راج رشی اور برہم رشی ناگوں میں ششش ناگ باسکی آدک جیون مکت ہیں اور شیو لوگ اور برہم لوگ اور بشنو لوگ میں کوئی کوئی جیون مکت ہیں اور جہاں جہاں میں دیکھتا ہوں وہاں وہاں اگیانی بہت ہیں گیانی کوئی کوئی دیکھتا ہے سو رہاں وہ ہی ہے جسکو آتم پد میں استھتی ہوئی اور اُس کو سنسار سمدر سے ترنا ہی سُگم ہے

دو سو چھ سرگ ستوں کے سنگ کی مہما

بششٹ جی بولے ہے کلی پُرشوں برکت جنوں کے راگ دویش اور کام کرودھ موہ ابھمان آدک بکار سو بھاؤ ہی نشٹ ہو جاتے ہیں اور اُن کے سب گن بھی سو بھاوک آجاتے ہیں ایسے سنت جنوں کا آسرا کر نیوالے ترجاتے ہیں اُن کا ہر وہ سروپ سے چلایمان نہیں ہوتا وہ سدا ہی اپنے سروپ میں استھر رہتے ہیں اور سبھہ گن اشنان دان آدک جیووں کو سُکھ دینے والے اور دکھ کے دور کرنے والے ہیں۔ ار تھات جب اشنان دان کی اوسیہ پُرش آتا ہے تب ستوں کی سنگتی میں ہی اُس کا چت لگتا ہے جب ستوں کی سنگتی میں چت آیا تب کرم کر کے اسکو پرم پد کی پراپتی ہوتی ہے اس لئے اُس پُرش کو بھی تو کرنا ہے کہ شاستر انوسار سبھہ گنوں کی چیشٹا کرے اور ستوں کے نشچے کا ابھیاس کرے کہ وہ بھی سنت ہو رہتا ہے ستوں کا سنگ ہر تا نہیں جاتا اور مورکھوں کی سنگتی سے ساد ہو بھی مورکھ ہو جاتا ہے اس کارن مورکھوں کی سنگتی چھوڑ کر ستوں کا ست سنگ کرنا چاہئیے

دو سو سات سرگ

مُرڈھا کے نشچے انہوں کے انوسار چیشٹا کرتے اور اچنت چمتکر کی پراپتی ابچار کئے سے دکھ کا نشٹ ہو جاتا رام چندر جی نے پوچھا ہے بھگون ہمارا دویش تو ست شاستر اور ست سنگ اور تیرتھ اشنان دان جب

سے بنت ہوتے ہیں اِنکو پہلنتی کیت آدک کے دُکھ کیسے دور ہونگے بششٹ جی بولے ہریم او دیت
ہے پرنتو اس میں چت کنچن آبہاس پھرا ہے سو پھرنا باستو میں سپنے کی سرشٹی کی بہانئیں ہے اپنے
سروپ کے پرماد سے جیوت بہاؤ کو انگیکار کیا ہے اس انگیکار کرنے سے اور اناتم دیہہ آدک میں آتم ابہمان
کر کے جیسا نسچے کرتا ہے تیسی ہی گتی پاتا ہے پھر دیس کال کریا اور یہ سنکلپ ان ہو سنتا ہیں جیسا درڑھ
ہوتا ہے ویساہی ہو بہاستا ہے اس میں چار اوستھا کلپت ہوتی ہیں جیسی جیسی بہاونا ہوتی ہے
اس کے انوسار اوستھا کا انبہو ہوتا ہے وہ یہ اوستھا ہیں گہن سکھپتی۔ چھن سکھپتی۔ سپن اوستھا جاگرت
اوستھا گھن سکھپتی میں پربت اور پاکھان ہیں وورکہ میں برکہش تیسری میں ترجک پکشی اور کیٹ پتنگ
آدک جیو استہت ہیں انکو سوکہشم گیان ہے اور منش اور دیوتا جاگرت روپ جگت کا انبہو کرتے ہیں یہ
سب اوستھا آتما میں استہت ہیں اس میں جیسا سنکلپ درڑھ ہوتا ہے ویساہی ہو بہاستا ہے
ہم کو ایک دن بیتت ہوتا ہے اور چینٹی کو جگ کا انبہو ہوتا ہے اور ہم کو ان کے جگ میں ایک چھن کا
انبہو ہوتا ہے اور ہمکو جو سوکہشم انو ہوتا ہے انکو وہ پربت کی سمان دیکھتا ہے اور منش۔ دیوتا۔ پکشی۔ پشو
سب کا اپنا اپنا بہن بہن سنکلپ درڑھ ہو رہا ہے اسکو ویساہی سروپ بہاستا ہے کیٹ پتنگ آدک
ہیں بہی جیسا منش ہیں کام کرودھ آدک ہوتے ہیں پرنتو اتنا بہید ہے کہ جیسے منش کو یہ جگت سپشٹ
روپ بہاستا ہے ایسے انکو نہیں بہاستا سنساری سب ہیں پرنتو باسنا کے انوسار گھٹ بڑھ بہاستا
بہاستا ہے اور دکھ کا انبہو استہاور جنگم کو ہی ہوتا ہے جب کسی استہان میں اگنی لگتی ہے اور پاشان
اور برکہش جلتے ہیں تو انکو بہی دکھ ہی ہوتا ہے پرنتو سوکہشم استہول کا بہید ہے کیسلو کم کیسلو ادہک
منش راجسی باسنا سے ہوتے ہیں دیوتا ست کی باسنا سے اور جب منش شریر دہار کر نرباسنک ہوتے
ہیں تب مکتی پاتے ہیں اور دکھ کے ناش کرنے کا اوپائے گیان کا اتپن ہونا ہے گیان کے اتپن ہونے سے
جگت کا دکھ مٹ جاتا ہے اور باستو میں نہ کوئی دیوتا ہے نہ منش نہ پشو نہ مکتی کیول اچنت چنماتر اپنے
آپ میں استہت ہے نہ کوئی مرتا ہے نہ جیتا ہے اگیانی کو دکھ ہے بچار سے دکھ نہیں ؎

دو سو آٹھ سرگ ناستکوں کا نشچہ اور جیو کا چنماتر سروپ ہونا

رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بہگون ناستک بادی کا بہی کسی پرکار کلیان ہوتا ہے کیونکہ ناستک

بادی کہتے ہیں کہ جب تک جیو ہے تب تک سکھہ کریئے جب مر جائیگا تب بھسمی بہوت ہو جائیگا کہیں جاتا ہے نہ آتا ہے بسشٹ جی نے کہا آتم ستا کا جنکو یہاں نہیں ہوتا تب تک من کی تپتا نشٹ نہیں ہوتی اور شانتی نہیں جسکو برہم ستا کا نشچے نہیں ہوا اسکو من کی تاپ نہیں چھوڑتی آپ کو مرا جانتا ہے اگیانی کو جگت بہاستا ہے گیانی کو کچھہ نہیں ناستک بادی اپنے جڑھ سروپ کو دیکھتے ہیں کیونکہ انکو جڑھ شونیتا کا ابہاش ہے اس سے انکی بھمتی ورش سکھہ سے بڑی ہوئی ہے اس سے ان کا جگت بھرم نہیں مٹتا اور ملین باسنا سے جو سمبوت ملی ہے اس سے جڑھ بہتر روپ پراپت ہوتے ہیں اس جڑھتا کو بھوگ کر باسنا کے انوسار سکھہ ہو گیں گے اس بہاونا سے کچھہ جگت یہاں شونیہ ہو جاتا ہی کچھہ کال پیچھے چیتن ہو کر پھر انہیں کرموں کو بھوگتے ہیں جسکو ایک آتما میں نشچے ہوتا ہے جنم مرن آدک بکار سے رہت ہوتا ہے جسکو جگت میں نشچے ہوتا ہی جنم مرن نہیں چھوٹتا رامچندر جی نے پوچھا کہ جس پرش کی ہردے میں جگت کی ستا ہے اور آتم بودھ کے مارگ سے شونیہ ہے اور شدھ سروپ کو نہیں جانتا اسکی موکھش کی جگتی اور اسکی حالت اوستھا کیا ہوتی ہے بسشٹ جی بولے ہے رامجی یہ جگت کسی اندری میں نہیں چیتن سمبوت ہی پرش روپ ہے جسکو اسمیں نشچے ہے وہ گیانوان ہے جو پرش ایسا ہے کہ وہ دھ کے انشٹ انشٹ پراپتی میں سم رہتا ہے اور آتم ستا اسکو جیوں کی تیوں نہیں بہاستی وہ اگیانی ہے بنا آتم جانے سنسار دور نہیں ہوتا یہ پرش نہ جیو ہے نہ پران ہے نہ شریر کے ناش ہونے سے ناش ہوتا ہے یہ تو کیول چیتنا سروپ ہے اور بھرم کو باسنا سے دیکھتا ہے اور شونیہ بادی برکہش پربت آدک جڑھ ہو کر پاتے ہیں ان کو آتم سکھہ پراپت نہیں ہوتا جس پرش نے آتما میں پریتی اور اناتما کا تیاگ کیا ہے وہ سنسکار کے جوگ ہی آتما میں جگت ابہاش بہاستا ہی باستو میں کچھہ نہیں جگت ایک دیرگھہ کال کا سپنا ہی

دو سو نو سرگ آتما کا ابناشی ہونا جگت کا چت پھرنے سے ہونا

بسشٹ جی بولے ناستک بادی جو آتم ستا کو کچھہ نہیں بتلاتے اور کہتے ہیں وے آتم ستا سے ہی سدھہ ہوتے ہیں آتما کے اگیان سے کسی پدارتھ میں راگ کسی میں دویش کرتا ہے آتم گیان ہونے سے اپنا ہی سروپ دیکھتا ہے چت کے پھرنے سے جگت اتپن ہوتا ہے چت کے شانت ہونے سے جگت لے ہو جاتا ہے اور ناستک بادی جو ناستی کہتے ہیں سو ناستی کا ساکشی سدھہ ہوتا ہی جس

سے ناستی بھی سدھ ہوتا ہے سو استی آتم پد ہے اسلئے نام شاستر یہ کہتا ہے ست آتما تتو شدھ چداکاش برہم
ابھنگ برہم اسمی ایک کہتے ہیں کہ شونیہ ہی رہتا ہے ایک کہتے ہیں کہ استی پد رہتا ہے یہ سب سنگیا آتم ستا کی ہیں
جو اپنا ہی سروپ ہے سو میں آتما ہوں میرے انگوں کے چورن کرنے سے مجھکو ہرکھ شوک کچھ نہیں تین شبد
ہوتے ہیں کہ میں جنما ہوں میں جیتا ہوں میں مروں گا جو یہ تم نہ ہوا اور پیچھے اسکو جنم کہتے ہیں مدھ میں اسکو
جیتا کہتے ہیں ناش ہو جائے جب اسکو مرتک کہتے ہیں سو آتما میں تینوں بکار نہیں آتما نہ مرتا ہے نہ جیتا ہے
او ہی سدھ اور اناشی ہے جو مر کے پھر جنم لیتا ہے تو بھی دکھ نہیں شریر پر بھی بہاؤ کو پراپت کہیں ہوا
تب اسکو تیاگ کر نئے شریر کو گرہن کیا تو آنند ہوا جو مرتک ہو کر پھر نہیں اپجتا تو بھی آنند ہوا ایک پرماد
سے دکھ ہوتا ہے اور کسی سے دکھ نہیں ہوتا اور جو یہ کہو کہ میں اپنے کرم سے ڈرتا ہوں پرلوک میں مجھ کو
بھے کا کارن ہوگا تو ایسے جانو کہ برے کرم کا دکھ یہاں ہی ہوتا ہے اور پرلوک میں ہی ہوگا اس لئے
بھی کرم مت کرو میں تم کو وہ اپاے جس سے سب دکھ نشٹ ہو جاویں بتلاتا ہوں کہ ایسے جانو کہ میں
نہیں انھوا ایسے کہ سب میں ہی ہوں اور سب باسنا تیاگ کر ابناشی جانو اور آتم ستا میں استھت ہو رہو
یہ سب جگت بھی تمہارا سروپ ہے جب ایسے آتما کو جانوگے شریر کے تیاگنے سے بھی دکھ نہ ہوگا اور شریر کے ہوتے
ہوئے بھی دکھ نہ ہوگا جب پہلے شریر کو تیاگ کر نیا جنم لیا تب بھی آنند ہوا اور چداکاش روپ ہو تو بھی پرمانند
ہوا آتم پرکاش والا پرکرتی اچار کو بھی کرتا ہوا اشٹ انشٹ کی پراپتی میں سروپ سے کداچت چلایمان نہیں ہوتا

دو سو دس سرگ - آتما کے ساکشاتکار والے اور پاکھنڈیوں کے لکشن

رامچندر جی نے پوچھا ہے بھگون جن پرشوں کو آتما پرماتما ساکشاتکار ہوا ہے وہ کیسے ہو جاتے ہیں ان کا
اچار کیسا ہوتا ہے بسشٹ جی بولے کہ ان کا سب کے ساتھ متر بھاؤ ہوتا ہے اور باندھوں اور استری
پتروں کو برچھ اور پتروں کے تل جانتے ہیں کچھ سنیہ نہیں رکھتے اور ودیاوان ہوتے ہیں نسچے میں اوداسین
رہتے ہیں سب آپداؤں کو پرم سکھ جانتے ہیں سب سو جگت کے بے سو ہو جاتے ہیں راگ دویش
اور کریا کرتے دیکھتے ہیں پرنتو ہر وہ جڑ اور پتھر کی سمان ہوتے ہیں اور سدا آپ کو اکرتا مانکر پرالبدھ الوسار
جو ملتا ہے اسکو بھوگتے ہیں اور دکھ سکھ میں سم رہتے ہیں اور پرکرتی اچار میں جہاں شاستر بچرتے ہیں
اور نسچے انکا آتم سروپ میں ہوتا ہے اور جگت کو بھرانتی ماتر جانتے ہیں بہوت بہو ستت کی چنتا نہیں

برتمان میں بچرتے ہیں ہر وہ سے سنیل اور اودویت روپ رہتے ہیں رامچندر جی نے پوچھا کہ جو پاکھنڈی متھیا تپسوی گیان کے تل ہو بیٹھے ہیں انکا نشچہ ست ہی اتھوا است اُن کو پاکھنڈی کیسا جاننا چاہئے بسشٹ جی بولے کہ یہ نشچا ست ہوا اتھوا است یہ لکشن سنت کے ہیں آتما کا ساکشات کار آپ سے آپ جانا جاتا ہے اس کا لکشن گیانی ہی جانتا ہے اور کوئی نہیں جانتا گیانی میں سب گن سو بہاوک ہی اتہر ہیں اگیانی اس کا مہاتم نہیں جانتے اس لئے گیانی اُن سے پرگھٹ نہیں کرتے کہ انکا انادر ہوتا ہے اور گیانی پرگھٹ کرتا ہے کہ ہم کو ارتھ کی پراپتی ہوگی اور ہمارا مان ہوگا اور لوگ ہمارے چیلے بنینگے ہماری پوجا ہوگی سو ایسے اپاتر گیان کے ادھکاری نہیں اور سدہی گیانی اور اگیانی دونوں کو پراپت ہوتی ہیں پرنتو گیان کا پھل نہیں یہ جیت آوک کا پھل ہے جسکی سدہتا کے لئے جو پُرش لگتا ہے وہ ہی سدھ ہو جاتا ہے ورڈہتا چاہئے آتم پد کی جسکو پراپتی ہوئی ہے انکو سدہیوں کی ابلاکھا نہیں ہوتی آتم تت پرمانند سروپ سے سب پدارتھ ودش روپ ہیں اور سدہی سے آولیکہ جتنی کریا ہیں سنسار کا کارن ہیں آتم پد کا ابھیاس پرم سرشیٹ ہے ایسے پُرش کئی تو ایکانت چاہتے ہیں کئی شبہہ استہان میں رہتے ہیں کئی گرہست میں ہی رہتے ہیں کئی اوہوت ہوئے ورچن کہتے ہیں کئی تپسیا کرتے ہیں کئی ننگے پھرتے ہیں کئی راج کرتے ہیں کئی پنڈت ہو کر اپدیش کرتے ہیں کئی پرم مون دھار رہے ہیں کوئی برہمن کوئی سنیاسی ہیں کوئی گیانی کی بنائیں بچرتے ہیں کوئی نیچ پاتر ہوتے ہیں کئی اکاش میں اڑتے ہیں ایسے ہی نانا پرکار کی کریا کرتے ورشٹی میں آتے ہیں پرنتو سدا اپنے سروپ میں استہت ہیں اور گیانی سب بیوہار بھی کرتے آپکو اکرتا اور اسنگ دیکھتے ہیں ایسے نشچہ آتما والوں کا ناش کیسے ہو اور وہ بندھمان کیسے ہوں جہاں چاہیں وہاں ایسے پُرش رہیں اُنکو بندھن کچھ نہیں ہوتا شریر کے ناش ہوئے اُس کا ناش کیسے ہووے وہ تو اپنے سروپ میں سدا استہت ہے ؞

دو سو گیارہ سرگ ۔ آتم پد کی پراپتی کے جتن میں

بسشٹ جی بولے کہ ایک بہاؤ ماتر ہے نسیل بہاشنا ماتر ہے بہاؤ ماتر کیول چیتن ماتر کو کہتے ہیں اس میں جو چیتونیہ کہت اہنکار کا اوتھان ہوا اُس کا نام بہاشن ہے پھر اُس میں جو جگت ہوا اس کا نام بہاشنا ہے بہاشنت کلپت کا نام ہے کلپت کے ناش ہوئے ادھشٹھان کا تو ناش نہیں ہوتا جو ادھشٹھان

اور بھاؤ ہووے تو ناش بھی ہووے سو وہ تو کچھ اور بنا نہیں اس کے پھرنے سے تین سنکلپ ہوئی سو پھرتا
ہی اس کا کنچن ہے آتما پھرنے اور نہ پھرنے میں جیوں کا تیوں ہی جیسے سپند اور نسپند پون ایک ہی ہے
آتما کس سے اور کیسے ناش ہو جو چیتن ہی مرتا ہووے تب اس کا کنچن جگت کیسے رہے کنچن ابھاش
کو کہتے ہیں سو ابھاش ادھشٹان بنا نہیں ہوتا اس سے آتما کا ناش نہیں ہوتا اور جو تم چیتن کو بھی
مرتا مانو کہ مر کے پھر نہیں اپجتا تو بھی آنند ہوا سو میرا بھی ابھیشٹ ہے کہ چیتنا مٹے جب چیتنا اپجی
ہے جگت بھاستا ہے اور جب مٹے ہے آتما ہی شیش رہ جاتا ہے پرم چیتن کا تو ناش نہیں ہوتا
اور جو کہو کہ وہ چیتن ناش ہو جاتا ہے یہ دوسرا چیتن ہے جس سے جگت ہوتا ہے انبھو تو ایک ہے
اس کا ناش کیسے مانئے آتما کا روپ چیتن ہے سو ایک اکھنڈ روپ ہے جہاں جو کوئی پدارتھ بھاستا
ہے وہ اسی چیتنا سے پرکاشتا ہے شریر کے ابھاؤ ہوئے آتما کا ابھاؤ نہیں ہوتا جیو پرلوک میں دکھ
سکھ بھوگتا ہے تو شریر کے ناش ہوئے ناش نہ ہوا اور جو یہ کہو کہ ست سو بھاؤ اس میں رہتا ہے
سربدا کال اسکو کیوں نہیں دیکھتا اسی سے آپ کو مرتک جانتے ہیں اور جو یہ کہو کہ چیوت بھاؤ نشٹ
ہو جاتا ہے جو ایسے ہو تو پرلوک کا انبھو نہ کرے سو ایسا نہیں جب شریر پھر گر پڑتا ہے تب سب اوستھا
کو بھی جانتا ہے پھر لوک میں شبد ہوتا ہے اس کا انبھو کرتا ہے اور اپنے کرم کے انوسار سکھ دکھ
بھوگتا ہے اور ویسی اوستھان کو پراپت ہوتا ہے یہ بارتا شاستر سے بھی پرسدھ ہے آتما کا ناش
شریر کے ناش ہونے سے نہیں ہے جیسا نشچہ اس میں ہوتا ہے ویسا ہی پرکاشتا ہے آتما کسی میں
بند بھان نہیں ہوتا آتم ستا میں جو بکار بھاستے ہیں سو بھرم ماتر ہے اور بھرم سے انیک دکھ ہوتے
ہیں درڑھ ابھیاس کرنے سے بھرم مٹ جاتا ہے بنا ابھیاس کے آتم پد نہیں ملتا اس میں اسکے دو
پرواہ ہیں ایک جگت کا کارن ہے دوسرا سروپ کی پراپتی کا یہ جو مہارامائن میں نے کہا ہے جو موکش
کا اوپاد ہے اور کسی شاستر سے کچھ پراپت نہیں ہوتا اس مہارامائن کے بچار سے جو چاروں وید
چھیوں شاستر اور سرب اتہاس اور پورانوں کا سدھانت ہے شیگھر ہی آتم پد ملتا ہے اور سب دکھوں
کا کارن باسنا ہی ہے جو پرش اس دکھ کے دور کرنے کا اوپاد نہیں کرے گا وہ ہی آتم ہتیارا ہے جب
تک باسنا دور نہ ہوگی تب تک سروپ کا ساکشات کار نہ ہوگا جو پدارتھ بچار سے نہیں اپجی ایکا کہ
رنی اور ان کے لئے جتن کرنا نرارتھک ہے آتما نراکار اور جگت ساکار ہے پھر نراکار کارن ساکار کا کیسے

ہووے اسی لئے جگت کا کارن آتما نہیں نہ وہ سموائے کارن ہے نہ نمت کارن ہے کیونکہ نمت کارن
جب ہوتا ہے جب کوئی دوسری وستو ہوتی ہے اور سموائی کارن جب ہوتا ہے جب ساکار وستو ہوتی
ہے سو آتما تو نراکار اور اپرنامی ہے وہ جگت کا کارن کیسے ہو جب دونوں کارن سے رہت ہو سو جانی
کہ وہ برہم ماتر ہے آتما میں جگت کداچت نہیں ہوا اور جو کہو کہ بھاستا کیا ہے سو اسی کا کنچن بھاستا
ہے اور وہ کنچن بھی وہی روپ ہے اس لئے آتما اور جگت میں کچھ بھید نہیں ہوا جیسے جل اور ترنگ
میں بھید نہیں ہوتا اور جو کہتے ہیں کہ جگت کرموں سے ہوتا ہے یہ بھی کہنا اسٹ ہے کیونکہ کرم بھی بدھی
سے ہوتے ہیں سو آتما میں بدھی ہے نہیں پھر کرم کیسے ہوں اور جو کرم نہیں تو جگت کیسے ہو اور جو
کہتے ہیں کہ سوکھشم پرمانو سے جگت ہوتا ہے یہ بھی اسٹ ہے کیونکہ جو سوکھشم پرمانو پرمان کر کے جگت
روپ ہوئے ہوتے تو یہ جگت بدھی روپ ہو کر نہ بھاستا یہ تو بدھی روپ کر کے ہوتی ہوئی ورشٹی
میں آتی ہے جو پرمانو سے جگت ہوتا تو انہیں سے بڑھتا ہی جاتا کیونکہ جو پرمانو جڑ ہیں وہ بڑھتے ہیں
سو ایسے تو نہیں ہوتا بدھی ہی پھر یک ہی چیشٹا ہوتی ہوئی ورشٹی میں آتی ہے اور اسی لئے ہم کہتے ہیں
کہ وہ لوگ اسٹ کہتے ہیں کیونکہ سوکھشم بھی کسی سے اُتپن ہوا چاہئیے اور اس کے رہنے کو بھی کوئی استھان
چاہئیے سو آتما میں دیس اور کال اور وستو تینوں ہی کلپت ہیں جب آتما میں ہی نہ ہووے تو پرماو کیسے
ہووے اور اس سے جگت کیسے ہو آتما ادویت ہے اس سے نہ جگت اُپجا ہے اور نہ نشٹ ہی ہوتا ہے جو
اُپجا ہوتا تو نشٹ بھی ہوتا آتم ستا اپنے آپ میں جیوں کا تیوں استھت ہے سب جگت آکاش روپ
ہے کسی کے ساتھ آکار نہیں اور سب ہی نراکار روپ ہیں اور جو یہ کہو کہ بولتے چالتے چلتے پھرتے کیسے
ہیں سو جیسے سپنے میں سب آکاش روپ ہوتے ہیں سو سب ہی آکاش روپ ہیں آو بھیج ادویت
نت ہیں سپنا ہوا ہے اس میں برہما جی اوپجے اور انہوں نے آگے جگت کو رچا سو برہما ہی آکاش
روپ ہے جس کو تم برہما کہتے ہو وہ بھی باستو میں کچھ اُپجا نہیں پھر جگت کی اُتپتی کیسے کہوں سو
آتم پد کا چنتن کرنا چاہئیے جس کے اگیان سے یہ جگت بھاستا ہے اور جس کے گیان سے نرت ہو جاتا ہے۔

دو سو بارہ سرگ۔ جگت آتما کا چمتکار ہونا

بسشٹ جی کہتے ہیں کہ شدھ چیتن اچنت چنماتر ہیں اسکی اچھا سے آکاش یا یو آدک تت اوپجی

ہوتے ہیں پھر ان تتّوں سے شریر ہوتے ہیں اور نانا پرکار کا جگت دکھائی دیتا ہے باستو میں کوئی اُپنج ہوتا ہے نہ اپجا ہے نہ نشٹ ہوتا ہے یہ جگت اپنا انبھو روپ برہم سے اکار سہت بہاستا ہے بچار سے مٹ جاتا ہے یہاں جگت برہم کے بیچ میں بہت سے سپنے کے درشٹانت جیسے اوپر آچکے ہیں سمجھے ہیں جیسے بیوہار کا پرتیکش انبھو ہوتا ہے وہ پرتیکش بیوہار کہلاتا ہے اور جس کا پرتیکش انبھو نہیں ہوتا اور چت میں سمرتی ہوتی ہے وہ ہی سپنا ہے جاگرت اور سپنا دو پرکار کا ہے جسکا پرتیکش انبھو ہوتا ہے وہ جاگرت ہے اور اس میں جب سو جاتا ہے تب سپنا آتا ہے اور اس سپنے میں جگت بہاس آتا ہے وہ ہی اس کو جاگرت کا سمے ہو جاتا ہے اور جہاں سے وہ سویا تھا وہ سپنا ہو گیا اور اس سپنے کو جا کر لوگوں سے چیشٹا کرنے لگا اور جب اُس پہلی اوستھا میں آیا تو پہلی اوستھا کو جاننے لگا ایسے ہی یہاں جاگرت سپن روپ ہے اور آگے جو ہوتا ہے وہ سپنانتر ہے جو اس جاگرت میں مرتک ہو کر شریر چھوٹ گیا تب وہ پرلوک دیکھتا ہے اور پھر پرلوک اسکو جاگرت ہو جاتا ہے اور اُس جاگرت کو وہ سپنا جاننے لگتا ہے جب اس لوک میں جاگرت ہو جاتی ہے پرلوک کو سپنا جانتا ہے سو یہ سپنا اور جاگرت دونوں متھیا ہیں آتما مرتا ہے نہ جنمتا ہے اور برہم کال میں جنمتا ہی ہے اور مرتا ہی ہے سو پرتیکش بہاستا ہے اور باستو میں جیوں کا تیوں ہے یہ جگت اس کا ابھاس ہے اور اس میں جیسا کار چیت ہو کر بہاستا ہے چیتنا تر ستا جگت روپ ہو کر دیکھتی ہے آتما کی اور دیکھو یہ سب بشو آتما کا روپ ہے ۔

دو سو تیرہ سرگ پرم برہم کا روپ برنن

رامچندر جی نے پوچھا کہ چداکاش جسکو تم پرم برہم کہتے ہو اُس کا کیا روپ ہے بسشٹ جی نے کہا جیسے ایک ماتا کے گربھ سے دو پتر جوڑا ہوئے اُن کا ایک روپ اور اکار ہوتا ہے جگت بیوہار کے نمت اُن کا نام جدا جدا کہا جاتا ہے اور بھید کچھ نہیں اتھوا دو پاتروں میں جل رکھا تو جل ایک ہی ہے پاتروں کا نام بھن بھن ہوتا ہے ایسے ہی سپن اور جاگرت دو نام ہیں پرنتو ایک ہی سے ہیں سو آتما میں دونوں کلپت ہیں سو چداکاش ہیں اور برتی جو پھرتی ہے اور وشے وشانتر کو جاتی ہے اس کے مدھ میں جو گیان روپ ہے جس کے آسرے برتی پھرتی ہے سو چداکاش سمبوت ہے پرکاش جو رس کو کھینچ کر

اپجے جاتے ہیں سو اس کے آسرے جاتے ہیں ایسی جو ستا ہے سو چداکاش ہے ایسے یہ جگت سب چداکاش کے آسری پھرتا ہے اس کے آسرے بھی پھرتی ہے۔ اور جس کی اچھا سب نرت ہوگئی ہے اور راگ دویش دور ہو گیا ہے اور شدھ سمبوت ہے اس کو چداکاش جانو جب اننت ہوتا ہے اور وہ جڑ نہیں ہو جاتا اس کے مدھ میں جو ادویت ستا ہے سو چداکاش ہے اور الوک اور منسکاران تینوں کا جہاں ابھاؤ ہے ایسی جو شدھ سمبوت ہے وہ چداکاش ہے رسب کچھ چداکاش ہی کہا ہے اپنی نیتی سے پیچھے جو انادی پد شیش رہتا ہے اسے ہی چداکاش جانو سدہ آتم ستا ہی پھر سے جگت روپ ہو کر بھاستی ہے درشٹا۔ درشن ہوگنا سب کلپنا ماتر ہے آتم اگیان سے یہ کلپنا اٹھتی ہے اور آتم گیان سے لین ہو جاتی ہے یہ جگت سپنے کی نیائیں بھاستا ہے چداکاش کے درڑھ ہونے سے پروھ بھاؤ نورت ہو جاتی ہے ۔

دو سو چودہ سرگ۔ گیان وان کا نرباسنک ہونا

بسشٹ جی بولے گیانوان پرش وہ ہے جو اندریوں سے دیکھتا اور سنتا اور گرہن کرتا بھی ہے پر نرباسنک ہے اور جگت کی اور سے کہن شکتی ہوتا ہے یہ جاگرت جگت مٹھیا ہے جو اپجا نہیں نہ آگے ہوگا نہ اب ہے رامچندر جی نے پوچھا جو ایسے ہے تو کارن کارج کا بھید کیسے ہو دکھتا ہے بسشٹ جی بولے جیسا جیسا پھرنا ہوتا ہے ویسا ویسا چیتن اکاش ہی جگت روپ ہو بھاستا ہے نہ کہیں کارن ہے نہ کارج سرشٹی اکارن روپ ہے نہ کہیں کرتا ہے نہ بھوگتا ہے بھرم سے بھاستے ہیں اور سپنے کیسے لکھپ اوٹھتی ہیں باستو میں برہم ستا ہی ہے ۔

دو سو پندرہ سرگ۔ برہم ستا ہی کا جگت روپ ہو بھاسنا

بسشٹ جی بولے ہے رام جی اچنت چنماتر آتم ستا ہی جگت روپ ہو کر بھاستی ہے شدھ چنماتر میں جب اہم پھرتا ہے تب جگت ہو بھاستا ہے سو اہنگ روپ جیو ہے جو جگت میں جیونا دکھتا ہے پر تو وہ مرتک کی سمان ہے آتما کا چمتکار جگت ہے باستو میں جگت اپجا نہیں چت نے جگت جال رچا ہے جیسے بالک رچ لیتے ہیں اس میں ست کی پرتیتی کرنی مورکھتا ہے ۔

دو سو سولہ سرگ - جگت کا ابدہان ہونا اور راجہ بپشچت کا اکھیان

رامجی نے پوچھا کہ ہے بھگون تم کہتے ہو کہ جگت ابدہان ہے اور اگیان سے سپنے کی نیائیں بھاستا ہے سو اگیان کیا ہے اور کتنے کال کی ابدیا ہوئی ہے اور کس کو ہے۔ اور اس کا پرمان کیا ہے بششٹ جی بولے جو جگت تم کو دکھلائی دیتا ہے سو سب ابدیا ہے اور وہ اننت ہے۔ اس کا انت نہیں ہوتا جسکو اپنے باستو سروپ کا اگیان ہے۔ اسکو دکھلائی دیتا ہے ایک برہمانڈ میں ایک دیس ویس کا راجہ بپشچت نام اگنی دیوتا کو پوجا کرتا تھا کسی دیوتا کو نہیں پوجتا تھا۔ ایک سمے وہ اپنی سبھا میں بیٹھا تھا۔ کہ پورب دشا کی اور سے ایک دوت آیا اور اسی سمے پچھم دکھن اتر دشاؤں سے بھی دوت آئے۔ جنہوں نے راجہ بپشچت سے مارا جانا ان دشاؤں کے راجاؤں کا شترؤں کے ہاتھ سے بینن کیا اور کہا کہ ہے راجن ان ویشوں کی تم رچھا کرو راجہ نے منتریوں سے منتر کیا منتریوں نے کہا کہ اب نمرتا اور دہن دینا اور بدھی بھید یہ تینوں کام نہ آوینگے سینا کو بھیجکر جدھ کرنا چاہیے راجہ نے چاروں پرکار کی سینا منتری کو دیکر بھیجدیا اور آپ گنگا جل سے اشنان کر اگنی کنڈ میں ہوم کرنے لگا جب اگنی پرچنڈ ہوئی پرارتھنا کری کہ ہے بھگون جو مجھ سے پرسن ہو تو مجھے چار شریر والا کرو جو چاروں دشا کو جاؤں اور جہاں مجھکو کشٹ ہو وہاں ورشن دو یہ کہہ کر کھڑگ لیکر اپنا سیس کاٹ اگن میں ڈالدیا اور دھڑ بھی اگنی میں گر پڑا سیس اور دھڑ دونوں اگنی میں بھسم ہو گئے اور پھر تھوڑی دیر میں ویسے ہی چار مورتی ویسے ہی اکار اور سبھاؤ کی بستر اور بھوشن پہنے ہوئے شستر لئے ہوئے چاروں پرکار کی سینا سہت پرگھٹ ہو گئیں اور شترؤں سے جدھ ہونے لگا اور راجہ نے اگنی بایو میگھ شستر چلائے جس سے شترؤں کی سینا جل میں ڈوب گئی اور بھسم ہو گئی چاروں مورتی راجہ کی چاروں دشا کے سمدر پر جا پہونچی ؛؛

دو سو سترہ سرگ - راجہ بپشچت کا اکھیان

بششٹ جی بولے جب راجہ بپشچت سمدر کے پار جا پہونچا تب اس کے منتریوں نے سب استھان دکھلا کر کہا ہے راجن تین پدارتھ بڑے اندرتھ کارن ہیں اور پرم سمار کے بھی کارن ہیں ایک لکشمی

دوسرے ودھ کی اروگتا تیسرے جوبن اوستھا جو پاپی جیو ہیں وہ لکشمی کو پاپ میں لگاتے ہیں اور
اروگ ودھ سے بشئے کو سیو کرتے ہیں اور جوبن اوستھا میں پاپ کرم کرتے ہیں اور جو بدوان ہیں وہ
اسکو موکش میں لگاتے ہیں ارتھات لکشمی سے جگ آدک شبھہ کرم اور اروگتا سے پرمارتھ کو ساتھتے
ہیں اور جوبن اوستھا میں شبھہ کرم کرتے ہیں سنسار سمدر میں کہیں راگ دویش کہیں اس بہی
بہت نانا پرکار کے چرتر ہوتے ہیں پرنتو آکاش سب ٹہور تل ہے اور سب کا آدھار بہوت ہے جو اُس کو
شونیہ کہتے ہیں وہ مورکھہ ہیں اور راجسی تامسی ساتکی گن سے اسنگ ہے اور آکاش نرمل سدا جیوں
کا تیوں ہے سو وہ ایسا آکاش کون ہے آتما ہے جس میں انت جگت اُتپن اور لین ہو جاتے ہیں اور
سب کا ادھشٹان ہے ایسے چدآکاش کو نمسکار ہے منتری نے ایک اکھیان کہا کہ ہے راجہ ایک بدیادھر
تہا اور ایک بدیادھری تہی اُن کے مندر میں ایک رشی آگیا بدیادھر نے اُس کا آدر نہ کیا رکھیشر نے شاپ
دیا کہ تو بارہ برس تک برکہش ہو جا وہ برکہش ہو گیا اب جو ہم آئے ہیں تو وہ ہمکو دیکھتا ہے شاپ سے
چھوٹ گیا ہے سو یہ ایشر کی مایا ہے اگیانی کی چیشٹا دیکھنے مات ہی سندر ہے اسکی سنگتی بہت بری
ہے اور گیانی کی سنگتی کلیان کا کارن ہے اگیانی سریشٹ پرشوں کی نندیا کرتے ہیں اور من میں
پرسن ہوتے ہیں ایسے منش کتے کی سمان ہیں سب سے کتا نیچ ہے ایک پُرش نے کتے سے پوچھا کہ
تجھ سے بہی کوئی نیچ ہے کتا بولا مجھ سے نیچ مورکھ منکھ ہے اس سے میں سریشٹ ہوں پہلے تو
جس کا بھوجن کہاتا ہوں اُسکی رکھشا کرتا ہوں اور اُسکے دوارے پر بیٹہا رہتا ہوں اور مورکھہ سے ودھ
کے ابہمان سے کوئی کارج نہیں ہوتا اسلئے وہ مجھ سے بہی نیچ ہے تات پرج یہ ہے کہ پرم ارتھ کا کارن ودھیا
ابہمان ہے کہ پرم آپدا کو پراپت ہوتے ہیں بششٹ جی بولے ہے رامجی اس راجہ نے سب دشاؤں کے
منڈلیشر استہاپن کئے اور اگنی دیوتا کا آواہن کیا تب اگنی دیوتا نے سنمکھ آکر کہا کہ جو اچھا ہو بر مانگو راجہ
نے کہا کہ مجھ کو ایشر کی مایا پنچ بہوتک اور درشٹ کے دیکہنے کی اچھا ہے سو پورن کرو اور جب میرا شریر
چلنے سے تھک جاوئے تب منتر کے بل سے جاؤں اور جہاں منتر کی بہی گم نہ ہو من کے بیگ سے
جاؤں پرنتو مر ہی نہ جاؤں اور سب درشٹ کو دیکھوں یہ سن کر اگنی دیوتا بولے ایسے ہی ہو گا اور
انتردہیان ہو گئے راجا بپشچت نے سب منتریوں کو بدا کیا اور آن چار مورتیوں سے چاروں
دشاؤں میں پرویش کیا اور سمدر کو اولانگھ کر ایک دیپ میں جا نکلا اور چہہ سمدر میں پہنچا وہاں

ایک مچھ اسکو نگل گیا راجہ منتر کے بل سے باہر نکل آیا پھر آگے پشاچنی کا دیس آیا وہاں ایک
پشاچنی نے کام سے موہت کرلیا اور وچھ پر چابت کی او گیا سے راجہ برکہش ہو گیا کچھ کال پیچھے
برکہش جون سے چھوٹ کر منڈک ہو گیا سو برس تک ایک کھائی میں پڑا رہا پھر اس جون سے چھوٹ
کر منش ہوا پھر کسی سدھ کے شاپ سے سلا ہو گیا سو برس پیچھے آگئی دیوتا نے سلا سے چھوڑا پھر منش
ہو گیا ایسے ہی وہ راجہ چاروں وشاؤں میں چاروں مورتیوں سے جون بھوگتا رہا اور مایا کو دیکھتا
رہا رامچندر جی نے پوچھا کہ ہے بھگون تم کہتے ہو کہ نسچت ایک ہی تھا اور ان سب کی سمبوت بھی ایک ہی
تھی اور سب کا اکار بھی ایک ہی تھا یہ بتلاؤ کہ بھن بھن رچی کیسے ہوئی کہ ایک برکہش ہوا ایک پکشی ہوا
اسی پرکار باسنا کے انوسار شریر پاتے پھرے بسشٹ جی بولے انکی سمبوت ایک تھی بھرم سے بھنتا ہو جاتی
تھی پرنتو سنکلپ سب کے بھن بھن تھے اور من کے پھرنے سے ایک من انیک بھاستے تھے جیسے ایک
سہنسرا باہو ارجن تھا جو ایک بھجا سے جدھ کرتا تھا دوسرے سے دان ایسے ہی سب بھجاؤں سے کام
کرتا تھا سو سمبوت ایک ہی ہے چیشٹا بھن بھن ہوتی ہے رامچندر جی نے پوچھا کہ وہ تو بودھوان نسچت
تھے ان کو جنم کیسے ہوئے بودھوان کو جنم نہیں ہوتا بسشٹ جی بولے وہ ابھی بودھ کے نکٹ آنیوالے
تھے وہار نا ابھیاس والے جوگی تھا نوان ہوتے تو ورش بھرم دیکھتے کی اچھا کیوں کرتے رامچندر جی نے پوچھا
کہ گیانوان جوگیشروں کو تینوں کال کا گیان کیسے ہوتا ہے بسشٹ جی بولے جتنا جگت ہے سب چد
اکاش سروپ ہے جن کو ایسی ستا کا گیان ہوا ہے وہ ہی مہا پرش ہیں وہ کسی میں بندھایمان نہیں ہوتی
گیانوانوں کو تینوں کال بھی برہم سروپ ہو جاتے ہیں وہ بیت بھاؤ مٹ جاتا ہے جن کا ہروہ ستیل
ہے وہ گیانی ہے گیانی سب کچھ بیوہار کرتا ہوا ہر وہ سے جیوں کا تیوں رہتا ہے ایسے پرشوں کی جو اچھا
ہوتی ہے وہ سدھ ہوتی ہے سب سرشٹی چیت ستا میں ہے جوگیشر اس میں استھت ہو کر جہاں چاہے
انت باہک سے جا پہونچتا ہے ایک سمے برہما جی شام وید کا گاین کر رہے تھے سدا شیو جی آ گئے برہما نے
انکا آدر نہ کیا شیو جی نے برہما کا پانچواں سیس اپنے نکھ سے کاٹ ڈالا برہما جی کو نہ کرودھ آیا نہ کچھ
کلیش ہوا شیو جی سیس کو پھر جوڑ سکتے تھے پرنتو برہما کا کچھ پریوجن نہ تھا ہے رام جی کام کی سمان کوئی بکار
نہیں سو شیو جی مہاراج نے کام دیو کو بھسم کر ڈالا اور پاربتی جی ان کے بائیں انگ میں سدیو براجمان
رہتی ہیں کیا وہ استری کو تیاگنے کی سامرتھ نہیں رکھتے ان کو راگ دویش نہیں رہا اسکا دو تیاگ نہیں

کرتے ہیں جیون مکت ہیں اور شیوجی سدا ویکشیپ میں رہتے ہیں اور آپ ہی کرم کرتے اور شریر دہارتے ہیں اور تیاگ بھی دیتے ہیں سو وہ تیاگنے کو بھی سمرتھ ہیں پر نہیں تیاگتے ہیں ان کا کارج نہیں سدا ہوتا اور کرتے ہیں کچھہ ہانی نہیں ہوتی سمرتھ شدہ چدآکاش روپ ہی بھاستا ہے ؀

دوسو اٹھارہ سرگ۔ انت باہک اور پنج بہوتک شریروں کا برتانت

رام چندرجی بولے کہ ہے بھگون اس راجہ بپشچت نے پہر کیا کیا بششٹ جی بولے کا ہے رام وشاکے بپشچت ایک ہاتھی نے مارڈالا دوسرے کو راکہس نے اگنی میں ڈالدیا تیسرے کو بدیادہر سرگ میں لے گیا اس نے اندر کا مان نہ کیا اندر نے شاپ دیکر بہسم کردیا چوتہے کو ایک مچھہ نے مارڈالا ایسے چاروں بپشچت مرگئے انکی سمبوت آکاش روپ ہو گئی پرنتو انکو جو جگت دیکھنے کا سنسکار تہا اس لئے انکی آکاش روپ سمبوت پہر آئی اور انکو جگت بہاسنے لگا اور ان کے انت باہک شریر چیشٹا کرنے لگے ایک پہلا بشنو بھگوان کے استہان میں مرکر نربان ہوگیا دوسرا سہنسر برس تک مچھہ تہے اور وہیں رہ کر پہر ایک دیس کا راجہ ہوا تیسرا چندرماں کے لوک کو گیا چوتہا چوراسی سہنسر جوجن تک سمدر میں بہتا ہوا پار گیا ایسے چاروں پہرتے پہرتے سب پرتہوی کو اولانگہہ کر لوکا لوک میں پہونچے اور وہاں سے شوینہ آکاش میں ایسے سمپورن بہوگول کو دیکہا بششٹ جی نے رامچندرجی کے پوچھنے پر بہوگول کا برتن کیا کہ بہوگول گیند کے سمان گول ہے اور سنکلپ کے آسرے سب اور اس کے آکاش ہے اور چندرماں اور نکشتر اس کے چاروں اور پہرتے ہیں اور اس سے دس گنا جل ہے اس سے دس گنا بایو اس سے اوپرانت برہمانڈ ہے سو ایک تو اوپر گیا ہے ایک نیچے کو اس کے مدہ میں جو پول ہے وہ آکاش ہے جس میں انت کوٹی برہمانڈ کا لتا ہے رایسے ہی بہت کہا ہے کہ سب بہرم ماتر ہے جو گیانی ہیں انکو آتم سنتا جیوں کی تیوں بہاستی ہے اگیانیوں کو جگت بہاستا ہے یہ سمپورن بہوگول سنکلپ کا رچا ہوا ہے شدہ چیتن برہم کا چمتکار ہے جب وہ چاروں بپشچت لوکالوک کے پربت پر پہونچے تب ان کو ایک شوینہ دکھلائی دیا پربت سے اتر کر وہاں چارپڑے اور پکشیوں نے چونچوں سے ان کے شریروں کو کھائیل کردیا تب وے اپنے شریر کو تیاگ کر سوکشم انت باہک شریر کو اپنا آپ جاننے لگے رامچندرجی نے پوچھا وہ ہونکلنا کیسے ہوتی ہے اور انت باہک کیا ہے اور پہر انہوں نے کیا کیا بششٹ جی نے کہا جیسے سنکلپ

سے دور سے دور چلا جاوے اور جس شریر سے جاوے وہ انت باہک ہے اور جو پنچ بھوتک شریر سے جاوے وہ ادہ بہوتک ہے اور جب مارگ سے جانے کو چت کا سنکلپ اُٹھتا ہے تب استہول شریر سے چلے بنا نہیں پہونچ سکتا اور جو مارگ میں چلے وہ ادہ بہوتک ہے اور بہہ پرماد سے ہوتا ہے آتما کے اگیان سے ادہ بہوتک شریر بہاستا ہے سو اسکو سنکلپ ماتر جاننا اشیش بدہی کہلاتی ہے جب تک آتم بودہ نہو اور اُس سنکلپ شریر میں درڑھ بھاونا نہو تب تک اس کا نام ادہ بہوتک ہے اور وہ ہی گہٹ برہت کہلاتا ہے جب تک شریر کا سمرن ہے تب تک ادہ بہوتکتا نہیں ہوتی- اور جب اُس کو بہول جاتا ہے تب ادہ بہوتکتا ہو جاتی ہے اور بشسچت جو ادہ بہوتک ہتے سو آتم بودہ سے رہت ہتے اور جہاں رہتے تہے چلے جاتے ہتے اور سروپ سے نہ کچہہ انت باہک ہے اور نہ کچہہ ادہ بہوتک ہے پرماد سے اکار بہاستے ہیں پارستو میں سب چداکاش روپ ہے سب برہم ہی برہم ہے سو برہم کا انت کہاں آوے جب وہاں سے وہ چلے تب جانتے تہے کہ ہمارا انت باہک شریر ہے اور اسی شریر سے سب برہمانڈ کو اولنگہہ کر اکاش میں پہونچگئے تب اُنکو پنچ بہوتک شریر بہاس آیا جب اُسکو بہی لانگہہ گئے تب کچہہ انت نہ پایا اور سروپ کے پرماد سے ورش کے انت لینے کو بہٹکتے پہرے سو اودیا روپ سنسار کا انت کیسے آوے اودیا نشٹ ہو تو انت آوے جب تک سروپ کا گیان نہ ہو گا جگت کا انت نہ آوے گا اس چیت کا نام ہی سنسار ہے ٭

دوسو اونیس سرگ- بشسچت کا اکہیان آتما کے جاننے میں

رامچندر جی نے پوچھا ہے بہگون وہ جو بشسچت تہے اُنکی کیا دشا ہوئی لبشسٹ جی بولے کہ ایک اب تک دور سے دور پہرتا ہے ایک یہاں پہاڑ کی کندرہ میں مرگ ہوا بچرتا ہے یہ جگت آتما کا ابہاس ہے جیسے سورج کی کرنوں میں جل بہاستا ہے اور جبتک کرن رہتی ہیں جل ابہاس دور نہیں ہوتا ویسے ہی جبتک آتم ستا ہے جگت کا چمتکار نورت نہیں ہوتا اور آتما کے جاننے سے جگت مٹتا نہیں رہتی رامچندر جی نے پوچہا بشسچت ایک تہا ایک سمبوت میں بہن بہن باسنا کیسے ہوئی اور ایک نکت کیوں ہو گیا اور ایک مرگ ہو کر کیوں پہرتا رہا اور ایک آگے ہی نربان کیوں ہو گیا گہٹ برہت بہی کیوں ہوئے لبشسٹ جی بولے باسنا دیس اور کال اور بدیا بہول

سے ہوتا ہے جسکو ورتہ بہاونا ہوتی ہے اُسکی جے ہوتی ہے جیسے ایک ہی سمبوت سپنے میں نانا پرکار
دہارتی ہے اور باسنا ہن ہن ہوتی ہے اور پورب کی سمبوت اور سمرتی بہول گیی اور اس سے تہت
تہ بہت بہل پائے سو سمبوت کا کیا روپ ہی کہ دیس سے دیسانتر کو سمبیدن جاتی ہے اور اس کے مدہ
میں جو سمبیدن ستا ہے سو برہم ستا ہی جیسے جاگرت کے اکار کو چہوڑا اور سپنا پایا نہیں اُس کے مدہ
میں جو برہم ستا ہی سو کنچن روپ چیتن ہو کہ بہاستی ہے پرنتو کنچن ہی لبتو نہیں نہ وہ ایک ہے نہ اور
دو واجب نہ جگت سو ایک پنچیت تو نربان ہو گیا دوسرے کو سنتوں کا ست سنگ ہوا اسکو گیان ہو کر باسنا
مٹ گئی جگت کا بہاو ہو گیا رامچندر جی نے پوچہا کہ وہ جو مرگ ہو گیا تہا کہاں کہاں پہرا اور کہاں ہے
بشسٹ جی بولے جو وہ برہمانڈ کو لانگہہ کر دور سے چلے گئے تہے ان میں سے ایک اننت چلا جاتا ہی
اسکی سمبوت میں سمدر پایو۔ اکاش پہرتے ہیں اور دور چلا گیا ہی اور جو ایک برہمانڈ کو لانگہہ گیا تہا وہ مرگ
ہوا پہاڑ کی کندرا میں ہی وہ ہماری ورشٹی میں آتا ہے رامچندر جی نے پوچہا کہ تم نے اُن دونوں کو
کیسے جانا بشسٹ جی بولے میں نے گیان کی آنکہوں سے جانا اور وہ پنچیت مرگ نہیں مرگ کے شریر کو دہار
ہوے ہے رامچندر جی نے پوچہا اس کا اچار کیا ہے اب مجہے دکہلا وبشسٹ جی بولے کہ تمہاری کریڑا کے
استہان میں وہ مرگ بند ہوا ہے اور وہ تم کو ترگ دیس کے راجہ نے دیا ہے اُسکو منگوا لو رامچندر
جی نے اُس مرگ کو منگوایا اور بشسٹ جی سے کہا کہ اب اسکو منش جونی میں پراپت کرو کہ ہم سے
پرشن اُتر کریں بشسٹ جی بولے جس کا کوئی اشٹ ہوتا ہے اسی سے اسکی سدہی ہوتی ہے اس لیے
اگنی دیوتا کا اواہن کرتا ہوں کہ اُس کا دیوتا ہے اور کمنڈل ہاتہہ میں لے تین آچمن کر کہ پدم آسن لگا نیتر
موندہ اگنی کا اواہن کیا اور اگنی دیوتا ساکہات ہی پرگہٹ ہوئی مرگ اُن کو دیکہہ کر بہت پرسن ہوا اور
بشسٹ جی نے نیتر کہولکہ مرگ کی اور دیکہا اُس کے سمپورن پاپ دگدہ ہو گئے اور بشسٹ جی نے اگنی
سے کہا کہ یہ تمہارا بہگت ہے اپنی پورب کی بہگتی کو سمرن کر کے اسپر کرپا کرو اور اسکو مرگ شریر
سے چہوڑا کر پنچیت کا شریر دو کہ یہ ابدیا بہرم سے مکت ہووے اور مرگ اُچہلکہ اگنی میں پرویش کر گیا اور
مرگ کا شریر انتردہیان ہو گیا اور پرکاش روپ منش ودیہ دہار کر اگنی سے باہر نکلا اور اگنی بہی انتردہیان
ہو گئی یہ چرتر دیکہہ کر سب سبہا نے اشچرج کیا اور وہ پنچیت دہیان میں لگ گیا اور اپنے شریروں کو
سمرن کرنے لگے نیتر کہولکر بیٹہا اور بشسٹ جی نے اُس کے شریر پر ہاتہہ رکہکر کہا کہ ہے راجہ اب تو اٹہہ کہڑا ہو

میں تیری اِبدیا دور کروں گا اور تو اپنے سروپ کو پراپت ہوگا پرتشچت نے اُٹھکر راجہ وسشٹھ کو پرنام کیا راجہ
راجہ وسشٹھ نے کہا کہ ہے راجہ تم بہت دور پھرتے رہے ہو اب یہاں میرے پاس بیٹھو پرتشچت سب رشیوں
بسوامتر آدک کو پرنام کر بیٹھ گیا راجہ وسشٹھ بولے کہ ہے راجہ پرتشچت اب تم بسرام کرو بہت پھرتے رہے ہو جو کچھ
جو ویس کال کہیا دیکھی ہیں برنن کرو ❊

دو سو بیس سرگ راجہ پرتشچت و راجہ وسشٹھ و بسوامتر کا سمباد

راجہ وسشٹھ بولے کہ ہے پرتشچت تم بودھوان ہو جب تم جانتے تھے کہ یہ جگت متھیا ہے تو پھر تم نے انت
کی کیوں اِچھا کری بالمیک جی کہتے ہیں کہ جب اس پرکار راجہ وسشٹھ نے کہا تب پرسنگ پا کر بسوامتر جی
بولے کہ ہے وسشٹھ یہہ چیشٹا وہی کرتا ہے کہ جسکو بودھ نہیں ہوتا اور وہ کیول مورکھ اور اگیانی ہی
نہیں ہوتا کیونکہ جسکو پرم بودھ اور آتما انبھو ہوتا ہے وہ جگت کو اودیک جانتا ہے اور اودیک جگت
کے انت لینے کو متھیا جتن نہیں کرتا کیونکہ وہ تو اُسکو اَست جانتا ہے اور جو ویسا ہی مورکھ اگیانی
ہے وہ یہ جتن نہیں کرتا کیونکہ اس کو کرنیکی سامرتھ نہیں ہوتی اور جو اس سے مدھ بھاؤ والا ہوتا ہے
سو ہی آتم بودھ سے رہت ہوتا ہے اور جس نے ادھ ہونک شتر پر کو تپا گا ہے وہ ہی سنسار کے دیکھنے کا
جتن کرتا ہے اور جنکو آتم بودھ نہیں ہوا وہ تو بہت ہی بھٹکتے پھرتے ہیں اسی پرکار ہٹ وہاتا جی اسی
برہمانڈ میں ستر لاکھ برس سے پھرتے ہیں انہوں نے بھی یہ ہی نشچے وچارا ہے کہ پرتھوی کا انت لوں پرنتو
انت نہیں پایا جاتا اور پھرتے رہتے ہیں یہ بھوگول برہما کے سنکلپ میں استہت ہے انکے تین پتر تھے
اور انکو سنکلپ اُٹھا تھا کہ ہم کسی پرکار جگت کا انت دیکھیں یہ بھوگول ایسا ہے جیسے اکاش میں
گیند ہوتی ہے ایسے ہی یہ پرتھوی اکاش میں ہے اس کا اونچا نیچا کچھ نہیں ہے اور جبتک سروپ کا پرماد
ہے تب تک جگت کا ابھاؤ نہیں ہوتا جب آتما کا ساکشات کار ہوتا ہے تب جگت برہم روپ ہو جاتا ہے
یہ جگت پھرنے سے دیکھتا ہے یہ کلپنا ہی برہم روپ ہے اور برہم کلپنا روپ ہے جڑ چیتن سب میں
برہم ہی ہے اگیانیوں کو نانا پرکار جگت بھاستا ہے جو برہم کو سواء دیکھے وہ ہی اگیان ہے جبتک باسنا
نشٹ نہیں ہوتی دکھ بھی نہیں مٹتے اور راگ دویش بھی کسی پرکار نہیں دور ہوتا اس لئے سمپورن
جگت کو بھرم ماتر جانکر آتم بودھ میں ساوودھان ہونا چاہئے ❊

دوسو اکیس سرگ - راجہ بپشچت اور راجہ وسشٹھ کا سمباد

وسشٹھ جی نے بپشچت سے پوچھا کہ جو کچھہ تم نے اس پھرتے رہنے میں دیکھا ہے بہن بہن کرکے کہو بپشچت بولے کہ ہے راجہ میں نے انیک جنم دھارے انیک بار مرت ہوا بہت بار میں نے شاپ پایا انیک جگہہ نیوں میں پھرا ایک برہمانڈ میں میں نے اشچرج دیکھا کہ ایک استری کے شریر میں کئی برہمانڈ دیکھے میں نے اس استری سے پوچھا کہ ہے دیبی تو کون ہے اور یہ تیرے شریر میں کیا ہے وہ بولی میں شدھ چیتن شکتی ہوں اور یہ میری شریر میں سب میرے انگ ہیں یہ سب جگت جو تو دیکھتا ہے وہ سب چد روپ ہے اور چیتن سے بہن کچھہ اور نہیں اور جو پورب کے اپنے سوبھاؤ میں استہت ہیں انکو سب برہمانڈ اپنے ہی بہاستے ہیں اور جو سوبھاؤ میں استہت نہیں انکو جگت اپنے سے باہر دیکھتا ہے پھر میں دوسری سرشٹی میں گیا وہاں سب پرش ہی رہتے ہیں استری کوئی نہیں پرش سے ہی پرش اُتپن ہوتے ہیں پھر ایک سرشٹی دیکھی جہاں نہ سورج ہے نہ چندرماں نہ تارے نہ اگنی نہ دن ہے نہ رات سب اپنے ہی پرکاش سے پرکاشتے ہیں اور ایک سرشٹی میں گیا جہاں اکاش سے ہی جیو اُتپن ہوتے ہیں اور اکاش میں ہی لین ہو جاتے ہیں اور اکٹھے ہی سب اُپجتے ہیں اکٹھے ہی لے ہو جاتے ہیں ایسے ہی بہت سرشٹی نانا پرکار کی دیکھیں اور نانا پرکار چرتر دیکھے ایسا کوئی دیس اور برہمانڈ نہیں جو میں نے نہ دیکھا ہو اور کئی شریروں کے دکھہ بھوگے اور سکھہ بھوگے انت کو یہ جگت بھرم ماتر ہی دیکھا میں نے شاستروں سے بھی سنا ہے کہ یہ جگت ہے نہیں اور جو ہے تو دکھہ کا داتا ہے یہ جگت است ہے اوست ہو کر دکھلائی دیتا ہے ؛

دوسو بائیسواں سرگ - بپشچت کا کہیان

بپشچت بولے کہ میں نے ایک ایسی سرشٹی بھی دیکھی ہے جہاں مہا اکاش ہے وہاں ہماری بھی گم نہیں پھر ایک پرتھوی پر استھان دیکھا جو پرچھائیں کی نیائیں پھرنے لگا اور پھر وہ اکاش میں پہاڑ کی تیئیں دیکھنے لگا اور اشچرج یہ ہے کہ وہ منش کا شریر تھا اور اس نے دسوں دشا کو روک لیا تھا اور وہ اکاش میں ہی سماوہی میں تھا اور پھر بہو کال آیا میں نے اپنے اشٹ دیوا اگنی کی اور دیکھا اور کہا کہ ہے دیو میری رکھشا کرو اگنی مجھکو اپنے باہن طوطے پر چڑھا کر اکاش کو لے اُڑے جب ہم اکاش کو اُڑے وہ پہاڑ پرتھوی پر

پڑا اور جو اس کے نیچے دبا نشٹ ہوا اپنے اپنے اشٹ دیو سے کہا کہ یہ اُپدرو کیوں ہوا جو کبھی نہ دیکھا تھا نہ سنا ہے اگنی دیو نے کہا کہ اب تو چپ چپ رہو یہ سب برتانت کہونگا اتنے میں سب دیوتا سرگ سے آ کر استہت ہوئے اور بچارنے لگے کہ یہ اُپدرو پرلے کال کا بنا ہوا ہے اسکے ناش کرنے کو دیوی جی کی اراوہنا کرنی چاہیے اور سب دیوتا دیوی کی استتی کر کے اپنی رکھشا کی پرارتھنا کرنے لگے ؛؛

دوسو تیئیس سرگ بسشٹ و دسرتھ کا سمباد

بسشٹ بولے ہے راجہ دسرتھ دیوتاؤں کی استتی کرنے کے پشچات چنڈکا اکاش مارگ بکش بتیال بھیرو آدک گنوں سہت شستر دھارن کئے ہوئے کرال روپ شیو پر چڑہی آ پراپت ہوئی جسکو دیکھ کر دیوتاؤں نے پرارتھنا کی کہ اپنے شیو کو ناش کر دیا اپنے گنوں کو آ گیا دو جو اسکو بھکشن کریں کہ ہم اس سے بہمان ہوئے ہیں یہ سنکر چنڈکا نے پران بایو کو کھینچا اور شو کے سب رکت کو پان کر لیا اور نرت کرنے لگی اور گن اسکو بھکشن کرنے لگے اور کیئی گن اس شیو کے انت لینے کو اکاش پر اڑے پر انت نہ پایا اور اس شو کے رکت سے سب پربت اور ندی رکت ہو گئے تھے اور پرتھوی پر جو سب نشٹ ہو گئے جو پربت کی کندرا میں جا چھپے تھے وہ بچ گئے رام چندر جی نے پوچھا ہے بھگون تم کہتے ہو کہ اس کے نیچے پراِنی آ کر نشٹ ہو گئے اور کہتے ہو کہ اس کے انگ برہمانڈ کو بھی لانگھ گئے پھر کہتے ہو کہ دیوتا پربت کی کندرا میں بچ رہے اس کا کیا کارن ہے بسشٹ جی بولے کہ پربت کی کندرا میں جو پول ہے اس میں آ کر دیوتا بچ گئے اور اپنے استھانوں کا سوگ کرنے لگے اور گن شو کو بھوجن کرتے تھے جب سب کچھ بھوجن کر چکے تو لیجھ کا پنڈ رہگیا جسکی بہت دُرگندھ پھیلی اسی پنڈ سے پرتھوی ہوئی اس لئے پرتھوی کا نام میدنی ہو گیا اور اس کے موئے ہاڑ ولنے پربت ہو گئے جب برہما جی نے دیکھا کہ سب شو شونیہ ہو گیا تب انہوں نے سنکلپ سے پہلے کی سمان پرتھوی رچی اور جگت بیوہار سب چلنے لگا ؛؛

دوسو چوبیس سرگ بسشٹ کا اکھیان و یدہک کا برتانت

بسشٹ بولے کہ میں نے اپنی اشٹ دیوتا سے پوچھا کہ یہ شو کون ہے اور کہاں سے گرا اشٹ دیو بولے کہ جو ایک پرم اکاش ہے سو ہی چھاتر سروگیہ او رنامی اور انت ہے اور اس کا ابھاس اور سمبیدن کنچن ہوتا ہے

جب وہ پھرتا ہے ایسی بھاونا ہوتی ہے کہ میں پنچ الو ہوں پھر اس الو کو شریر کی بھاونا ہوتی ہے وہ
اپنے ساتھ شریر کو دیکھتا ہے اور شریر کے ہونے سے نیتر آدک اندریاں پرگھٹ ہو جاتی ہیں پھر وہ شریر
آپ کو اندریوں سے ملا ہوا جانتا ہے اور انہیں اندریوں سے بِشَے کو گرہن کرتا ہے پھر وہی روپ جیو
پرماد کرکے آدہار اور آدہبھاونا کو مانتا ہے پرنتو او ستھان سےتا ہیں کچھ ہوا نہیں ہوتا پرماد سے پران اور
من اور اہنکار کو یہ نشچے دہارتا ہے اور جانتا ہے کہ میرے ماتا پتا اور میں اناوی کا جیو ہوں پھر یہ اپنا شریر
جانکر آگے آگے پنچ بھوتک جگت شریر کو دیکھتا ہے اور اپنے پھرنے کے انوسار انگ ہیں اور جب چت کلا پھری
اور آپ کو پنچ الو جانا گیا پھر اسی میں آہم بھی گیگئی اور جب ایسا کیا تب اہنکار ہوا اور نشچے آتمک بدہی ہوئی
اور چنتا روپ چت اور سنکلپ بکلپ روپ من ہوا اور پھر تنماترا کی اُتپتی ہوئی اور پھر انکی اچھا کے انوسار
شریر اور اندریوں کے لیے دیکھنے کی اچھا ہوئی اور پھر اس سمبوت کمال میں ورشس بھاشس آیا تب سمبوت
شکتی نے آپکو پرماد ووش کرکے دیت جانا اور ماتا پتا پھر اتاکل اپنے مان لئے اور ویت اہنکار سہت
بچھرنے لگا اور ایک کٹی میں جو ایک رکھی بیٹھا ہوا تھا اُس کٹی کو چورن کر دیا اور رکھی کے پاس پہونچا ہی
انکی سمبوت نرالا رچتن بہوت الاکش ہو کر باپو سے سنجوگ ہوا اور اس رکھی منی کے شراپ کی باسنا
او وہی ہوئی اور اگیان کرکے اپنا مچھر کا شریر بھاشس آیا رامچندر جی نے پوچھا کہ جو جیو جنم پاتے ہیں سو جنم سے
جنمانتر کو چلے آتے ہیں اتھوا برہم سے اُپجے ہیں بسشٹ جی بولے کئی تو جنم سے جنمانتر کو چلے آتے ہیں اور
کہیں برہما سے ہی اُپجے ہیں جنکو پورب باسنا کا سمسکار ہوتا ہے وہ باسنا کے انوسار شریر کو دہارتے ہیں
اور وہی جنم سے جنمانتر کو چلے آتے ہیں اور جنکو بنا سمسکار بہوت بھاشس آتے ہیں وہ برہما سے اُتپن ہوتے ہیں
سب جیو جو سمسکار کے بنا اُتپن ہوتے ہیں وہ برہما سے اُتپن ہوئی ہیں اور پیچھے سے وہ جنمانتر کو پاتے ہیں اب
اس مچھر کا برتن ہے وہ مچھر ہری ہری گھاس اور پتروں میں رہنے لگا وہاں ایک مرگ آیا اُس مچھر پر پیر پڑا اور
وہ چورن ہو گیا اس نے جو اس سمے مرگ کی اور دیکھا وہ مرگ ہی ہو گیا اور بن میں بچھرنے لگا ایک
بدہک نے اس پر بان چلایا وہ مرگ بندھا گیا اس بندھے ہوئے نے جو بدہک کی اور دیکھا۔ وہ بدہک
کا شریر ہو گیا او پکشیوں کو مارنے لگا وہ ایک سمے بن کو گیا اور ایک منیشر کو دیکھا اُس کے پاس وہ جا بیٹھا منیشر
نے کہا کہ تو یہ کیا پاپ چنتا کرتا ہی اس چنتا سے تو نرک میں جائیگا۔ تو کسی جیو کو دکھ نہ دے جس بھوگوں
کی تو اچھا کرتا ہے وہ بھوگ بجلی وت مٹ جاتے ہیں یہ شریر چھن بھنگ ہے جو تو شانتی کی اچھا کرتا ہے

تو نربان کا پرشن کر اور سنسار کو تیاگ دے اور سنسار سمندر سے پار ہونیکا اوپاے کر ۔ ۔

دو سو پچیس سرگ ۔ رکھیشر کا اُپدیش بدہک کو

رکھیشر کے بچن سُنکر بدہک نے وہتش بان ڈال دیا اور رکھیشر سے کہا کہ ہے بھگون جس اوپاے سے میں سنسار سمندر سے پار ہو جاؤں اور نہ کشٹن ہو سو سکلم وہ مجھہ سے کہو رکھیشر نے کہا کہ ہے بدہک من کو ایکاگر کرنیکا نام سم ہے اور اندریوں کے روکنے کو دم کہتے ہیں اور یہی مون ہے من کے ایکاگر کرنے سے انتہکرن شدہ ہوتا ہے اور انتہکرن کے شدہ ہونے سے آتم گیان اُپجتا ہے اس سے سنسار بھرم نبرت ہوکر پرم آنند ملتا ہے بدہک رکھیشر کو پرنام کر تپ کرنیکو چلا گیا اور اندریوں کو روک کر مون برتی کو دہار لیا کچھہ کال بیتت ہونے پر اُنکا انتہکرن شدہ ہوا اور رکھیشر کے نکٹ آکر پرنام کر کے کہا کہ ہے بھگون باہر جو ورشٹی ہے سو روی میں کیسے پرویش کرتی ہے اور سپنے میں جو سرشٹی ہم سوانتر کی باہر روپ ہوکر بھاستی ہے یا کیسے ہے رکھیشر بولے کہ میں نے یہی کو ٹہ پرشن گنیتی جی سے کیا تہا اور اُن کے اُپدیش سے پہلے ایک سمے سندیہہ دور کرنیکو پدم آسن باندہ اندریوں کو روک اپنی پرانشکتی کو شریر سے برکت کر آکاش میں نراد ہار ٹہیرا یا جب میں جوگ وہار ناکر کے پورن ہوا ایک سمے ایک پرش ہماری کٹی میں سویا ہوا تہا اس کے سوانس بہیتر باہر آتے جاتے تھے اسکو دیکھہ کر میں نے اسکے بہیتر جاکر دیکھنے کی اچھا کری اور جوگ وہارنا سے اُس کے سوانس کے راہ بہیتر جاکر ایک کنہل کو میں نے دیکھا کہ اسمیں اُسکا سمبید ن پہر رہا تہا اور سمبوت شکتی مہا پنجوان ہرد ہ اکاش میں استہت تہی اور وہی ہرد ہ آکاش ترلوکی کے پدار تہوں کا ویاپک تہا اور سب پدارتہوں کا وہی ستا روپ ہے اُسکو دیکھہ کر تدروپ ہوگیا اور سب مشبو میں نے اس میں دیکھا اس سوئے ہوئے پُرش نے جاگرت میں اس سرشٹی کا انوبہو اندریوں سے کیا تہا اور پھر چت میں اس کا سنسکار ہوا تہا جسکو میں نے دیکھا اور جو بہوت ستا ہی سو اُس کے سپنے میں سرشٹی روپ ہا ہر تہی اور مجھکو پرتیکش ایسے بھاسنے لگا جیسے جاگرت اُس جاگرت سرشٹی اور اس سرشٹی میں میں نے کچھہ بھید نہیں دیکھا ۔ دونوں تل تہیں اور چہ پرینت کا نام جاگرت ہی اور الپ کال کی بہیتی کا نام سُپنا ہے اور سروپ دونوں ایک سے ہیں سو جو اُسکے سپنے میں تہا وہ مجھکو جاگرت بہاسا اور جو مجھہ کو جاگرت بہاستا اُسکو سپنا بہاسا اور جب اسکو ندرا کے دوش سے سپنا ہوا تب اسکو بہی اس کال میں جاگرت

روپ بھاسنے لگا کیونکہ جو سپنا سپن روپ ہے سو جاگرت میں سپنا ہے اور سپنے میں تو وہی جاگرت ہے
ایسے ہی جاگرت بھی اپنے ہی کال میں جاگرت ہے نہیں تو وہ بھی سپن روپ ہے باستو میں ان دونوں
میں کچھہ بھید نہیں کیونکہ جاگرت اور سپنے کا ادھشٹان چیتن ستا برہم ہے اور اس کے پرماد سے ہی اسکو
پران کے چلنا تہہ سمبندھ ہوا ہے اور جب پران سے سمبیدن ملی تب اس پھرنے روپ کے اتنے نام ہوئے
جیو من چت۔ بدھی۔ اہنکار جب وہ ہی سمبیدن باہر روپ ہوکر پھرتی ہے تب جاگرت روپ جگت بھاستا
ہے اور پانچ گیان اندری اور پانچ کرم اندری اور چاروں انتشکرن یہ چودہ اندری اپنے وشے کو گرہن
کرتی ہیں اور اسی کا نام جاگرت ہے اور جب چت سمبندھ ندرا کے دوش سے انتر مکھہ پھرتا ہے تب وہ نانا پرکار
سپنے کی سرشٹی دیکھتا ہے اور اس کال میں وہی جاگرت روپ ہوکر بھاستا ہے اور جب سمبیدن
آتم ستا کی اور پھرتی ہے تب نہ جاگرت بھاستی ہے نہ سپنا کیول آتم ستا نرلکلپ شیش رہتی ہے
اس لئے پھرنے کا نام ہی جگت ہے سو ہے بدھک جگت کی بھاونا تیاگ کر اپنے سروپ میں استھت ہو رہو
میں نے چت کو پھرنے سے رہت کر کے نشچے کیا کہ نہ وہاں کوئی اہنگ تو ہنگ شبد ہے نہ شبھہ نہ اشبھہ
نہ جاگرت نہ سپن نہ سکھپتی کی کلپنا سرب کلپنا سے وہ رہت ہے۔ پھر مجھکو تریا دیکھنے کی اچھا ہوئی
سو تریا دیکھنی مہا کٹھن ہے کیونکہ تریا ساکشی بھوت برتی کا نام ہے سو سمیک بودھ ہوتی ہے اور وہی
جاگرت اور سپن اور سکھپتی کی ساکشی بھوت اوستھا ہے اس میں بھی اہنگ تو ہنگ کلپنا کوئی نہیں
برہم سمیک بودھ ہوتا ہے اور سکھپتی جڑ بھوت اور تم ادیا ہوتی ہے اور تریا میں کدا چت جڑتا نہیں ہوتی
سو سکھپتی اور تریا میں اتنا ہی بھید ہے سمیک بودھ کا نام ہی تریا پد ہے آتم ستا کو اپنے آپ میں میں نے
استھت پایا اور سدا ہی ادوئیت ہے اور یہ چاروں چت سمبیدن ہی میں ہوتے ہیں سو میں ایسے انبھو
کر کے باہر آیا اور باہر بھی مجھکو وہ ہی جگت بھاسنے لگا پھر میں نے اس کے بہتیر پرویش کیا اور پھیری اس
کی سمبیدن ملگئی تہی جیتے جانا سرشٹی سنکلپ سروپ ہے سرشٹی کا کارن کچھہ نہیں رام چندر جی نے
پوچھا کہ ہے منیشر جب من پران ہی سے چلتا ہے تب من کا اپنا روپ تو کہیں نہیں ہوا بسشٹ جی
بولے کہ جگت مہتنا ہے وہ بھی نہیں من کو کیا کہئے کیول برہم ستا اپنے آپ میں استھت ہے جب یہ
من بھاؤ کو پراپت ہوتا ہے تب من آتم ستا کے آسرے ہوکر پران پاپلو کو اپنا آسری بھوت کلپتا ہے
کہ میرا پران ہے پھر جیسی جیسی من کلپنا کرتا ہے ویسی ویسی دیکھا اور اندری اور جگت بھاستے ہیں پرم برہم

سرب شکتی سمپن ہی سب بکلپ من کے رچے ہوئے ہیں بنا آتم بودھ کے ساکشاتکار نہیں ہوتا اور چت
ہی شربان نہیں ہوتا اور بکلپ بھی نہیں مٹتے سو من کی شانتی کا اوپا آتم گیان ہی اور منکی شانتی
کے دو اوپا ہیں من کی برتی کو استھت کرنا اور پران سپند کو روکنا اور من کی استتی دو پرکار کی ہیں
ایک گیانی کی دوسری اگیانی کی جب پرانی ہٹ ان بھوجن کرتے ہیں اور تب ناڑی پران میں جاکر
استھت ہوتی ہیں پران ٹھہر جاتے ہیں تب من بھی جڑ جڑ ہی بھوت ہوجاتا ہے اور اسی کا نام سکھپتی ہی
اور وہ ناڑی وہی ہی کہ جسکے مارگ جاگرت میں پران نکلتے ہیں جب وہ ناڑی باسنا سہت روکی جاتی ہی
تب من سکھپتی ہوجاتا ہی نات پرنچ یہ کہ سنسار کے سکھ کے لئے جتن کرنا مور کھتا ہے ۞

دو چھیالیس سرگ منیشر کا بدہک کو اپدیش سپنی اور پرلے کا برتانت

بدہک نے پوچھا کہ ہے منیشر یہ جو مہاپرلے تم نے کہی ہی کہ جسمیں برہادک بھی بہے جاتے تھے سو برہا وشنو
رودرادک تو سوتنتر ایشر ہیں اور جب وہ پرلے میں آگئے سو پرتنتر ہوئے انکو تم نے بہتے جاتے ہوئے
کیسے دیکھا وہ انتر دھیان کیوں نہ ہوگئے منیشر بولے کہ یہ جو پرلے ہوئی سو کرم کرکے نہیں ہوئی کرم
سے ہوتی تو ایشر بھی سماوہی کرکے اپنے شریر کو انتر دھیان کرلیتے پرنتو اسکا ہی کچھہ نیم نہیں کیونکہ یہ
بھرم روپ ہی اس میں استہا کیا کرنی ہے یہ سپن انکو بہتے ہوئے دیکھا ہی اور بہت سے چرتر دیکھے سو سب
تمکو اپدیش کے کارن کہی ۞

دو سو سنتالیس سرگ منیشر اور بدہک کا سمباد

بدہک نے پوچھا کہ ہے منیشر تم نے جب اس سپنے میں جگت کو دیکھا تھا تب جگت کیا ست تھا اور سپنا
کیا است تھا منیشر بولے کہ پہلے جو میں نے دیکھا تھا سو آپ کو جانکر جگت کو دیکھا تھا جو ست تو کارن سے
ہوتی ہے سو ست ہوتی ہے اور جو کارن بنا بھاستی ہی سو متھیا ہوتی ہے سو وہ سرشٹی جو اس کے
سپنے میں مجھکو دیکھی بنا کارن تھی کیونکہ کارن دو پرکار کا ہوتا ہے ایک تو نمت کارن جیسے گھٹ کا
کارن کمہار دوسرا سمواہی کارن جیسے گھٹ کا مرتکا کارن اور جو دونوں کارن سے اتپن ہوتا ہی سو وہ
ستکارن پدارتھ کہلاتا ہے آتما دونوں پرکار وں میں جگت کا کارن نہیں آتما ادویت ہے اس سے

نمت کارن نہیں اور سمواے اس سے نہیں کہ اپنے سروپ سے انتہا بھاؤ نہیں ہوا آتما اچت ہے اور وہ جگت کارن بنا بھاس آیا ہے اور ہمکو تو گیان ورشٹی کرکے سچدانند ہی بھاستا ہے سو سب کلپنا من سے تیاگ کرو کچھو جو شیش رہیگا وہ آتم ستا ہے اور سب کا انبھو روپ وہی ہے اس سو بھاؤ میں استھت ہو رہنے سے دکھ نشٹ ہو جاوینگے بدہک بولا ہے منیشر کئی کہتے ہیں کہ یہ جو کرم سے ہوتا ہے اور کئی کہتے ہیں کہ بنا اتپن ہوتا ہے دونوں میں ست کیا ہے منیشر بولے آدمیں جو پرمادک ہوئے ہیں سو بنا کرم اتپن ہوئے ہیں انکو نہ کرم ہے نہ جنم وہ براہم ہی سروپ ہیں اور جو پچھوانت آدمیں اپجے ہیں وہ بھی برہم ہی روپ ہیں اور بنا کرم اپجے ہیں پیچھے اگیان کے بس سے کرم کے انوسار جنم مرن دیکھتے ہیں اگیانی جگت کی پرتیتی سے کرم بھاسنی میں باندھا ہوا ہے سروپ میں استھت ہونے سے کرم بندھن سے مکت ہوتا ہے یہ جگت آتما میں ایسے ہے جیسے جل میں ترنگ سب کلپنا اودیا ماتر ہے گیانیوں کو سب جگت برہم سروپ دکھتا ہے ۔

دو سو اٹھائیس سرگ منیشر کا اپدیش بدہک کو اور ان کا سمباد

ہے بدہک جسکو ایسا سکھ ملا وہ اور کیا اچھا کرے جو کچھ دکھتا ہے سو اودیا کا بلاس بھرم ماتر ہے گیانی کو جگت اور آتما ایک ہی کے نام ہیں اگیان سے بھن بھن دیکھتے ہیں جگت میں جیسا نسچے ہوتا ہے ایسا ہی بھاسنے لگتا ہے اسی کا نام نیتی ہے اسی سے دیس اور کال اور پدارتھ کی سنگیا ہوتی ہے اور کاریہ کارن ورشٹی میں آتے جاتے ہیں بدہک بولا کہ پرلوک میں جو یہ مرکر جاتا ہے سو اس شریر کا کارن کون ہوتا ہے اور وہ بھوگتی اور بھوگتا کون ہے یہ شریر تو یہاں ہی رہتا ہے پھر وہاں بھوگتا شریر کون ہوتا ہے جس سے دکھ اور سکھ بھوگتا ہے اور جو کہو کہ اس شریر کا کارن دھرم اور ادھرم ہوتا ہے سو دھرم ادھرم تو اموستی ہیں اس سے سو موستی اور ساکار روپ کیونکہ اتپن ہو جاتا ہے منیشر بولے کہ شدھ ادھشٹان جو آتم ستا ہے اس کے پھرنے کی بہت سنگیا ہوتی ہیں کرم آتما جیو پھرنا دھرم ادھرم سے آدلیکر نانا پرکار کے نام ہوتے ہیں جب شدھ چیتنا میں اہنگ کا اوتھان ہوتا ہے تب دیکھنے کی بھاونا ہوتی ہے اور ویسا ہی بھاسنے لگتی ہے سروپ کے پرماد سے سنکلپ روپ جگت درڑھ ہو جاتا ہے نہ کوئی پرلوک ہے نہ یہ لوک ہے باسنا کے انوسار دونوں لوک کو دیکھتے ہیں اپنا ان بھو ہی انیک روپ ہو جاتا ہے اور جب سمبوت اپجتی ہے تب پرلے ہو جاتی ہے اور سب کچھ ایک روپ ہی ہو جاتا ہے آتما میں یہ جگت آتم روپ ہے نہ کوئی جنم ہے

نہ مرن نہ کارن نہ کارج اور جو کوئی پرش مرتا ہو تو پرلوک کو ہی دیکھے جب مرتا ہی نہیں تو پرلوک کو کیا دیکھے اور پرت یوگی کرکے پدارتھوں کو سمرتی ہی ہو آتی ہے اور پھر یہ پرش پرلوک کو دیکھتا ہے اور سکھ دکھ بھوگتا ہے وہ سر پر کسی کارن سے نہیں بنا اور اس پرش کا ابھاؤ کداچت نہیں ہوتا جب آتما کا ابھیاس ایکاگر ہو کر کریگا آتم پد پاویگا سو جگت بھرم ماتر کی بھاؤنا کو تیاگ کر آتم پد کا ابھیاس کرو ؁

دو سو انتیس سرگ منیشر اور بدھک کا سمباد

منیشر بولے ہے بدھک آتما میں انیک سرشٹی پھرتی ہیں جیسے سمدر میں ترنگ اور جیو جیو کی سرشٹی اپنی اپنی ہے پرنتو ایک دوسرے کی سرشٹی کو نہیں جانتا جیسے دو آدمی سوئے ہوئے سپنے دیکھتے ہیں ایک دوسرے کے سپنے کو نہیں جان سکتا اور وہ ارنا ابھیاسی جوگی انت باہک شریر کے پرتکش ہو جانے سے دوسرے کی سرشٹی کو بھی جانتا ہے گیانی کو تتھا دیکھتا ہے اگیانی کو یہ جگت سپشٹ بھاستا ہے بدھک نے پوچھا کہ تم جگت کو اکارن کہتے ہو سو کارن بنا اتپن کیسے ہوتا ہے کیونکہ پرتکش دیکھتا ہے اور جو کارن سے پہلے کہو تو سپن وت کیوں کہتے ہو کہ سپن سرشٹی تو کارن بنا ہوتی ہے منیشر بولے یہ جگت آدی اکارن ہے آتما کا ابھاس ماتر ہے اس میں آتما کا اتینت ابھاؤ ہے وہ ہی آتما چدا کاش اور چنمار ہے آتما کا کنچن چیتن ہے سو کنچن سمبدن آتم بھاؤ کو لیکر پھرتی گئی ہے اور جیسے وہ پھرتی ہے ویسے ہی جگت ہو کر بھاستا ہے اور جن کو آتما کا ساکشات کار ہوا ہے انکو جگت کارن بنا ہی برہم سروپ بھاستا ہے اور آتما کے پرمادیوں کو جگت کا کارن است دیکھتا ہے سو جب تک آتم بھاؤ کا پھرنا ہے تب تک جگت ہے جب وہ بھاؤ مٹتا ہے سب جگت شونیہ اکاش وت ہے جو جیو جیسی کریا کا ابھیاس کریگا اس کا پھل پاویگا جو بندھن کے نمت کریگا بندھن پاویگا جو موکش کے نمت کریگا موکش پاویگا ؁

دو سو تیس سرگ منیشر اور بدھک کا سمباد

منیشر بولے یہ سمپورن جگت چدانو میں ہے اس سمبندھ کے ابھیاس سے آتما چدانو کی سنگیا پاتا ہے اور اوچ انتا کرن ہر وہ تینوں ابھید ہیں اس میں چیتن ستا استھت ہے جو باہر سے مرتک وت ہو وے اور اس میں چیونٹ روپ ہے اور وہاں بڑے پرکاش سے پرکاشتے ہیں اس ستا کے آگے چت سے

سنجوگ ہوا ہے پھر چت اور پران کلا کا سنجوگ ہوا ہے جب پران کھشوبھ ہوتے ہیں تب پران ہی
کھید پاتے ہیں۔ جب پران استہت ہوتے ہیں تب جیو شانتی پاتا ہے اور جو پران استہت نہیں
ہوتے تب جیو جاگرت اور سپن اور سکھوپتی تینوں اوستھاؤں میں بھٹکتا ہے انگوہن ہن سنو کہ جب
پرش ان بھوجن کرتا ہے تو جاگرت والی ناڑی میں جاتا ہے تب وہ ناڑی رک جاتی ہے اسمیں سکھوپتی
آتی ہے چت کی برتی جو ناڑیوں میں گئی ہوئی جاگرت کو دیکھتی ہے سو جاگرت ناڑی کہلاتی ہے اس
پران جاکر ٹھیرتا ہے اور چت ستا جو چیت میں پرتیت ہوتا ہے وہ چت ناڑی اسکے تلے آجاتی ہے
تب پران بایو بھی ناڑی میں ٹھیر جاتے ہیں اور چت سمبندھ ہی ٹھیر جاتا ہے تب سکھوپتی ہوتی ہے اور
جو پتت ہوتی ہے تب سورج اگنی آوک اوشن پدارتھ سپنے میں دیکھتا ہے اور جب وہ ان پچتا ہے
اور ان ناڑیوں میں پران جاتے ہیں تب سپن اوستھا آتی ہے جب جل کے سو کھانے کو وایو بھی اس
ناڑی میں ٹھیر جاتی ہے اور چت سمبندھ ہی ٹھیر جاتا ہے تب سکھوپتی ہوتی ہے تب جیو سپنے میں اڑتا ہے
اور جب کف بہت ہوتا ہے تب جل کو دیکھتا ہے اور ندی سرور دیکھہ کر ان میں جا جاکر ڈوبتا ہے جب
اس ناڑی میں ان جل پہونچتا ہے تب جاگرت اوستھا ہوتی ہے اس پرکار جیو تینوں اوستھاؤں میں
بھٹکتا ہے جگت بھیتر ہے نہ باہر ہے اودیت ستا کے پرماد سے چیت کی برتی جب باہر کھ پھرتی ہے
تب جگت کو جاگرت دیکھتا ہے اور جب باہر کی اندریوں کو تیاگ کر بھیتر آتی ہے تب سپن جگت دیکھتا
ہے اور جب اپنے سوبھاؤ میں استہت ہوتی ہے تب کا پنا مٹ جاتی ہے اور سب برہم ہی بھاستا
ہے اس لئے سب کلپنا کو تیاگ کر اپنے سروپ میں استہت ہو رہو ؛؛

دو سو اکتیس سرگ منیشر کا اپدیش بدہک کو جیو سنگیا میں

منیشر بولے چت کے پھرنے کا نام جگت ہے اور ٹھیرنے کا نام برہم ہے چت کے آسرے سے سب ناڑی میں
اگیان سے جیو نے جیو سنگیا پائی ہے باستو میں یہ جیو چدا کاش آتما ہے اور جو دھاتو جو ہے وہ ہی اسمیں
چدانو استہت ہو کر پرکاشتا ہے اس اوج کے آسرے سب ناڑی اپنے رس کو گرہن کرتی ہیں جب ان
جاگرت ناڑی میں پھرتا ہے تب جاگرت کا بھاو ہو جاتا ہے اور چت کی برتی اور پران آنے جانے سے
رہت ہو جاتے ہیں پھر جب کف ناڑی میں پران پھرتے ہیں تب سپنا دیکھتا۔ جب اندریوں کو گرہن

کرکے چت کی برتی باہر نکلتی ہے تب جاگرت جگت ہو بہاستا ہے اور جب تن ماترا کو لیکر چت کی برتی اور ج
دہاتو میں پہرتی ہے تب سُپنا بہاستا ہے اور جب اور ج دہاتو پران آوک وردھ کا بوجھہ پڑتا ہے تب سکھوپتی
ہوتی ہے اور جب ندرا اور جاگرت کا بل ہوتا ہے تب دونوں بہاستے ہیں جب دونوں میں ایک کا بل اودھک
ہوتا ہے تب وہ ہی جاگرت اتہوا سکھوپتی ہوتی ہے اور جب ندرا سے رہت مند سنکلپ ہوتا ہے تب اُسکو منو
راج کہتے ہیں تات پرج یہ ہے کہ یہ جگت اور سپن جگت سنکلپ ماتر ہیں باستو میں کچھہ نہیں ﴿

دوسوبتیس سرگ - بدہک اور منیشر کا سمباد

بدہک نے پوچھا کہ ہے منیشر پہر کیا دیکھا منیشر بولے کہ اُس کے چت سمندہ ہیں میں نے بڑے بڑے
پہاڑ برستے ہوئے دیکھے جگت دیکھا پرنام وہی آتم ستا کیول دیکھی یہ جگت آتما کا کنچن ہے جب تم جاگ کر
دیکھو گے آتم روپ ہی بہاسیگا - پرنتو اگیان سے بہید بہاونا ہوتی ہے جب یہ پرش آپ کو جانے تب
دویت بہید بہی مٹ جاتا ہے ﴿

دوسوتینتیس سرگ منیشر اور بدہک کا سمباد

منیشر بولے کہ جیسا نشچا سموت میں ورڑہ ہوتا ہے ویسا ہی روپ ہو کر بہاستا ہے پرماد کے دوش
سے سب پدارتھ باہر جاگرت سپن سکھوپتی سب سرشٹی اُتپن ہوتی دیکھتی ہے جگت جاگا کار جگت
درشٹی میں آتا ہے سو سب نراکار ہے برہم ستا ہی اگیان کرکے جگت روپ ہو کر بہاستا ہے گیانوان
کو جگت ست است کچھہ نہیں دیکھتا کیول برہم ستا ہی بہاسے ہے ﴿

دوسو چونتیس سرگ بدہک اور منیشر کا سمباد جگت کی باستا میں

بدہک بولا ہے منیشر پرلے کے انت میں تم کو کیا انبہو ہوا تہا منیشر بولے اس سمے مجھکو سرشٹی پہر آئی
اور سمپورن میرے کٹنب دیکھہ آئے انکو دیکھکے مجھے ممتا ہوگئی اور پورب کی سمرتی ہو گئی اور اپنی آیو سولہ
برس کی جاننے لگا جب ورڑہ بود ہوتا ہے تب راگ دویش آوک چلا نہیں سکتا اور سنسار کو است
جانکہ باسنا کوئی نہیں رہتی اسی کارن گیانی چلایمان نہیں ہوتا جسکو بود نہیں اُسکو جگت کی

باسنا کھینچ لے جاتی ہے ست شاستر اور سنتوں کے سنگ سے جگت بھرم مٹ جاتا ہے بدہک بولا کہ ہے منیشر تم جگت کو سپن کیسے کہتے ہو کوئی پدارتھ ست بھاستے ہیں اور کوئی است منیشر بولے کہ یہ سب جگت ست بھاستا ہے پرنتو سنا است روپ ہیں اس میں الپ اور چرکال کی پرتیتی کا بھید ہے جاگرت چرکال کی پرتیت ہے اسمیں پدارتھ ست بھاستے ہیں اور سپن الپ کا پرتیت ہے اس لئے است بھاستا ہے پرنتو دونوں ہی بھرم روپ اور است ہیں یہ جگت سمبیدن روپ ہے سمبیدن کے پھرنے سے اتپن ہوا دیکھتا ہے سمبیدن کے مٹ جانے سے مٹ جاتا ہے سب جگت شدھ چیماتر کا کنچن ہے اور تاشتوان ہے آتما سدا اپناشی ہے جب یہ پرش شریر چھوڑتا ہے پرلوک میں سکھ دکھ ایسے بھوگتا ہے جیسے جل میں ایک ترنگ اٹھکر مٹ جاتی ہے اور دوسری ہو اور پرکار سے ہو کیونکہ وہی سو جل ہی ہے اور آگے بھی جل تھا پیچھے بھی جل ہی رہیگا اور وہ ترنگ بھی جل ہے ایسے ہی یہ جگت بھی آتما ہی روپ ہے جاگرت اور سپن اور سکھپتی اور تریا چاروں دیہوں میں جاگرت جو سرشٹی کی سمشٹتا ہے اس کا نام ویراٹ ہے اور سپن جو لنگ شریر کی سمشٹتا ہے اس کا نام ہرنیہ گربھ ہے اور سکھپتی شریر کی جو سمشٹتا ہے اس کا نام مایا ہے اور تریا سرب شریر کی سمشٹتا ہے سو چیتن روپ آتما ہے اور تریا ساکشی بھوت کے جاننے کو کہتے ہیں اسکی سمشٹتا سب چہوا ہے اور چاروں شریر اس کے ہیں اور وہ سدا نرلیکار اور اچنت اور چیماتر ہے یہ چاروں پرماتما کے شریر ہیں اور وہ پرماتما نراکار ہے جو دیکھتا ہے کلپنا ماتر ہے اور آتما سرب کلپنا سے رہت ہے اسی لئے سب جگت اکاش روپ ہے ॥

دو سو پینتیس سرگ منیشر اور بدہک کا سمباد اور اوگرتپا کا اکھیان

